اورینٹل کالج میگزین

حصّہ اوّل

ایڈیٹر

محمد شفیع
(پروفیسر پنجاب یونیورسٹی)

فہرست مضامین

جلد ۱۶ عدد ۱ | بابت ماہ نومبر ۱۹۳۹ء | عدد مسلسل ۵۹

نوٹ:۔ ضمیمہ صرف عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کے ممبروں اور خریداران ضمیمہ میں تقسیم ہوتا ہے۔

گیلانی الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام ہنتہ الیشرداس پرنٹر چھپا اور م ابو صدیق احمد خاں نے اورنٹیل کالج لاہور سے شایع کیا

اورینٹل کالج میگزین

عرضِ واجب

اغراض و مقاصد | اس رسالے کے اجرا سے غرض یہ ہے کہ احیا و ترویجِ علوم شرقیہ کی تحریک کو تا حدِ امکان تقویت دی جائے۔ اور خصوصیت کے ساتھ ان طلبہ میں شوقِ تحقیق پیدا کیا جائے جو سنسکرت، عربی، فارسی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں ؛

کس قسم کے مضامین کا شایع کرنا مقصود ہے | کوشش کی جائے گی کہ اس سلسلہ میں ایسے مضامین شایع ہوں جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش اور تحقیق کا نتیجہ ہوں۔ غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابلِ قبول ہوگا اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شایع کئے جائیں گے۔

رسالے کے دو حصے | یہ رسالہ دو حصوں میں شایع ہوتا ہے، حصۂ اول عربی، فارسی، پنجابی (بحروف فارسی)۔ حصۂ دوم سنسکرت، ہندی، پنجابی (بحروف گورمکھی)، ہر ایک حصہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے ؛

وقتِ اشاعت و قیمتِ اشتراک | یہ رسالہ بالفعل سال میں چار بار یعنی نومبر، فروری، مئی، اگست[1] میں شائع ہوگا سالانہ چندہ حصۂ اردو کے لئے ۲؎ اورینٹل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلہ کے وقت وصول ہوگا۔ کسی ماہی رسالہ کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شایع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے۔ ورنہ ایسی شکایت پر غور نہ ہو سکے گا۔ یہ ایک ماہ کی مدت فروری، مئی، ستمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیئے ؛

خط و کتابت و ترسیلِ زر | خریدِ رسالہ کے متعلق خط و کتابت اور ترسیلِ زر صاحب پرنسپل اورینٹل کالج لاہور کے نام ہونی چاہیئے۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنے چاہئیں ؛

محلِ فروخت | یہ رسالہ اورینٹل کالج کے دفتر سے خریدا جا سکتا ہے ؛

قلمِ تحریر | حصۂ اردو کی ادارت کے فرائض پرنسپل محمد شفیع ایم۔ اے۔ اورینٹل کالج سے متعلق ہیں اور یہ حصہ ڈاکٹر محمد اقبال ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔ کی اعانت سے مرتب ہوتا ہے ؛

---

[1] چونکہ اگست میں کالج بند ہوتا ہے۔ اس لئے یہ نمبر مجبوراً جون یا ستمبر میں شایع ہوتا ہے ؛

ملا دو پیازہ اور جعفر زٹلی کی مروّجہ سوانح عمریوں کا جائزہ اور تنقید

اردو ادب میں ایک یہ رجحان پیدا ہوتا چلا ہے۔ کہ تاریخی اشخاص کے حالات کی جستجو کے وقت ان کی صحیح تاریخ کے فقدان کی حالت میں بعض اہل قلم دنیا کے سامنے ان کی خیالی اور فرضی سوانح عمری پیش کر دیتے ہیں۔ تاریخ اور افسانہ میں صرف ایک قدم کا فرق ہے۔ یعنی یہی کہ پہلا حقیقی واقعات سے تعلق رکھتا ہے اور دوسرا خیالی باتوں کو حقیقت کا رنگ دیتا ہے۔ اگر کوئی شخص ان میں تخلیط پیدا کر دے تو یہ بڑا ظلم ہے اور ہر حال میں طشت ازبام کئے جانے کا مستحق ہے۔ یہ بڑی بے اُصولی ہے۔ کہ ایک مصنّف قارئین کے ساتھ اپنے فرائض کو پس پشت ڈال کر ان کو ادبی دھوکے میں رکھے اور فرضی حالات کے قصر ان کے مطالعہ کے واسطے کھڑے کر دے ایسی خدّاعیاں ہر زبان و ادب میں ہُوا کرتی ہیں۔ اور اردو اس بارہ میں استثنا پیش نہیں کرتی بلکہ قاعدہ

ہم اپنے وقت کو محدود سمجھتے ہوئے صرف دو شخصوں کے حالات سے تعلق رکھیں گے۔ ان اشخاص سے ہمارا مقصد ملا دو پیازہ اور جعفر زٹلی ہیں جن کا ہم علیحدہ علیحدہ تذکرہ کرتے ہیں :۔

(۱) مُلّا دو پیازہ

دو پیازہ ایک تاریخی شخص ہے - جو اپنی ظرافت کے لئے مشہور ہے جس طرح جوحی عربی میں اور عبید زاکانی فارسی ہیں - اس کے متعلق گذشتہ چالیس پچاس سال میں کافی لٹریچر جمع ہو گیا ہے - اور مختلف اشخاص نے اس کے سوانح پر قلم اٹھایا ہے - ان میں سے مَیں ان تالیفات کا ذکر کرتا ہوں - جن کا مجھ کو پتہ لگ سکا ہے :-

(۱) سوانح عمری ملا دو پیازہ از ہندوستانی سپیکولیٹر طبع اوّل ۱۸۹۰ء

(۲) سوانح عمری ملا دو پیازہ از ہندوستانی سپیکولیٹر ماخذ حق تصنیف فضل الدین تاجر کتب قومی لاہور بازار کشمیری نے ۱۸۹۱ء لاہور کے اسلامیہ پریس میں چھپوائی - طبع ثانی قیمت فی جلد ۲ ر - ۳۲ صفحات ،

(۲ ب) سوانح عمری ملا دو پیازہ از ہندوستانی سپیکولیٹر ماخذ حقوق تصنیف خاکسار فضل الدین تاجر کتب قومی و مالک اخبار اشاعت لاہور بازار کشمیری نے ۱۸۹۳ء لاہور کے رحمانی پریس میں چھپوایا - تیسری دفعہ - قیمت فی جلد ۲ ر ؛

(۳) سوانح عمری ملا دو پیازہ از ہندوستانی سپیکولیٹر - ملک فضل الدین - ملک چنن الدین ملک تاج الدین گگے زئی تاجران کتب بازار کشمیری لاہور نے نولکشور گیس پرنٹنگ ورکس لاہور میں طبع کرائی - دفعہ پنجم - قیمت فی جلد ۲ ر (دو آنے) - کہا جا سکتا ہے کہ ۱۸۹۰ء سے ۱۹۲۰ء تک یہ تالیف پانچ مرتبہ چھپ چکی ہے ؛

(۴) دو پیازہ از منشی محمد دین فوقؔ ، بار اوّل ۱۹۰۲ء میں ؛

(۵) ملا دوپیازہ یا ابو الظرفا ملا دوپیازہ کے حالات زندگی مصنفہ منشی محمد الدین صاحب فوق بار دوم در ۱۹۰۵ء حافظ آبادی پریس لاہور (ناول اخلاقی لاہور کی تاریخی کتب کے سلسلہ میں ۹ء) قیمت ۶ ر۔

(۵ب) ابو الحسن ملا دوپیازہ کی سوانح عمری مرتبہ منشی محمد الدین صاحب فوق جس کو شائقین کی تفریح طبع کے لئے باجازت مصنف منشی رام اگروال تاجر کتب مہتمم تعلیمی کتب خانہ پنجاب و پروپرائٹر اردو اخبار انارکلی لاہور نے فیض عام پریس لاہور میں طبع کرایا۔ بار سوم۔ قیمت ۸ ر (آٹھ آنے) تاریخ ندارد مگر مالک کتاب نے سرخ سیاہی میں اپنا نام عزیز الدین احمد۔ بی۔ او۔ ایل امرتسری اور تاریخ "۲۳-۱۲-۰۳" درج کی ہے۔

(۶) ابو الحسن دوپیازہ از منشی موصوف قیمت ۴ ر الناظر جوک لکھنؤ[ه]

(۷) ابو الحسن ملا دوپیازہ از منشی موصوف قیمت ۴ ر الناظر بک ڈپو علیگڈھ[مع]

(۸) ملا دوپیازہ قیمت ۴ ر طبع رامد تامل و علی محمد تاجران کتب لوہاری دروازہ لاہور۔ ۱۹۰۵ء سے قبل کی طبع شدہ۔

(۹) سرگذشت ملا دوپیازہ۔ منیجر کریمی لائبریری۔ انجمن اسلام بمبئی[ه]

(۱۰) سرگذشت ملا دوپیازہ۔ حسب خواہش میاں قاضی نور محمد ابن قاضی عبدالکریم تاجر کتب۔ مطبع نامی کریمی واقع بمبئی (باضافہ ملا صاحب کی قیافہ شناسی) ۱۳۳۳ھ۔

(۱۱) ملا دوپیازہ طبع ۱۸۹۳ء۔ ۳۲ صفحات۔ لاہور[ه]

(۱۲) سوانح عمری ملا دوپیازہ۔ قیمت ۲ ر۔ منیجر تاریخی کتب خانہ لاہور[ع]

ه ص ۲۵۳، ۸ الفہرست محمد سجاد مرزا بیگ۔ ع ایضاً ص ۴۵۸، ۲/۷، مع ایضاً ص ۲۶۲، ۸۱،

ه ایضاً ص ۲۷، ۱۳۳، ص ایضاً ص ۳۱۱، ۲۹۶

(۱۳) سوانح عمری ملا دو پیازہ با تصویر از ایس احمد علی چشتی حسب فرمایش شیخ گلزار محمد ۳۲ صفحات ۔ قیمت ۲ ر

ملا دو پیازہ کو بیربل کا حریف اور مد مقابل مانا گیا ہے۔ اس بنا پر کئی لوگوں نے دونوں کے حالات پر یکجائی قلم اٹھایا ہے۔ اسلئے میں بعض ایسی مصنفات کی فہرست بھی یہاں درج کئے دیتا ہوں :-

(۱۴) لطائف الشاکری المعروف بہ جواب وسوال ملا و بیربل از علاء الدین عرف اللہ دیا متخلص بہ شاکر رئیس میرٹھ ۔ چمن ہند میرٹھ ؎

(۱۵) سوانح عمری بیربل و ملا دو پیازہ ۔ منیجر تاریخی کتب خانہ لاہور۔ قیمت ؁ ۴ر

(۱۶) سوانح عمری ملا دو پیازہ و بیربر ۔ کرزن گزٹ ۔ دہلی ۔ قیمت ۴۰ ر

(۱۷) سوال وجواب ملا و بیربل حصۂ اول از منشی عبدالعزیز خاں ۔ منیجر کریمی لائبریری

(۱۸) " " " " " دوم " " " "

(۱۹) " " " " " سوم " " " "

(۲۰) " " " " " چہارم " " " "

(۲۱) سوانح عمری بیربل و ملا دو پیازہ ۔ حسب الایمائے منشی بلاقی داس اہالیان مطبع نے کتب انگریزی و اردو و فارسی سے انتخاب اور ترجمہ کرکے تالیف کیا ۔ میور پریس دہلی واقع پیپل مہادیو،

(۲۲) لطائف بیربل وملاں دو پیازہ مکمل ہر چہار حصہ ۔ شیخ غلام علی اینڈ سنز تاجران کتب و پبلشرز کشمیری بازار لاہور نے اپنے مطبع علمی پرنٹنگ پریس لاہور میں چھاپا +

ملـہ الفہرست محمد سجاد مرزا بیگ ص ۲۵۹ ء ۵٦ ، •

اسی طرح بیربر کے حالات میں بھی ملا صاحب کا تذکرہ بسلسلۂ لطائف آجاتا ہے۔اس لئے ایسی تصانیف بھی اس فہرست میں شمار ہونے کے قابل ہیں :۔

(۲۳) سوانح عمری راجہ بیربل مصنفہ منشی ہادی حسین صاحب ہادی بنارسی جس کو بابو پیارے لال بھارگو منیجر سلیمانی پریس بنارس نے مطبع سلیمانی محلہ کانگھاٹ شہر بنارس میں چھپوا کے شایع کیا ۱۹۲۴ء ۔

(۲۴) حیات بیربر مصنفہ ایم عبدالعلی برلاس۔ خادم التعلیم پنجاب۔ لاہور باراول ۱۹۰۰ء قیمت ۷ر۔

یہ مصنف رسالہ ہذا کے صفحہ ۴۰ پر عالیجناب ابوالمذاق سرتاج ظرفا ابوالحسن ملا دوپیازہ" کے مختصر حالات دیتا ہوا کہتا ہے۔کہ ہم ملا صاحب کی صرف الف با ناظرین کو سنائیں گے۔بلکہ اس سے بڑھ کر تا تا جا تک نہیں لکھیں گے۔ وہ اس کے پورے نظارے کے مشتاق ہوں گے۔ تو ان کے واسطے علیحدہ فوٹو جو ہمارا اپنا لکھا ہوا ہے موجود ہے۔دیکھ لینگے۔ اس سے ظاہر ہے کہ عبدالعلی برلاس نے ایک علیحدہ رسالہ ملا دوپیازہ کے حالات میں سپرد قلم کیا ہے۔جس کو ہم (۲۵) شمار کرتے ہیں +

(۲۶) سوانح عمری راجہ بیربر۔مصنفہ مرزا محمدالدین موج خلف الصدق شمس العلما حکیم سلطان علی۔حسب فرمایش شیخ گلزار محمد احمد علی تاجران کتب۔مطبع گلزار محمدی لاہور۔کشمیری بازار۔ بار چہارم۔قیمت ۸ر۔ اس رسالہ میں چوتھا باب صفحہ ۱۷ - ۲۱ ملا دوپیازہ کے لطیفوں سے مخصوص ہے۔

(۲۷) لطائف بیربل حصہ اول۔حسب فرمایش جناب محمد اسمعیل صاحب

تاجر کتب لاہور۔ بنگلہ ایوب شاہ صاحب۔ مطبع ابوالعلائی آگرہ۔ صفحات ۲۸

(۲۸) لطائف بیربل حصۂ دوم در مطبع کاشی پریس آگرہ طبع شد۔ قیمت ۲ر
دونوں حصوں میں ملّا کے لطیفے بھی شامل ہیں ۔

(۲۹) عقل کی کان چٹکلوں کی جان معروف بہ سوانح عمری ملاں دوپیازہ
وبیربل از تصانیف آغا محمد طاہر۔ نبیرۂ حضرت محمد حسین آزاد۔ ملنے کا
پتہ:۔ میر امیر بخش اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لاہور صفحات ۷۴ قیمت ۱۲ر

یہ مصنفین جن میں سے اکثر کے نام ہمیں معلوم نہیں اپنی اپنی باری
میں ایک دوسرے سے نقل کر رہے ہیں۔ اور سوائے جزویات کے
روایتی واقعات کے بیان کرنے میں بہت کم اختلاف کرتے ہیں۔ ان
میں سب سے قدیم ہندوستانی سپیکولیٹر ہے۔ جس کی سوانح عمری ملا دوپیازہ
۱۸۹۰ء میں شایع ہوئی۔ اور اس کی طبع ثانی ۱۸۹۱ء میں جیسا کہ ہم اوپر دیکھ
آئے ہیں اشاعت پاتی ہے۔ یہ کتاب بعد کے اہل قلم کے لئے ایک
ضروری ماخذ اور ذریعۂ اطلاع ہے۔ جس میں گویا دوپیازہ کے متعلق تمام روایات
کو ایک جگہ جمع کر دیا ہے۔ پچھلے اہل قلم انہی اطلاعات کو دوہراتے رہے
ہیں۔ ہندوستانی سپیکولیٹر جو دیگر تصنیفات میں 'محمد کامل' اپنا نام اختیار کرلیتا
ہے۔ دیباچہ میں رقمطراز ہے:۔

"ملا دوپیازہ جس کی سوانح عمری ہم لکھنا چاہتے ہیں۔ ایک ایسا شخص
ہے۔ جس کا کسی تاریخ میں حال نہیں پایا جاتا۔ وہ کسی فوج کا کمانڈر نہ تھا۔
وہ کوئی بہادر سپاہی نہ تھا۔ وہ کسی بادشاہ کا وزیر نہ تھا۔ وہ کسی شاہنشاہ کا پیر
نہ تھا۔ غرض یہ کہ وہ کسی ایسے عہدہ پر ممتاز نہ تھا۔ جس کے سبب سے اس کا حال
ہم کسی تاریخ میں دیکھ سکیں ... وہ اپنی لطیفہ گوئی اور تمسخر کے سبب سے

مشہور تھا۔ اُس کا چرچا جس قدر تھا یا تو نغز گوئی اور مسخروں میں تھا یا ایسے لوگوں میں تھا جو اس قسم کے آدمیوں کو پسند کرتے ہیں۔ اب ناظرین کو معلوم ہو گیا ہو گا۔ کہ ایسے شخص کی سوانحعمری لکھنی کس قدر دشوار ہے۔ ہم نے اس کا حال کچھ عربی اور کچھ فارسی کتابوں سے لیا ہے اور کچھ اس کے مقلدوں سے پوچھ کر لکھا ہے۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ اس کا حال لکھنے میں ہم نے بہت تکلیف اور خرچ گوارا کیا ہے اور اس کا صلہ ہم صرف پبلک پر چھوڑتے ہیں" (صہ طبع ثانی ۱۸۹۱ء)

مناسب معلوم ہوتا ہے۔ کہ دو پیازہ کی زندگی کے ضروری خط و خال ہیں اپنے سامعین کی آگاہی کے واسطے ہندوستانی سپیکولیٹر کی تالیف سے مختصراً یہاں عرض کر دوں۔ اس کا بیان ہے:۔

"ملا عرب کے شہر طائف میں پیدا ہوا تھا۔ اس کا باپ ابوالمحاسن تقریباً نو برس کا تھا۔ جب اس کا باپ ابوالمکارم خدا گنج کو سدھارا۔ متوفی روپیہ والا آدمی تھا۔ مگر اس کی جائداد جو جس کے ہاتھ لگی دبا بیٹھا۔ اور اس کی بیوہ کے پاس صرف ایک مکان رہ گیا۔ ابوالمحاسن جب بیس برس کا ہوا۔ قبیلۂ فاروق کے ایک سردار عبدالجبار کی بیٹی سراج النساء سے اس کی شادی ہو گئی۔ جو معقول جہیز اپنے ساتھ لائی۔ شادی سے چھ ماہ پانچ روز بعد ابوالمحاسن کی والدہ نے انتقال کیا۔ اب ابوالمحاسن نے بیوی کے مشورہ سے تجارت کی ایک دکان کھول لی۔ دکان کا حساب سراج النساء خود لکھا کرتی۔ اس کی محنت اور نیک نیتی سے تجارت دن بدن چمکنے لگی۔ شادی کے تین سال بعد ان کے ایک چاندسا بچہ پیدا ہوا۔ محلہ کی مسجد کے امام کی رائے سے اس کا نام ابوالحسن رکھا۔ جب وہ چھٹے برس میں لگا۔ باپ نے اُسے محلے کے مکتب میں داخل کر دیا۔ مکتب کے معلم ایک بزرگ عبدالرحمٰن نامی تھے جن کی عمر پچاس

برس کی تھی۔ ابوالحسن خوشی خوشی مکتب جاتا اور لکھتا پڑھتا۔ ساتھ ہی اس کو تمسخر کی لت تھی۔ کبھی زید کی جوتی چھپاتا اور کبھی عمر کی ٹوپی +

ایک دن بچے اپنے اپنے گھر کھانا کھانے گئے تھے۔ ابوالحسن گھر سے کھانا کھا کر سب سے پہلے مکتب آ پہنچا۔ حسن اتفاق سے استاد صاحب بھی موجود نہ تھے۔ اس نے موقعہ غنیمت سمجھ کر ایک لڑکے کا سیپارہ استاد کے بستے میں رکھ دیا۔ جب لڑکے مکتب میں آ گئے اور پڑھائی شروع ہو گئی۔ اس لڑکے نے اپنا سیپارہ تلاش کیا۔ مگر نہیں ملا۔ ناچار جا کر ملاجی سے رپورٹ کی۔ وہ بہت خفا ہوئے۔ بولے کیسے نامعقول بچے ہیں۔ سیپارے چرا لیتے ہیں اچھا۔ ان کے بستوں کی تلاشی لو اور جس کے پاس سے سیپارہ نکلے۔ اس کا منہ کالا کرو۔ حکم کی دیر تھی۔ توے کی سیاہی گھروں سے آئی اور ایک چراغ میں اس کو گھولا گیا۔ ابوالحسن نے لڑکوں کے بستوں کی تلاشی لی۔ جب کسی بستے سے وہ سیپارہ برآمد نہیں ہوا۔ تو اس نے ہاتھ جوڑ کر استاد سے عرض کی۔ تمام بستے دیکھ لئے۔ سیپارہ کا کہیں پتہ نہیں اور استاد کے بستے کی طرف اشارہ کر کے کہا۔ اب ایک یہی بستہ باقی رہ گیا ہے۔ حکم ہو تو اس کو بھی دیکھ لیا جائے۔ استاد نے اجازت دی۔ انہوں نے بڑھ کر اس بستے کو ٹٹولا اور سیپارہ نکال کر سامنے ڈال دیا۔ ہاتھ جوڑ کر کھڑے ہو گئے اور عرض کی۔ کہ یہ سیاہی حاضر ہے۔ بندہ کو تعمیلِ ارشاد کر لینے دیجئے۔ غرض ملاجی خفیف ہو گئے اور لڑکے کھلکھلا کر ہنس پڑے +

ابوالحسن ابھی نو سال اور چھ ماہ کا ہوا تھا۔ کہ اس کی والدہ نے انتقال کیا۔ جس کا قدرتاً اس کو بہت رنج ہوا۔ ادھر اس کے باپ ابوالمحاسن کے کاروبارِ تجارت کو بڑا دھکا لگا۔ سراج النسا رتی رتی کی خبر رکھتی تھی۔ اس کی آنکھ

بند ہوتے ہی نوکروں نے ہاتھ پاؤں نکالے اور دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کیا۔ آٹھ نوکروں میں سے چھ بہت سامال و اسباب لے کر رفوچکر ہو گئے۔ تباہی سے بچنے کے لئے ابوالمحاسن نے دوسری شادی کر لی۔ نئی بیوی جس کا نام خصیبہ تھا۔ پرلے درجہ کی خودسر، بدمزاج اور پھوہڑ تھی اور اس پر طرہ یہ کہ جاہل مطلق۔ غصّہ ناک پر رکھا رہتا۔ اس کے آتے ہی ابوالمحاسن کا رہا سہا کاروبار بھی بیٹھ گیا۔ سراج النساء کی موت نے اسے دردمند بنا دیا تھا۔ مگر خصیبہ کی تشریف آوری نے اس کی خانہ بربادی کو آخری مراحل تک پہنچا دیا۔

ادھر خصیبہ اپنے سوتیلے فرزند ابوالحسن کے ساتھ انتہا درجہ کی بدسلوکی کرتی۔ بات بات پر غصّہ ہوتی۔ آنکھیں نکالتی اور مارتی۔ کھانا کھانے کو نہ دیتی۔ کپڑا پھٹ جاتا تو سی کر نہ دیتی۔ الغرض اس کا ایسا دہاڑا کر رکھا تھا۔ کہ ناقابل بیان ہے۔ ابوالمحاسن خصیبہ کو بہت سمجھاتا کہ یہ بے ماں کا بچہ ہے۔ اس پر رحم کرو۔ لیکن اس عورت کے ایک نہ لگتی۔ الٹی صلواتیں سناتی اور کہتی کہ اسے اپنی جیب میں رکھا کر۔ تو چاہتا ہے کہ لڑکا ناز و نعمت میں پل کر خراب ہو جائے۔ ملاد وپیازہ اپنی عمر کا بارہواں سال ختم کرتے تک خصیبہ کے جور و تشدد سے پورا پورا تنگ آ چکا تھا۔ آخر تنگ آمد بجنگ آمد اس نے یہی تجویز کی کہ جس طرح خصیبہ اس کو دق کرتی رہتی ہے۔ وہ بھی اس کا ناک میں دم کرے۔ چنانچہ ایک دن موقعہ پا کر اس نے خصیبہ کے کپڑوں کو چوہے کی طرح کتر ڈالا اور استادی یہ کی کہ کوئی جوڑا سلامت نہیں چھوڑا۔ کچھ روز بعد خصیبہ کو شادی کی تقریب میں جانے کے لئے کپڑوں کی ضرورت ہوئی۔ گٹھڑی کھول کر کیا دیکھتی ہے۔ کہ تمام جوڑے

کٹے پڑے ہیں۔ حیران رہ گئی۔ اپنا منہ لپیٹ لیا۔ اور ابوالحسن کو ساتھ لے کر کوستی اپنے میکے چلی گئی۔ اور مُلا کی شرارت پر پردہ پڑا رہا۔ خصیمہ یہاں بھی ابوالحسن کے ساتھ اچھی طرح پیش نہ آئی۔ بلکہ پہلے سے بھی زیادہ اس پر ستم توڑتی رہی۔ ملا کو ناگوار گذرا اور وہ کہے بغیر اپنے باپ کے پاس چلا آیا۔ اور یہاں آکر ایک ایسی شرارت کی۔ جس کے خمیازہ میں دونوں باپ بیٹوں کو علیحدہ علیحدہ بے وطن بننا پڑا۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ طائف کے گلی کوچوں میں ایک نیم پاگل عورت پھرا کرتی تھی۔ جو فربہ اور جسیم تھی۔ اس بنا پر لوگ اسے ثبینہ کہتے تھے۔ ابوالحسن اسے کھانے کا لالچ دے کر ایک روز اپنے گھر لے آیا۔ اور حویلی کا دروازہ باہر سے بند کر کے سیدھا خصیمہ کے پاس پہنچا۔ اور اس کے گلے لگ کر پھوٹ پھوٹ کر رونا شروع کر دیا۔ اور درد بھری آواز میں کہنے لگا کہ آباجان ایک اور عورت گھر میں لے آئے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ وہ بڑی خاندانی ہے۔ وہ لوگوں سے اس کی خوبصورتی کی بھی تعریف کرتے ہیں۔ مگر اماں جان۔ خدا گواہ ہے۔ وہ آپ کی پاپوش کی بھی برابری نہیں کرتی۔ چنانچہ میں نے اسے یہ بات سنا بھی دی۔ بہت خفا ہوئی۔ جب کچھ دیر بعد میں نے کھانا مانگا۔ تو مجھے مار کر نکال دیا۔ اور کہا کہ اپنی خوبصورت اماں کے پاس جا کر مانگ۔ یہ کہہ کر ابوالحسن اور بھی زار زار رویا۔ خصیمہ مارے غصہ کے لال پیلی ہو رہی تھی۔ وہ ابوالمحاسن اور ثبینہ کو کوستی اور پیٹتی سیدھی گھر پہنچی۔ یہاں ثمینہ موجود تھی۔ خصیمہ کے تن بدن میں آگ لگ گئی۔ جوتی اتار تڑا تڑ مارنا شروع کیا۔ ثمینہ پہلے تو اس ناگہانی حملے پر جھجکی۔ آخر سنبھلی اور چکنی ہاتھ میں لے کر مقابلہ پر اتر آئی۔ دونوں نے ایک دوسرے کو مار مار کو لہولہان کر دیا۔ ان کی چیخوں سے

محلے میں اُدھم مچ گیا۔ کئی آدمی ابوالمحاسن کے پاس پہنچے اور بولے کہ تمہارے ہاں عجب قیامت برپا ہے۔ وہ دوڑا دوڑا آیا۔ دروازہ اندر سے بند تھا۔ دیوار پھاند کر اندر پہنچا۔ کیا دیکھتا ہے۔ کہ دونوں عورتیں گتھم گتھا ہیں۔ خصیمہ نے اسے دیکھ کر ثمینہ کو چھوڑ اس پر حملہ کر دیا۔ ادھر ثمینہ نے بھی اس پر وار کیا۔ غریب ابوالمحاسن اس دوہری مار سے بہت زچ ہوا۔ پیٹھ دکھائی اور بھاگا۔ گھر بار اور بیوی بچہ کو چھوڑ ایسا غائب ہوا کہ نہ مرے کی خبر آئی نہ جیتے کی۔ خصیمہ نے چار روز کے انتظار کے بعد گھر کے مال و اسباب پر قبضہ کیا۔ اور سب کچھ لے کر اپنی ماں کے گھر چلی گئی اور ابوالحسن اپنے باپ کی تلاش میں حاجیوں کے قافلہ کے ساتھ مکے روانہ ہو گیا۔ یہاں پہنچ کر اس نے تمام قافلے اور سرائیں ڈھونڈھ ماریں مگر ابوالمحاسن کا پتہ نہ لگنا تھا نہ لگا۔ مایوس ہو کر ایک قافلہ کے ساتھ جو ایران جا رہا تھا ہولیا۔ جرنیل اکبر علی جو ایرانی فوج میں جرنیل کا منصب رکھتا تھا اس قافلہ کا سردار تھا۔ اس نے ابوالحسن میں دلچسپی لی اور اپنے آدمیوں کو حکم دیا کہ اس کو عزت و حرمت کے ساتھ رکھو۔ الغرض اس طرح ابوالحسن ایرانی قافلہ کے ساتھ مع الخیر ایران پہنچ گیا۔ یہ وہ زمانہ تھا۔ جب ہمایوں شیر شاہ سوری سے شکست کھا کر اور سلطنت ہندوستان کھو کر ایران میں پناہ گزین ہو گیا تھا۔ شاہ ایران نے اس تاجدار بے ملک کی بڑی آؤ بھگت کی۔ ہمایوں کے ساتھ ایک شخص مرزا بخش اللہ خاں تھے۔ جو فوج ہمایوں میں کرنیل رہے تھے۔ جرنیل اکبر علی خاں سے ان کے گہرے تعلقات تھے۔ مرزا جب ہمایوں کے ساتھ واپس لوٹے تو انہوں نے ابوالحسن کو جرنیل سے مانگ لیا۔ اور اپنے ساتھ کابل لے آئے۔ کابل کے محاصرہ میں کرنیل بخش اللہ خاں مارا گیا جس کا ملال کو ازحد

رنج ہُوا۔ مگر اس نے شاہی فوج کا ساتھ نہ چھوڑا۔ اور ۱۵۵۶ء میں ماچھیواڑہ کی جنگ کے بعد جبکہ مغلوں کی حکومت ہند میں بار دیگر مستقل ہو گئی اس نے دہلی میں رہنا اختیار کیا۔ اس وقت اس کی عمر پندرہ سولہ سال کے قریب تھی۔ دنیا کے حوادث اور انقلابات دیکھ دیکھ کر وہ اس قدر افسردہ خاطر ہو رہا تھا۔ کہ اس نے دُنیا ترک کر دینے کا مصمم ارادہ کر لیا۔ اس نیت سے وہ شمس الامراء محمد خاں لودھی کی مسجد میں مقیم ہو گیا۔ ایک شریف خاندانی عرب ہونے اور خوش الحانی کے ساتھ قرآن پڑھنے کی بنا پر ہندوستان کے لوگ اس کی بڑی عزّت کرتے اور اس کو مُلاجی کہا کرتے۔ اس کی شہرت دہلی میں بہت جلد پھیل گئی اور امراء و رؤساء اسے دعوتوں میں بلانے لگے ۔

ایک روز کسی امیر کے ہاں ضیافت تھی۔ ان کو ایک خاص قسم کا پلاؤ بہت پسند آیا۔ پاس والے ساتھی سے دریافت کیا کہ "این طعام از کدام قسم است"۔ اس نے جواب دیا "از قسم پلاؤ"۔ پھر پوچھا "اینرا چہ می گویند" اس نے کہا "دو پیازہ"۔ آپ بہت خوش ہوئے اور کہا سبحان اللہ کیا عمدہ کھانا ہے۔ اور اضافہ کیا کہ جب تک دو پیازہ دستر خوان پر نہ ہو گا۔ میں کسی کی دعوت منظور نہ کروں گا۔ اس روز سے ان کا نام دو پیازہ پڑ گیا

مُلا کی اکبر تک رسائی کے بارہ میں تین مختلف روایتیں ہیں۔ مگر ہم صرف ایک روایت پر قناعت کریں گے۔ جو یہ ہے۔ کہ فیضی نے دو معتمد بھیج کر اسے دہلی سے اپنے پاس بلوا لیا۔ اور عبادت خانۂ دینِ الٰہی کا کام اس کے سپرد کیا۔ اوّل اوّل تو ملا نے اس کام کو ناپسند کیا مگر جب فیضی اور ابوالفضل نے اسے اکبر کی مصالحِ ملکی سمجھا دیں تو وہ رضامند ہو گیا ۔

اب ملّا صاحب کے کچھ لطیفے دیے ہیں ۔ جن میں کئی ایسے ہیں ۔ جن میں ملا اور بیربل ایک دوسرے کے حریف بنتے ہیں ۔ مثلاً ایک یہ ہے ۔ کہ بیربل اکبر کے پاس بیٹھا تھا ۔ ملا دو پیازہ کسی دھن میں مستغرق جھکا ہوا زمین کی طرف دیکھتا آرہا تھا ۔ بیربل نے پوچھا ملا جی کیا ڈھونڈھتے ہو ۔ ملا نے جواب دیا ۔ مدت سے میرا باپ گم ہو گیا ہے اسے دیکھتا ہوں ۔ بیربل نے کہا ۔ اگر میں بتا دوں تو کیا دو ۔ مُلا نے کہا ۔ سارا آپ کا ۔

دوسرا لطیفہ یہ ہے ۔ کہ بیربل ایک مرتبہ دہلی گئے ۔ راستہ میں فیلبان سے کسی بناپر خفا ہو گئے ۔ واپسی پر بادشاہ سے اپنے سفر کا حال بیان کرنے لگے ۔ اور بولے کہ جس نام کے اخیر میں بان ہوتا ہے ۔ وہ نہایت شریر اور رنٹ کھٹ ہوتا ہے ۔ مثلاً فیلبان ۔ گاڑی بان ۔ ساربان ۔ مُلا یہ سن کر مسکرائے اور بولے ۔ کہ سچ کہتے ہو مہربان ۔

ایک لطیفہ یہ ہے ۔ کہ ایک گنوار پنڈت اکبر بادشاہ سے کہہ رہے تھے ۔ کہ صبح کے وقت دو کوّے ایک جگہ ساتھ بیٹھے ہوئے دیکھنا بڑا نیک شگون ہے ۔ بیربل پاس بیٹھے تائید کرتے رہے ۔ مُلا نے چپکے سے کان میں کہا ۔ قبلۂ عالم اس بات کو آزمانا چاہیئے ۔ بادشاہ نے بیربل کو حکم دیا کہ جب کبھی صبح کو دو کوّے ایک جگہ بیٹھے دیکھو مجھے اطلاع دو ۔ بیربل موقعہ کے منتظر رہے ۔ ایک دن انہوں نے صبح ہی صبح دو کوّے ایک جگہ دیکھے ۔ بھاگے ہوئے گئے اور بادشاہ کو نیند سے بیدار کیا ۔ جاڑے کا موسم تھا ۔ بادشاہ اٹھے ۔ مگر نہایت بدمزہ ہوئے ۔ موقع پر پہنچ کر دیکھا تو ایک کوّا نظر آیا ۔ برہم ہو کر بیربل کے دو چار رسید کئے ۔ اسی روز بادشاہ کی خدمت میں

جے پور کے ایک ٹھاکر نے ڈولا نذر کیا۔ مُلا صاحب نے ہاتھ باندھ کر عرض کی۔ قبلۂ عالم۔ اگر حضور بھی دو کوّے دیکھتے تو یہ ڈولا نہ ملتا۔ اور جنہوں نے دو کوّے دیکھے۔ ان کا حال تو حضور سے پوشیدہ نہیں۔ بیربل بہت شرمندہ ہوئے ؎

ایک لطیفہ یوں ہے۔ کہ بیربل ایک روز نہایت عُمدہ پگڑی باندھ کر دربار میں آئے۔ بادشاہ نے دیکھ کر ملا دوپیازہ سے کہا۔ بیربل کی دستار تمہاری پگڑی سے عُمدہ بندھی ہے۔ مُلا نے فوراً جواب دیا۔ حضور عالی! بجا و درست لیکن یہ تو انہوں نے اپنی بیوی سے بندھوائی ہے۔ بادشاہ نے کہا۔ اس کا ثبوت۔ مُلا نے فوراً اپنی پگڑی اتار لی اور کہا کہ بیربل بھی اپنی پگڑی اتاریں۔ پھر دونوں نے باندھنا شروع کی۔ ملا نے حسب وضع قدیم اپنی پگڑی باندھ لی لیکن بیربل کوشش کے باوجود ویسی نہ باندھ سکے تب بادشاہ مسکرائے۔ اور فرمایا۔ بیربل معلوم ہوا کہ ہر کام جو تم سے نہیں ہو سکتا اپنی بیوی سے کراتے ہو۔ بیربل شرمندہ ہو کر رہ گئے ؎

اب ہم لطائف کو چھوڑ کر ملا کی وفات کا ذکر کرتے ہیں۔ ۱۵۹۹ء میں اکبر نے احمد نگر کو فتح کرنا چاہا۔ اور جہانگیر کو فوج کا سپہ سالار بنا کر بھیجا۔ مگر شہزادہ ناکام رہا اور بادشاہ بذات خود روانہ ہوئے۔ اس زمانہ میں احمد نگر کی حکومت چاند بی بی سے متعلق تھی۔ اکبر کو ملا دوپیازہ سے اس قدر محبت تھی۔ کہ ہمیشہ اس کو اپنے ساتھ رکھتا۔ ایک روز کا ذکر ہے کہ احمد نگر کا محاصرہ ہو رہا تھا۔ بادشاہ سلامت سپہ سالاری کر رہے تھے۔ دن بھر کی تگ و دو اور گولہ باری سے یہ امید ہو چلی تھی کہ قلعہ جلد فتح ہو جائے گا۔ رات کو ارکان دولت شاہی خیمے میں جمع ہوئے۔ اور اس دن کے واقعات پر

تبصرہ ہونے لگا۔ ایک نے کہا۔ امید ہے کہ قلعہ کل فتح ہو جائے گا۔ دوسرے نے کہا حضور کا اقبال بلند ہے۔ تیسرے نے کہا۔ اس عورت کی کیا حقیقت ہے۔ جو حضور کا مقابلہ کر سکے۔ مُلا نے ظریفانہ ترنگ میں کہا۔ کہ یہ حضور کی بلند اقبالی اور اولوالعزمی ہے۔ کہ اس عورت کا مقابلہ کرنے آئے ہیں۔ ورنہ اس کا مقابلہ ساری دنیا کے بادشاہ نہیں کر سکتے۔ مُلا کا یہ چُبھتا فقرہ سب سمجھ گئے۔ اور خاموش ہو گئے۔ بادشاہ نے بھی سوچا۔ کہ اگر مُلک فتح کر لیا تو عورت کو شکست دی۔ کیا بہادری کی اور اگر شکست کھائی تو رسوائے عالم ہوئے۔ آخر ملک بخش کر آگرہ کا رُخ کیا۔

اس وقت مُلا کی عمر ۶۰ برس کے قریب تھی۔ جنگ و سفر اور آب و ہوا کی تبدیلی سے اسے بخار آنے لگا۔ یہ بخار اس کے ایسا پیچھے پڑا۔ کہ دن بدن زیادہ ہوتا گیا۔ شاہی لشکر تیزی کے ساتھ کوچ کر رہا تھا۔ اور مُلا کو ایک سکھپال میں ڈال رکھا تھا۔ ایک دن بادشاہ خود دیکھنے گئے اور آخر لشکر کے ٹھہرنے کا حکم دیا۔ لیکن جب سے مُلا بیمار ہوا تھا۔ بادشاہ نے اس کے علاج کا کچھ خیال نہیں کیا۔ وہ کامل ایک مہینہ بیمار رہا۔ آخر ۱۵ رمضان کی صبح کو لشکر میں یہ خبر مشہور ہوئی۔ کہ مُلا کا انتقال ہو گیا۔ سب کو رنج ہوا۔ بادشاہ مع درباریوں کے جنازہ میں گئے۔ تمام لشکر اور بادشاہ نے جنگل میں نماز پڑھی اور ایک نزدیک کے قصبہ میں جس کو ہنڈیا کہتے ہیں۔ اسے سپرد خاک کر دیا۔ ایک ظریف نے کہا واہ بھئی دو پیازے مر کر بھی ہنڈیا میں رہے۔ وفات کے وقت اس کی عمر پورے ساٹھ برس کی تھی۔ وہ ۱۵۴۰ء میں پیدا ہوا تھا۔ اور ۱۶۰۰ء میں اس دُنیا سے رخصت ہوا۔

دوپیازہ کے متعلق ہندوستانی سپیکولیٹر کا یہ بیان ہے۔ جسے میں نے مختصراً اوپر بیان کیا ہے۔ ایک عجیب بات یہ ہے۔ کہ وہ ہمیں اپنے ذرائع معلومات سے مطلق اطلاع نہیں دیتا۔ اگرچہ اس کا دعوےٰ ہے۔ کہ اس نے عربی وفارسی کتابوں سے اس کا حال لکھا ہے۔ مگر ان کتابوں کا وہ نام تک نہیں لیتا۔ وہ تسلیم کرتا ہے۔ کہ مُلا کسی بادشاہ کا وزیر نہیں تھا اور نہ کسی شہنشاہ کا پیر تھا۔ پھر اس کے پاس ایسے کون سے پُراسرار ماخذ ہیں جن سے اس کو ملا کے خاندانی حالات۔ نانا دادا کے نام۔ ماں باپ کے نام۔ ان کا پیشہ۔ خود مُلا کے بچپنے کے حالات۔ اس کی طفلانہ شوخیاں اور شرارتیں اس تفصیل کے ساتھ جو صرف ایک معاصر یا عینی شاہد دے سکتا ہے دستیاب ہو گئے[1]۔ حالانکہ اس توضیح کے ساتھ اکثر سلاطین کے حالات بھی

---

[1] یہاں مقابلہ کی غرض سے ہم مسٹر ایف جی ڈیلک کے استفسار کی ایک عبارت جو پنجاب نوٹس اینڈ کوئریز میں ملتی ہے۔ نقل کرنی مناسب سمجھتے ہیں۔ جو ہندوستانی سپیکولیٹر کے زر جعفری سے صرف پانچ سال قبل مرقوم ہوئی اور جس میں عام شکایت ہے کہ باوجود تلاش دوپیازہ کے حالات کچھ بھی نہیں ملتے۔ عبارت حسب ذیل ہے:۔

" مجھ کو ملا دوپیازہ کے صحیح حالات کن ذرائع سے معلوم ہو سکتے ہیں؟ مجھے تمام مسلمانی تاریخوں اور تذکروں سے جن تک میری رسائی ہو سکی اس کے تھوڑے سے حالات بھی تو نہیں مل سکے۔ قصوں کی کتابوں میں جو بازاروں میں بکتی ہیں اس کو ایک مشہور ظریف بلکہ مسخرہ اور بیربل کا ہمعصر بتایا گیا ہے جو بیربل کی طرح اکبر کے مقربوں میں شامل تھا۔ یہ بیان میرے نزدیک قابلِ اعتبار نہیں کیونکہ ملا اگر اس عہد میں ہوتا تو ابو الفضل آئین اکبری میں ضرور اس کا ذکر کرتا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ہنڈیا جو صوبجات متوسط میں واقع ہے اس کا وطن ہے اور مزار بھی وہیں ہے۔ یہ علاقہ بادشاہ نے اس کی جاگیر میں بھی دے رکھا تھا۔ ایک شخص نے اس سے دریافت کیا کہ تم نے آگرہ کے قریب کے دوسرے علاقوں پر ہنڈیا کو کیوں ترجیح دی۔ اس نے جواب دیا کہ ہنڈیا دوپیازہ کے لئے مناسب ہے۔ دوپیازہ کو اس نے اپنے الہامر میں سید الطعام کے معزز خطاب سے یاد کیا ہے۔

(باقی حاشیہ برصفحہ ۱۹)

میسّر نہیں - یہ تفصیل ہمارے شبہات کو قوی کرتی ہے کہ کہیں یہ تمام قصّہ ایک من گھڑت افسانہ نہ ثابت ہو - دو پیازہ کے ذکر میں عربی کتب کا ذکر کرنا بالکل بے سود ہے - کیونکہ عربی میں اس کے متعلق کوئی چیز موجود نہیں - اور نہ ملا طائف میں پیدا ہوا اور نہ عرب کا رہنے والا ہے - وہ ہندی محض ہے اور بس - فارسی میں جہاں کہیں اس کا ذکر آیا ہے اسے ہندی ہی لکھا ہے - ہمیں اس کے تاریخی بیانات کا حصّہ بھی معتبر نہیں معلوم ہوتا - ماچھیواڑہ کی مہم کا سال وہ ۱۵۵۶ئہ بتاتا ہے - حالانکہ وہ اس سن سے ایک یا دو سال قبل واقع ہوتی ہے - اکبر علی اور بخش اللہ خان اس عہد کے سے نام معلوم نہیں ہوتے - اسی طرح شمس الامراء خطاب بھی جدید انداز کا ہے - اور ان ایام میں رائج نہیں تھا ؛

ہندوستانی سپیکولیٹر کا بیان ہے - کہ مُلا ۱۵۴۰ئہ (۹۴۷ھ) میں پیدا ہوا - اور ۱۶۰۰ئہ (۱۰۰۹ھ) میں وفات پاگیا - ہمارے پاس اس کی تاریخ ولادت کے جانچنے کا کوئی ذریعہ نہیں - اگرچہ یہ بہت ممکن ہے کہ وہ غلط ہو - لیکن اس کا سالِ وفات جو اوپر دیا گیا ہے یقیناً غلط ہے - کیونکہ اس تاریخ سے بیس اکیس سال بعد تک وہ زندہ تھا - اس کے

(بقیہ حاشیہ صہ ۱۸) یہ بھی کہا جاتا ہے - کہ اس کی قبر پر جو تاحال ہنڈیا میں موجود ہے دو کتبے مرقوم ہیں پہلا کتبہ بیچ ٹھیک دروازہ کے اوپر - دوسرا بلندی پر گنبد کے قریب - نچلے کتبے کی عبارت یہ ہے " اے جوان برای خدا بالا نگر اور جب دیکھنے والا اوپر جھانکتا ہے - تو ان مضحک الفاظ سے دوچار ہوتا ہے " چہ می بینی گبدی خر " -

(پنجاب نوٹس اینڈ کوئریز جلد دوم صہ ۹۹ بذیل ۶۰۳ بابت مارچ ۱۸۸۵ئہ

پانچ سال کے بعد اس تفصیل کے ساتھ دوپیازہ کے حالات کا معلوم ہوجانا نہایت استعجاب انگیز ہے اور کوئی تعجب نہیں اگر ہندوستانی سپیکولیٹر نے ڈیمرک کے استفسار کے جواب میں یہ داستان تراشی ہو ؛

عیسوی سنین دینا بھی خالی از اعتراض نہیں۔ کیونکہ اس کے سامنے اگر کوئی اصل ماخذ ہوتا تو اس میں سنہ ہجری مذکور ہوتا۔

ہندوستانی سپیکولیٹر کا یہ قول کہ فیضی نے ملا دو پیازہ کو بلوا کر عبادتخانہ دین الٰہی کا کام اس کے سپرد کر دیا قرین صحت نہیں۔ کیونکہ اگر ایسی اہم خدمت ملا دو پیازہ کے سپرد ہوتی تو اکبری عہد کی تاریخوں میں یقیناً اس کا ذکر ملتا۔

وہ احمد نگر کے خلاف شاہزادہ جہانگیر کی ایک ناکام مہم کا سال ۱۰۰۸ھ/۱۵۹۹ء بتاتا ہے۔ لیکن شاہزادگی کے ایام میں جہانگیر کبھی جہانگیر نہیں کہلایا۔ بلکہ اس کا نام سلیم تھا۔ تخت نشینی کے وقت وہ جہانگیر نام اختیار کرتا ہے۔ اسی طرح مؤلف کا یہ بیان کہ جہانگیر کو ۱۵۹۹ء میں احمد نگر کی تسخیر کے لئے بھیجا گیا۔ بالکل غلط ہے۔ جہانگیر کو دکن کی مہم پر کبھی نہیں بھیجا۔ بلکہ یہ شہزادہ مراد تھا جو سنہ ۱۰۰۳ھ/۳۹ [illegible] بغرض تسخیر احمد نگر روانہ ہوتا ہے مگر امراء کے نفاق اور سوء تدبیری سے یہ مہم ناکام رہی۔ مراد ۱۰۰۷ھ/۱۵۹۸ء میں فوت ہوتا ہے۔ اس کی جگہ شہزادہ دانیال کی تقرری عمل میں آتی ہے اور قلعہ احمد نگر ۱۰۰۹ھ/۱۶۰۰ء میں فتح ہو جاتا ہے۔ اسی طرح اس کا یہ کہنا کہ خود اکبر ۱۰۰۸ھ/۱۵۹۹ء یا اس کے قریب احمد نگر کے محاصرہ کے واسطے پہنچا صحیح نہیں۔ اکبر کا ارادہ ضرور دکن جانے کا تھا مگر وہ آسیر سے آگے نہ بڑھ سکا اور ۱۰۰۹ھ (م ۱۶۰۰ء) میں اس قلعہ کی فتح کے بعد وہ واپس آگرہ آگیا۔

اس کا یہ بیان کہ دو پیازہ ایک خاص قسم کا پلاؤ ہے۔ صحت سے بعید ہے۔ کیونکہ ابو الفضل آئین اکبری میں دو پیازہ کی تشریح بالفاظ ذیل کرتا ہے :-

" دوپیازہ، در دہ سیر گوشت میانہ فربہ دو دو سیر روغن زرد و پیاز و ربع سیر نمک، ثمن سیر زنجبیل تر، یکیک دام از زیرہ و کشنیز و قاقلہ و قرنفل دو دام فلفل، پنج قاب شود" (آئین اکبری ص۳۷ جلد اول طبع نولکشور ۱۳۱۰ھ)
اس سے ظاہر ہے۔ کہ وہ ایک قسم کا قلیہ ہے نہ پلاؤ +

فارسی میں ملا کے متعلق جو کچھ ملتا یا مل سکتا ہے۔ ہندوستانی سپیکولیٹر اس سے بالکل بے خبر ہے۔ اس کا یہ رسالہ درحقیقت کسی قدیم ماخذ پر مبنی نہیں ہے۔ بلکہ خیالی واقعات کا طومار ہے جس کے واسطے اس کا دماغ اور قلم ذمہ دار مانا جاسکتا ہے۔ رہے لطیفے یہ یقیناً محمد کامل کے عہد سے قبل کے ہیں اور دیگر اشخاص کی طرف بھی منسوب ہیں۔ اس کا مزار قصبۂ ہنڈیا میں ہے۔ یہ حصہ ہندوستانی سپیکولیٹر کے بیان کا البتہ صحیح ہے

بعض اردو نگاروں نے اسے ملا عبدالقادر بدایونی کے ساتھ شناخت کیا ہے۔ مثلاً سوانح عمری بیربل و ملا دوپیازہ میں جس کو حسب ایمای منشی بلاقی داس مالک مطبع، اہالیان مطبع نے کتب انگریزی و اردو و فارسی سے انتخاب اور ترجمہ کرکے تالیف کیا[1]۔ (میور پریس۔ دہلی)،

اس تالیف میں لکھا ہے:۔

" بعضوں نے اس کا نام ابوالحسن بھی دیا ہے۔ منجملہ نورتنوں کے

---

[1] یہ سوانح عمری اگرچہ بعد میں گمنام چھپتی رہی۔ مگر اصل میں میرزا حیرت دہلوی کی تالیف ہے جیسا کہ رسالۂ ذیل سے ثابت ہے:۔ " سوانح عمری بیربل و ملاں دوپیازہ مصنفۂ میرزا حیرت صاحب دہلوی حسب ارشاد منشی بلاقید اس مالک کتبخانہ میور پریس دہلی ۱۹۱۶ء۔ مطبع افتخار دہلی میں منشی محمد ابراہیم کے اہتمام سے چھپا"؛

گویا عبدالقادر بدایونی اور ملا دوپیازہ کو ایک شخص قرار دینے میں مرزا حیرت کی ذہنی اپج ذمہ دار ہے +

اکبر کا ساتواں رتن تھا۔ اصل میں گیلان کا رہنے والا تھا۔ بعض طائف کا رہنے والا اور بعض نجد کا بتلاتے ہیں۔ ۱۸۴۲ء (کذا) میں پیدا ہوا۔ اکبر کی پیدائش بھی اسی سن میں ہوئی۔ دوسرا حسن اتفاق یہ ہوا کہ تاریخ ۱۴ ماہ اکتوبر سنہ مذکور میں جب اکبر پیدا ہوا تو اسی تاریخ عبدالقادر بھی بمقام گیلان پیدا ہوا اس کے باپ دادا گیلان کے بادشاہوں کے ہاں بڑے بڑے عہدوں پر ممتاز چلے آتے تھے۔ ہند میں اس کا باپ عبدالرزاق (المخاطب بہ ابوالحسن) آیا اور مظفر شاہ کا اتالیق مقرر ہوا۔ جب مظفر شاہ جوان اور خود مختار ہوا۔ تو عبدالرزاق کو عہدہ قاضی القضاۃ کا عطا کیا۔ عبدالرزاق صلح کل انسان تھا۔ جب عبدالقادر سولہ سترہ برس کا ہوا تو باپ بیٹوں میں ناچاقی ہوگئی۔ بیٹا کٹ ملا اور باپ دنیا دار۔ یہی باعث نا اتفاقی ہوا۔ عبدالقادر مکہ معظمہ چلا گیا۔ عبدالرزاق اس کی تلاش میں نکلا اور مکہ پہنچا۔ بدقسمتی سے جاتے ہی دو تین دن کے بعد دنیا سے کوچ کر گیا۔ اور بیٹے سے ملنے کی حسرت دل میں لے گیا۔ عبدالقادر نے مکہ میں رہ کر دینی علوم تحصیل کئے اور بڑی شہرت حاصل کی۔ اب اس کو یہ شوق پیدا ہوا کہ دولت کمائے۔ اس خیال سے وہ ہندوستان پہنچا۔ عبدالقادر کے استاد کا نام بھی عبدالقادر تھا۔ اس نے اپنی لڑکی عائشہ نامی اسے بیاہ دی۔ قصہ مختصر عبدالقادر اکبر آباد پہنچا اور مرزا عبدالرحیم اور زین خاں کی معرفت دربار اکبری میں پہنچا اور رفتہ رفتہ اکبر کا پرائیویٹ سکرٹری بن گیا۔ ابوالفضل اور فیضی سے عبدالقادر کی نوک جھوک رہتی تھی۔ اس کے بعد سرہنری ایلیٹ کی رائے کا خلاصہ اور ایک مختصر نوٹ کرنل کینڈی کی کتاب سے عبدالقادر کے متعلق دیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ فاضل اکبر کے تین سال پہلے یعنی

۱۶۰۲ء میں عالمِ بقا کو سدھارا۔" ہمیں یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ یہ تمام حالات محض فرضی ہیں)

اسی عقیدہ کی صدائے بازگشت سوانح عمری ملاں دو پیازہ و بیربل از تصنیف آغا محمد طاہر نبیرۂ مولٰنا محمد حسین آزاد میں ملتی ہے۔ [آغا طاہر ہمیں ملا عبدالقادر کے صحیح حالات سے روشناس کرتے ہیں لیکن عبدالقادر کے ملا دو پیازہ کہلائے جانے کی وجہ آغا طاہر یہ دیتے ہیں کہ" بیربر نے باتوں باتوں میں ملا دو پیازہ کی پھبتی کہہ دی ہوگی۔ بس پھر کیا تھا منہ سے نکلی اور کوٹھوں پر چڑھی۔ ذرا سی دیر میں تمام شہر میں مشہور ہوگیا۔ یہ بیچارے مولوی سے خاصے ملا دو پیازے بن گئے۔ اور ایسے بنے کہ آج تک وہی نام مشہور رہا۔"] مگر عبدالقادر اور ملا دو پیازہ دو مختلف اشخاص ہیں اور ان میں خلط کرنا سراسر دیوانگی ہے ؛

ملا دو پیازہ درحقیقت ایک تاریخی شخص ہے۔ اگرچہ اس کے حالات ہمیں معلوم نہیں۔ اس کی تصویر مصوّروں میں بہت مقبول رہی ہے۔ وہ ایک دُبلے پتلے گھوڑے پر جس کی ہڈی ہڈی اور رگ رگ گِنی جاسکتی ہے۔ سوار دکھایا گیا ہے۔ اس کی پگڑی نہایت بھاری ہے موٹے جسم بڑے کلے جبڑے اور بھری ڈاڑھی کا شخص ہے۔ جُبّے کے پلّو نہایت نیچے اور آستینیں نہایت ڈھیلی ہیں۔ یہ تصویر شاہجہان کے عہد سے ملنے لگتی ہے۔ اس کی کافی نقلیں موجود ہیں۔ انڈیا آفس لنڈن میں تصاویر کے متعدّد مرقعے موجود ہیں۔ جو جانسن کلکشن یعنے مجموعۂ جانسن کے نام سے مشہور ہیں۔ ان مرقعوں میں مُلا دو پیازہ کی کئی قدیم تصویریں موجود ہیں

محمد صادق شاہجہان کے عہد کا ایک نہایت ممتاز مصنّف اور مورّخ ہے۔ اس کی تاریخ صبح صادق اور طبقات شاہجہانی جو مشاہیر کے حالات پر ایک نادر تالیف ہے۔ نہایت مشہور ہیں۔ یہی مصنّف ایک اور ضخیم کتاب شاہد صادق نامی کا مصنّف ہے۔ شاہد صادق میں متعدد موقعوں پر ملادوپیازہ کے النامہ کے حوالے اور اقوال ملتے ہیں۔

میرے پاس جیمل بہار کی ایک بیاض ہے۔ جو ۱۰۶۲ھ و ۱۰۶۷ھ میں نقل ہوتی ہے۔ اس بیاض میں دوپیازہ کا النامہ موجود ہے۔ جو خود جیمل کا نقل کردہ ہے۔

میرے ہاں ایک اور بیاض ہے۔ جو گذشتہ صدی کے پہلے ربع کی نوشتہ معلوم ہوتی ہے۔ اس میں النامہ کا مکمل نسخہ موجود ہے جو پورے سولہ صفحوں پر آیا ہے۔ خاتمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ دراصل النامہ کا نام مرآت المضحکین ہے۔ چنانچہ خاتمہ کی عبارت ہے:۔

"تمام شد نسخۂ مرآت المضحکین تصنیف ملا دوپیازہ۔ صاحب تاریخ "خیرلک من الاولیٰ"۔ "خیرلک من الاولیٰ" سے ۱۰۲۹ھ برآمد ہوتے ہیں۔

یہ بیاض جو مختلف خطوط و حکایات و لطائف پر مشتمل ہے ملا دوپیازہ کی دو حکایتوں کے حامل ہے۔ جس سے خیال ہوتا ہے کہ دوپیازہ کے حالات پر کوئی رسالہ ضرور موجود تھا۔ اور یہ حکایتیں اسی رسالہ سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان حکایتوں کا مصنّف ایک نامعلوم شخص ہے۔ جس کا تخلص اشلغی ہے۔ وہ اپنے آپ کو دوپیازہ کا فرزند اور شاگرد بتاتا ہے اور اس کے نقش قدم پر چل کر اسی کی شہرت کا طالب ہے۔ اشلغی پہلی حکایت میں ملّا کے قیامِ ایران کے بعض حالات فارسی میں دیتا ہے۔ جن کا خلاصہ ذیل میں درج

کیا جاتا ہے :-

۹۹۰ھ میں ہندوستان سے برداشتہ خاطر ہوکر بکر ٹھٹھ کے دریا سے گذر کر براہ کیچ و مکران مُلا ہرات پہنچا۔ شیعہ آکر اس سے پوچھنے لگے کہ تیرا دین کیا ہے۔ مُلّا بولا میں ہندی ہوں ہمارے ہاں دن یوم کو کہتے ہیں انہوں نے الفاظ بدل کر پوچھا تو دوست کس کو رکھتا ہے۔ ملا نے جواب دیا۔ کہ یہ بات تو اپنی اپنی ضرورت اور بمقدارِ ضرورت پر ہوتی ہے۔ میرے پاس یہ دو گدھے ہیں۔ جو میرا سامان اٹھاتے ہیں اور یہ دو مخدوم زادے رفیقِ سفر ہیں ان چاروں سے مجھے محبت ہے۔ شیعہ بولے عجب بدمذہب انسان ہے۔ سوال از آسمان جواب از ریسمان۔ کچھ دنوں کے بعد مشہور ہوگیا کہ ملا دو پیازہ ہندی ہرات آگیا ہے۔ اس وقت حسین خان شاملو نے جو اس علاقہ کا سپہ سالار تھا۔ اسے بلایا اور مجلس لگی۔ جس میں مرزا فصیحی[1] اور دیگر شعرائے پایۂ تخت شامل تھے۔ مولینا نے اپنے کلام کے فقرات سنانے شروع کئے۔ کہ" الیار میرزا و میرک ریش دار"۔ اس پر ایسے لوگ جن کے نام میں الفاظ میرزا و میرک پائے جاتے تھے برہم ہوئے حسین خاں نے سمجھایا کہ ملّا تمہارا مہمان ہے۔ اس سے مت جھگڑو۔ دوسرے دن میرزا فصیحی نے مولینا دو پیازہ کو مہمان بلایا۔ ملّا گئے اور کچھ دیر ٹھہر کر رخصت ہوئے فصیحی نے معذرت کے طور پر کہا مولانا معاف کرنا۔ میرے گھر کے لوگ حمام گئے ہیں۔ ملّا نے کہا" مہمان نان می طلبد نہ ...."۔ یہ قصہ حسین خان تک پہنچا۔ اس نے اپنے لوگوں سے کہا کہ ہر شخص کو ملّا کی دعوت علیحدہ علیحدہ کرنی چاہیئے۔ الغرض ملّا نے دو سردیاں ہرات میں گذار دیں۔

---

[1] فصیحی ہروی اس عہد کا مشہور شاعر ہے۔ ۱۰۴۶ھ میں وفات پاتا ہے۔

اس وقت بعض مفسدوں نے اس پر یہ تہمت دھری کہ وہ بد مذہب ہے۔ چنانچہ اس بنا پر پورے ایک مہینے اسے قید میں رکھا گیا۔ شیخ عبدالصمد اور دیگر ہوا خواہوں نے مشورہ دیا کہ ملا لوگ تمہارے دشمن ہو چکے ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ وہ تمہیں کوئی آزار پہنچائیں۔ اس لئے بہتر ہے۔ کہ تم یہاں سے رخصت ہو جاؤ۔ ملا ہرات سے روانہ ہو کر بلخ میں آ گیا۔ اور نذر محمد خان اور ولی محمد سلطان کے ساتھ تعلقات قایم کر لئے۔ یہاں ملا ملتانیوں کی کاروان سرائے میں قیام پذیر تھا۔ جس کے حجرے طالبعلموں کے لئے وقف تھے۔ چھ ماہ گذر جانے پر کمرہ کا کرایہ ملا سے طلب کیا گیا۔ اس نے جواب دیا۔ سرائے طالب علموں کے لئے وقف ہے۔ میں بھی تو طالب علم ہوں۔ کرایہ کیسے مانگتے ہو۔ آخر متولی سے رپورٹ ہوئی۔ اس نے کہا اگر ملا واقعی صاحب فضیلت ہے۔ تو اس سے کرایہ وصول نہیں کیا جائیگا۔ بصورتِ دیگر اس کو دینا پڑے گا۔ چنانچہ ملا بلوائے گئے۔ یہ تو چلتی رقم تھے۔ جاتے ہی ایسی ظریفانہ باتیں کیں کہ لوگ حیرت زدہ رہ گئے۔ سب نے مولنا سے درخواست کی کہ آپ کی فضیلت سب پر عیاں ہے لیکن یہ شخص جو آپ کو بلانے گیا تھا۔ اس کا نام محمد صالح ہے۔ اور سمرقند کا رئیس زادہ ہے۔ آج کل نہایت پریشان حال ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ چند کلمے اس کے متعلق لکھ دیں جن سے آپ کی ادبی قابلیت کا سکہ دلوں پر بیٹھ جائے مولنا نے قلم برداشتہ اس کے ذکر میں چار ورق تحریر کر دیئے۔ جو اپنے موقعہ پر درج کئے جائیں گے۔ یہاں اصل فارسی عبارت بھی نقل کر دی جاتی ہے:۔

" در سنہ نہصد و نود از خاک پاک ہند دل بر داشتہ از دریا ی بکر بفتہ

گذشتہ براہ کیچ مکران تبار دیار ایران شدہ داخل ہرات گشت۔ بکاروان سرای آمدہ ماوی گرفت۔ التبرائی فوارۂ لعن، چندی جمع شدہ ملا را اجنبی دانستہ گرد آمدہ سوال نمودند کہ ای مرد غریب درین دیار بس عجیب چہ دین داری؟ بجواب گفت کہ ما مردم ہندی ہستیم در روزمرۂ اہل ہند 'دن' روز را میگویند۔ حیران شدہ ہمہ گفتند کہ کدام کس را دوست می داری گفت دوست داشتن بقدر ضرورت و در خور احتیاج می باشد۔ این دو مادہ خراست کہ کاغذ و آذقہ سفر بر میدارد و این دو مخدوم زادہ رفیق سفر است ہر چہار را دوست میدارم۔ تبرائیان گفتند طرفہ مردی است۔ سوال از آسمان می کنیم جواب از ریسمان میگوید۔ از سر کوی پرسش و اشلغ درگذشتند بعد از چند روز اشتہار یافت کہ ملا دو پیازہ ہندی داخل ہراتست۔ در آن زمان حسین خان شاملو سپہ سالار آن الکہ بود۔ طلبیدہ برروی مولانا مجلسے آراستند۔ مرزا فصیحی و شعرای پایۂ تخت ہرات را طلبداشتند و مولانا از نقرات کلام خویش میخواند کہ "مطلق الیا رمیرزا و میرک ریش دار"۔ تمام اہل مجلس [کہ] مسمی باسم میرزا و میرک بود [ند] بہم برآمدند و بشوریدند۔ حسین خان فرمود کہ یاران ملا دو پیازہ مرد نامور و روشناس عالم است باین مرد بسیار نہ پیچید کہ مہمان دیار شماست۔ روز دیگر مرزا فصیحی مولانا را مہمان خود کرد۔ ساعتی نشستہ روانۂ زاویۂ خود شد۔ مرزا فصیحی عذر آورد کہ مولانا معذور دارید مردم خانہ بحمام رفتہ اند۔ ملا جواب داد کہ مہمان نان میطلبد نہ...... مارا بمردم خانۂ خود چکار است۔ این لطیفہ بسمع حسین خان رسید فرمود کہ براہل این دیار لازم است کہ یگان یگان باز ملا را مہمان خانۂ خود نمایند۔ دو زمستان در ہرات بسر بردند۔ جماعۂ مفسدان بر ملا تہمت بستند کہ ملا

مذہب ندارد - یک ماه در قید بود - شیخ عبدالصمد برادر شیخ بہاء الدین ولد شیخ حسین عبدالصمد آملی قاضی ہرات ملا را طلب داشته گفت که ملا در پے آزار شما شدند نباشد که این مادر بخطایان دست آزار بر شما دراز کنند - زود ازین دیار بدر روید - ازانجا گریخته بقبة الاسلام بلخ آمد به نذر محمد خان و ولی محمد سلطان آشنا شد و پیوسته در محافل فیض مماثل ایشان بار داشتند و در کاروانسرای ملتانیاں می بودند - چون حجرہای سرای وقف طالب علمان بود بعد شش ماه اجرۂ آن حجره از ملا طلب نمودند - ملا گفت اگر این سرای وقف طالبعلمان ست ماہم طالب علمیم ومنشی . . . . اجره از ما گرفتن از مروت بعید و از جادۂ انصاف بس دور است - بمتولی خبر کردند که دریک حجره مردی بچندین فضیلت دعوی میکند و ہر اداى اجرۂ حجره توقف می نماید متولی فرمود - مردی که اینهمه دعوی میکند خالی از حالت نخواہد بود - طلبیده باید اگر شایستۂ اجره گذاشتن باشد نگیریم وگرنہ بستانیم - طلبیده مجلس داشتند - اہل مجلس از کلمات نشاط آمیز و محاورات طرب انگیز مولانا خوش دل گردیده گفتند که اخوندی حقیقت فضیلت شما بر دوستان نیک روشن شده و این مردی که بطلب شما رفته بود میر محمد صالح نام دارد و یکی از اکابر زادہای سمرقند است و درین روزہا پریشان حال - میخواہم کلمۂ چند بر حقیقت ایشان مرقوم سازند تا در ضمن آن گویائی شما ظاہر گردد - در صفت آن چہار ورق املا نمودند - بجاے خود نوشته خواہد شد انشاء اللہ تعالے[1]

---

[1] اس قصہ کے اشخاص و واقعات پر نظر ڈالتے ہوئے کہا جا سکتا ہے - کہ دو چار سال ۹۹۰ھ سے بہت بعد ہرات و بلخ گیا ہوگا - یعنے قرن یازدہم کے عشر اول یا عشر دوم میں - سنہ ۹۹۰ھ میں ہرات اگرچہ

(باقی حاشیہ بر صفحہ ۲۹)

دوسری حکایت اس کی وفات کے ذکر میں ہے۔ جو حسب ذیل ہے:۔

"۱۰۲۶ھ میں مولوی المعنوی ملا دوپیازہ نے دارالسلطنت فتحپور[1] میں آکر نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ کی ملازمت کی اور چند روز شرفِ حضوری میں رہے۔ بعد میں اجازت لے کر برہان پور پہنچے اور خانخانان ولد بیرم خان کے پاس ٹھہرے۔ خانخاناں ایک روز مولوی کی تصنیف 'علم اللہ' کا سرسری مطالعہ کر کے کہنے لگے۔ مولٰینا ہم تو تمہاری اس کتاب کا مقصد و موضوع نہیں سمجھ سکے۔ انہوں نے جواب دیا۔ نواب سلامت! یہ موسٰی عیسٰی کی کتاب تو ہے نہیں کہ ہر گبر و یہودی اسے پڑھ لے۔ حاضرین یہ جھک سن کر بہت بگڑے اور بولے کہ ایسی باتیں تمہارے حوصلہ سے بلند ہیں۔ خانخاناں نے کہا کہ ملا کی باتوں کو ساری دنیا برداشت کرتی ہے۔ اس سے جھگڑنا ہماری لیاقت کے خلاف ہے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۸) صفویوں کے قبضے میں ہے۔ مگر حسین خان شاملو اس وقت ہرات کا بیگلر بیگی نہیں ہے بلکہ علی قلی خان شاملو (صفحہ ۲۵۱ عالم آرای عباسی) اور نہ ولی محمد خان و نذر محمد خان بلخ میں مقیم ہیں۔ واقعات اس طرح ہیں کہ عبداللہ خان اوزبک والی توران (۹۹۱ھ و ۱۰۰۶ھ) ہرات و دیگر امصار خراسان ۹۹۴ھ میں فتح کر لیتا ہے ۱۰۰۶ھ تک ہرات پر اوزبکوں کا قبضہ رہتا ہے جب اوزبکوں کی طاقت آپس کی رقابتوں سے پاش پاش ہو جاتی ہے عباس اپنے جلوس کے بارھویں سال میں ہرات پر قابض ہو جاتا ہے اور عنقریب بعد حسین خان شاملو بیگلر بیگی خراسان بنا دیا جاتا ہے۔ عالم آرای عباسی میں مذکور ہے کہ جب شاہ عباس ۱۰۰۹ھ میں ہرات آتا ہے حسین خان شاملو بیگلر بیگی ہرات مراسم استقبال بجا لاتا ہے (صفحہ ۴۱۲ عالم آرای عباسی طبع طہران) اسی طرح ولی محمد جو ۱۰۱۴ھ تا ۱۰۱۸ھ میں والی توران ہے اپنی تخت نشینی سے پیشتر دیر تک والی بلخ رہا تھا اور نذر محمد ولی محمد کے عہد سلطنت میں والی بلخ تھا۔ ہمارے نزدیک دوپیازہ کی تاریخ سفر ایران ۱۰۱۰ھ کے بعد ہونی چاہیئے۔ جب ہرات میں حسین خان شاملو موجود ہے اور بلخ میں ولی محمد و نذر محمد یا ان دونوں میں سے ایک موجود ہے۔

(حاشیہ از صفحہ) [1] جہانگیر فتحپور ۱۰۲۸ھ میں پہنچتا ہے۔ متن میں ۱۰۲۶ھ کتابت کی غلطی معلوم ہوتی ہے۔

ملا تین سال تک وہاں رہے۔ اور خانخانان کے حق میں کہا۔ "الخانان ہمچو کعبہ کہ بعد از سالے دروازۂ آن باز شود"۔ ۱۰۲۹ھ میں خاندیس روانہ ہو گئے اور پورے سال بھر ملک عنبر سپہ سالار خاندیس کے پاس ٹھہرے رہے۔ یہاں پانی کی خرابی سے بیمار پڑے اور وطن پہنچنے کے خیال سے روانہ ہوئے۔ مانڈو کے راستے میں موضع پالکھری پہنچنے پائے تھے۔ کہ اس دار فانی سے رحلت کی ۔

اشلغی کا قطعہ اور مرثیہ مع اصل فارسی کے ذیل میں درج ہیں:۔

["در سنۂ ہزار و بیست و شش مولوی المعنوی ملا دوپیازہ در دار السلطنۃ فتح پور آمدہ بادشاہ عادل باذل نور الدین محمد جہانگیر بادشاہ ہندوستان را ملازمت نمودند۔ چندگاہ بشرف حضور معزز گشتہ بکرم عمیم ممتاز شدند۔]

شاہ دوپیازہ مفخر دانش ‌‌ اوج صیتش بمہر و ماہ رسید
از لطائف فریبی سخنش ‌‌ عیش را بر فلک کلاہ رسید
از بحار فضائل کرمش ‌‌ در معنی بگوش شاہ رسید
از نہانخانۂ حصول امل ‌‌ فوج قدرش بشاہ راہ رسید
نیست بزمی کہ ذکر موعظہ اش ‌‌ نہ بگوش گدا و شاہ رسید
شاعران زمانہ را بسخن ‌‌ گر بیک گونہ دستگاہ رسید
این بگو فضل را ز فیض ابد ‌‌ تازہ بابی بصد گواہ رسید
اشلغی پور کہتر بندۂ اوست ‌‌ کہ سخنہاش خصم کاہ رسید

[واز حضرت پادشاہ دین پناہ رخصت گرفتہ بہ برہانپور نزد خانخانان ولد بیرم خان آمدند۔ روزی جلد "علم اللہ" مولوی مطالعہ میفرمودند۔ بغور کتاب نرسیدہ پرسیدند کہ مولانا این کتاب شمارا انشا و معاد نفہمیدیم۔ در جواب

گفتند کہ نواب سلامت این کتاب موسیٰ و عیسیٰ نیست کہ ہر گبر و جہود بخواند۔ اہل مجلس بہم برآمدہ گفتند کہ این سخن شما بغایت از حوصلۂ روزگار بلند است خانخانان رو باحباب مجلس و اصحاب فضل کردہ فرمودند کہ تمام اہل عالم و بزرگان عدیم المثال سخن ملا برداشتند و ما در پیچیم۔ لایق شان اہلیت ما نیست ۔ سہ سال در انجا بسر بردند۔ چنانچہ در باب ایشان فرماید "الخانخانان ہمچو کعبہ کہ بعد از سالے دروازۂ آن باز شود"۔ در سنہ ہزار و بیست و نہم روانہ ملک خاندیس گردیدند۔ یک سال کامل در پیش ملک عنبر سپہ سالار خاندیس گذرانیدند۔ در انجا از گردش آب بیماری پیدا نمودہ خواستند [خود را] بخاک مالوف رسانند۔ براہ ماندو در قریۂ پالکھری آواز ارجعی الیٰ ربک بگوش رحلت نیوش شنیدہ بحضرت حق شتافتند۔ آہ ازین فلک غدار ہر آفتاب دلی کہ از مشرق ایجاد سر بر کردہ بظلمت کدۂ مغرب فنایش چون گوہر شب چراغ بزیر خاک بخاکستر برابر ساخت و ہر طوبیٰ ظلالی کہ از روضۂ ازل بآبیاری [قدرت] نشو و نما یافتہ سرسبز و خورم گردید بدم تیشۂ اجل [آنرا] در انداخت چنانچہ در مرثیۂ ایشان گوید]

ہر کس کہ شد بعالم مرگیست در قفایش ۔۔۔ خورم دلی کہ ننہد دل در پئی ہوایش
دلبستگی بجوید دل دادۂ توکل ۔۔۔ برکار دہر کاول برآب شد بنایش
از ابتدای ہستی کس نیست واقف از خود ۔۔۔ وندر نہایتش گم زانسان کز ابتدایش
گشت از عدم مہیا اشخاص نوع عالم ۔۔۔ کز بدو کردم موجود ایزد پئی فنایش
از مکر دہر این نتوان بزیست یکدم ۔۔۔ کاندر دعاش مضمر صد گونہ از دعایش
بکشای چشم عبرت بر نفس کز خجالت ۔۔۔ افگندہ سر بہ بالین در معرض رجایش
محنت سرای گیتی جای طرب نباید ۔۔۔ کز جنبش او مہیا آمد ہمہ جفایش

کس بر نہ بست طرفی از دہر جز ندامت — بر خود بدار ماتم بگذر ز ما جرایش
مرد آن جہان دانش کز فوت او جہان را — بینور ماندہ دیدہ از مہر واز ضیایش
گردون چو او نیارد در دور خویش یکتا — گر عمر جاودان را بخشد بخون بہایش
خالی بماند عالم از اہل فضل و دانش — چون رخت خویش بربست از دار بیصفایش
شاہان شرق و غربش بودند آرزومند — تا بشنوند حرفی از طبع نکتہ زایش
در درس علم سنجش کردم سواد روشن — از ماضی و مضارع فارغ شدم برایش
مومن نہاد نامش مام و پدر ز اول — دوپیازہ کرد مشہور از فضل خود خدایش
چون شد ز دہر فانی ہنگام ماتم او — تاریخ فوتش آمد "بہشت باد جایش"۔
یارب چراغ من ہم روشن بکن چو نامش — تا بر زبان دہر است از مدحت و ہجایش
از فضل خویش یارب بر اشلغی بہ بخشا — بر عفو خویش بنگر منگر سوی خطایش

دو پیازہ کے متعلق یہ بیان جو اوپر درج ہوا ہے اردو خوانوں کے بیان سے بالکل مختلف ہے اور یہ ظاہر کرنے کے لئے کافی ہے کہ ان کے پاس ملا کے صحیح حالات کا بہت کم سرمایہ موجود ہے۔ اردو والے اس کی وفات ۱۶۰۰ء م ۱۰۰۹ھ میں بیان کرتے ہیں حالانکہ وہ ۱۰۳۰ھ م ۱۶۲۰ء میں رحلت کرتا ہے۔ جیسا کہ مادہ "بہشت باد جایش" سے ثابت ہوتا ہے۔ اردو والے اس کا نام ابو الحسن یا عبد القادر بتاتے ہیں لیکن اصلی نام جو اس کے ماں باپ نے رکھا تھا مومن بلکہ عبد المومن تھا اور دو پیازہ عرف تھا۔ سلاطین و امرا اس کے عزت و توقیر کرتے۔ وہ اپنے زمانہ میں خاصہ ہر دلعزیز تھا۔ کہ حسین خاں شاملو اور خانخاناں تک اس کی باتوں کا برا نہ مانتے۔ دنیا اس کے لطائف و نکات سننے کی شایق تھی۔ اس کی مدح و ہجو مشہور تھی۔ اشلغی اس کو جہان دانش کہتا ہے جس کی رحلت سے عالم ایک دیدۂ بے نور بن گیا ہے

اور آسمان کے لئے ایسا مستجمع کمالات شخص پیدا کرنا بہت دشوار ہے - وہ اپنی نظم و نثر کے لئے مشہور تھا - یہی انشلغی غالباً ملا کی ایک اور تالیف ملستانؔ سے بعض لطیفے نقل کرتا ہے - جن سے میں یہاں صاف سے دو لطیفے جو بعنوان ذیل آتے ہیں حوالۂ قلم کرتا ہوں

"ثانیاً فقرۂ چند از دیباچہ و حکایات ملستانؔ الہام نشان در جواب گلستان مصلح الدین شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ تصنیف نمودہ اند در رقم آوردہ -"

" الگدای کوچہ گرد کاسۂ گدائی پر از لقمہ ہای رنگارنگ گدائیدہ در کنج حجرہ نشستگاہ چون نکبتیان ساختہ بکیفیت گذر خشک و تر خائیدہ و آب نوشیدہ "الفاتحہ آلت گدائی" مع "الاخلاص ریشخند بزرگان" بتکبیر دراز بخواندہ - یکبارگی "السپاہی زبون بین" گدای را بچند لکد خاطر خواہ نواختہ اعتراضید کہ این گیدیانِ چند رزاق علی الاطلاق خدای را بد آموز ساختہ جائی کہ پارچہ گدائی خوردہ قانع برین شکر باشند ما یا نرا شراب و کباب چہ نوع سر انجام آید -"

" روزی فرعون لعین خوشۂ انگور در دست داشت در بزرگی و برّاقی او ملاحظہ می نمود - اندران حالت ابلیس در رسید - فرعون از روی تعجب پرسید کہ کسی این خوشہ را مروارید تواند کرد - ابلیس یکی از اسماء رب العزت بران دمید فی الحال مروارید شد - فرعون بحیرت ماندہ گفت کہ تو درین کار بسیار اوستادی - گفت مرا باین استادی بہ بندگی قبول نکردند تو میخواہی باین جماعت دعوی خدائی بکنی "،

ملاحت مقال میں ملّا کے بعض لطائف درج ہیں لیکن ان میں سے

ایک بھی محمد کامل کی تالیف میں نہیں ملتا۔ ان لطائف میں ایک یہ ہے کہ شاہ عرب نے ملا کا نام پوچھا۔ اس نے کہا دو پیازہ۔ بادشاہ نے ایک مُرغا منگوایا اور کہا کہ اس مرغ سے بھی تو دو پیازہ تیار ہوا کرتا ہے۔ ملا نے جواب دیا ؎

نسبت این مرغ بمن کی رسد　　　تاج بسر دارد وگہ می خورد

شاہ ایران مُلا سے پوچھتا ہے کہ تم کون ہو۔ وہ جواب دیتا ہے۔ 'پسر خدایم' بادشاہ نے کہا اگر ایسا ہے تو تم اس قلماقنی کی آنکھیں بڑی کر دو۔ مُلا نے جواب دیا کہ فراخی چشم اختیار پدرم و فراخی . . . . باختیار من۔

شاہ ایران ایک روز ملا کو شکار لے گیا اور ایسا گھوڑا چڑھنے کو دیا جو پچھلی طرف سے آواز کرتا۔ ملا بار بار منہ موڑ کر کہتا ہاں ہاں۔ بادشاہ نے پوچھا۔ کہ گھوڑا کیا کہتا ہے۔ ملا نے جواب دیا۔ پوچھتا ہے کہ شاہ ایران انہیں کا نام ہے ؟ میں کہتا ہوں ہاں۔ ہاں ۔

ایک دن ملا اپنا گھوڑا داغ کرانے کچہری لے گیا۔ تنکر داس نامی مشرف نے کہا کہ اسپ ہمچو خچر داغ نمی شود۔ اسے واپس لے جاؤ۔ ملا نے فی البدیہہ یہ بیت کہا ؎

اسپ من اسپی است اسپ دیگران چون خچر است . . . .

ہندوستانی سپیکولیٹر نے جو بعض لطیفے ملا کے نام پر دیے ہیں۔ ان میں سے کئی ملاحت مقال میں دوسرے اشخاص کے نام پر دیے ہیں۔ مثلاً ملا دو پیازہ کا ایک روز زمین میں جھک جھک کر دیکھنا۔ بیربل کا اس سے پوچھنا۔ زمین میں کیا ڈھونڈھ رہے ہو۔ ملا کا جواب دینا کہ اپنا باپ تلاش

کر رہا ہوں وغیرہ وغیرہ۔ یہی لطیفہ کسی قدر فرق کے ساتھ ملاحت مقال میں یوں مذکور ہے۔ کہ اکبر نے دریافت کیا کہ بیربل کی اولاد میں سے اگر کوئی لطیفہ گو ہو تو ہمارے پاس لاؤ۔ لوگوں نے کہا ہے تو سہی مگر حضور اس کی باتوں کی برداشت نہیں کر سکیں گے۔ آخر بادشاہ کے اصرار پر ایک کو لایا گیا۔ جو زمین کو دیکھتے ہوئے آیا۔ بادشاہ نے پوچھا۔ زمین میں کیا دیکھتا ہے۔ اس نے جواب دیا۔ ایک عرصہ سے میرا باپ اس زمین میں گم ہو گیا ہے۔ اس کی تلاش کرتا ہوں۔ بادشاہ نے کہا اگر ہم تیرے باپ کو ڈھونڈھ نکالیں تو۔ جواب دیا آدھا آدھا بانٹ لیں گے۔

ملاحت مقال میں ایک اور قصہ ہے۔ جس میں کوئی شخص ایک عورت کے ساتھ بدفعلی کا مرتکب ہوتا ہے۔ محمد شاہ بادشاہ کو معلوم ہوتا ہے۔ وہ فولاد خان کوتوال کو حکم دیتا ہے۔ کہ اس گندے شخص کا پتہ لگاؤ۔ کوتوال کے آدمی تلاش میں جاتے ہیں اور ایک ایسے شخص کو جو موری کے پانی سے انگلیاں تر کر کے پان میں چونا لگا رہا تھا۔ لے آتے ہیں۔ تحقیق کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ مجرم یہی شخص تھا۔ یہ قصہ بھی ہندوستانی سپیکولیٹر نے ملا دوپیازہ کے نام پر دیا ہے۔ اور محمد شاہ کی جگہ اکبر کا نام بدل دیا ہے۔

شفیق اورنگ آبادی تذکرۂ گل رعنا میں جس کا یہ التزام ہے۔ کہ صرف شعرای ہند مذکور ہوں۔ ملا دوپیازہ کو "مشاہیر ظرفای زمان و معاریف خوش طبعان ہندوستان میں شمار کرتا ہے۔ جو جلال الدین محمد اکبر کے عہد میں ہو گذرا[1] ہے۔ شفیق کہتا ہے کہ میں نے دوپیازہ کی قبر کی زیارت کی ہے۔ جو قصبہ ہنڈیا میں ہے۔ یہ قصبہ دریائے نربدا کے ساحل پر آباد ہے۔ اور قبر سنگ سرخ کی بنی ہے۔ اس کا رسالہ اقوال مشہور ہے جو بطریق رسالۂ اقوال عبید زاکانی ہے

مجھے افسوس ہے کہ گل رعنا کا ورق اس مقام سے دیمک خوردہ ہے
اس لئے میں ملّا کے پورے حالات اس مخطوطہ سے نقل نہیں کرسکتا ٭
دوپیازہ کے النامہ یا مرآت المضحکین کے دو نسخے ایشیاٹک سوسائٹی
بنگال کے کتب خانہ میں ہیں۔ ایک کا نمبر ۹۳۹ (و) فہرست آئیوناف ۱۹۲۴ء
ہے۔ دوسرے کا نمبر ۶۷۶ فہرست آئیوناف (مجموعۂ کرزن) ۱۹۲۶ء ہے ٭
تذکرۂ روز روشن میں مظفر علی صبا لکھتے ہیں۔ کہ ان کا نام ملا عبدالمومن
دہلوی ابن ملا ولی محمد عرف ملا دوپیازہ ہے۔ ہر قسم کے علم و فضل سے ان کو
کافی حصہ ملا تھا۔ ترکی زباندانی میں بے نظیر تھے۔ چونکہ طبیعت پر ہزل و
مزاح کا رنگ غالب تھا۔ اس لئے ان کی علمی فضیلتوں کو چمکنے کا موقع نہیں
ملا۔ ایک عرصہ تک نواب آصف جاہ نظام الملک بہادر فتح جنگ کی رفاقت
میں رہے اور قصبۂ ہنڈیا[1] میں جو قصبۂ چھپانیر سے من مضافات بھوپال

---

[1] ہنڈیا ضلع ہوشنگ آباد میں ایک قدیم اسلامی قصبہ جو ساحل دریائے نربدا پر دکن کی طرف واقع ہے۔ یہاں ایک مسمار شدہ قلعہ ہے جسے کہتے ہیں ہوشنگ شاہ غوری والی مالوا نے تعمیر کیا تھا۔ یہ قصبہ بینول مئو سڑک پر اول الذکر سے اسّی میل شمال مغرب میں اور آخر الذکر سے نوّے میل مشرق میں ملتا ہے۔ عہد اکبری میں ایک سرکار یا ضلع کا صدر مقام تھا جو آگرہ دکن کی قدیم سڑک پر آتا تھا۔ اسکے کھنڈرات۔ سے جو دور دور تک پھیلے ہوئے ہیں معلوم ہوتا ہے۔ کہ قدیم زمانہ میں کثرت۔ سے آباد تھا۔ ۱۸۴۴ء میں مہاراجہ سیندھیا نے سرکار کمپنی کے حوالہ کردیا۔ ۱۸۶۱ء میں سرکار انگریزی نے بعض علاقہ کے بدلے میں جب پرگنۂ نیما ور ریاست اندور کے حوالے کیا۔ ہنڈیا بھی جو داخل نیما ور تھا۔ اندور میں شامل ہوگیا۔" (امپیریل گزیٹیر جلد پنجم صـ۳۰۹ از ہنٹر۔ وریاستہای وسطی ہندوستان بسلسلہ گزیٹیر ریاست اندور جلد دوم صـ۲۱۱ از سی۔ ای لارڈ ۱۹۰۸ء)،

ہنڈیا:۔ ہر وا تحصیل ضلع ہوشنگ آباد میں دریائے نربدا کے کنارے پر ہر دا تحصیل سے تیرہ میل شمال میں واقع اور اسکے ساتھ ایک پکی سڑک سے ملحق ہے۔ مردم شماری انیس سو ۱۹۰۰ - (باقی حاشیہ بر صفحہ ۳۷)

ایک روز کے راستہ پر واقع ہے۔ انتقال کیا اور مزار بھی وہیں ہے۔ اتراک عالمگیری، ترکی لغت ان کی تصنیف ہے۔ اس میں بادشاہ کی مدح میں لکھا ہے

شعلۂ قہرش بدریا گرفتد آب خاکستر بیکدم میشود

روی تیغش کے بود آلودہ زنگ دارد از خون مخالف آب و رنگ

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۶) کئی لحاظ سے ضلع بھر میں سب سے دلچسپ مقام ہے اس کی تاریخ اساطیری ایام تک پہنچتی ہے کہ قریب جمگنی اور سہسرارجن ہزار ہاتھ والے راجا کے درمیان ملاقات ہوئی۔ قصبہ کا نام نذیر الدین شاہ بلخ کے نام سے مستخرج ہوتا ہے جو فقیر بن کر اور یہاں آکر آباد ہوگیا اور ہنڈیا شاہ بلنگ کے نام سے مشہور ہوا۔ جس غار میں وہ رہتا تھا وہ کہے جاتا تھا اس مقام کی نشانی اب ایک پتھر ہے جس کے لئے کچھ زمین بھی معافی میں ہے۔ تاریخی زمانہ میں ہنڈیا کی اہمیت اس کے دہلی اور دکن کے راستے میں دریائے نربدا کے مقام عبور پر واقع ہونے کی بنا پر تھی۔ مغلوں کے زمانہ میں بڑے پیمانہ پر آباد تھا۔ گرد و نواح کی پہاڑیوں میں اس کے آثار اس کی وسعت آبادی کی شہادت دیتے ہیں آس پاس کے دیہات ایک زمانہ میں شہر قدیم کے محلوں اور شاملات میں تھے۔ تاریخ میں ہنڈیا کا ذکر پہلی بار ہوشنگ شاہ غوری والی مالوا کے وقائع میں پندرھویں صدی عیسوی کی ابتدا میں ملتا ہے۔ اس کے متعلق مشہور ہے کہ ہوشنگ آباد ہنڈیا اور جوگل کے قلعے اس نے ایک ہی دن میں شروع کر کے ختم کر دیے تھے۔ آئین اکبری میں ہنڈیا صوبۂ مالوہ کی ایک سرکار ہے جس کے جنگلی ہاتھی مشہور تھے۔ یہاں فوجدار اور دیوان کی نشست تھی جو آس پاس کے علاقے کی نگرانی کرتے۔ زوال مغل سے قبل ہی نئے راستے نے جو مئو اور برہان پور میں کھلا تھا ہنڈیا کی اہمیت کو گھٹا دیا تھا۔ اٹھارھویں صدی میں مرہٹوں نے ہنڈیا کو مقام حکومت بنالیا جس سے ہنڈیا کا تنزل اور بھی سریع ہوگیا۔ اس کے قدیم آثار اب بھی قابل دید ہیں۔ ہوشنگ کے قلعہ کی بڑی تعداد تو ریل کے بھرت میں صرف ہوئی ہے لیکن ہنڈیا شاہ بلنگ کے غار کے علاوہ اکبر کے وزیر عبد اللہ حسن مصنف "ملا دو پیازہ" کی قبر ابھی تک موجود ہے جس کی شہرت بحیثیت ایک مزاحیہ تالیف کے اب بھی قایم ہے ؎

(صوبۂ متوسط کی ڈسٹرکٹ گزیٹیر۔ ضلع ہوشنگ آباد صفحہ ۲۹۷ از جی ایل۔ کوربٹ و آر وی رسل طبع ۱۹۰۸ء تھیکر اسپنک اینڈ کو۔ کلکتہ)

سرکاری گزیٹیر کی یہ آخری اطلاع جس میں اکبر کا وزیر عبد اللہ حسن "ملا دو پیازہ" کا مصنف بتایا گیا ہے۔ کسی غلط اساس پر مبنی ہے۔ صحیح یہ ہے کہ ہنڈیا میں خود ملا دو پیازہ کی قبر ہے۔

آسمان از طوغ او ترسان شدہ　　روز و شب برخویشتن لرزان شدہ

صبا نے صفحات ۲۱۷ - ۲۲۲ پر ملّا کا النامہ بزعم خود تمام نقل کر دیا ہے - جو ہمارے نزدیک نصف بھی نہیں ہے - وہ ملّا کا نام عبدالمومن بیان کرنے میں اشلغی کے بیان کی تائید کرتا ہے - مگر ہمیں تعجب ہوتا ہے جب وہ دوپیازہ کا زمانہ عہد عالمگیر بلکہ عہد محمد شاہ ۱۱۳۱ھ و ۱۱۶۱ھ بیان کرتا ہے - نواب آصف جاہ سے مراد نظام اول متوفی ۱۱۶۱ھ ہیں - ان کو آصف جاہ کا خطاب محمد شاہ نے ۱۱۳۳ھ میں دیا - جب قلمدان وزارت عطا کیا ہے - عہد عالمگیر میں ان کا خطاب چین قلیچ خان بہادر تھا . . . . . اندر من کی چہار گلشن میں دوپیازہ کا مزار ہنڈیا میں بتایا گیا ہے ؛

دوپیازہ کی قبر کا ایک اور زائر سید کریم علی میر منشی ریزیڈنسی اندور رہے جو اپنی تاریخ مالوہ میں بذیل ہنڈیا رقم کرتا ہے :-

" ہنڈیا آگے سرکار تھا بڑا شہر غدار تھا - مرہٹوں نے اسے یہاں تک لوٹا بالکل اُجڑ گیا - چھوٹا گانو رہ گیا - برلب نربدا اس شہر کی آبادی تھی - کوسوں تک بستی تھی - گرد شہر کے شہر پناہ تھا - شہر اجڑ گیا - شہر پناہ جنگل میں کھڑا رہ گیا - نربدا کے کنارے قلعہ پختہ بنا تھا - مؤلف نے دیکھا تھا - اس قلعہ میں ملا دوپیازہ کی قبر اور اس قبر کے پیچھے بی بی چپاتی اور میاں قلیا کی دو قبریں اور مسجدیں و درگاہیں و مقبرے بے انتہا جنگل میں عمارتیں ہر جا "

(تاریخ مالوہ ص ۲۲۵، ۱۲۹۰ھ مطبع رتن پرکاش - رتلام)

ان چند امور سے جو تمثیلاً ہم نے بیان کئے ہیں - یہ نہ سمجھا جائے کہ فارسی کے تمام ذرائع ملّا کے سلسلہ میں ختم ہو چکے ہیں - اگر تلاش جاری رکھی جائے گی - تو مجھے یقین ہے کہ اس کے باقی ماندہ حالات بھی

دریافت ہو سکیں گے۔ لیکن اس مشتے نمونہ خروارے سے اس قدر ضرور واضح ہوتا ہے۔ کہ اردو خوان اب تک اس کے متعلق صحیح معلومات بہم پہنچانے سے قاصر رہے ہیں۔ اس تعلق میں انہوں نے صرف ہندوستانی سپیکولیٹر کو اپنا راہبر بنا لیا ہے اور جو اعتراض اس کی اطلاعات کے خلاف پیش کئے جا سکتے ہیں۔ وہی اعتراض دو پیازہ کے باقی سوانح نگاروں پر بھی عائد کئے جا سکتے ہیں ؛

میر جعفر زٹلی

ان کی نسبت میں نے پنجاب میں اردو لکھتے وقت فہرست مخطوطات ہندوستانی انڈیا آفس کی سند پر عبارت ذیل لکھی تھی :-

میر جعفر اصل میں نارنول کے باشندے تھے اور سید عباس کے فرزند ہیں۔ جن کا پیشہ دکانداری تھا۔ اورنگ زیب کی تخت نشینی اور میر جعفر کی ولادت ایک ہی سال کے واقعے ہیں۔ ان کے بعد دو بہنیں ہوئی تھیں اور پھر ان کے چھوٹے بھائی صفدر ہوئے۔ میر کی کم عمری میں ان کے والد کے انتقال کا واقعہ پیش آیا۔ چچا نے جن کا نام میر سرور تھا۔ سرپرستی کی مکتب میں تعلیم پانے کے بعد ملازمت کی تلاش میں نکلے ؛

اس کے کئی سال بعد ولیم ارون کا بیان ذیل، ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے جریدہ میں میری نظر سے گذرا :-

" حاشیہ بر مرزا جعفر زٹلی نارنولی "۔

" زٹلی جس تخلص سے مرزا جعفر اپنے اشعار لکھتا ہے۔ ہندی لفظ زٹل سے جس کے معنے بکنا، باتیں بنانا۔ اور ہرزہ گوئی ہیں۔ ماخوذ ہے۔ اس کے

کلیات کی کئی اشاعتیں ہیں۔ ایک نسخہ جو ڈاکٹر اشپرنگر کی ملک تھا۔ اب برلن میں کتب خانہ Koniglische میں موجود ہے۔ (دیکھو اس کی فہرست ص۸، ۱۶۳۸۔ بیل ص ۱۸۹ پر لکھتا ہے کہ وہ شاہی سکہ کے بیت کے جواب میں مضحک نگاری کی بنا پر فرخ سیر کے حکم سے قتل کیا جاتا ہے۔ مؤرخ اس واقعہ کا ذکر نہیں کرتے۔ مگر اس کے وقوع کا امکان ہے۔ کیونکہ (میر) عبدالجلیل بلگرامی واقعہ نویس سیوستان کو ایک بے ضرر رپورٹ کی بنا پر بلا کر برخاست کر دیا گیا تھا۔

زٹلی کے بارہ میں مزید تفصیل ایک اردو رسالہ میں ملتی ہے۔ جس کا نام زرجعفری یعنی سوانح عمری میر جعفر زٹلی از ہندوستانی سپیکولیٹر ہے (اشاعت جان محمد و محمد اسمعیل کشمیری بازار لاہور ۱۸۹۰ء طبع سنگی۔ تعداد صفحات ۳۶۔

اس رسالہ سے ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ اس کے اجداد ہمایوں کے ساتھ ہندوستان میں آئے تھے۔ جب یہ بادشاہ بار دوم ہندوستان آیا اور ہیمو سے جنگ آزمائی کی۔ یہاں انہیں جاگیر مل گئی اور جہانگیری عہد تک ان پر شاہی مہربانی ہوتی رہی۔ مگر شاہجہان کے زمانہ میں جاگیر چھن گئی اور شاعر کا باپ میر عباس کسب معاش کے واسطے دکان کھولنے پر مجبور ہوا۔ جعفر کے متعلق کہا جاتا ہے کہ جلوس عالمگیری ۱۶۵۸ء (۱۰۶۸ھ) کے وقت اس کی ولادت ہوئی۔ میر عباس کی دوسری اولاد میں دو لڑکیاں اور ایک لڑکا صفدر (نامی) ہے۔ یہ خاندان بھر میں سب سے خورد اور بڑے بھائی سے ساڑھے پانچ برس چھوٹا تھا۔ ان کے بچپنے میں باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا ایک میر سرور نے اپنے فرزند اکبر کے ساتھ جعفر کو مکتب میں بٹھا دیا۔ آخر میں سرور نے ان کی تمام جائداد خورد برد کر دی اور ان کی بسر اوقات عسرت کے ساتھ

ہونے لگی۔ انتقال کے وقت جعفر کی عمر ساٹھ برس کی تھی لیکن سال وفات معلوم نہیں۔ کلیات میں وہ اپنی ایک رباعی میں کہتا ہے۔ کہ یہ رباعی لکھتے وقت اس کی عمر ساٹھ برس سے زیادہ ہے ۔

ذیل کے فارسی شعر تنباکو کی تعریف میں اس کے قلم سے نکلے ہیں :-

طرفہ شغلی داست اشغل تنباکو ‌ ‌ ‌ ‌ کہ زآن شغل غم فرو گردد
ہمدمست این بوقت تنہائی ‌ ‌ ‌ ‌ طبع بادی ازو نکو گردد

لیکن اس کی خصوصی طرز ان غزلیات پر منحصر ہے جن میں فارسی اور ہندی الفاظ بصورت ریختہ نظر آتے ہیں۔ (دیکھیے مغل ص ۲۸۷ - ۳۶۱ جریدۂ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال۔ جلد ۷۳ ۱۹۰۴ء۔)

دو پیازہ کی طرح میر جعفر کے یہ حالات پڑھ کر مجھ کو تعجب ہوا کہ یہ ابتدائی حالات اتنی تفصیل کے ساتھ کس طرح میسر آگئے۔ آخر ایک عرصے کے بعد زر جعفری[1] کی اشاعت دوم کا ایک نسخہ مجھے مل گیا۔ جو جان محمد اللہ بخش تاجران کتب لاہور۔ بازار کشمیری نے عزیزی پریس لاہور میں غالباً ۱۸۹۸ء میں چھپوایا ہے۔ اس نسخہ کو دیکھ کر میری بدگمانی اور بڑھی اور رفتہ رفتہ یہ خیال

---

[1] اس کی طبع اول کی صراحت فہرست برٹش میوزیم میں حسب ذیل ہے :-

" زر جعفری یعنے سوانح عمری میر جعفر زٹلی مصنفہ ہندوستانی سپیکولیٹر (میر جعفر زٹلی کے مختصر حالات کا خاکہ جس میں اس کے اشعار بکثرت نقل ہیں (لاہور ۱۸۹۰ء) ۔صفحات ۳۶ -) "

" فہرست ضمیمہ کتب مطبوعۂ ہندوستانی در کتابخانہ برٹش میوزیم ص ۳۳۱ از بلوم ہارٹ ایم۔ اے۔ ۱۹۰۹ء " بذیل محمد کامل۔ یہی اشاعت 'الفہرست محمد سجاد مرزا بیگ میں بھی مذکور ہے۔ جہاں مصنف کا نام محمد کامل اور مطبع کا نام کانپور اور سال طباعت ۱۸۹۰ء دیا ہے۔ دیکھو ۱۹۳۹ء ص ۳۳۵۔ ہمارے خیال میں کانپور بجائے لاہور غلط چھپ گیا ہے۔ جس طرح محمد کامل بجائے ہندوستانی سپیکولیٹر قبل از وقت ہے ۔

میرے ذہن نشین ہوگیا کہ ہندوستانی سپیکولیٹر نے یہ کتاب محض اپنے دماغ سے لکھی ہے۔ البتہ کلیات سے ضرور امداد لی ہے۔ اس میں بھی ایک سے زیادہ موقعہ پر لغزش کی ہے۔ مگر ابتدائی حالات جو زیادہ تر اس کے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں محض فرضی ہیں۔ ہندوستانی سپیکولیٹر اپنے دیباچہ میں رقم طراز ہے:۔

"سچ تو یہ ہے کہ مورّخ اپنے ہی مسودوں کی کانٹ چھانٹ سے فرصت نہ پاتے تھے۔ تذکرہ نویس اپنے ہی حال وقال میں مست تھے۔ ان کے خیال میں یہ کس باغ کی مُولی تھے۔ اس لئے ذکر تک نہ کیا اور کرتے بھی کیوں ان کے زعم میں ان کا ذکر ہی مناسب نہ تھا۔ مگر یہ نہ سمجھے کہ اگر ان کا ذکر انکی کتاب میں نہ ہوگا۔ تو اس سے ان کی قدر کیا کچھ کم ہو جاوے گی۔ بلکہ اس سے یہ فائدہ ہوا کہ عوام الناس نے ان کی کتابوں کو تو رکھا طاق پر اور انکے حالات دل میں۔ اب چونکہ تہذیب کا زمانہ ہے۔ ہر ایک قسم کی سوانحمریاں تیار ہیں۔ اس لئے اے ناظرین جس طرح ہو سکا۔ اتر سے پچھم سے پورب سے دکن سے جو کچھ ملا ہم آپ کے لئے لائے ہیں۔"

ہماری رائے میں یہ ایک غیر ذمہ دارانہ بیان ہے۔ غور کرنے کا موقعہ ہے۔ کہ جب نہ مورّخوں نے اور نہ تذکرہ نویسوں نے جعفر زٹلی کے حالات قلمبند کئے تو آخر یہ حالات جو جزئیات کی حد تک مفصل ہیں کن ذرائع سے حاصل کئے گئے۔ مشرق مغرب اور اتر دکن تو کوئی ماخذ نہیں مانے جا سکتے ہندوستانی سپیکولیٹر کا یہ کہنا بھی غلط معلوم ہوتا ہے کہ تذکرہ نگاروں نے ان کا ذکر تک نہیں کیا۔ میں کہتا ہوں کہ جو کچھ حالات تذکرہ نگاروں نے دیئے ہیں مصنف نے ان سے واقفیت حاصل کرنے کی بھی تو زحمت گوارا نہیں کی

زٹلی کا ذکر میر تقی میر۔ شفیق اورنگ آبادی۔ میر حسن دہلوی۔ مظفر حسین ضبا۔ قایم چاندپوری۔ قدرت اللہ خاں قاسم اور منشی کریم الدین وغیرہ اپنی اپنی تالیفات میں تحریر کرتے ہیں۔ ملاحت مقال میں بھی اس کے لطائف مذکور ہیں۔ مگر ہندوستانی سپیکو لیٹر کو ان کا پتہ تک نہیں۔ اب ہم میر جعفر کے حالات پر ایک سرسری نظر ڈالتے ہیں ؛

محمد کامل گویا ہے۔ کہ جعفر اپنے ددہال اور ننہال کی طرف سے سید ہے۔ [جملۂ معترضہ :- ولیم اروِن کا اس کو مرزا بیان کرنا میر و مرزا کے صحیح مفہوم سے بے خبری کی دلیل ہے۔ وہ زٹلی کو مرزا جعفر زٹلی اور اسکے باپ کو میر عباس کہتا ہے۔ ایک یورپین سے ایسی غلطی سرزد ہونا معمولی بات ہے]

میر کے اجداد ہندوستان اس وقت آئے جب ہمایوں نے بارثانی آکر سوریوں کی طاقت کو توڑا۔ ان کے مورث اعلےٰ نے ہیموں کی جنگ میں بڑی بہادری دکھائی اور صلہ میں معافیاں حاصل کیں۔ جہانگیر کے زمانہ تک یہ خاندان عزت و حرمت کی زندگی بسر کرتا رہا۔ شاہجہان کے زمانہ میں ادبار کے بادل اس پر چھا گئے۔ معافیاں ضبط ہوگئیں اور خاندان پر کالے دن آگئے۔ فاقوں پر فاقے ہونے لگے۔ سید عباس کی بیوی کشیدہ نکالتی۔ یہ بازاروں میں لے جاکر فروخت کرتا۔ پھر سید عباس نے ایک دکان کھولی۔ جس سے اتنا ہوا کہ پیٹ بھر کر روٹی ملنے لگی اور چار پیسے بچنے بھی لگے ادھر عباس کے افلاس کی خبر دکن میں اس کے ایک قریبی رشتہ دار کو پہنچی اس نے ایک معقول رقم کی ہنڈوی اس کے نام دہلی بھیج دی۔ اس غیر متوقع امداد سے اس نے اپنے کاروبار کو چمکایا اور خوب نفع کمایا۔ حتیٰ کہ اس کا

افلاس ایک قصۂ پارینہ بن گیا۔ جب عالمگیر تخت نشین ہوئے۔ اس وقت میر عباس کے گھر ایک لڑکا پیدا ہوا۔ جس کا نام میر جعفر رکھا گیا۔ جعفر کے بعد دو لڑکیاں اور ایک لڑکا صفدر نامی اور ہوئے۔ جعفر سب سے بڑا اور صفدر سب سے چھوٹا تھا۔ ان کی عمروں میں ساڑھے پانچ سال کی چھوٹائی بڑائی تھی۔ کچھ عرصہ بعد میر عباس اس دنیائے فانی سے عالم باقی کو سدھارا اور خاندان کی کفالت اس کے بھائی میر سرور نے سنبھالی۔ اس نے اپنے فرزند اکبر اور جعفر کو مکتب میں بٹھایا اور اکبر کی نسبت جعفر کی بہن کے ساتھ ٹھہرادی۔ اب میر سرور نے ہاتھ پاؤں نکالے اور بھائی کی جائداد کو ہضم کرنا شروع کردیا۔ آخر وہ دن جلد آگیا جب خاندان کو افلاس کا منہ دیکھنا پڑا۔

ہمیں کہنا پڑتا ہے۔ کہ میر جعفر کے ان ابتدائی حالات کے لئے ہندوستانی سپیکولیٹر کے پاس کوئی ذریعۂ معلومات موجود نہیں ہے۔ ان کے لئے صرف اس کا تخیل ذمہ وار مانا جاسکتا ہے۔

اب ہم زرجعفری کے اس حصّہ سے بحث کرتے ہیں جس میں کلیات جعفر زٹلی کے اقتباسات دیئے گئے ہیں۔ مگر یاد رہے کہ ان کی شان نزول یا عقبی زمین خود ہندوستانی سپیکولیٹر کے اپنے تخیل کی ساختہ و پرداختہ ہے مثلاً زٹلی تخلص اختیار کرلینے کی وجہ میں مصنّف نے قصّۂ ذیل دیا ہے۔ جس کا ہیں نے اختصار کرلیا ہے۔ وہ کہتا ہے:۔

"جعفر نے اپنے معلم سے بواسحٰق اطعمہ کے چند شعر سن لئے تھے۔

جمال برّہ بریان و حسن دنبۂ فربہ — چنان بردند صبر از دل کہ ترکان خوان یغمارا

چہ آرائی بمشک و زعفران رخسار پالودہ — برنگ و بوی و خال و خط چہ حاجت روی زیبارا

اس سے جعفر کے ذہن میں یہ بات آئی کہ میں اس کی طرز میں کچھ لکھوں۔ چنانچہ

اس نے اشیائے خوردنی کا مضمون لے کر ایک درخواست کا یوں خاکہ تیار کیا

" التماس بندۂ درگاہ دادخواہ مولی مقدم موضع میتھی پرگنہ پالک سن اعمال موّدہ سرکار سیم صوبہ اروی آنکہ۔ آداب ادرک و کورنشات کدو بجا آوردہ بعز عرض حضرت با درنگ جی می رساند کہ شریف پرور سلامت۔ بڑھل باغبان از کٹھل کاردار انفاق کرد۔ چچینڈا اچل خور و چولائی چودھری راہپیکار پلول ساختہ از آنبہ اہین و جامن اضافہ .... از روی تعدی و سختی پستہ تمسک توری گرفتہ حوالہ کریلا کروری موّدہ شلغم شقدار گلورہ ساکن موضع گلگل البتہ از نارنگی نویسندہ و میوہ فوطہ دار و ہلدی بوتا دبجا کردہ سدا بیل سلائی کھرنی کشاد۔"

معلم نے جب تختی پر یہ مضمون دیکھا کہا کمبخت! بیٹھے بیٹھے کیا زٹل ہانکا کرتا ہے۔ بس وہ دن اور آج کا دن ہے کہ جعفر کے نام کے ساتھ زٹلی کا خطاب لگ گیا" صہ ۲۔ ۵

مگر فہرست ہندوستانی مخطوطات انڈیا آفس سے معلوم ہوتا ہے کہ حسب بیان منشی محمد الدین مولف حیات زیب النسا یہ شہزادی زیب النسا ہے جس نے جعفر کو زٹلی کا خطاب دیا تھا۔ (فہرست بلومہارٹ نمبر ۱۳۲ مطبوعہ ۱۹۲۶ء)

ہندوستانی سپیکولیٹر کا بیان ہے کہ زٹلی نے "بھوت بڈار نامہ" اس وقت لکھا تھا۔ جب اس کے استاد کی بیوی کو آسیب کا خلل ہوگیا تھا اور "کھوے نامہ" ایک اور نظم تو استاد ہی کے حق میں لکھی تھی۔ گویا سب سے پہلے استاد اور استانی پر ہاتھ صاف کیا۔ کہتے ہیں اس کھوے نامے کی بہت شہرت ہوئی۔ چنانچہ شہزادہ کام بخش نے از راہ قدردانی بلوایا اور مونچھل اڑا نے پر نوکر رکھ لیا کبھی کبھی خود شاہزادہ غزل کی فرمایش کرتا۔ چنانچہ یہ غزل اسی کے

ارشاد پر لکھی۔

اے روی تو چون ماہ شب تار جو ہے سو | تجھ سا نکوئی دلبر و دلدار جو ہے سو
از غمزۂ خونریز تو افتادہ بہر سو | بر طشت زمین کشتۂ بسیار جو ہے سو
مثل تو نباشد بجہان اے شہ خوبان | لٹکندہ و مٹکندہ برفتار جو ہے سو
از عاشق بیچارہ مکن نخرہ و گھونگھٹ | تا کے بود این گرمئے بازار جو ہے سو
در آتش و آبست چو ماہی و سمندر | ہر کس کہ بود طالب دیدار جو ہے سو
من پنڈت و پر کھنڈت و حیران تو ہستم | در گردن من زلف تو زنار جو ہے سو
جعفر چہ کسی باشد و کس باغ کی مولی | بر حسن تو جبریل گرفتار جو ہے سو

مصنّف اپنا بیان جاری رکھتے ہوئے کہتا ہے کہ

" مورچھل والا اگرچہ سگ حضوری سے کم نہیں ہوتا۔ مگر سارا دن سر دربار کھڑے رہنا جان کا خون کر دیتا ہے۔ تنگ آ کے مورچھل کی ہجو کی۔ اور شہزادہ کے پاس بھجوائی۔ شہزادہ نے عرضی پڑھی لکھا دیکھا۔

توبہ از ین وسوسۂ مورچھل | دمبدم از دمدمہ جان در خلل
توبہ از ین (مسکن) پر شور و شر | مرحلۂ پر خطر و خوف و ڈر
از نظر آدمیان شد الوپ | گنبد گردون ز صداہای توپ
بان و تفنگ است بہر صبح و شام | تیر و خدنگ است دگر والسلام
خاک درین زیستن و زندگی | جان بخلل دل بپراگندگی
روز بہ ہیبت گذرد شب بہ ہول | خاک درین زیستن فعل و قول
پر خس و خاشاک بسر ٹوکری | نزد خرد بہتر ازین نوکری
جعفر ازین کوچہ پس موڑ چل | شرم حضوری مکن و لوٹ چل

اس نظم اور اس کے متعلق ہندوستانی سپیکولیٹر کی حاشیہ آرائی نے جو اوپر

نقل ہو چکی ہے ۔ ہمیں پہلی مرتبہ زر جعفری کے ایک غیر تاریخی رسالہ ہونے کے متعلق خبردار کیا ۔ معلوم ہوتا ہے کہ مصنّف فارسی سے نہایت معمولی شناسائی رکھتا ہے اور وہ مورچل یا مورچال کو جو قلعوں کی تسخیر کے وقت محاصرین خندق کی شکل بنا لیا کرتے ہیں ۔ مورچھل یا مگس ران سمجھ بیٹھا ۔ اسی لئے اسکا تبصرہ مورچھل اڑانے اور سارا سارا دن کھڑے سوکھتے رہنے کے خلاف ہے ۔ وہ یہ سمجھا کہ نظم میں مورچھل کی مذمت کی گئی ہے ۔ حالانکہ یہ نظم مورچل (دھس یا دمدمہ مورچا و خندق) سے تعلق رکھتی ہے ۔ شاعر اس زندگی کو جو ہر وقت خطرات سے محصور ہے بیان کرتا ہے ۔ توپوں کی آواز اور انکے دھوئیں سے گنبد گردوں آنکھوں سے غائب ہے ۔ سحر و شام بان چل رہے ہیں یا بندوقیں چھوٹ رہی ہیں ۔ وہ کہتا ہے اس زندگی پر لعنت ہو ۔ ہر وقت جان کا خطرہ لگ رہا ہے ۔ اور دل دھڑک رہا ہے ۔ ایسی نوکری سے مٹی کی ٹوکری ڈھونا ہزار بار بہتر ہے ۔ آخر میں کہتا ہے کہ جعفر اس مورچل سے نکل بھاگ اور لوگوں کی شرم حضوری کی مطلق پروا نہ کر +

لیکن محمد کامل اپنی حاشیہ آرائی جاری رکھتے ہوئے لکھتا ہے کہ ' امرا ہی پر موقوف نہیں بلکہ ہر ایک کی نسبت یہ کہا جا سکتا ہے کہ گاہے بسلامی برنجند و گاہی بدشنامی خلعت دہند ۔ شہزادہ کامبخش نے آنکھیں بدل لیں [میر جعفر] مجلس سے پیشاب کے بہانے نکلے اور سیدھا دکن میں جا کے دم لیا ۔ محمد کامل یہ سمجھ رہا ہے کہ جعفر اور اس کا آقا کامبخش دونوں دہلی میں موجود ہیں ۔ حالانکہ یہ نظم دکن کے کسی قلعہ کے محاصرہ کے وقت لکھی جاتی ہے اور جعفر بجای دکن کو بھاگنے کے دکن سے لوٹ چلنے کی فکر کر رہا ہے ؛

کلیات سے معلوم ہوتا ہے کہ میر جعفر نے ایک مرتبہ جب خانجہان بہادر کوکلتاش

متھرا میں مقیم تھا۔ ایک قرآن اس کی خدمت میں پیش کیا۔ ہدیہ کی امید میں بہت انتظار کیا۔ لیکن خان کی طرف سے وعدوں کے باوجود کوئی صلہ نہیں پہنچا۔ اس پر زٹلی نے ان کی ہجو لکھی جس کی ردیف "ٹھکّی ڈاڑھی پھٹّے منہ" ہے۔ مگر محمد کامل بعض بے اصل وجوہ کی بنا پر دونوں میں پرانی عداوت بیان کرتا اور کہتا ہے۔

" دوسرے دن ہی خانجہان کو کلتاش کے متھرا پہنچنے کی خبر آئی جہاں کو کلتاش نے چند ایک دن ٹھہرنا تھا۔ دلی بھر میں اس کی تعریف ہو رہی تھی جعفر سے یہ کب ہو سکتا تھا کہ دشمن کی تعریف سنے اور چپ رہے۔ فوراً قلم اٹھا کر قلمبند کیا" (ص ۲۷)

اس بیان کا مطلب یہ ہوا کہ جعفر دہلی میں ہے اور خانجہان متھرا میں تب جعفر نے یہ ہجو لکھی۔ حالانکہ اس ہجو سے پایا جاتا ہے کہ خان جہان بفرمان شاہی متھرا میں آ کر مقیم ہو گیا ہے۔ چنانچہ ؎

نیکو کردی نمک حلالی شاباش تیری ہمت کو
آ کر ہندوستان اجاڑی ٹھکّے ڈاڑھی پھٹّے مونہہ
با این خواری شرم نداری آمدہ متھرا بنشستی
تیری سدھ بدھ کن بساری ٹھکّے ڈاڑھی پھٹّے مونہہ
مطلب خود را پیش آوردی غارت کردی عالم را
کس کارن تم ہمت ہاری ٹھکّے ڈاڑھی پھٹّے مونہہ
ملک دکن تسخیر تو کردی نام تو اینجا روشن شد
• بوڑھے پن میں ایسی خواری ٹھکّے ڈاڑھی پھٹّے مونہہ
جاٹوں کوں تیں پیٹھ دکھائی لاج نہ آئی ڈاڑھی کو
تیں بیٹھے کے کھو دی ڈنڈیا ساری ٹھکّے ڈاڑھی پھٹّے مونہہ

محمد کامل کا بیان ہے کہ" جعفر دلی میں مقیم ہے کہ اتنے میں اورنگ زیب کی فتح دکن کی خبر دلی پہنچی۔ جعفر نے ظفر نامہ لکھ کر بادشاہ کو خوش کرنا چاہا۔ مگر انہوں نے تو پہلے ہی درباری شعرا کو بے روزگار کر دیا تھا۔ جعفر کی دال کیسے گلتی۔ جواب میں یہ فقرہ سنا ع

امینست جوابش کہ جوابش ندہی

ظاہر ہے کہ جعفر جیسے منہ پھٹ اور بیباک نے زبان قلم و قلم زبان سے کہاں تک کام نہ لیا ہوگا۔ غرضکہ جان پر کھیل کر ہجو میں وہ کچھ لکھا جو عالمگیر کے مارے اشاعت نہ پا سکا۔ عالمگیر نے سزا دینا نامناسب سمجھ کر دہن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ پر عمل کیا۔ جس سے جعفر کے چند دن مزے سے کٹے۔"

یہ تمام بیان ایسا ہے جس کی کلیات کوئی تائید نہیں کرتا اور یوں بھی بجائے خود اپنی آپ تردید ہے اور عالمگیر پر حملہ۔ یعنے جعفر نے دلی میں بیٹھ کر ظفر نامہ لکھا اور بادشاہ کی خدمت میں دکن بھیجا۔ اس وقت حضرت سلامت نے کوئی شنوائی نہیں کی اور نہ جواب دیا۔ مگر جب ہجو لکھی جو بادشاہ کے خوف سے شایع بھی نہ ہو سکی تو بادشاہ نے بعد خرابی بصرہ دہن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ پر عمل کیا۔ آخر محمد کامل کو یہ ہجو نویسی کا واقعہ کیونکر معلوم ہوا۔

ہندوستانی سپیکٹیٹر کا تمام بیان تقریباً فرضی ہے۔ چونکہ کلیات اسکے سامنے ہے اور اسکی امداد سے جو خاکے اسنے تیار کئے صحیح مانے جا سکتے تھے۔ مگر چونکہ اس نے ایک واقعہ کو دوسرے واقعہ کی علت قرار دیا ہے اور ان کو ملانے کی کوشش کی ہے۔ اسلئے یہاں بھی اس نے کافی ٹھوکریں کھائی ہیں ؛

آخر میں اس نے لکھا ہے کہ" میر جعفر کی تاریخ وفات کی تصدیق نہیں ہوتی۔ عمر تخمیناً کچھ ساٹھ سال سے اوپر ہے"۔ مگر وہ پہلے لکھ آیا ہے۔ کہ جعفر

عالمگیر کی تخت نشینی کے ایام میں پیدا ہوتا ہے۔" اور یہ ظاہر ہے کہ فرخ سیر کی تخت نشینی کے وقت قتل کیا جاتا ہے۔ اس حساب سے اس کی عمر ۶۵ سال کی ٹھہرتی ہے نہ ساٹھ سے کچھ اوپر ؁

ہندوستانی سپیکولیٹر کو شکایت ہے کہ زٹلی کے حالات تذکروں میں نہیں ملتے مگر یہ تذکروں کا قصور نہیں ہے بلکہ اس کا اپنا۔ میں یہاں بعض تذکروں کے بیانات درج کرتا ہوں ؁

میر تقی میر نکات الشعراء میں لکھتے ہیں 'مشہور تو جعفر زٹلی ہے مگر اپنے زمانہ کا عجیب وغریب انسان تھا اور کاٹنے والی زبان کا مالک تھا۔ شرفا لحاظ کرتے اور کچھ دے دیتے۔ جب کسی کے پاس جاتا دو کاغذ ساتھ لے کر جاتا ایک پر اس کی تعریف اور دوسرے پر ہجو ہوتی۔ اگر مدارات سے پیش آیا۔ انہوں نے مدح پڑھ دی ورنہ کاغذ ہجو کو شہرت دی جاتی۔ محمد اعظم عالیجاہ کی ہجو سے بھی نہیں چوکا۔ ایک روز شاہزادہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ شعر فی البدیہہ اس کی تعریف میں پڑھا ؎

نگین سلیمان کہ تابندہ بود همیں اسم اعظم بر ان کندہ بود

عالیجاہ نے بہت اچھا صلہ دیا۔

ایک روز (مرزا عبدالقادر) بیدل کے ہاں پہنچے اور ان کی تعریف میں یہ مصرع پڑھا ع

چہ عرفی چہ فیضی بہ پیش توپش

مرزا بگڑے اور جلد پیچھا چھڑایا۔ (نکات الشعرا ص۳۱-۳۲)

شفیق اورنگ آبادی اپنے تذکرۂ چمنستان شعرا میں بیان کرتا ہے کہ جعفر زٹلی ایک منہ پھٹ اور بیباک شخص تھا۔ اس کی شوخی اس کے کلام سے

ظاہر ہے۔ اس کے اشعار مشہور عالم ہیں۔ صاف روزمرّہ میں مضامین اس کے ہاتھ آتے ہیں۔ محمد اعظم شاہ کا قول ہے کہ اگر جعفر میں زٹل نہ ہوتی وہ ملک الشعرائی کے قابل تھا۔ اس کے روزمرّہ اور انداز بیان کا رنگ جدا ہے اور اِس طرز خاص میں خوب جولانی طبع دکھاتا ہے۔ جب جعفر کو کچھ درکار ہوتا۔ کسی امیر کے پاس دو شعر مدح کے لکھ کر بھیج دیتا۔ اگر اس نے کچھ دیا تو خیر نہیں تو ہجو میں دفتر سیاہ کیا جاتا۔ منصدی اور اہل خدمت درکنار خود ظل سبحانی بھی اس کی آتش بیانی سے بید کی طرح لرزتے ٭

ایک دن کسی امیر کے ہاں گیا اور اپنے حال کا پرچہ اس کے سامنے گذرانا۔ امیر نے کوئی توجہ نہیں دی۔ اور پرچہ واپس دے دیا۔ جعفر نے پرچہ لیا اور امیر کے سامنے پھاڑ کر چلا آیا۔ حاضرین میں سے کسی نے امیر کو جعفر کا پتہ نشان دیا۔ وہ گھبرایا اور جعفر کو فوراً بلوایا۔ معذرت کرنے لگا کہ میں نے آپ کو پہچانا نہیں تھا۔ جعفر نے جواب دیا۔ اس میں آپ کا قصور نہیں "من پیش بداوم حضرت پس بدادند من چاک نمودم"۔ قصہ مختصر امیر موصوف نے اس جملہ ہی پر اپنی رہائی غنیمت سمجھ کر جعفر کو بوجہ معقول رخصت کیا ٭

ایک دن جعفر کسی شخص محمد اشرف نامی کی سجع کہہ کر لے گیا ع

محمد اشرف پیغمبران است

شخص مذکور نے مطلق پروا نہیں کی اور شعر کی داد نہیں دی۔ جعفر نے خفا ہو کر فی البدیہہ یہ پیش مصرع بہم پہنچایا۔ ع

نہ این اشرف کہ مردودِ زمان است

مہاسنگ نامی ایک محرّر نے جعفر کی کاربرآری میں غفلت سے کام لیا۔

اور اپنی تحریر واپس منگو ابھیجی - جعفر نے اسی کاغذ کی پشت پر لکھ دیا :-

مہا سنگھ جی نم بڑے جبنگ ہو   گر رپنکھیا بیل کے سینگ ہو
وا این چوگ جون غوک رکھتے رہو   گکوڑوں مکوڑوں کو چکھتے رہو

(چمنستان شعراص ۹۷-۹۶ انجمن ترقی اردو ۱۹۲۸ء)

میر حسن اپنے تذکرہ میں اس کو نادرۂ روزگار کہتے ہیں اور اضافہ کرتے ہیں کہ ادنےٰ و اعلےٰ سب اس کا لحاظ کرتے تھے - ان ایام میں لوگوں میں شرم و غیرت باقی تھی - اس لئے کچھ دے دلا کر اس سے اپنا پیچھا چھڑاتے تھے - آج اگر کسی کی ہجو کی جائے تو وہ اپنی مدح تصور کرتا ہے بہر حال میر موصوف مدح و ہجا میں بے مثل تھا ٭

ایک روز میرزا بیدل کے گھر پہنچا - میرزا ایک مصرع کی تلاش میں تھے اسلئے متوجہ نہیں ہوئے - پوچھا قبلہ کوئی مصرع فرمایا ہے ؟ میرزا نے کہا ہاں وہ مصرع یہ تھا ع

لالہ بر سینہ داغ چون دارد

میر نے کہا - اس کے لئے غور و تامل کی کیا ضرورت ہے - یہ کہہ کر دوسرا مصرع فوراً پڑھ دیا - جس کو عریاں ہونے کی بنا پر حذف کر دیا جاتا ہے قصہ مختصر میرزا بہت برہم ہوئے اور کچھ دے کر اپنا پیچھا چھڑایا - (ص ۲۷ تذکرۂ شعرائے اردو) قایم کا بیان ہے " چونکہ سخنوری کی بنیاد اس نے زٹل پر رکھی تھی - اسلیے اسے زٹلی کہنے لگے - کلام کو خداداد قبولیت حاصل تھی - عزت دار لوگ اپنی آبرو کے خیال سے اس کے ساتھ سلوک سے پیش آتے - ایک دن مرزا عبدالقادر کے ہاں وارد ہوا - انہوں نے اس کی نظم و نثر سنی اور چند اشرفی بطور انعام مرحمت کیں - بروقت رخصت زٹلی نے یہ مصرع پڑھا ع

ظہوری و عرفی بہ پیش تو بہش

(ص۱۳ مخزن نکات ـ طبع انجمن ترقی اردو ۱۹۲۹ء)

میر قدرت اللہ خان قاسم مجموعۂ نغز میں رقم طراز ہیں کہ وہ سادات نارنول سے ہے ـ اس کی طبیعت رسا تھی مگر زٹل کہنے پر بہت راغب تھا۔ اس کا قول تھا کہ شعر میں خواہ کتنی ہی کوشش کیوں نہ کروں ـ فردوسی اور سعدی کا ہم پایہ نہیں مانا جا سکتا ـ زٹل اختیار کرتا ہوں تا کہ ممتاز رہوں (جلد اول ص۱۶۷ مجموعۂ نغز)

میں بخوف طوالت منشی کریم الدین کے طبقات الشعرا اور مظفر حسین صبا کے تذکرۂ روز روشن سے اعراض کر کے عرض کرتا ہوں ـ کہ یہ صفحات محمد کامل عرف ہندوستانی سپیکولیٹر کی اپنے موضوع سے بے خبری ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں ـ جو بے اصولی اس نے عبدالمومن عرف ملا دو پیازہ کی حالت میں کی ہے ـ وہی بے اصولی اس نے جعفر زٹلی کے ساتھ برتی ہے دو پیازہ کے سلسلہ میں اردو اہل قلم آنکھ بند کر کے اس کے مقلد ہو گئے ہیں جس طرح زٹلی کے باب میں مغربی مولفین ولیم اروِن و پروفیسر بلومہارٹ وغیرہ اس کے متبع ہیں +

یہاں قدرتاً یہ سوال ہوگا کہ آخر یہ ہندوستانی سپیکولیٹر یا محمد کامل کون شخص ہے ـ اس سوال کا شافی جواب دینے سے ہم قاصر ہیں ـ ہم اسی قدر وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ ایک مصنّف ہے جو کئی تالیفات کا مالک ہے اس کی ادبی کارکردگی کا زمانہ جہاں تک ہمیں معلوم ہے ۱۸۹۰ء سے شروع ہوتا ہے ـ اس کی پہلی تصنیف سوانح عمری ملا دو پیازہ ہے جو کم از کم پانچ بار چھپ چکی ہے ـ اس کی دوسری تالیف زرجعفری ہے جو اسی سال یعنی ۱۸۹۰ء میں پہلی مرتبہ شایع ہوتی ہے ـ باقی تصانیف ناول کی قسم سے ہیں ـ ان میں

ناول شام نرائن اور پاربتی بہت مقبول ہوا۔ جو ۱۹۲۷ء میں بارنہم طبع ہوتا ہے
اس میں ایسی شادیوں کی برائیاں جن میں چھوٹا خاوند اور بڑی بیوی یا اس
کے برعکس بڑا خاوند اور چھوٹی بیوی ہو۔ ایک دلچسپ قصہ کے پیرایہ میں
بیان ہوئی ہیں۔ مہاراجہ پٹیالہ نے اس ناول پر مصنف کو خلعت بھی عنایت
کیا ہے +

دلفریب :۔ یہ ناول چار حصوں میں تقسیم ہے۔ جس کے ضمن میں غدر
کے حالات اور عیسائی مشنری عورتوں کی عیاریاں۔ پولیس کی لاپروائی وغیرہ
دکھائی گئی ہیں +

یوسف و جمیلہ :۔ یہ ایک اخلاقی ناول ہے۔ جس میں طالب علمی کے
زمانہ کی شادی کی خرابیاں بتلائی ہیں۔ اس ناول کو زیادہ اشاعت کا موقعہ نہیں ملا
صرف ایک مرتبہ چھپا ہے۔ ہم صرف اسی قدر تصانیف کا پتہ لگا سکے ہیں۔ ممکن ہے
کہ ان کے علاوہ اس کی اور تالیفات بھی ہوں +

ابتدا میں تصنیف و تالیف کے لئے اس نے ہندوستانی سپیکولیٹر اپنا نام
اختیار کیا تھا۔ مگر ناول شام نرائن اور پاربتی کی اطلاع ذیل سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ
بعد میں محمد کامل نام اختیار کر لیا ہے چنانچہ مرقوم ہے" اکثر اصحاب کی خواہش تھی کہ "ہندوستانی
سپیکولیٹر" نام بہت سے دیسی ناموں میں اچھا نہیں لگتا اس واسطے ہم نے اسکو "محمد کامل" سے بدل دیا ہے" +

اس بیان سے ظاہر ہے کہ محمد کامل بھی اس کا اصلی نام نہیں ہے۔ اس عقدہ
کے حل کی تلاش میں میں محمد کامل کے ناشر ملک حسن الدین خلف فضل دین تاجر کتب سے
ملا مگر موصوف کے انکار کی بنا پر مجھے اپنی امید میں مایوسی ہوئی۔ ان سے اس قدر معلوم
ہوا کہ محمد کامل دہلی کے رہنے والے تھے جو یقیناً صحیح نہیں +

محمود شیرانی

سیرۃ النبی شبلی

سیرۃ النبی علامہ شبلی کی سب سے بڑی اور اہم تصنیف ہے۔ اسکی تدوین وتکمیل کے لئے جو جو انتظامات کئے، ان کا ایک مجمل سا نقشہ مکاتیب[1] میں ملے گا۔ چونکہ اس کتاب کے لکھنے سے مقصود یہ تھا۔ کہ یورپ والوں اور انگریزی دانوں کے شکوک اور خیالات کو رفع کیا جائے اسلئے مجبوراً یورپ کی زبانوں کے اکثر ذخیرۂ معلومات سے فائدہ اٹھایا۔ اس سلسلے میں انہوں نے اپنے شاگردوں اور دوستوں سے بہت مدد لی ؛

افسوس کہ حضرت مصنّف اس مایۂ ناز کتاب کو مکمل کرنے سے پہلے ہی انتقال پا گئے۔ کتاب کی پہلی ہی دو جلدوں کو مرتّب کرنے پائے تھے کہ جوارِ رحمت میں بلا لئے گئے۔ یہ درحقیقت حضرت رسولؐ کریم کی زندگی کے سادہ واقعات کی فہرست نہیں۔ بلکہ بقول شبلی۔ یہ آپ کے سوانح اور متعلقات کی ایک" دائرۃ المعارف النبویہ" ہے ؛

سیرۃ کی تیسری، چوتھی اور پانچویں جلد اب مولانا سید سلیمان نے مرتّب کی ہے۔ کتاب کے مضامین کی وسعت اور ہمہ گیری سے جو مصنّف مرحوم کے اپنے خاکہ کی پیروی میں معلوم ہوتی ہے۔ بلاشبہ اس کتاب کے "انسائیکلوپیڈیا" ہونے کا پتہ چلتا ہے ؛

سیرۃ النبی کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے۔ کہ ایک عاشق رسولؐ کا

---

[1] مکاتیب۔ ج ۱۔ ص ۲۱۳ ،

والہانہ اظہارِ عقیدت ہے۔ جس طرح سرسید احمد خاں نے خطبات کے لکھتے وقت اپنے اوپر "خواب وخور حرام کر رکھا تھا"۔ اسی طرح شبلی نے اس تالیف کے سلسلے میں انتہائی شوق و شغف سے کام لیا۔ اگرچہ شبلی کی پہلی تصانیف میں بھی شوق، محبت اور دلچسپی کا رنگ پایا جاتا ہے لیکن دراصل قدرت کو یہ منظور تھا کہ ان کی یہ آخری تصنیف عشقِ رسولؐ کی یادگار ثابت ہو۔

عجم کی مدح کی، عباسیوں کی داستاں لکھی ۔۔۔ مجھے چندے مقیمِ آستانِ غیر ہونا تھا
مگر اب لکھ رہا ہوں سیرۃِ پیغمبرِ خاتم ۔۔۔ خدا کا شکر ہے یوں خاتمہ بالخیر ہونا تھا

(شبلی)

بہرحال یہ ایک "گدائے بینوا کی شہنشاہِ کونین کے دربار میں اخلاص و عقیدت کی نذر" ہے۔ جو فرطِ عقیدت کے لہجے میں پکار پکار کر کہہ رہا ہے

ع ز چشمم آستین بردار و گوہر را تماشا کن

سیرۃِ نبوی کی تالیف کی ضرورت کیوں پیش آئی ؟ شبلی کے نزدیک اس کی غرض ایک تو یہ تھی کہ چونکہ نفوسِ انسانی کے اخلاق و تربیت کی اصلاح و تکمیل دنیا کی ایک مقدس خدمت ہے۔ اس لئے اس مقصد کو پورا کرنے کا "عملی طریقہ یہ ہے کہ نہ زبان سے کچھ کہا جائے۔ نہ تحریری نقوش پیش کئے جائیں۔ نہ جبر و زور سے کام لیا جائے۔ بلکہ فضایل اخلاق کا ایک پیکرِ مجسّم سامنے آجائے۔ جو خود ہمہ تن آئینۂ عمل ہو۔ جس کی ہر جنبشِ لب ہزاروں تصنیفات کا کام دے۔ اور جس کا ایک ایک اشارہ اوامرِ سلطانی بن جائے دنیا میں آج اخلاق کا جو سرمایہ ہے سب انہی نفوسِ قدسیہ کا پرتو ہے۔ دیگر اسباب صرف ایوانِ تمدّن کے نقش و نگار ہیں"۔[۱]

---

[۱] سیرۃ النبی۔ ج ۱۔ ص ۱، ۲۔

شبلیؒ کہتے ہیں۔ کہ دنیا نے آج تک جتنے" نفوس قدسیہ" پیش کئے ہیں وہ فضایل اخلاق کی کسی ایک صفت کے نمونے ہیں لیکن 'جامعیت کبریٰ' کا وصف حضرت رسولؐ کریم میں نمایاں نظر آئے گا۔ جن کے کارنامۂ زندگی کے قلمبند کرنے میں ایک طرف تو صحّت کی پوری احتیاط کی گئی اور دوسری طرف" وسعت و تفصیل کی یہ حالت ہے۔ کہ اقوال و افعال، وضع و قطع، شکل و شباہت، رفتار و گفتار، مذاقِ طبیعت، اندازِ گفتگو، طرزِ زندگی، طریقِ معاشرت، کھانے پینے، چلنے پھرنے، اٹھنے بیٹھنے، ہنسنے بولنے کی ایک ایک ادا محفوظ رہ گئی۔"[1]

سیرۃ النبیؐ کی تالیف کی یہ ایک مذہبی غرض و غایت تھی۔ لیکن جب دنیا میں" عبرت پذیری" اور" نتیجہ رسی" کی غرض سے ہر معمولی سے معمولی انسان کی لایف مفید ہو سکتی ہے۔ تو کیا ایک" فردِ کامل" کی ذات جس کی لایف میں تمام دینی و دُنیوی برکات جمع ہو گئی ہوں۔ اسی غرض کے لئے مفید نہیں ہو سکتی؟ پس اس نقطۂ خیال سے بھی یہ صرف" اسلامی اور مذہبی ضرورت نہیں بلکہ ایک علمی ضرورت ہے، ایک اخلاقی ضرورت ہے۔ ایک تمدنی ضرورت ہے۔ ایک ادبی ضرورت ہے۔ اور مختصر یہ کہ ایک مجموعۂ ضروریات دینی و دنیوی ہے۔"[2]

جہاں یہ اہم نکات و وجوہ شبلیؒ کے لئے اس کتاب کی تالیف کے محرّک ہوئے۔ وہاں اس کا ایک اور پہلو بھی ہے۔ اور وہ یہ کہ جدید تہذیب اور جدید افکار و تصورات کی موجودگی میں جبکہ نبوّت اور رسالت کے صحیح مقام سے لوگ نا آشنا ہوتے جاتے ہیں۔ اس بات کی خاص ضرورت تھی۔ کہ

---

[1] سیرۃ النبی۔ ص ۴، [2] ایضاً۔ ص ۴،

دنیا پر یہ واضح کیا جائے۔ کہ "جامعیت کبریٰ" کے اخلاق و عادات اور ان کی عام لائف کیا تھی؟ حضرت رسول کریمؐ کی لائیف مرتب کرنے کا کام بظاہر جس قدر آسان معلوم ہوتا ہے۔ اتنا آسان نہیں۔ یہ سچ ہے کہ مواد اور ذخیرۂ معلومات کافی ہے لیکن یہی چیز سرچشمۂ مشکلات ہے۔ آپؐ کی لائیف پر پرانے زمانے سے لے کر اب تک اتنی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ کہ بقول مارگولیتھ

"The biographers of the prophet Mohammed form a long series which it is impossible to end but in which it would be honourable to find a place."

(Mohammed, preface, iii)

ان کا سلسلہ ختم نہیں ہوتا۔ پس اس وسیع اور زبردست ذخیرہ کی موجودگی میں کسی نئی کتاب پر قلم اٹھانے کے لئے کوئی خاص نیا پہلو، کوئی جدید خیال مدنظر ہونا چاہیئے۔ ورنہ واقعات کا تکرار کسی بلند مقصد کا حامل نہیں ہو سکتا۔

سطور ذیل میں ہم دیکھنا چاہتے ہیں۔ کہ سیرۃ النبی کی وہ خصوصیات کیا ہیں۔ جن کی بدولت ہمارے لٹریچر میں اس کو ایک بلند مقام حاصل ہے۔

سیرۃ النبی دراصل اس عام رجحان اور سطح ذہنی اور قومی مطمح نظر سے کوئی الگ شے نہیں۔ جسے اس دور میں مسلمانان عالم عموماً اور مسلمانان ہندوستان خصوصاً اختیار کر چکے تھے۔ غالباً یہاں اس تکرار کی ضرورت نہیں ہوگی۔ کہ حضرت رسول کریمؐ کی یہ لائیف بھی شبلی نے اسی جذبہ سے متاثر ہو کر لکھی۔ جس سے سر سید نے خطباتِ احمدیہ پر قلم اٹھایا۔ آزادیِ مذہب

اور ضمیر وغیرہ کے مسائل نے جس طرح یورپ میں ایک ہیجان برپا کر دیا تھا۔ اور عقل اور دین میں جو معارضہ دنیا کے ہر ملک میں قایم تھا۔ اس سے شبلیؔ اور جدید خیال کے اکثر لوگ بے حد متأثر تھے ۔

بیسویں صدی کے اوائل میں اگرچہ یورپ میں اس کشمکش کا تقریبًا خاتمہ ہو چلا تھا۔ اور سائنس پرستوں نے دین پرستوں پر ایک فتح حاصل کر لی تھی۔ لیکن ہندوستان اور ممالک مشرق میں عقل پرستی کی تحریک کو بہت فروغ ہو رہا تھا۔ یہ تصوّرات جس قدر زیادہ پھیلتے جاتے تھے۔ اسی قدر دین پرست گروہ کو مذہب اور اصول مذہب کی حفاظت اور حمایت کا خیال زیادہ ہوتا جا رہا تھا۔ اب چونکہ اسلامی زاویۂ خیال سے سارے دین اور مذہب کی بنیاد اور مرکز ہی نبیؐ اور رسولؐ کی ذات تھی۔ اسلئے مذہب کی کامیاب حفاظت کا تقاضا یہی تھا کہ نبیؐ اور رسولؐ کی لایف کو دین اور مذہب کی عملی تصویر اور پیکر بنا کر دنیا کے سامنے پیش کیا جائے شبلیؔ نے اپنے ان الفاظ میں اسی ضرورت کی طرف اشارہ کیا ہے ۔

" لیکن جب اقرارِ نبوّت بھی جزوِ مذہب ہے۔ تو یہ بحث پیش آتی ہے کہ جو شخص حاملِ وحی اور سفیر الٰہی تھا۔ اس کے حالات اخلاق وعادات کیا تھے؟" (سیرۃ النبی ج ۱ ص ۵)

مؤرخین یورپ کی غلط بیانیاں اور غلط فہمیاں اس قدر بڑھتی جا رہی تھیں۔ کہ ان کو پڑھ کر ایک مسلمان عالم بیتاب ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا تھا ملک کا مسلمان تعلیم یافتہ گروہ جب آپؐ کی لایف کے حالات معلوم کرنا چاہتا۔ تو لامحالہ اسے انہی مورخین یورپ کی طرف رجوع کرنا پڑتا۔ کچھ اس سے متنبہ ہو کر اور کچھ یورپ کی سیاسی یورشوں سے ناراضی کے خلاف

اضطراب کے طور پر مسلمان علما و فضلا کے بیدار گروہ نے دین کے تمام امور کی عقلی توجیہ اور فلسفیانہ تعبیر کی طرف خاص توجہ کی۔ علی الخصوص حضرت رسول کریمؐ کی ذات میں ان پہلوؤں کو زیادہ نمایاں کرنے کی کوشش کی گئی۔ جن کے متعلق جدید میلان ذہنی کو خاص دلچسپی تھی۔

بہرحال سیرۃ النبی کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں بانئے اسلام کے سوانح کو جدید رنگ میں پیش کیا گیا ہے۔ اور آپ کی لائف کے ان پہلوؤں کو جن پہ پادریوں اور غیر مسلم مناظرین کی طرف سے شکوک وشبہات پیدا کر دیئے گئے تھے۔ عقلی دلائل سے صاف کیا گیا ہے۔

یہ خیال کہ مکہ کے قیام تک آپ کی ذات میں پیغمبرانہ اوصاف موجود تھے۔ اس کے بعد ان میں شاہانہ عادات پیدا ہو گئی تھیں۔ اور آپ نے ایام مکہ کے طرز عمل کے بالکل برخلاف فوج بندی کی اور قریش کے ساتھ لڑائیاں لڑیں۔ شبلی کے نزدیک ایک بے بنیاد اعتراض ہے۔ کیونکہ آپ بدر سے لے کر آخری لڑائی تک اپنے بقا اور حفاظت کے لئے لڑے اور جیسا کہ حافظ ابن قیم نے لکھا ہے "آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جس قدر لڑائیاں کیں۔ سب دفاعی تھیں۔ صرف بدر اور خیبر اس سے مستثنےٰ ہیں۔ لیکن اگر علامہ موصوف زیادہ استقصا کرتے تو ثابت ہوتا کہ بدر اور خیبر بھی مستثنےٰ نہیں۔"[1]

ان ہی جنگوں کے ساتھ ساتھ یہ سوال بھی عموماً کیا جاتا ہے۔ کہ کیا اسلام بزور شمشیر پھیلا؟ شبلی نے اس عام مغالطہ کی زبردست تردید کی ہے

---

[1] سیرۃ النبی۔ ج ۱۔ ص ۲۵۸

کیونکہ اسلام کی تاریخ میں ایک ایسے واقعہ کو "فتح مبین" کے لفظ سے یاد کیا گیا ہے۔ جو دراصل بعض بظاہر کمزور شرائط پر مصالحت کی صورت میں وقوع پذیر ہوا تھا۔ یہ صلح یقیناً ایک فتح تھی۔ لیکن" اجسام کی نہیں قلوب کی۔ اسلام کو اپنی اشاعت کے لئے امن درکار تھا اور وہ اس صلح سے حاصل ہو گیا"۔ بہرحال ہمارے مؤرخ کے نزدیک اسلام کی نشوونما اور ترقی صرف امن اور تبلیغ سے ہو سکتی ہے۔ اور لڑائیاں اس بلند اصول کی اشاعت کے لئے نہیں بلکہ اس اصول کی حفاظت کرنے والوں کی مدافعت کے لئے لڑی جا سکتی ہیں۔ بعض مؤرخین اسلام کو بدر کی لڑائی کے دفاعی ہونے میں شک ہے۔ لیکن شبلی بدر کو ہجرت کے بعد پیش آنے والے کئی مسلسل واقعات و اسباب کا ایک آخری نتیجہ قرار دیتے ہیں شبلی اقرار کرتے ہیں۔ کہ اس واقعہ کے متعلق بڑے بڑے ائمہ ان سے اختلاف رائے رکھتے ہیں۔ لیکن انہیں اطمینان ہے۔ کہ بعض اوقات "حق اکیلا تمام دنیا پر فتح پا سکتا ہے"۔ چونکہ ہمارے مؤرخین اور ائمہ حدیث کو اسباب و نتائج کی جستجو نہیں ہوتی۔ اس لئے انہوں نے اس واقعہ کو محض ایک واقعہ کی حیثیت سے لکھ دیا۔ اور اس کا اصل سبب دریافت کرنے کی کوشش نہیں کی۔ اسی ایک فروگذاشت سے تمام اسلامی تاریخ کے متعلق اور خصوصاً آنحضرتؐ کے غزوات کے متعلق ایک شدید غلط فہمی پیدا ہو گئی۔ اور یہ کہنے کی گنجایش پیدا ہو گئی کہ اسلام بزورِ شمشیر پھیلا؛

یہ اور اس طرح کے بے شمار واقعات ہیں۔ جن کی اصل حقیقت کی پردہ کشائی کی ضرورت تھی۔ محقق شبلی نے یہ فرض باحسن وجوہ انجام دیا۔ شبلی کے نزدیک آنحضرتؐ پیغمبر تھے۔ سپہ سالار نہ تھے۔ "جہاد کے معرکوں میں آپ کے

ہات میں گو تیغ و سپر اور جسم مبارک پر خود و مغفر ہوتا تھا۔ لیکن اس وقت بھی پیغمبر اور سپہ سالار کا فرق صاف نظر آتا تھا۔ عین اس وقت جبکہ معرکہ کارزار گرم ہے۔ تیروں کا مینہ برس رہا ہے۔ تمام میدان لالہ زار بن گیا ہے۔ ہات اور پاؤں اس طرح کٹ کٹ کر گر رہے ہیں۔ جس طرح موسم خزاں میں پتے جھڑتے ہیں۔ دشمن کی فوجیں سیلاب کی طرح بڑھی آ رہی ہیں۔ عین اس حالت میں آنحضرت صلعم کا دستِ دعا آسمان کی طرف بلند ہے۔ جنگ اور باہم نبرد آزما ہیں۔ اور سر مبارک سجدۂ نیاز میں ہے۔"[1] جہاد اور جنگ کو جو بظاہر ایک ظالمانہ کام ہے۔ اس قدر پاک اور منزہ کر دیا کہ وہ افضل ترین عبادت بن گئی۔ جہاد کا مقصد یہ قرار دیا۔ کہ مظلوموں کو ظلم سے بچائے۔ جابر اور ظالم کمزور آدمیوں پر دست ستم دراز نہ کرنے پائیں"۔[2]

شبلی نے جب یہ کتاب لکھی تو جیسا کہ گذشتہ سطور میں ذکر کیا جا چکا ہے یورپ کی اکثر نامور "سیرتوں" کے مضامین سے کامل واقفیت بہم پہنچائی۔ ان کتابوں میں آنحضرتؐ پر جو جو اعتراضات نظر آئے۔ ان کے ازالہ کی کوشش کی۔ انیسویں اور بیسویں صدی کے علمی اور عقلی مسلمات کو اکثر پیشِ نظر رکھ کر، ان کے ساتھ بہت سے امور میں تطبیق دی۔ اور جہاں یورپ کے اکثر خیالات کی تردید کی گئی ہے۔ وہاں بعض خیالات کو قبول کرتے ہوئے ان کے لئے حضرت رسول کریمؐ کی لایف سے ثبوت پیش کئے۔ تعددِ ازواج۔ غلامی۔ مذہب اور سیاست کی وحدت، اشاعتِ اسلام کے طریقے۔ یہ وہ خاص مسایل ہیں۔ جن کی تشریح و توضیح کے لئے غالباً سیرۃ النبی سے بڑھ کر کوئی کتاب نہ ہوگی۔ آج بہت کم لوگ

---

[1] سیرۃ النبی ج ۱۔ ص ۵۶۰، [2] ایضاً ج ۱ ص ۵۵۷،

سرسید کے خطبات کو اس نظرِ استحسان سے دیکھتے ہیں۔ جس سے شبلی کا یہ شاہکار دیکھا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سوائے اس کے کچھ نہیں کہ سرسید کا ماحول کامل طور پر مغربی تھا۔ لیکن شبلی کے مآخذ اسلامی ذخائرِ فیض تھے اور بس؛

جہاں سیرۃ کا ایک مابہ الامتیاز یہ تھا۔ کہ اس کے صفحات میں ہمیں ۱۹، ۲۰ ویں صدی عیسوی کے مخصوص عقلی افکار کا زبردست اثر نظر آتا ہے وہاں اس میں یہ خصوصیت کوئی کم قابلِ ذکر نہیں۔ کہ اس کتاب میں جن اصولِ فن کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔ وہ اگرچہ بہت حد تک جدید مغربی اصولِ تنقید کی روشنی میں وضع کئے گئے ہیں۔ تاہم ان کے ذریعے مسلمانوں کے فنِ سیرۃ اور تاریخ کے قدیم قوانین و قواعد کو ازسرِ نو مرتب کرتے ہوئے ان سے آنحضرتؐ کی سیرت کے سلسلے میں نہایت مفید کام لیا گیا ہے؛

الفاروق کا دیباچہ اور سیرۃ النبی کا مقدمہ نہ صرف ادبِ اُردو میں ایک نادر عنصر کا درجہ رکھتا ہے۔ بلکہ یہ کہنا کسی طرح مبالغہ میں شامل نہیں۔ کہ یہ سارے اسلامی علم و ادب میں ایک انقلاب انگیز چیز ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں۔ کہ یہ مسائل پہلے کتابوں میں موجود نہیں تھے۔ بلکہ مقصود صرف اس قدر ہے۔ کہ ان کو غالباً پہلی دفعہ یورپ کے اصولِ تنقید کے مقابلے میں پیش کرتے ہوئے اسلامی اصول کی فوقیت ثابت کی گئی ہے؛

گذشتہ صفحات میں جس تفصیل کے ساتھ شبلی کے اصولِ تاریخ اور اصولِ سیرۃ کے متعلق لکھا جا چکا ہے۔ اس کے بعد اب کچھ اضافہ کرنا تکرارِ مضمون ہوگا۔ مختصراً یہ کہنا کافی ہوگا۔ کہ اس مقدمہ میں سیرۃ، مغازی، حدیث اور تاریخ کا فرق ظاہر کیا گیا ہے۔ شبلی کے نزدیک یورپ کے مؤرخوں کی سب سے بڑی غلطی یہ ہے۔ کہ وہ حدیث کو بالکل نظرانداز کر دیتے ہیں۔ حالانکہ مستند اور

معتبر ہونے کے لحاظ سے مغازی اور سیرۃ دونوں حدیث سے کمتر ہیں۔
مؤرخین اسلام نے علے الخصوص سیرۃ نگاران آنحضرتؐ نے سلسلۂ اسباب
کی تلاش و جستجو نہیں کی۔ اور واقعات کو محض اتفاقی اور غیر متعلق اور مستقل
بالذات واقعات سمجھ کر تمام سیرۃ کو غلط فہمیوں کا مرکز بنا دیا ہے ؀

اسلامی فن روایت (جس کی بلندی اور عمدگی کے سب لوگ معترف
ہیں) پر بھی اچھی طرح عمل نہیں ہوا۔ درایت اور قیاس عقلی کے اصول سے
بھی فائدہ نہیں اُٹھایا گیا ؀

یورپ میں ۱۷ویں صدی سے آنحضرتؐ کی لایف لکھنے کا رواج ہوا
لیکن ان مصنفین کا ماحول اسلام کی مخالفت میں اس قدر ڈوبا ہوا تھا کہ وہ
عرصہ تک مسموم خیالات سے آزاد نہ ہوئے۔ ۱۹ویں اور ۲۰ ویں صدی میں
تعصّب کے بادل کچھ چھٹنے لگے اور اب مطلع بہت حد تک صاف ہے۔
شبلی گبن کی بے تعصّبی کے بہت قایل ہیں۔ اور مؤرّخین یورپ میں سے
صرف انہی کو "صائب الرائے" اور "انصاف پرست" کہتے ہیں۔ جو راکھ کے
ڈھیر میں سے سونے کے ذرّات نکال لیتے ہیں۔"[1]

شبلی کہتے ہیں۔ کہ میری کتاب کی یہ خصوصیت ہے کہ اس میں ماخذ
کے سلسلے میں قرآن مجید کو سب پر مقدم رکھا گیا ہے۔ پھر اکثر تفصیلی واقعات
مَیں نے حدیث ہی کی کتابوں سے ڈھونڈھ کر مہیّا کئے ہیں۔ جو اہلِ سیر کی
نظر سے اوجھل رہ گئے ہیں"[2] روز مرّہ کے واقعات کے لئے ابن سعد
اور ابن ہشام اور طبری کو کافی سمجھا ہے ؀

سیرۃ النبی کے متعلق ایک فنّی سوال باقی ہے اور وہ یہ کہ شبلی کی یہ کتاب

---

[1] سیرۃ النبی - ج ۱ - ص ۸۹، [2] ایضاً ج ۱ ص ۹۵،

خالص علمی معیار سے کیا درجہ رکھتی ہیں۔ کیا اسے ہم ایک عاشق رسولؐ اُمتی کے جذباتِ عقیدت سمجھیں یا ایک منصف مزاج، صاحب فن، عالم کی غیر جانبدارانہ اور محققانہ جستجو کا مجموعہ! حقیقت میں یہ سوال اس حد تک تو بے معنی ہے۔ جہاں تک کہ اس کا تعلق حضرت رسول کریمؐ کے اُمتیوں سے ہے۔ لیکن جب دائرۂ بحث اس سے ذرا بڑھ کر آنحضرتؐ کے مدّاحوں تک پہنچ جاتا ہے۔ تو اس سوال کے جواب دینے کی ضرورت پیدا ہو جاتی ہے۔

شبلیؔ ایک مسلمان تھا۔ جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو خدا کا سچا رسول سمجھتا تھا۔ ایسے حالات میں یہ تو ظاہر ہے۔ کہ اس کے جذبات ایک عاشق رسولؐ کے جذبات ہوں گے۔ نیز اس پر بھی بحث کرنے کی ضرورت نہیں۔ کہ شبلیؔ جیسے ایک فنا فی الرّسول کی نظروں میں آپ کے "قامت رعنا" کے متعلق بجز اس کے کیا خیال ہو سکتا ہے کہ ؎

زفرق تا بہ قدم ہر کجا کہ می نگرم
کرشمہ دامن دل مے کشد کہ جا اینجاست

لیکن ان سب باتوں کے باوجود آپ ایک "انسان" تھے۔ اور آپ کو باوجود ملکی صفات سے متصف کئے جانے کے انسانی آب و گل سے پیدا کیا گیا تھا۔ پس ہمیں یہ دیکھنا ہے۔ کہ شبلیؔ نے آپ کی "بشریت" کا نقشہ کس استیعاب، کس دیانت، کس تفصیل و جامعیت کے ساتھ کھینچا یا کھینچنے کا ارادہ کیا؟

جہاں تک ہمارا خیال ہے۔ شبلیؔ نے بخلاف گذشتہ سیرۃ نگاروں کے آپ کو ایک ایسی شخصیت تصوّر نہیں کیا۔ جس میں بشریت سے کمبریا

الوہیت کے نشان پائے جاتے ہوں۔ آنحضرت صلعم ایک بشر تھے۔ اور یہی ان کے کمالات کا عروج ہے۔ آپ کی سیرۃ کے ارد گرد جو مافوق العادہ باتیں اور خلافِ عقل روائیتیں بعض خوش عقیدہ سیرۃ نگاروں نے جمع کر دی تھیں۔ شبلی نے آپ کی ذات کو ان سے یکسر پاک کر دیا ہے اگرچہ مصنّف کو اس کے ختم کرنے کا موقعہ نہیں ملا۔ تاہم اس کے رجحان کا اندازہ کتاب کے متن سے ہو سکتا ہے۔ غرض شبلی نے آنحضرتؐ کو ایک "بشر" نبی، ایک معقول نبی لیکن ایک خدا پرست اور روحانیت کے اندر ڈوبا ہوا نبی ثابت کیا ہے۔

جہاں تک ازواج مطہرات کا تعلق ہے۔ شبلی نے ان کی سیرۃ میں ان انسانی کمزوریوں کا پتہ چلایا ہے۔ جو ایک انسان میں بتقاضائے انسانی ہو سکتی ہیں۔ انہوں نے ازواج رسولؐ کی باہمی رشک و رقابت کے واقعات جہاں تک معلوم ہو سکے پوشیدہ نہیں رکھے۔

سیرۃ النبی کی امتیازی خصوصیات

بہر حال سیرۃ النبی ایک غیر معمولی تصنیف ہے اس کے امتیاز کے وجوہ یہ ہیں۔ کہ (۱) یہ زبردست تنقیدی اصولوں کے ماتحت لکھی گئی ہے۔ (۲) اس میں جدید میٹریل سے (جو دنیا کی اہم زبانوں میں موجود تھا) فائدہ اٹھایا گیا ہے۔ (۳) اس کا رنگ محض الزامی اور مدافعانہ نہیں۔ (۴) اس میں مصنّف نے اپنی دیگر تصنیفات کے برعکس ذاتی رجحانات شامل نہیں کئے۔ نہ ذاتی حواشی کو داخل کیا ہے۔ اس کا ایک ایک لفظ اپنے لئے تاریخی سند رکھتا ہے۔

کتاب اتنی خشک نہیں۔ جیسی کہ توقع رکھی جا سکتی تھی۔ پھر بھی

بعض اوقات حوالہ جات کی بھرمار کی وجہ سے عام پڑھنے والوں کے لئے ذرا گراں ہو جاتی ہے۔ اور بعض اوقات طرزِ بیان اس درجہ مدلّل اور منطقیانہ ہو جاتا ہے گویا مصنّف "عدالت کا فیصلہ لکھ رہا ہے"۔

ایک کمی یہ بھی ہے۔ کہ اُردو داں طبقہ (اور انگریزی داں طبقہ) کی خاطر ہجری سن کے ساتھ عیسوی سال نہیں لکھا گیا ؛

خلاصۂ کلام یہ ہے۔ کہ شبلیؔ کی والہانہ عقیدت اور شوق بے تاب نے سیرۃ النبی کو اپنی مصنّفانہ آرزوٗں اور تمنّاؤں کا آخری مرکز بنایا اس کا احاطۂ بیان اتنا وسیع تھا۔ کہ مرحوم کے انتقال کے بعد کتاب ۵ جلدوں تک پہنچ چکی ہے۔ اور ابھی اس کے کئی مضامین باقی ہیں۔ ہمارے خیال میں اب یہ سیرۃ سوانح عمری سے نکل کر اسلام کی حقیقت اور صداقت کے موضوع تک چلی گئی ہے۔ جو نہیں کہا جا سکتا۔ کہاں تک 'سوانح عمری' کی جدید تعریف میں آسکتی ہے ؛

شبلیؔ کا سٹائل

شبلیؔ کے سٹائل کی خصوصیتوں کا ذکر دوسری کتابوں میں بہ تفصیل موجود ہے[1]۔ یہاں ہم صرف 'ظہورِ قدسی' کی بے مثال فصاحت اور جوشِ بیان اور وجد آور صمیمیت کا ذکر کرتے ہیں۔ اور یہ کہہ سکتے ہیں۔ کہ اُردو زبان میں اتنا پُر زور اور پُر خلوص خطبہ شاید اب تک نہیں لکھا گیا۔ اس خطبہ سے شبلیؔ کی معقول پرستی کا راز بھی آشکارا ہو جاتا ہے۔ "ارباب سیر[2] اپنے مخصوص پیرایہ بیان میں

---

[1] شبلی کے سٹایل کے لئے دیکھو تنقیدات از محی الدین قادری، اردو کے اسالیب بیان از محی الدین قادری شبلی از سعید انصاری۔ افادات مہدی مرتبہ مہدی بیگم، سیر المصنفین از تنہا، تاریخ ادب اردو از رام بابو سکسینہ

[2] سیرۃ النبی۔ ج ۱۔ ص ۱۵۹،

لکھتے ہیں۔ کہ آج کی رات ایوان کسرے کے ۱۴ کنگرے گر گئے۔ آتشکدۂ فارس بجھ گیا۔ دریائے ساوہ خشک ہو گیا۔ لیکن سچ یہ ہے کہ ایوان کسرے نہیں۔ بلکہ شان عجم شوکت روم، اوج چین کے قصر ہائے فلک بوس گر پڑے۔ آتش فارس نہیں بلکہ جحیم شر، آتشکدۂ کفر، آذرکدۂ گمرہی سرد ہو کر رہ گئے۔ صنمخانوں میں خاک اڑنے لگی۔ بت کدے خاک میں مل گئے شیرازۂ مجوسیت بکھر گیا۔ نصرانیت کے اوراق خزاں دیدہ ایک ایک کرکے جھڑ گئے "

سید محمد عبداللہ

لاہور کی ایک مسجد سے اکبر کے عہد کے چند کتبات

اس سے پیشتر میں نے ایک مضمون انجمن حمایت اسلام لاہور کے ہفتہ وار اخبار "حمایت اسلام" کے عید نمبر میں بہ عنوان "مآثر لاہور" لکھا تھا جس میں میں نے لاہور کی قدیم مساجد کے کتبات کو جمع کر کے شایع کیا تھا۔ یہ کتبے بیشتر جہانگیر، شاہجہان اور اورنگ زیب کے عہد سے تعلق رکھتے تھے، ان بادشاہوں کے نام ان میں مذکور ہیں ؂

اسی تحقیقات کے سلسلے میں میری توجہ عہد اکبری کے دو تین کتبوں کی طرف منعطف ہوئی جو بھاٹی دروازے کے اندر ایک مسجد میں "جو اونچی مسجد" کے نام سے معروف ہے پائے گئے۔ ان کتبوں کی عبارات مسجد کی پچھلی دیوار میں سفیدی اور چونے کی تہ میں دبی ہوئی تھیں اور صاف طور سے پڑھی نہیں جاتی تھیں، لیکن ان کو دیکھنے سے اتنا اندازہ ہوتا تھا کہ ان کا خط قدیم ہے، اس سے مجھے مزید دلچسپی ہوئی۔ چنانچہ میں نے امام مسجد کی اجازت سے عبارات کے حروف کو صاف کرنا شروع کیا۔ اور تھوڑا تھوڑا کر کے چند روز میں پورے کتبے کو صاف کر دیا۔ جس سے عبارت ذیل برآمد ہوئی :-

۱۔ قد بنی ھذا المسجد فی ایّام خلافۃ سند الخواقین

سیّد الخوانین مربیّ العالمین سیّما

۲۔ العاملین مروّج الشریعۃ الغرّاء مزیّن الملّۃ الحنیفیۃ البیضاء

۳۔ الذی یجاھد ویغازی فی سبیل اللہ ابوالفتح جلال الدین

محمد اکبر بادشاہ غازی خلد ملکہ،

مسجد کی درمیانی محراب پر جو کتبہ تھا۔ اس کو بھی میں نے اسی طرح صاف کیا، اس میں آیات ذیل عمدہ خط نسخ میں لکھی ہوئی ہیں:۔

"وقال اللہ سبحانہ تعالیٰ شانہ انما یعمر مساجد اللہ من آمن باللہ والیوم الآخر واقام الصلوٰۃ وآتی الزکوٰۃ ولم یخش الا اللہ فعسیٰ اولئك ان یکونوا من المھتدین"

شمالی محراب کے کتبے میں آیت ذیل مسطور ہے:۔

قال اللہ جل شانہ عزّ برھانہ حافظوا علی الصلوات والصلوٰۃ الوسطیٰ وقوموا للہ قانتین،

ان کتبوں کا خط عمدہ نسخ ہے۔ جو اکبر کے ابتدائی عہد کا نمونہ ہے، اس سے ہم اندازہ کرسکتے ہیں کہ مسجد کی تاریخ بنا ۹۷۰ھ۔ ۹۸۰ھ ہے؛

اس مسجد کے متعلق سیّد محمد لطیف اپنی تاریخ لاہور ص۲۲۷ میں لکھتے ہیں۔ کہ وہ لکڑ ہارا بازار میں واقع ہے۔ اور ایک اونچے چبوترے پر ہے، اس کی بلندی کی وجہ سے اس کو "اونچی مسجد" کہتے ہیں۔ اس کی بنا اکبر کے کسی سقّے کی طرف منسوب کی جاتی ہے۔ اس کی مرکزی محراب پر جو حال ہی کی تعمیر ہے۔ ایک طغرائی کتبہ ہے جس میں اکبر کا نام ہے۔ لالہ کنھیا لال نے تاریخ لاہور میں لکھا ہے کہ یہ مسجد عالمگیر کے زمانے کی ہے (ص۱۴۷)، سید محمد لطیف نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس کا دروازہ ۱۲۹۹ھ کا تعمیر شدہ ہے

کیونکہ اس پر تاریخ تعمیر ذیل کے شعر میں لکھی ہے :-

چو شد تعمیر معمار خرد گفت — کہ "این باب بہشت جاودان است"
۱۲۶۹

یہ واضح رہے ۔ کہ مسجد کی موجودہ تعمیر عہد اورنگ زیب سے بھی بہت بعد کی ہے ۔ ہمارا خیال ہے ۔ کہ پہلے یہاں کوئی مسجد عہد اکبری میں تعمیر ہوئی ہوگی جو کسی وجہ سے گر گئی اور اسی جگہ پر دوبارہ نئی بنائی گئی ۔ مسجد کا سطحی نقشہ یقیناً قدیم معلوم ہوتا ہے ۔ مذکورہ بالا کتبات اسی قدیم عمارت کے ہوں گے ۔ جو نئی عمارت کی پچھلی دیوار میں نصب کر دیئے گئے ہیں *

عبداللہ چغتائی

اطلاع

حاضریوں کی کمی کی معافی کے قواعد

جن طلبہ کی حاضریاں امتحان میں بھیجے جانے کے وقت کم نکلتی ہیں اور وہ اس بنا پر امتحان میں جانے سے روک دیے جاتے ہیں۔ ان کی معافی کے متعلق پنجاب یونیورسٹی نے بعض قواعد مقرر کیے ہوئے ہیں (ملاحظہ ہو پنجاب یونیورسٹی کیلنڈر بابت ۳۹-۱۹۳۸ ص ۶۳۰) اب یونیورسٹی نے ایک نئے سرکلر کے ذریعے دوبارہ اس امر کی تاکید کی ہے۔ کہ حاضریوں کی کمی کی معافی کے لئے جو درخواستیں پیش ہوں۔ ان کے سلسلے میں قاعدہ نمبر ۷، ۸ کی بیش از پیش پابندی کی جائے۔ (قاعدہ ۷ کا حاصل یہ ہے کہ معقول عذر کے بغیر حاضری کی کوئی کمی قابل معافی تصور نہ ہوگی۔ قاعدہ ۸ یہ ہے کہ معمولی حالات میں ۵ سے زیادہ لکچروں کی کمی فی مضمون معاف ہوگی) اسی ضمن میں یونیورسٹی نے قاعدہ نمبر ۱۰ پر بھی سختی سے عمل درآمد کرنے کی تاکید کی ہے۔ قاعدہ نمبر ۱۰ میں یہ ضروری قرار دیا گیا ہے کہ "درخواستوں پر اس وقت تک مطلق کوئی غور نہیں ہوگا جب تک کہ پرنسپل کے نام چھٹی کی درخواست کے ہمراہ کسی ایسے ڈاکٹر کا سرٹیفکیٹ نہ ہو۔ جو کم از کم اسسٹنٹ سرجن کا درجہ رکھتا ہو۔" اس تاکید کی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی کہ بعض اوقات درخواست کنندگان کی جانب سے ایسے طبی سرٹیفکیٹ پیش کیے جاتے ہیں۔ جو بہت بعد کی تاریخ کے ہوتے ہیں + بنا بریں یہ ضروری قرار دیا گیا ہے کہ ڈاکٹری سرٹیفکیٹ، چھٹی کی درخواست کے ہمراہ پیش کیا جائے اور لیکچروں کی کمی کی معافی کی درخواست کے ساتھ ایسے سارے سرٹیفکیٹ منسلک ہوں:۔

تمام طلبہ کو اس اعلان کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مندرجہ بالا قواعد کا خاص خیال رکھیں۔ نیز اساتذہ سے بھی التماس ہے۔ کہ وہ لیکچروں کی کمی کی معافی کے لئے درخواستوں کو بھجوانے سے پہلے ان قواعد کا پورا پورا لحاظ رکھیں +

پرنسپل اورینٹل کالج لاہور

اورینٹل کالج میگزین (حصہ اردو)

اس علمی ادبی اور تاریخی سہ ماہی رسالہ کا سالانہ چندہ ۱۲عہ/ ہے - اس رسالہ کا ضمیمہ پنجاب یونیورسٹی عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کی طرف سے شایع ہوتا ہے اسکا سالانہ چندہ ۶عہ ہے یہ رسالہ ۱۹۲۵ء سے شایع ہو رہا ہے' سابقہ نمبر تھوڑی سی تعداد میں باقی ہیں (بجز اگست ۲۷ و ۱۹۳۱ء کے دو رسالوں کے کہ وہ ختم ہو چکے ہیں) قیمت فی نمبر عہ۱

ذیل کے مقالات اور کتابیں جو اس رسالہ میں شایع ہوئیں' الگ بھی مل سکتی ہیں :-

(۱) ضمیمہ اورینٹل کالج میگزین جلد اول نمبر ا سلسلہ نمبر ا
غزلیات حضرت امام العالم و غوث الاعظم امیر سید محمد الملقب بہ نوربخش قیمت ۴

(۲) سفرنامۂ چین ۱۴۱۹ء تا ۱۴۲۲ء یعنی مضمون و محصل روزنامچہ خواجہ غیاث الدین (نقاش) ایلچی بایسنغر میرزا ابن شاہرخ میرزا ابن امیر تیمور گورگان کہ حافظ ابرو در زبدۃ التواریخ درج نمودہ - قیمت ۸

(۳) فہارس لسان العرب حصہ اول (اسماء شعراء جن کے اشعار لسان العرب میں درج ہیں) از پروفیسر عبدالقیوم ایم - اے - مجلد قیمت ۵

(۴) شمس العلماء مولانا محمد حسین آزاد - از آغا محمد باقر ایم - اے / بی - ٹی ، قیمت ۱

(۵) فہارس لسان العرب حصہ دوم (فہرست قوافی) از مولوی عبدالقیوم - ایم اے - ۱۳۶ صفحے چھپ چکے ہیں - باقی زیر طبع ہیں

(۶) مطلع السعدین از کمال الدین سمرقندی - مرتبہ پروفیسر محمد شفیع ایم اے پرنسپل اورینٹل کالج لاہور - ۲۴ صفحے چھپ چکے ہیں - باقی کتاب زیر طبع ہے

درخواستیں پرنسپل اورینٹل کالج میگزین لاہور کے نام آنی چاہئیں ٭

تبصرہ و تنقید

جواہر سخن حصّۂ چہارم

مرتبہ مولوی محمد مبین کیفی - چریا کوٹی -

[صفحات ۲۲۷ شایع کردہ ہندوستانی اکیڈیمی قیمت مجلد دو روپیہ آٹھ آنے غیر مجلد صرف دو روپے]

یہ جواہر سخن کی چوتھی جلد ہے - اس پر ڈاکٹر عبدالستار صاحب صدیقی - ایم، اے پی - ایچ - ڈی - صدر شعبۂ عربی و فارسی الہ آباد یونیورسٹی نے نظر ثانی فرمائی ہے - اس جلد میں ۲۵ شاعروں کے کلام کا انتخاب ہے - جن کا تعلق لکھنؤ سکول سے ہے - اس حصّہ میں مرثیہ گو شعرا (مثلاً میر ضمیر، میر خلیق، میر انیس وغیرہ) کے انتخابات نمایاں نظر آتے ہیں - شعرا کے حالات کے بیان کرنے کا وہی انداز ہے - جو پہلی تین جلدوں میں مد نظر رکھا گیا ہے ؂

کتاب بلحاظ انتخاب کلام قابلِ قدر ہے - اور اُردو شاعری کے جامع مطالعہ کے سلسلے میں بہت مفید ہے ؂

سید محمد عبداللہ

صدر البیت	قافیہ	بحر	جلد	صفحہ
جرِبّانةٌ	الجلامِدُ	طویل	۱	۲۵۴ ر=
(او جلبّانةٌ)				۲۶۲ء)
تـری	فارِدُ	″	۱	۳۱۶
وفی	والِدُ	″	۱	۳۸۶
وإن	سائِدُ	″	۲	۱۱۷
وصاحَ	المُعاهِدُ	″	۳	۳۵۳
فکیفَ	بَاجِدُ	″	۴	۴۳
أتانی	بَارِدُ	″	۴	۵۳
فلمّا	الاَجالِدُ	″	۴	۹۹
وشقّوا	مُحاتِدُ	″	۴	۱۱۵
أسوُدُ	حَوارِدُ	″	۴	۱۲۲
توقّ	المَراشِدُ	″	۴	۱۵۶
ذکرتُ	المُتَطارِدُ	″	۴	۲۵۷
أخو	المطاوِدُ	″	۴	۲۵۹
یُصعّدن	عارِدُ	″	۴	۲۷۹ ر=
				۱۶: ۴۵)
لقد	المواعِدُ	″	۴	۳۳۱
فظلّ	القصائِدُ	″	۴	۳۵۷
تنزّلَ	المَوارِدُ	″	۴	۳۷۳
اذا	نَاجِدُ	″	۴	۴۲۸ ر=

صدر البیت	قافیہ	بحر	جلد	صفحہ
				۱۷: ۳۳۴ء)
رَعَی	وَاعِلُ	طویل	۴	۴۷۹ ر=
				۱۰: ۱۹۵ء)
وما	وَارِدُ	″	۵	۱۷۴
إزاءُ	قاعِدُ	″	۶	۳ ر=
				۱۸: ۳۴ء)
وغرّرہ	رَافِدُ	″	۶	۳۲۲
قلیلة	بَارِدُ	″	۷	۳۷ ر=
				۴: ۵۱ء)
اذا	الفَراقِدُ	″	۷	۱۵۶
وما	صَائِدُ	″	۷	۲۵۷
فإن	قاعِدُ	″	۸	۳۵۹ ر=
				۲۰: ۲۷۱ء)
یتابع	قاصِدُ	″	۹	۱۱۴
سقیٰ	الاَوابِدُ	″	۱۰	۲۲۸
فجاءَ	المَقاعِدُ	″	۱۰	۴۲۵ ر=
				۲۰: ۲۵۶ء)
وإنّی	صَواخِدُ	″	۱۱	۱۴۹
فمدّ	مُلاکِدُ	″	۱۱	۱۵۵
یُعالِجُ	حَاصِدُ	″	۱۱	۱۵۶

صدر البيت	قافيته	بحره	مجلد	صفحة
كُفِيتُ	سَاجِدُ	طويل	١١	٣٥٤
كأنَّ	المَوارِدُ	״	١١	٣٧٨
لـه	السَّواعِدُ	״	١٢	٢٩٤
اذا	الأَباعِدُ	״	١٢	٣٥٢
تَفَرَّقتُم	وَاحِدُ	״	١٢	٣٨٨
اذا	المَوارِدُ	״	١٣	١٥٤
لَعَمرِي	خالِدُ	״	١٤	١٥٧
بَراهُنَّ	عَوائِدُ	״	١٥	٣٢٣
تقامَتُ	الخرائِدُ	״	١٦	٧٩
وجاءَتُ	الرَّواعِدُ	״	١٧	١٢٠
عَفَتُ	هَامِدُ	״	١٧	١٦٧
تَرَدَّيتُ	الرَّوَاعِدُ	״	١٧	٤٢٧
تَدَلَّى	هَامِدُ	״	١٨	٢٩١
أَنابَ	رَاصِدُ	״	١٨	٣١٧
فذاك	مُتَباعِدُ	״	١٩	٧٤
وحالَ	ماجِدُ	״	١٩	١١٢ (= ٢٦٤،)
تَنطَّقنَ	القَلائِدُ	״	١٩	٣٧٧
للولا	والِدُ	״	٢٠	٣٦١
فَمُنذُ نَعُمْ	فأُسَاوِدُهُ	״	٢	١٤٠

صدر البيت	قافيته	بحره	مجلد	صفحة
الا	عائِدُهُ	طويل	٢	١٤٣
تَقُولُ	وافِدُهُ	״	٢	٤٥٥
تَأَبَّدَ	فَسَوَاعِدُهُ	״	٣	١٢٠١ (= ٤:١٩٩،)
ومُستَجمِع	سَوَاعِدُهُ	״	٩	٤١١
تَرَى	مَا رِدُهُ	״	١٠	١٣٤
نَفَدُ فَدُ	فَفَلافِدُهُ	״	١١	١٠٥
بِلادُ	بِـلادُ	״	٧	٣٠٨
تَقُولُ	وِسَادُهَا	״	٤	١٧٠
إلَى	فَيَصَادُهَا	״	٤	٢٤٩
وَيَفهَم	سَوَادُهَا	״	١٣	١٧٢
يَجُوزُ	تُرِيدُ	״	٢	١٤٥
وكَيفَ	بَبِيدُ	״	٣	١٧٨
عَشِيَّةَ	بَعِيدُ	״	٤	٥٧
فَـلا	جُرودُ	״	٤	٨٧
يُباشِرنَ	مُفِيدُ (راو مَفقُود)	״	٤	١١٣ (= ٣٣٨، ٣٣٩،)
مِنْ	مُخَرِيدُ	״	٤	١٤١
أَلَم	صَلُودُ	״	٤	٢٢٤ (=

صدر البيت	قافيته	بحره	مجلد	صفحة
				١٠: ٢٦٠)،
وإنْ	وُفُودُ	طويل	٤	٣٠٨
أَعَاذِلَ	فَدِيدُ	"	٤	٣٢٦ (=
	(راوِوَبِيدُ)			٤٥٥،
				١٦: ٨٣)،
أَتَتك	تَذُودُ	"	٥	٢٢
أَلا	يَزِيدُ	"	٥	١٣٧
دِيارٌ	شَدِيدُ	"	٦	٧١
أَذُورُ	رُكُودُ	"	٦	٣٧٦
أَقَلَّ	هُجُودُ	"	٧	٣٠٦
مَتى	جَلِيدُ	"	٩	٣١٩
أَرَدتُ	شُهُودُ	"	١٣	٣٥٥
وما	جُدُودُ	"	١٣	٣٦٥
وأُعرِض	وبِيدُ	"	١٤	١٤٠
تَمَشّى	عُقُودُ	"	١٤	٢٢٤
عَشِيَّة	خُدُودُ	"	١٤	٢٦٩
فأَصبَحنَ	وَلِيدُ	"	١٥	١٥٩
وكانَ	رُقُودُ	"	١٥	٢٤١
ودَجَّ	يَزِيدُ	"	١٦	١٧٧
تَناءَنْ	كُنُودُ	"	١٦	٢١٩ (=

صدر البيت	قافيته	بحره	مجلد	صفحة
				٢٢٤،
				٢٢٥)،
وماذا	صُدُودُ	طويل	١٩	١٧
وإنّا	فَنَعُودُ	"	١٩	١٧٤
فلَمّا	قُعُودُ	"	١٩	٣٤٤
فَدُومِي	عُهُودُ	"	٢٠	١٣٤
بِعَيساء	نُهُودُ	"	٢٠	٢٩٢
اذاما	عَبِيدُها	"	١	١١٣ (=
				٤: ٢٩٨،
				٧: ٤٣٠)،
لَقَد	جِيدُها	"	١	٢٣٤ (=
				٨: ٧٧،
				١٥: ٤١٨)،
وما	أُرِيدُها	"	٢	١٥ (=
				٦: ٣٨٢،
				٣٨٥)،
أَلَم	صَعِيدُها	"	٢	٣٩٤
وصَهباء	عَدِيدُها	"	٣	٢٠٢
لِأُدْماء	عَدِيدُها	"	٣	٢٠٢
فَقَرَّبتُ	صَعُودُها	"	٣	٣٧٧

[۶] اک + : نیام برکشید و شاه انجم سپر سنگرفی از ردی سپهر زنگاری برآورده تاج کوهسار از تیغ کوهسار نمود و رایت لعل پیکر

با غلبهٔ انبوه که تمام دشت وکوه از جنبش آن بستوه آید صف قتال
وجدال آراسته در مقام مقابله ومقاتله چون سدّ سکندر وقلعهٔ
خیبر ایستادند، لشکری یکدل که در موقف جان سپاری و
هنگام نیزه گذاری **بیت**

باد تازی را بر عرصهٔ خاکی رانند
آب هندی را در شعلهٔ آذر گیرند

واز مردان جنگی بسیط خاک تنگی گرفته وبساط صحرا وکوه بستوه آمده؛
از عکس تیغ مینا فام پیکر آب بسان آتش عقیق مذاب بود وآتش
از نهیب خنجر الماس گون در دل سنگ وپولاد آب می نمود ،
واز طرف خاقان کامگار سپاه نصرت شعار **بیت** ۱۰

چنان حریص بحرب اندرون که گفتی حرب
عزیز بود بر ایشان وجان شیرین خوار[۱]

از فروغ تیغ شان آفتاب[۲] ظفر رخشان واز ابر خنجر برق[۳] نصرت
درفشان ، از عقاب خدنگ هر یک نسر طایر پهلو تهی کرده ،
بنوک ناوک در شب تار سینهٔ مور و دیدهٔ مار دوخته ، ومستقرّ لشکر
از نهیب سواران دشت محشر شد ومرکز خاک از بیقراری فلک
دیگر گشت ، اژدهای فلک از بیم اژدرهای علم سر درکشید،
وشیر چرخ از هیبت شیر رایت بجان امان خواست **بیت**

زشیر رایت تو شیر آسمان زنهار
هزار بار بهر لحظهٔ امان خواهد

بدین صفت آن دو سپاه کینه خواه عزم رزم کردند، وهر دو

---

[۱] ک : خار ، [۲] فقط آ : آب ، [۳] فقط بآ : برق خنجر ،

لشکر چون دو کوه پولاد و بسان دو دریای دمان از باد در حرکت آمدند، عَلَم چون مبارزان لباس کین می پوشید و اژدهای بیرق از باد حمله چون شیر ژیان بر خود می پیچید، از هیبت و زلزلهٔ آواز کوس جای آن داشت که بسیط خاک در جنبش آید، و از دَم نای روئین[1] بیم آن بود که دایرهٔ فلک از حرکت باز ایستد، پُردلان را جان در تن چون برگ بید از باد، و از عکس آفتاب در آب می لرزید، آسمان را با وجود (ورق ۴۵۴ر) تیغ آفتاب سر از حیرت آن معرکه می گردید

(۴۵۴ر)

نظم

بجنبش در آمد دو دریای خون ... شد از موج آتش زمین لاله گون

گورکه[2] بغرید چون نره شیر ... در آمد برقص اژدهای دلیر ۱۰

غریویدن کوس گردون شگاف ... فلک را در افگند پیچش بناف

سنان بر سر موی بازی کنان ... بخون روی دشمن نمازی کنان

شیران بیشهٔ دلاوری و دلیران پیشهٔ بهادری باستظهار نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ[3] در کوشش آمدند، فروغ تیغ چون برق از میغ آتش می فشاند، و گرد نبرد از میدان مبارزان باران خون می نشاند، مبارزان طرفین چون شیران جنگی در هم آویختند و دلاوران جانبین غبار فتنه از اطراف معرکه بر انگیختند، از بسکه کشته بر کشته افتاده بود سطح معرکه پشته پشته می نمود[4] بیت

بسکه مژگان تو خون اهل عالم ریختند

پشته پشته کشته در کوی تو برهم ریختند*

---

[1] ک: رویین، [2] م آ ک: تبیره، [3] قرآن مجید ۶۱ (الصف): ۱۳، [4] آ ک ـــ

شهسوارِ آفتاب از سهمِ تیرِ پرتاب جوشنِ سحاب درپوشید و مرّیخِ خونخوار با همه پُردلی از بیمِ آن رزمگاه سپرِ ماه در رُخ کشید،

درین حال شهزادهٔ عالیجناب ع
مَلَک[1] همعنان و فلک در[2] رکاب

ع غیاث الدین میرزا بایسنغر قطعه

گفته بلند موکبِ او با ظفر سخن ‌ ‌ ‌ کرده دراز خنجرِ او در عدو زبان
پاشیده نور گوهرِ تاجش بر آفتاب ‌ ‌ ‌ افگنده سایه گوشهٔ چترش بر آسمان

از جرأت[3] مخالفان چنان گرم که نزدیک بود که از آتشِ خشم برافروزد و زره و جوشن در بدنِ آن شیرِ پیل تن، لشکرشکن بسوزد، از جوانغار در ضمانِ[4] عنایت و حمایتِ پروردگار بجُنبید، و عنان بسمندِ جهان نوردِ باد رفتارِ آتش سرعت داد، و از جنبشِ او زلزله بر اعطافِ زمین و ولوله در اطرافِ آسمان افتاد، دلاورانِ لشکر شاه زاده[5] که در[6] میدانِ جنگ از[7] شیر و پلنگ روی نمیگردانیدند و افراسیاب و پشنگ را در حساب نمی گرفتند بر سپاهِ ترکمان زدند و ایشان آن حمله را که کوه از صدمتِ آن از جای رفتی به ثبات پیش آمدند و سینه های پُرفتنه را هدفِ تیرِ بلا ساختند، و بسرو بدن گردن افراختند،

و چون ترا که را درست گشت که شکستِ ایشان

---

[1] ک : جهان، [2] آ: هم، [3] ک : حمایت، [4] ک — آ: درضمانِ پروردگان، آ: درضمان عنایت، [5] آ: شاهزاده را، [6] ک : از، نسخ دیگر مثل متن، [7] ک —،

آن خسروِ فیروز جنگست ، و مدارِ لشکرِ فیروز بر شاهزادهٔ منصور ، مجموع بر قصدِ او جمع گشته تعبیهٔ نو ساختند ، و چون برق خاطف و ریحِ عاصف بجانبِ او تاختند شاهزاده که در جوشنِ کین پروردهٔ و بر مهدِ زین بالیده ، و بارانِ تیغ و تیر بر آن کوهِ وقار و ثبات باریده ، و بمردی و دلاوری در دهانِ اژدها رفته و پیشانی شیر خاریده ، از کثرتِ غوغای ایشان متأثّر و متغیّر نگشت ، و دستِ اعتصام در دامنِ توکّل زده پای ثبات در دامنِ وقار آورد ، و بدستِ عزم عنانِ جهانگشای گرفته نهنگِ خونخوار از نیامِ انتقام برکشید ، و سمندِ بادرفتار که چون سمندر درمیانِ شعلهٔ آتشِ جنگ می رفت
۱۰ بر فضای صحرای معرکه در جولان آورد ، و بمددِ بختِ برنا و قوّتِ بازوی توانا نبردی کرد که داستانِ رستمِ دستان بر طاقِ نسیان ماند و خطِ نسخ بر دیباچهٔ جنگنامهٔ اسفندیار کشید ، و آب روی دلاوری سهراب برخاک ریخت ، و آتشِ رشک و غیرت از جانِ سام و روانِ بهرام برانگیخت ، چندان کشته و خسته برهم افگند که سواران را[1] مجالِ گشتن[2] و پیاده را محلّ گذشتن نماند ، (۳۵۴ب) و در صحرای معرکه چندان سیلِ خون از میغِ تیغ[3] بارید که بیت

زخون هفت دریا برآمد بهم زمین از دگر سو بدرد ادنم

هر سرافراز را که تیغ بر فرق میزد تا میان می شگافت ، و هر گردن کش را که نیزهٔ او بسینه می رسید از پشت بیرون می رفت ،

---

[1] فقط آ : از سپاه (بجای از) ، [2] ک ، سوارانرا ، آ : سواران ،
[3] فقط آ : برگشتن ، [4] فقط آ : تیغ میغ ،

گاهی به زخمِ خدنگِ دلدوز پیاده را بر زمین و سوار را بر زین
می دوخت ، و گاهی بحدِّ خنجرِ خاراگذار زره پوش و سپردار را
چون خیار بدو نیم می کرد ،
حضرت خاقانِ سعید، آن فریدون فرِّ جمشیدگاه ،هنگامِ چاشتگاه
که سلطان[1] والشّمسِ وضُحٰها رایتِ نور برافراخت وجهان را
از پرتوِ عالم افروز روشن ساخت بدستورِ معهود اشارت فرمود که
فرّاش خاص جهتِ ادای نمازِ چاشت خرگاهِ طهارتخانه برافراخت،
و آنحضرت بخرگاه درآمده بطهارت اشتغال نمود ، و در اثنای
طهارت از اطرافِ لشکر خبری می رسید و احوالِ حرب وقتال می پرسید،
وهر جا که بمدد احتیاج داشتند کومک تعیین می فرمود ، و در محلّی که
شیرِ فلک چون مار زنهار می خواست ، و از مهابتِ زاغِ کمان
سیمرغ پناه بکوه قاف می برد ، آنحضرت طهارتِ کامل ساخته
دوازده رکعتِ نمازِ چاشت بکمال خضوع و غایت خشوع به ادا رسانید،
و باعتقادِ پاک روی اخلاص بر خاک نهاد ، و فتح وظفر از عنایتِ باری
نه از بسیاری لشکر دانسته بدستِ تائید تیغِ ظفرپیکر از نیام برکشید ،
و روی بسوی لشکرِ اعدا آورده سورن انداخت ،
وحولِ یزدانی و قوّتِ آسمانی سپاهِ ترکمان را پریشان ساخت،
و اَجرامِ نوربخش فتح و نصرت فروزنده و اَعلامِ دولت و اقبال
فرازنده گشت ، و اعدا چون از ستیز و آویز عاجز شدند رو براهِ فرار
و گریز آوردند ،

---

[1] قرآن مجید ۹۱ (الشمس) : ۱ ،

و حضرت خاقانِ سعید بر تیسیر این فتحِ نامدار که طرازِ فتوحات سلاطین کامگار تواند بود شکرِ نعمای الٰهی ادا فرمود و بوظیفهٔ سپاس داری قیام نمود، و مثالِ آسمان امتثال بتحریرِ فتح نامها نفاذ یافت، و دبیرِ روشن ضمیر که بیت

صریرِ کلکش در کشفِ مشکلاتِ جهان

چنان که نغمهٔ داؤد در ادای زبور

بالماسِ فکرت دُررِ معانی می سُفت و آن را در سلکِ الفاظ و کلماتِ مرغوب نظم می داد، و باطرافِ ممالکِ رُبعِ مسکون مشتمل بر ذکرِ فتوحِ دولتِ همایون فرستاده می آمد،

۱۰ و آنحضرت فرزند سعادتمند میرزا محمد جوکی [بهادر][1] را برسمِ تکامیشی[2] نامزد فرمود، و امرای کبار و سردارانِ نامدار ملازمِ رکابِ ظفر انتساب تعیین فرمود، و ایشان تا ارضِ روم و صحرای موش در قفای مخالفان رفتند، و آثارِ تسلّط و اقتدار بظهور آوردند،

و صاحبِ ظفرنامه[3] الطفِ جهان و اشرفِ دوران مولانا شرف الدین علی الیزدی طابَ ثَراهُ دران یورش ملازمِ رکابِ شاهزادهٔ عالیجناب ابوالفتح میرزا ابراهیم سلطان بوده است و می فرماید[4] که، آنچه از کمالِ بسالت و شجاعت و وفورِ دلاوری و جلادت در ظاهرِ سلماس که معقل و متحصّنِ مخالفانِ شدید البأس بود برأی العین دیده شد حقّا و ثمّ حقّا که اگر عشرِ عشیر بطریق نقل از افواه استماع رفتی عقل از قبولِ آن البتّه[5] اِبا نمودی رباعی

[1] فقط ک ... [2] ک: تکامیشی، آ اک: تکامشی، با آ مثل متن، [3] عجب نیست که عبارات آینده از شرفنامه مقالهٔ ۲ باب ۳ منقول است رک به ضمیمه اورینٹل کالج میگزین اگست ۱۹۳۹ء ص ۵ حاشیه ۱، [5] فقط آ،

زآئینِ ثباتِ شاه ابوالفتح بجنگ
خون شد ز حسد بروز هیجا دلِ سنگ

این حال ز کوههای سلماس بپرس
کز راهِ صدا شرح دهند[۱] از دلِ تنگ

و این واقعهٔ عظیم الشان که الحق از بدایع وقایع عالم بعِظَمِ غرابت[۲]
ممتاز و مستثنیٰ است بتاریخی وقوع یافت که ازین نظم مستفاد می شود

(۳۵۵ر)

رباعی (ورق ۳۵۵)

اسکندرِ ترکمان چو عصیان ورزید
دارای زمان سزای او واجب دید
۱۰
از تیغِ ابوالفتح چو بگریخت بجنگ
تاریخ شد از قدرِ ابوالفتح پدید

وچون جنابِ مولوی شرحِ عظمتِ آن داستان را[۳] بحُسنِ بیان ادا نمود
قلمِ ضعیف رقم نیز سر انجامِ حکایت را بلطفِ روایتِ امامِ مهرهٔ کلام
حُلّهٔ اختتام پوشانید ع
[۴]در سخن خوبست حُسنِ اختتام

---

۱ کذا در ک و آ، ۲ فقط با: ۸۹۸، ۳ ک: غریب
اک: وغرابت، با آ مثل متن، ۴ اک: آری آری در سخن الخ

ذکرِ شکرِ حضرت پروردگار، و تربیت شاهزادگان کامگار و امرای نامدار، و اخبار سایرِ بلاد و دیار

چون آفتاب فتح و ظفر از مشرقِ عنایت برآمد و همای همایون فالِ سعادت و اقبال جناح نجاح بازکشاد، و تائیدِ آسمانی[1] بمیامنِ دولتِ حضرت خاقانی جمعیت ترکمان پریشان گردانید، ولشکرِ مغرور مقهور گشت، آنحضرت بمضمونِ کلام معجز نظام اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی فَضَّلَنَا عَلیٰ کَثِیْرٍ[2] مِّنْ عِبَادِهٖ رطب اللسان و عذب البیان شد، و بعجز[3] و قصورِ خود اعتراف نموده فتح و ظفر از عنایتِ حضرت آفریدگار دانست، و شکرِ نعمای الٰهی بجا آورد، و شاهزادگانِ کامگار، و امرای نامدار، و بهادرانِ شجاعت پیشه، و دلاورانِ غضنفر اندیشه، که در میدان نبرد و معرکۂ مردانِ مردِ آثارِ شجاعت و اقتدار ظاهر ساخته بودند همه را بانعام و اکرام معزّز و مکرّم گردانید، و پایۂ قدرِ همگنان از ایوانِ کیوان گذرانید ع

زبحرِ کرم گشته غرقِ نعم،

و درین وقت که اردوی گردون اساس در ظاهر سلماس نشسته بود از جانب ماوراء النّهر و ترکستان عرضه داشت و قاصدِ میرزا الغ بیگ رسید و بموقفِ عرض رسانید که میانِ سلطان محمود اغلان

---

[1] فقط آ: آسمان، [2] قرآن مجید ۲۷ (النمل): ۱۵، [3] ک: کثیرة،
[4] فقط ک: بفجور،

وبراق اغلان در مغولستان محاربهٔ عظیم واقع شد، و سلطان محمود براق[1] را بقتل آورد،

وهم دران ایام از خراسان ایلچی آمد و عرضه داشت که شاهزادگان میرزا منظفر بن میرزا بایقرا و میرزا سنجر بن میرزا پیر محمد کابلی و میرزا عمر شیخ ابن میرزا پیر محمد شیرازی[2] جهان فانی را وداع کردند، آنحضرت را از استماع خبر وفات شاهزادگان ملالی[3] عظیم روی نمود. امّا جز صبر و تسلیم چارهٔ نبود، ترویح روح ایشان را اطعام طعام و ختمات کلام ملک علّام فرمود،

واز جانب ماوراء النّهر باز ایلچی آمد و عرضه داشت نمود[4] که سلطان محمود اغلان را محمّد غازی در مغولستان[5] قتل کرد، بیت

کشتی تو و کشتند ترا بهر مکافات   تا باز کجا کشته شود آنکه ترا کشت

و[6] پیش از انکه میرزا ابراهیم سلطان به اردوی خاقان عالمستان آید قاصد و عرضه داشت از تختگاه فارس فرستاده بود و از عزیمت خود بطرف ولایت هرموز و اطراف گرمسیرات خبر داده، وشاهزاده چون عزیمت نمود نخست قلعهٔ منوجان را محاصره فرمود، و چون بسبب شدّت گرما موسم آن یورش نبود هرموزیان که متحرزان جهانند قلاع خود محکم ساخته در جزیرهٔ جرون[7] خزیدند و دم در کشیدند[8]،

---

[1] آک + : بن امیرزاده عمر شیخ. [2] آ، آ۲ : ملالت، [3] آ، آ۲، آک —،

[4] آ : مغول، آک، مقول، [5] آ —، [6] چون تیمور هنگام یورش پنجساله امیرزاده محمد سلطان را برای ضبط ولایت هرمز و توابع آن فرستاد محمد شاه ملک هرمز نیز بجزیرهٔ جرون پناه برده رک به یزدی ا: ۸۱۰، [7] آ، آ۲ : کشید،

لشکرِ فارس بجهتِ عفونتِ هوا وحدّتِ گرما خراب شده بسیاری از حایهٔ حیات عاری گشتند، و امرای فارس بلطایفِ حیل صلح گونهٔ شکسته بسته درهم بستند و بمحقّر تحفهٔ قناعت نموده بازگشتند،

وقایع سنه ثلاث وثلثین

ذکر نهضت همایون بصوب قلعهٔ آلنجق[1] و قشلاق فرمودن در قراباغ

موکبِ همایون هشتم محرّم از ظاهرِ سلماس بالشکرِ بحد و قیاس نهضت فرمود (۳۵۵ب) وازراه نخجوان میل جانبِ قلعهٔ آلنجق[2] نمود وچون آفتاب رایتِ میمون سایهٔ همایون بران ناحیت انداخت ونعالِ مراکبِ[3] گردون مواکب آن سرزمین را مشرّف ساخت ۱۰ حصنی نمود در رفعت از ایوانِ کیوان گذشته، وقاعدهٔ آن بانقطهٔ زمین قرین گشته، ولشکرِ منصور رایتِ نصرت کشاده و شمشیرِ ظفر کشیده دایره وار گردِ قلعه درآمدند، ونقطه کردار آن را درمیان گرفتند، واهل قلعه را ازمشاهدهٔ آن حال آتش درجان گرفته، ودودِ حیرت بسر برآمد، وعجز وقصورِ خود معاینه دیدند، وپیشکش ونثار بااعتذارِ بسیار بیرون فرستادند، وآنحضرت برحالِ ایشان بخشوده

---

[1] نقط آ : البخو، [2] آ : البخی، [3] نقط ک : مرکب،

عزمِ یورت قشلاق فرمود، وهم از طرفِ نخجوان براه کریوهٔ امردلق[1]
دوازدهم محرّم ع

عازمِ قشلاقِ قراباغ شد

و نوزدهم صفر در قراباغ فرود آمد، و امیر ابوسعید بن امیر قرایوسف
باردوی اعلی رسیده بسعادتِ بساطبوس[2] استسعاد یافت وعنایتِ
پادشاهانه شاملِ حالِ او گشت، و حضرت خاقان سعید آن زمستان
در قراباغِ ارّان گذرانید و قبّهٔ بارگاهِ عالمپناه باوجِ مهر و ماه رسانید،
پادشاهانِ جهان و گردنکشانِ دوران از حدودِ فرنگ و مصر و شام
رسل و رسایل بهرگونه وسایل باردوی فلک احتشام فرستادند
وحالات و ملتمسات بوسیلهٔ امرای عظام عرضه داشتند، و مهمات ساخته ۱۰
و انعام و اکرام یافته برحسبِ اجازت مراجعت نمودند، و آنحضرت
حکومتِ مملکت آذربایجان و ضمایم آنرا بجانبِ امیر ابوسعید بن
امیر قرایوسف که چون دولت و اقبال روی امید بدرگاهِ سلطان پناه
آورده تفویض فرمود، وغایتِ عنایت دربارهٔ او بذل نمود،
وگوشِ هوش[3] او را بنصایحِ پادشاهانه ومصالحِ [آن[4]] خسروانه آراسته
گردانید، و آنچه از خصایص و خصایلِ انسانی و فواضل و فضایل
باشد بر زبانِ گوهربار ولفظِ دُرر نثار گذرانید، و دُرّی چند شاهوار
در کنارِ روزگارِ او یادگار نهاد که جوهرشناسِ عقل با کمالِ معرفت از
بیانِ قیمت آن قاصر است، و ناطقهٔ سخن سرای قلم با چندان جولان
در مضمارِ بلاغت از شرحِ فواید و منافعِ آن عاجز بیت

---

[1] فقط اک: امردیق، [2] آ با: ملازمت، [3] فقط آ، [4] ک ک: از روی با [؟] شد،

گوهری دادش که صد جانش بهاست   معینی جان بخند انش بهاست

امیر ابوسعید زمین خدمت[1] بلب ادب* بوسیده و جبین طاعت برخاک عبودیت سوده گفت قطعه

رایت ورای توتا فگنده انداز روی لطف   نور بر چرخ بلند و سایه بر دهر خراب
روشنان سقف گردون فارغ اند از احتراق   ساکنان ربع مسکون ایمن اند از اضطراب

بنده از شمار کدام نیک خدمتانست که چندین نوازش و الطاف و پرورش و استعطاف در بارهٔ او مبذول فرمایند، و انواع عواطف و اصناف عوارف نسبت با او رعایت نمایند بیت

تا بر سرم فگندی از لطف خویش سایه   چون آفتاب تابان گردون مسیر گشتم

10 اکنون بر وفق رای انور و مقتضی فرمان مطاع منطقهٔ مطاوعت و بندگی بسته ام و چاکرانه بر آستان خدمت نشسته ع

بهرچه حکم کنی بر وجود من حکمی

و امیر ابوسعید سخنان خاقان پادشاه نشان که طرازندهٔ لباس نیک نامی و فرازندهٔ لوای شادکامیست ع

(۳۵۶ ا) چون الف در میان جان جا کرد (ورق ۳۵۶)

و همچو دال برکنار دل نشاند ع

سخن کز جان برون آید نشیند لاجرم در دل

و آنحضرت عزم مراجعت جزم فرمود ،

---

[1] آ: خدمت بلب طاعت ، اک : خدمت و طاعت ،

ذکر معاودت سلطان ممالک ستان از یورش دوم[1] آذربایجان بصوب مملکت خراسان

چون مصالح مملکت بر وفق ارادت انتظام یافت و خاطر همایون را از جانب استقامت آن ولایت فراغت حاصل آمد موکب منصور عزیمت معاودت مصمم گردانید و طنطنهٔ این بشارت باطراف اقالیم سبعه رسید و یازدهم شعبان از قراباغ اران نهضت فرمود نظم

بیمن طالع مسعود و بخت میمون فال — نهاد روی[2] بسوی مستقر عز و جلال
بساعتی که سعادت شود ازان مسعود — بطالعی که ازان بخت نیک گیرد فال

در وقتی که خورشید عالم افروز چون جمشید بعزم بزم نوروز سراپردهٔ شاهی بشرفخانهٔ خویش آورد و ابر نیسان عقود دُرر آبدار در دامن باغ و گلزار ریخت و صحن چمن و گلشن بزیور جواهر و لآلی دُرِّ عدن آرایش یافت و جهان از آثار قوت طبیعی رونق دیگر گرفت و بستان از انوار ربیعی فروغ دیگر پذیرفت بیت

بیا که دهر دگر بار از قوای[3] طبیعی — گرفت در دُر و گوهر همه بساط ربیعی*

و رایت ظفر نشان دو[4] از دهم شعبان مظفر و منصور از آب ارس عبور نمود، و میرزا بایسنغر دوم رمضان بدار الملک تبریز آمد و عمارات تراکمه خراب فرموده در اوجان بملازمت حضرت خاقان سعید رسید، وار دوی همایون هفتم رمضان بسلطانیه آمد

---

[1] آ — ؛ فقط اک : روم ، [2] آ اک ، روی ، [3] در اک بجایش :

باز این چه جوانی و جمالست جهان را — وین حال که نوگشت زمین را و زمان را

ــ ک : قوتی (بجای قوای) ، [4] ک ، در دوازدهم ، اک : جمعه دوازدهم ،

وچند روز میل اقامت فرمود وهلال شوّال بسعادت واقبال جمال نمود وآداب عید صیام دران فرخنده مقام سرانجام یافت، وشاهزادگان وملوک ممالک آفاق بتخصیص فرمان فرمایان ولایت فارس وعراق مثل میرزا ابراهیم سلطان ومیرزا رستم بهادر وامیر قناشیرین وامیر چقماق[1] وباقی سرداران وداروغگان اجازت مراجعت یافتند، وهریک بسوی شهر وولایت خود شتافتند[2]، و آنحضرت دوم شوّال درضمان عنایت ایزد متعال عازم جانب[3] خراسان شد، ومیرزا بایسنغر از صاین قلعه سلخ ذی قعده برسم ایلغار سوار شد وسمند شاهزاده چون ابر وباد برفتار درآمد وصاعقه کردار برخم نعل ازآب آتش افروخت وبرق وار بر مسالک ومضایق گذشت ودر نشیب وفراز همرکاب صبا

۱۰ وهمعنان آتش گشت وآن مسافت دور ودراز به[4] نُه روز درنوردید[*] وهشتم ذی الحجه در دارالسلطنهٔ هراة فرود آمد ع

همچو خورشید مشرف شد از وبیت شرف

ودرین سال چند صاحب کمال از دار محنت وملال بسرای بقا انتقال نمودند شب شنبهٔ[5] پنجم شعبان مولانای اعظم حاوی الفروع والاصول صاحب المشروع والمعقول مولانا[6] جلال الدین یوسف الاوبهی درهراة رحلت نمود، وخدمت مولوی[7] اعلم علمای زمان وافضل صنادید جهان بود،

---

[1] فقط ک: چماق، [2] فقط آ: شتافت، [3] کلمهٔ جانب را رک ندارد، از روی نسخ دیگر نوشته شد،

[4] آ: به نوروز درنوشت (بجای به نُه روز درنوردید)، [5] فقط بآ: دوشنبه،

حبیب السیر ۳:۳ : ۱۴۳ مثل متن،

[6] برای شرح احوالش رک به حبیب السیر محل مذکور،

[7] فقط ک: موی، دیگر نسخ مثل متن،

اورینٹل کالج میگزین

حصّہ اوّل

ایڈیٹر

محمد شفیع
(پروفیسر پنجاب یونیورسٹی)

فہرست مضامین

جلد ۱۶ ۔ عدد ۲ | بابت ماہِ فروری ۱۹۴۰ء | عدد مسلسل ۶۰

نوٹ :۔ ضمیمہ صرف عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کے ممبروں اور خریدارانِ ضمیمہ میں تقسیم ہوتا ہے ۔

گیلانی الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام منشی الیشر داس پرنٹر طبع ہوا اور بابو صدیق احمد خاں نے اورینٹل کالج لاہور سے شایع کیا

اورینٹل کالج میگزین

عرض واجب

اغراض و مقاصد | اس رسالے کے اجراسے غرض یہ ہے کہ احیاو ترویج علوم شرقیہ کی تحریک کو تاحدِ امکان تقویت دی جائے اور خصوصیت کے ساتھ ان طلبہ میں شوقِ تحقیق پیدا کیا جائے جو سنسکرت، عربی، فارسی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں ✦

کس قسم کے مضامین کا شایع کرنا مقصود ہے | کوشش کی جائے گی کہ اس سلسلہ میں ایسے مضامین شایع ہوں جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش و تحقیق کا نتیجہ ہوں غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابل قبول ہوگا اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شایع کئے جائینگے

رسالے کے دو حصے | یہ رسالہ دو حصوں میں شایع ہوتا ہے حصّہ اول عربی، فارسی، پنجابی بحروف فارسی۔ حصۂ دوم سنسکرت، ہندی، پنجابی (بحروف گورمکھی)، ہر ایک حصہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے

وقت اشاعت و قیمتِ اشتراک | یہ رسالہ بالفعل سال میں چار بار یعنی نومبر، فروری، مئی، اگست[1] میں شایع ہوگا سالانہ چندہ حصۂ اُردو کے لئے عہ۔ اورینٹل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلہ کے وقت وصول ہوگا۔ کسی سہ ماہی سالہ کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شایع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے[2] اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے۔ ورنہ ایسی شکایات پر غور نہ ہو سکے گا۔ یہ ایک ماہ کی مُدت فروری و مئی و ستمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیئے ✦

خط و کتابت و ترسیلِ زر | خریدِ رسالہ کے متعلق خط و کتابت اور ترسیل زر صاحب پرنسپل اورینٹل کالج کے نام ہونی چاہیئے۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنے چاہیئیں

محلِ فروخت | یہ رسالہ اورینٹل کالج کے دفتر سے خریدا جاسکتا ہے ✦

قلمِ تحریر | حصہ اردو کی ادارت کے فرائض پرنسپل محمد شفیع ایم اے۔ اورینٹل کالج سے متعلق ہیں اور یہ حصہ داکٹر محمد اقبال ایم اے، پی ایچ ڈی کی اعانت سے مرتب ہوتا ہے ✦

---

[1] چونکہ اگست میں کالج بند ہوتا ہے۔ اسلئے یہ نمبر مجبوراً جون یا ستمبر میں شایع ہوتا ہے ✦

دیارِ عرب کے مغربی سیّاح

(سلسلہ کے لئے دیکھو یہی رسالہ بابت ماہ فروری ۱۹۳۹ء)

(۱۷) ہالیوی

(HALEVY)

مضمون ہذا کی موجودہ قسط میں ہم ہالیوی اور گلازر کا ذکر کرنا چاہتے ہیں ۔جنہوں نے جنوبی عرب خصوصاً یمن کے آثارِ قدیمہ کے اکتشاف میں بیش از بیش حصہ لیا ہے ۔اثری اکتشافات کی بناء پر قدیم یمن کی تاریخ، مذہب اور معاشرت کے متعلق ہمیں جو کچھ معلومات حاصل ہوئی ہیں ۔ وہ زیادہ تر ان ہی عالموں کی اَن تھک اور دلاورانہ کوششوں کا نتیجہ ہیں +

اگرچہ ہالیوی اور گلازر کے زمانہ سے پہلے یمن میں اثری اکتشافات کا آغاز ہو چکا تھا ۔مثلاً زیٹسن نے اپنے سفر کے دوران میں ۱۸۱۰ء میں قدیم حمیری شہر ظفار کے نواحی سے پانچ کتبوں کے چربے حاصل کئے تھے ۔اسی طرح ایک انگریز لفٹننٹ ویل سٹڈ نے ۱۸۳۴ء میں حصن الغراب کے خرابے کو دریافت کیا ۔اور وہاں سے دس سطر کا ایک کتبہ حاصل کیا تھا ۔جس پر ۶۴۰ء کندہ ہے ۔نیز ایک فرانسیسی ارنو نامی (جس کا پیشتر ذکر ہو چکا ہے) ۵۶ سبائی کتبوں کے چربے اتار کر پیرس بھیج چکا تھا ۔مگر ہالیوی اور گلازر کی تحقیقات نے یمن کے اثریات کو ایک مستحکم بنیاد پر قائم کر دیا۔ اور اس ملک کی قدیم تاریخ، مذہب اور معاشرتی و اقتصادی زندگی کو

ہمارے لئے بہت حد تک بے نقاب کر دیا +

ہالیوی کے یمن جانے کی تقریب یوں ہوئی - کہ جب پیرس میں ۱۸۶۹ء سنہ میں *Corpus Inscriptionnum Semiticarmn* یعنی مجموعۂ کتبات سامیہ کی اشاعت کی تجویز قرار پائی تو فرانس کی *Academie des inscriptions.* نے یوسف ہالیوی مستشرق کو (جس نے بعد میں بحیثیت ایک پروفیسر کے بہت شہرت حاصل کی) اس بات کی دعوت دی کہ وہ یمن جائے اور ان کے مجوزہ مجموعہ کے لئے کتبات فراہم کرے +

ہالیوی نے اکادیمی کی دعوت پر خوشی سے لبیک کہا - مگر دیارِ عرب کا سفر خصوصاً ایک فرنگی کے لئے کوئی آسان کام نہ تھا - کیونکہ اس سے پہلے زٹیسن اور کئی دیگر مغربی سیاح عربوں کے شک وشبہ کا شکار ہو چکے تھے - اندریں حالات سفر کی کامیابی کے لئے ضروری تھا - کہ سب سے پہلے ہالیوی اپنی جان کی سلامتی کے لئے کوئی معقول انتظام کرے حسن اتفاق سے اس سے کچھ عرصہ پہلے ایک یہودی یعقوب سفیر نامی نے جنوبی عرب کا اس طرح سفر کیا تھا کہ اس نے ایک یہودی کی حیثیت سے یمن کی یہودی آبادیوں کا چکر کاٹا تھا - جو یمن کے اطراف ونواحی میں بکھری پڑی ہیں - اپنے سفر سے اس نے اس بات کو واضح کر دیا - کہ ایک یہودی کے لئے خود مختار اور آزاد قبائل کے درمیان بلا خوف وخطر سفر کرنا ممکن ہے - کیونکہ عرب قبائل اپنے علاقہ کے نہتے یہودیوں کو اتنا حقیر اور بے مایہ سمجھتے ہیں - کہ ان سے کسی قسم کا تعرض کرنا یا آزار پہنچانا مروّت سے بہت بعید سمجھتے ہیں اور اپنی مردانگی سے بہت فروتر جانتے ہیں - ہالیوی نے

عربوں کی اس روش کو اپنے مقصد کے حصول کے لئے آڑ بنایا۔ چنانچہ اس نے بھیس بدل کر اور یہودیوں کا سا لباس پہن کر اپنے آپ کو یروشلم کا ایک غریب یہودی ظاہر کیا۔ اور اس طرح سے ۱۸۷۰ء میں اس نے جنوبی عرب کے نہایت دشوار گذار حصّوں کا سفر کیا۔ اور بہت سی صعوبتیں اٹھا کر اور مشکلات کا سامنا کر کے اس نے ۶۸۶ کتبوں کی نقلیں حاصل کیں۔ جن میں سے اس سے پہلے صرف پندرہ کتبوں کا علم تھا۔ ہالیوی نے ان تمام کتبوں کو مع اپنے حالات سفر کے شائع کیا۔ اور امکان بھر ان کا ترجمہ بھی کیا؛

ہالیوی کا سفر اور اس کی تحقیقات اس لحاظ سے اہم ہیں۔ کہ اس کے فراہم کردہ کتبات اور اس کی حاصل کردہ نقول سے ہمیں ایک متمدن قوم کے وجود کا پتہ چلا۔ اور ایک ایسی زبان کا علم حاصل ہوا۔ جو پہلے غیر معلوم تھی صَنعاء کے شمال کی طرف ہالیوی کو بہت سے شہروں، قلعوں اور مندروں کے خرابوں کا سراغ ملا۔ جن میں سے اکثر بلند مقامات پر حصاروں کے اندر واقع تھے۔ جیسا کہ کتبات سے پتہ چلتا ہے۔ یہ معین کی سلطنت کے آثار تھے اور کتبات کی زبان معینی تھی۔ ہالیوی سے پہلے اکثر دریافت شدہ کتبوں کی زبان سبائی تھی اور وہ اہل سباء کی سلطنت اور ان کی شان و شوکت پر دلالت کرتے تھے۔ یا بعض حضرمی زبان میں تھے۔ ہالیوی نے تین چار مختلف شہروں کا سراغ پایا۔ جن میں سے قرنا اور معین سب سے زیادہ وسیع ہیں۔ اس نے ان تمام مواقع پر بڑی بڑی دیواروں، مندروں اور برجوں کے آثار پائے اور ان کتبوں کو پڑھا جو ان پر منقوش تھے۔ ان کتبوں سے نہ صرف جنوبی عرب کی سامی زبان کی ایک نئی شاخ کا علم حاصل ہوا۔ بلکہ ان کی مدد سے وہاں کے قدیم باشندوں کی مذہبی اور اقتصادی زندگی کے

بہت سے دلچسپ پہلو روز روشن میں آ گئے ؛

ہالیوی کے حالاتِ سفر اور معینی کتبات سے متعلقہ تحقیقات یورنل ازیاٹیک (پیرس) میں شایع ہو چکے ہیں ؛

(۱۸) گلازر

(GLASER)

جن ایام میں ہالیوی مصروفِ سفر تھا۔ یمن کے سیاسی حالات میں ایسا تغیر پیدا ہوا۔ جس سے وہاں کے آثار کے مطالعہ میں بہت کچھ آسانی پیدا ہو گئی۔ یعنی جب نہر سویز کے کھلنے سے ترکوں کے لئے بحری راستہ سے فوج کشی میں آسانی ہو گئی۔ تو یمن پر ترکی سیادت ازسرِ نو قایم ہو گئی۔ اگرچہ ترکوں نے وہاں کے آثار قدیمہ کے اکتشاف اور مطالعہ میں خود اقدام نہیں کیا۔ مگر ان کی موجودگی سے بیرونی سیّاحوں کا جان و مال پیشتر کی نسبت زیادہ محفوظ ہو گیا ؛

چنانچہ جب ۱۸۸۰ء میں پیرس کی اکاڈیمی نے آسٹرین عربی دان ایڈورڈ گلازر کو یمن جانے اور کتبات یا ان کی نقول حاصل کرنے کے لئے مقرر کیا تو گلازر نے یمن میں ترکوں کی موجودگی سے خوب فائدہ اٹھایا اور یمن کے طول و عرض میں متعدد سفر اختیار کر کے علاوہ دیگر تحقیقات کے کئی ہزار کتبوں کی نقلیں حاصل کیں اور اس طریق سے قدیم عرب کے متعلق ہمارے علم میں بیش بہا اضافہ کیا ؛

گلازر مذہباً یہودی اور قومیت کے لحاظ سے آسٹرین تھا۔ اور وائنا کی شاہی رصدگاہ میں منجم تھا۔ جب پیرس کی اکاڈیمی نے اس کو یمن میں

علمی سفر اختیار کرنے کی دعوت دی۔ تو اس نے پہلے متمدن عربی مراکز یعنی تونس اور مصر کا رخ کیا۔ اور کچھ عرصہ وہاں بود و باش اختیار کر کے عربی زبان اور عربی رسوم و آداب کا تجربہ حاصل کیا اور بعد ازاں ۱۸۸۲ء میں صنعاء میں داخل ہؤا ؛

گلازر کا پہلا سفر ۱۸۸۲ء سے ۱۸۸۴ء تک جاری رہا۔ اس دوران میں اس نے شمالی یمن کا تین دفعہ چکر لگایا اور ہمدان، شبام کوکبان اور عمران وغیرہا علاقوں کے آثار کو دیکھا اور وہاں کے کتبات کی نقول حاصل کیں۔ قبائل ارحاب اور حاشد کے علاقوں میں بھی اسے جانے کا اتفاق ہوا اور اس کی یوں صورت پیدا ہوئی کہ حاشد اور بکیل کے قبیلوں میں مدت سے جنگ چھڑی ہوئی تھی۔ گلازر نے ترکی حاکم کو ترغیب دی کہ وہ اسے متحارب قبیلوں کے درمیان صلح کرانے کے لئے بھیجے۔ چنانچہ اس ترکیب سے گلازر کو حاشد اور ارحاب کے علاقوں میں جانے کا موقعہ ملا۔ اور وہ سبائی زبان کے کئی ایک کتبے حاصل کرنے میں کامیاب ہؤا ؛

۱۸۸۵ء میں اس نے دوبارہ یمن کا رُخ کیا۔ اس دفعہ اس نے صنعاء اور عدن کے درمیانی علاقہ کو دیکھا بھالا۔ اور کئی قدیم شہروں کا کھوج نکالا جن کا نی بُور نے ذکر کیا تھا۔ ان میں سب سے زیادہ قابلِ ذکر ظفار ہے جو حمیر کا مرکز تھا۔ اس سفر میں گلازر نے علاقہ جوف (یمن) سے ۳۷ اصل کتبات حاصل کئے۔ جن میں سے اکثر عبادات اور نذر و نیاز کے مضمون پر مشتمل ہیں۔ یہ کتبے برٹش میوزیم کے لئے خرید لئے گئے۔ ان کے علاوہ گلازر دیگر مختلف کتبوں کی ایک سو پچاس نقلیں اپنے ساتھ لایا ؛

تیسرے سفر میں (۸۸-۱۸۸۷ء) گلازر کا منزلِ مقصود مأرب تھا۔ جو

سبائی کا دارالحکومت تھا۔ اس کے خرابے کا جائے وقوع صنعاء کے مشرق کی طرف ہے۔ اس خطرناک علاقے میں جانے سے پہلے گلازر نے ایک عرب فقیہ کا بھیس بدلا اور چند ایک عربوں کے ہمراہ تقریباً چھ ہفتے اس کے گرد و نواح میں بسر کئے۔ شہر مأرب کے نزدیک گلازر نے قدیم نہروں اور سدّوں کے خاکے اور نقشے تیار کئے اور جو کتبے وہاں ملے ان کی نقلیں حاصل کیں۔ اور المقہ (چاند) کے مندر کی پیمایش کی جس کا دور تقریباً تین سو قدم تھا۔ یہاں بھی گلازر کو کئی ایک کتبے ملے۔ اور مأرب کے نواحی سے دیگر مختلف قسم کے آثار مثل سکے، زیورات و جواہر اور بت حاصل کئے۔ یہ تمام ذخیرہ برلن کے عجائب خانہ میں محفوظ ہے اور ان تمام آثار کی فہرست بھی شایع ہو چکی ہے۔ کتبوں کی نقول جن کی تعداد تقریباً چار سو ہے۔ تاحال تمام شایع نہیں ہو سکیں +

اس کے بعد گلازر نے چند سال یورپ میں بسر کئے۔ اور علمی تحقیقات میں مصروف رہا۔ خصوصاً ان کتبات کے مطالعہ میں جو اس نے خود جمع کئے تھے +

اس کے بعد ۱۸۹۲ئہ میں پراگ اکاڈمی کی امداد سے اس نے پھر جنوبی عرب کا سفر اختیار کیا۔ مگر اس دفعہ یمن کے سیاسی حالات علمی سیر و سیاحت کے موافق نہ تھے۔ کیونکہ ہر طرف عرب قبائل نے ترکوں کے خلاف شورش برپا کر رکھی تھی۔ ان حالات میں صنعاء کے باہر سفر کرنا قریب قریب ناممکن تھا۔ اس لئے گلازر نے کتبوں کی نقلیں حاصل کرنے کی ایک اور ترکیب اختیار کی اور وہ یہ کہ اس نے چند عربوں کو کتبوں کے چربے اتارنے کا طریقہ سکھا دیا اور ان کو صنعاء کے گرد و نواحی میں

چاروں طرف کتبوں کی تلاش میں بھیج دیا - جب عرب نقلیں لے کر واپس لوٹتے تو ان کو فی نقل ایک اشرفی کے حساب سے انعام دیتا - اس طریقِ کار نے حیرت ناک نتائج پیدا کئے - کیونکہ عرب لوگ انعام کی لالچ سے خطراتِ جنگ کی پروا نہ کرتے ہوئے ایسے ویران اور بھیانک کھنڈروں میں جا پہنچتے جہاں اس وقت تک کسی مغربی سیّاح کا گذر نہیں ہوا تھا - اس طرح سے اس نے جوف یمن کے نواحی سے بہت سے کتبات حاصل کئے - جن میں سے سب سے زیادہ قابلِ ذکر صرواح کا کتبہ ہے - جو تقریباً ایک ہزار الفاظ پر مشتمل ہے اور سبأ کے نہایت قدیم عہد سے تعلق رکھتا ہے - ان کے علاوہ اسے ایک سو کتبے ایسے دستیاب ہوئے جو قتبان کی سلطنت سے متعلق تھے - یہ پہلی شہادت ہے جو آثار قدیمہ کے ذریعہ سے قتبان کی مملکت کے وجود پر علماء کے ہاتھ آئی ؛

قدیم عبرانی ، یونانی اور رومی مصنفوں نے جنوبی عرب کی چار قدیم سلطنتوں کا ذکر کیا ہے یعنی معین ، سبأ ، حضرموت اور قتبان کی سلطنتیں - گلازر سے پہلے صرف پہلی تین مملکتوں سے متعلقہ کتبے حاصل ہوئے تھے - مگر گلازر نے اپنے چوتھے سفر میں جو کتبے فراہم کئے اُن سے قتبان کی سلطنت کے وجود پر قطعی شہادت دستیاب ہوگئی - اور ان سے اس سلطنت کا جائے وقوع ، اور اس عہد کی زبان ، مذہب اور تمدن ، یہ تمام امور اچانک طور پر روز روشن میں آگئے ؛

ان کتبوں کے علاوہ اس سفر میں گلازر نے چالیس حجری کتبے - متعدد بُت ، قدیم سکے اور دیگر قیمتی آثار حاصل کئے جو وائنا کے عجائب خانہ کے لئے خرید لئے گئے ؛

ہالیوی، گلازر اور دیگر عالموں اور سیاحوں نے جو آثارِ قدیمہ فراہم کئے۔ اُن کی اہمیت اس بات میں مُضمر ہے کہ جنوبی عرب کی تاریخ جو اب تک پردۂ تاریکی میں مستور تھی یا افسانوں کی صورت میں مسخ ہو چکی تھی۔ معاصرانہ آثار اور شواہد کی مدد سے بہت حد تک روزِ روشن میں آگئی۔ اگرچہ اس میدان میں ابھی بہت سعی و عمل کی گنجایش ہے۔ تاہم جنوبی عرب کی قدیم سیاسی تاریخ اور اس عہد کی مذہبی اور اقتصادی زندگی کا ایک قابلِ اعتماد خاکہ تیار ہو چکا ہے۔ جس کو بعد میں اضافہ کر کے زیادہ مکمل بنایا جا سکتا ہے۔

عنایت اللہ
از مُلتان

تنظیم دولتِ ساسانی

ذیل کا مضمون مشہور مصنف آرتھر کرسٹنسن (Arther Christenson) کی فرانسیسی کتاب "ایرانؔ در عہد بنی ساسان" کے باب دوم کا ترجمہ ہے۔ پوری کتاب کا ترجمہ پروفیسر محمد اقبال صاحب نے اردو میں کر دیا ہے اسلئے کہ اس موضوع پر اردو میں کوئی قابل ذکر کتاب موجود نہ تھی، کتاب انجمن ترقی اردو کی طرف سے طبع ہو کر شایع ہوگی۔ بالفعل صرف یہ ایک باب جناب مترجم کی عنایت سے ہدیۂ ناظرین ہے ؛ (ایڈیٹر)

دولت ساسانی کی خصوصیات۔ سیاسی اور معاشرتی جماعت بندی۔ مرکزی حکومت کا نظم و نسق۔ وزیر اعظم۔ مذہب۔ مالیات۔ صنعت و حرفت، تجارت و ذرائع آمد و رفت۔ فوج۔ وزرائے سلطنت۔ صوبوں کی حکومت ؛

رومن مؤرخوں نے اس تغیر کی اہمیت کو بخوبی نہیں سمجھا۔ جو نئے شاہی خاندان کی آمد سے پیدا ہوا۔ ڈیون کاسیوس اور ہیروڈین نے محض چند الفاظ میں اُس فتح کا ذکر کیا ہے۔ جو اردشیر نے اردوان پر حاصل کی، رومیوں نے اتنا تو اندازہ کر لیا کہ نئی سلطنت پرانی کی نسبت زیادہ طاقتور اور لہذا رومن امپائر کی مشرقی سرحد کے امن کے لئے زیادہ خطرناک ہے۔ لیکن وہ یہ نہ سمجھ سکے۔ کہ نئی سلطنت

---

[1] L' Iran sous les Sassanides یہ کتاب کوپن ہگن میں ۱۹۳۶ء میں شایع ہوئی ؛

پہلی سے اصولاً مختلف ہے یا دوسرے لفظوں میں یہ کہ وہ ایک ارتقائے طولانی کی آخری منزل ہے جو اشکانیوں کی غیر منظّم سلطنت میں یونانیت کی سطح کے نیچے جاری تھا۔ یونانی عناصر میں سے بعض کو تو ایرانی تنظیم نے نکال کر پھینک دیا۔ بعض کو جذب کرلیا اور بعض کی ہیئت کو بدل دیا۔ جس زمانے میں اردشیر نے عنانِ حکومت کو ہاتھ میں لیا اس وقت ایرانی دنیا ایک متحدہ قوم کی صورت میں نظر آنے لگی تھی اور اس اتحادِ قومی کے آثار تمام ذہنی اور معاشرتی حلقوں میں دن بدن زیادہ نمایاں ہوتے چلے جاتے تھے،

غرض یہ کہ تغیرِ خاندانِ شاہی محض ایک سیاسی واقعہ نہ تھا۔ بلکہ وہ کشورِ ایران میں ایک نئی روح کے پیدا ہونے کا اعلان تھا۔ دولتِ ساسانی کی دو بڑی امتیازی خصوصیتیں تھیں۔ ایک تو شدید مرکزیّت اور دوسرے حکومتی مذہب کی پیدائش، اگر پہلی خصوصیت کے متعلق ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ عہد داریوشِ اوّل کی روایات کا احیاء تھا تو دوسری خصوصیّت بالکل نئی ایجاد تھی۔ لیکن وہ ایک تدریجی ارتقا کا نتیجہ تھی ٹھیک جیسا کہ تیرہ سو سال بعد شیعیت کا مذہبِ حکومت قرار پانا اسی قسم کے ارتقا کا نتیجہ تھا۔

اردشیر کا خاندان چار سو سال تک برسرِ حکومت رہا۔ اس طویل عرصے میں سلطنت ساسانی کے اندر عوام الناس کی زندگی اور نظامِ حکومت میں بے شک مختلف قسم کی تبدیلیاں ہوئیں[1]۔ لیکن معاشرت اور حکومت کی جس عمارت کی تعمیر یا تکمیل بانیٔ خاندانِ ساسانی نے کی وہ اپنی مجموعی ہیئت میں آخر تک اُسی طرح قایم رہی +

اوستائے جدید میں سوسائٹی کے تین طبقوں کا ذکر ہے یعنی (۱) علماء مذہب

---

[1] ان تبدیلیوں کی تفصیل ہم مناسب جگہوں پر سیاسی واقعات کے ساتھ ساتھ بیان کرتے جائیں گے۔

(آذروان)، (۲) سپاہی (رَتَھ ایشتر)، (۳) زراعت پیشہ (واسترِیوفشوئینت)[1]
سوسائٹی کی یہ تقسیم بہت قدیم زمانے سے چلی آتی ہے، یاسنا میں[2] صرف ایک
جگہ ایک چوتھے طبقے کا ذکر آیا ہے یعنی اہلِ حرفہ (ہُوئتی)، ساسانیوں کے
زمانے میں یہ تقسیم نئی طرح سے دیکھنے میں آتی ہے جس میں چار طبقے بنائے
گئے ہیں۔ تیسرا طبقہ دبیروں یعنی عمّالِ سلطنت کا ہے اور چوتھے میں زراعت پیشہ
اور اہلِ حرفہ شامل ہیں، سوسائٹی کی یہ نئی جماعت بندی سیاسی صورتِ حالات
کے ماتحت عمل میں آئی، عہد ساسانی میں وہی چار طبقے حسب ذیل تھے:- (۱)
علماء مذہب (آذروان)، (۲) سپاہی (آزتیشتاران)، (۳) عمّال حکومت (دِبیران
یعنی دبیران)، (۴) عوام الناس جن میں زراعت پیشہ (واسترِیوشان) اور اہلِ حرفہ
اور تاجر (ہُتُخشان) شامل تھے[3]

---

[1] بین ونِست (Benveniste): "روایت اوستا کی رُو سے معاشرتی جماعت بندی" (مجلّہ آسیائی . J. A. ۱۹۳۲ء ص ۱۱۷ ببعد)، [2] ۱۹، ۱۷، [3] دیکھو نامۂ تنسر (طبع ڈارمیسٹیٹر ص ۲۱۴، طبع مینوی ص ۱۲)، ڈارمسٹیٹر کو یہ غلط شبہ ہُوا ہے کہ دبیروں کا طبقۂ سوم قرار پانا غالبًا نامۂ تنسر کے کسی مترجم (عربی یا فارسی) کی غلطی سے ہُوا ہے، اوّل تو اس طبقہ بندی کی تائید نامۂ تنسر کے ایک اور مقام سے ہوتی ہے (ڈارمسٹیٹر ص ۲۱۵، مینوی ص ۱۴) جہاں یہ لکھا ہے کہ اگر ایک شخص سوسائٹی کے چوتھے طبقے میں ہو تو اس کو مستثنےٰ طور پر ترقی دے کر اوپر کے کسی طبقے میں لایا جا سکتا ہے بشرطیکہ وہ یا تو عمدہ اخلاق اور اخلاص طاعت میں ممتاز ہو (جو علماء مذہب کا خاصہ ہے) یا طاقت وشجاعت میں یکتا ہو (جو سپاہیوں کی امتیازی خصوصیت ہے) یا قابلیت، قوتِ حافظہ اور ذہانت میں بے مثل ہو اور یہ خصوصیتیں وہ ہیں جن کی توقع زراعت پیشہ لوگوں کی نسبت دبیروں سے زیادہ کی جائے گی، اور پھر یہ تقسیم اس امر کے ساتھ بھی مطابقت رکھتی ہے کہ کواذ اوّل اور خسرو اوّل کے زمانے سے پہلے بادشاہ کا انتخاب موبد موبدان، سالار سپاہ اور دبیر بزرگ کی مرضی پر ہوتا تھا یعنی پہلے تین طبقوں کے رؤساء کی رائے پر۔

(بقیہ بر صفحہ ۱۴)

ان میں سے ہر ایک طبقہ کئی کئی جماعتوں میں منقسم تھا، طبقۂ علماء مذہب میں سب سے پہلی جماعت قُضاۃ کی تھی جو داذور کہلاتے تھے، ان سے اتر کر پیشوایانِ مذہب تھے جن میں سب سے نیچے کا درجہ مُغوں کا تھا جو تعداد میں سب سے زیادہ تھے، پھر ایک جماعت موبدوں کی تھی اور ایک ہیربدوں کی اور ان کے علاوہ اور کئی مختلف جماعتیں تھیں جن کے مختلف وظائف تھے مثلاً دستوران یا دستوران (یعنی انسپکٹران) اور مغان اندرزبد (معلّمین وغیرہ، سپاہیوں کا طبقہ سوار اور پیادہ جماعتوں میں منقسم تھا جن میں سے ہر ایک کے مدارج اور وظائف معیّن تھے۔ عمّال حکومت یا دبیروں کے طبقے میں مصنفین، محاسبین، نقل نویس، مسکات کے محرّر، تذکرہ نگار، وغیرہم شامل تھے، ان کے علاوہ اطبّاء، شعراء اور منجّمین بھی اسی طبقے میں شمار ہوتے تھے، نچلے طبقے کے لوگوں میں کسان، تاجر اور باقی تمام پیشہ ور تھے[1]

ہر ایک طبقے کا ایک رئیس ہوتا تھا۔ علماء مذہب کا رئیس موبدان موبد کہلاتا تھا

(بقیہ حاشیۂ صفحہ ۱۳) (دیکھو نامۂ تنسر طبع ڈارمسٹیٹر ص ۲۳۹، مینوی ص ۳۸ بعد)، علاوہ اسکے مسعودی نے کتاب التنبیہ (ص ۱۰۳) میں سلطنت ساسانی کے سب سے اونچے عہدہ داروں کے نام لئے ہیں۔ جن میں ایک تو وزیر اعظم (بُزُرگ فرمادار) ہے اور باقی چار یہ ہیں: (۱) موبد، (۲) سپاہ بد، (۳) دبیر بد، (۴) ہُتُخش بد (یعنی رئیس اہل حرفہ) جس کو "واستریوش بد" (یعنی رئیس اہل فلاحت) بھی کہا جاتا تھا، مسعودی کا یہ بیان، نامۂ تنسر کے ساتھ بالکل مطابقت رکھتا ہے، جاحظ کی کتاب التاج" (طبع مصر ص ۲۵) کی رو سے اردشیر اوّل نے لوگوں کی چار جماعتیں قائم کیں: (۱) خاندانِ شاہی کے فوجی شہسوار، (۲) موبدان و ہیربدان (جو آتشکدہ کی خدمت پر مامور ہوتے تھے) (۳) اطبّاء و دبیران و منجّمین (۴) اہل زراعت و حرفت،

(حاشیہ صفحہ ہذا) [1] نامۂ تنسر،

فوج کا رئیس اعلے ایران سپاہ بد تھا، دبیروں کا رئیس ایران دِبہیر بد (جس کا دوسرا نام دِبہیران مہشت تھا)، چوتھے طبقے کا رئیس واستریوشان سالار تھا جس کو واستریوش بد بھی کہتے تھے، ہر ایک رئیس کے ماتحت ایک ناظر ہوتا تھا جس کا کام اپنے طبقے کی مردم شماری کرنا تھا، اور ایک انسپکٹر جو ہر شخص کی آمدنی کے متعلق تحقیقات کرتا تھا[۱]، پھر ایک معلّم (اندرزبد) ہوتا تھا، جس کا فرض یہ تھا کہ "ہر شخص کو بچپن سے کسی پیشے یا فن کی تعلیم دے۔ تاکہ اس کو تحصیل معاش میں آسانی ہو"[۲]

ساسانیوں کے ابتدائی عہد میں سوسائٹی کی ایک اور تقسیم یا جماعت بندی دیکھنے میں آتی ہے جو بلاشبہ اشکانیوں کے زمانے کی یادگار ہوگی، یہ تقسیم ہم کو حاجی آباد کے کتبے سے معلوم ہوئی ہے جو دو زبانوں میں لکھا ہوا ہے[۳]، اس میں شاپور اول نے اپنی تیر اندازی کے اس مشہور کرتب کا حال لکھوایا ہے جو اس نے شہرداران (شاہزادگانِ سلطنت)، و اسپہران (رؤساء یا افراد خانوادہائے بزرگ) و وزرگان (امراء) و آزادان (نجباء) کی موجودگی میں دکھایا تھا[۴] اس

---

[۱] نامۂ تنسر، مینوی کی اڈیشن میں "دخل" (آمدنی) کی بجائے "دغل" ہے، [۲] ایضاً، طبع ڈارمسٹیٹر ص ۲۱۷-۲۱۸، مینوی ص ۱۵، [۳] یعنی اشکانی پہلوی اور ساسانی پہلوی [۴] شہرداران (جس کی قدیم تاریخی املا شتردار ان ہے اور عہد ساسانی کے آخر میں اس کا تلفظ غالباً شہریاران تھا) اور واسپہران اشکانی پہلوی کے الفاظ ہیں، "واسپہر" جو آرامی ہزوارش میں بار بیتا (بمعنی ابن البیت) ہے وِسپہر (بمعنی فرزند قبیلہ) کی ایک مختلف شکل ہے، ہخامنشیوں کے عہد میں بھی ہم کو بزبان آرامی "بنی بیتا" (بنو البیت) کی اصطلاح ملتی ہے، وِسپہر اور واسپہر دونو ارمنی زبان میں بطور الفاظ دخیل موجود ہیں بشرطیکہ ارمنی لفظ سپوہ واقعی وہی ایرانی لفظ وِسپہر ہے۔ لفظ واسپہر ایک ارمنی صوبے واسپرکان کے نام میں موجود ہے، دیکھو نولڈکہ، ترجمۂ طبری ص ۵۰۱، نیز ہین ولنست: "تبصرۂ مطالعات ارمنی" ج ۹ ص ۹-۱۰، وہر تسفلت: پاسی کُلی (فرہنگ نمبر ۳۰۰)،

تقسیم میں (جس میں سوسائٹی کی صرف ممتاز جماعتوں کا ذکر ہے) اور مذکورہ بالا تقسیم میں جو تعلق ہے۔ اس کو ہم صحیح طور پر معیّن نہیں کر سکتے، معاشرتی طبقات کی تقسیم ہمیشہ ایک ہی نہیں رہی اور خلاصہ یہ ہے۔ کہ سوسائٹی کی مختلف جماعتوں کی ترتیب ایک بہت پیچیدہ مسئلہ ہے +

اس معاشرتی اور سیاسی طبقہ بندی میں جو الجھن اور بدیہی تناقض ہے وہ مسلّقیماً نتیجہ ہے اس خاص اصول ثنویت کا جو اشکانیوں کے نظامِ حکومت میں ملحوظ تھا اور جو ساسانیوں کو ورثے میں ملا یعنی اصول جاگیرداری (یا منصبداری) اور استبداد، انہی دو عنصروں کا تناقض ہے جو امتیازی خصوصیت ہے اُس معاشرتی اور سیاسی ارتقا کی جو اردشیرِ بابکان کے زمانے سے خسرو کے زمانے تک چلتا رہا +

شہرداران | دولت ساسانی میں طبقۂ اوّل کے افراد شاہ کے لقب سے پکارے جاتے تھے۔ جس کی وجہ سے بادشاہِ ایران کا شہنشاہ کہلانا بجا تھا، اس طبقے میں سب سے پہلے تو وہ شاہانِ ماتحت شامل تھے۔ جو سلطنت کی سرحدوں پر حکومت کرتے تھے، دوسرے وہ چھوٹے چھوٹے بادشاہ جنہوں نے اپنے آپ کو شاہِ ایران کی پناہ میں دے رکھا تھا اور اس کے عوض میں شہنشاہ نے ان کے لئے اور ان کے جانشینوں کے لئے ان کی ریاست کی حفاظت کا ذمہ لے رکھا تھا۔ شرط یہ تھی کہ جب شہنشاہ کو ضرورت پڑے تو وہ اپنی افواج کو اس کے اختیار میں دے دیں اور شاید کچھ خراج بھی ادا کریں۔ نامۂ تنسر میں ذیل کے الفاظ اردشیر کی زبان سے ادا کئے گئے ہیں:[1] "ہم ہرگز شاہ کا لقب ان لوگوں کے نام سے علیحدہ نہیں کریں گے جو ہمارے حضور میں حاضر ہو کر

---

[1] طبع دارمسٹیٹر ص ۲۱۰، طبع مینوی ص ۹۔

فرماں برداری کا اظہار کریں گے اور جادۂ اطاعت پر گامزن رہیں گے۔" ان شاہانِ ماتحت میں حیرہ کے عرب بادشاہ بھی شمار ہوتے تھے۔[1] مؤرخ امیان مارسلینوس نے شاپور دوم کے ملتزمین رکاب میں شاہِ چینوئیت اور شاہِ البان کا بھی نام لیا ہے۔[2] میسوپوٹیمیا میں ایک بادشاہ پولر (؟) نام شاپور ثانی کا باجگذار تھا۔ جس کے بچوں کے ایرانی نام تھے۔[3] پای کُلی کے کتبے میں جو لفظ سترپ ملتا ہے تو اس سے قوم ساکا کا کشترپ (فرماں روا) مراد[4] ہے کہ وہ بھی شہنشاہ کا باجگذار تھا۔ تسلط ساسانی کے آغاز میں آرمینیہ جہاں کے بادشاہ اشکانی الاصل تھے شاہِ ایران کے ماتحت تھا اور وہاں کا اور گرجستان کا عامل سرحد اس وقت تک "بذخش" کے لقب سے ملقب[5] تھا۔ لیکن ۴۳۰ء میں آرمینیہ سلطنت ایران کا ایک صوبہ بن گیا اور وہاں کی حکومت ایک مرزبان کے سپرد کر دی گئی۔

ساسانیوں نے سلطنت کی قدیم تقسیم کو اس طرح قائم رکھا کہ چار سرحدی صوبے اُسی طرح رہنے دئے۔ پانچویں صدی کے شروع سے ہم دیکھتے ہیں کہ ان سرحدی صوبوں کے حاکم مرزبان کہلانے لگے تھے۔ ان چاروں مرزبانوں کا

---

[1] بحرین جو شاپور ثانی کے زمانے سے سلطنت ایران میں شامل ہو گیا تھا۔ ایک امیر کے زیر حکومت تھا جس کو حیرہ کا بادشاہ نامزد کرتا تھا۔ لیکن عہد ساسانی کے آخری زمانے میں ایک بڑا ایرانی افسر اس امیر کی نگرانی کے لئے موجود رہنے لگا تھا۔ (روٹ شٹائن ص ۱۳۱) [2] باب ۱۸، ۶، ۲۲، چینوئیت سے مراد قوم ہون (Huns) ہے، البان جن کے نام پر آرمینیہ کے مشرق میں ایک چھوٹا سا صوبہ البانیا ہے۔ (مترجم)، [3] ہوفمن: "اقتباسات"، ص ۱۰۔ [4] ہرتسفلٹ: پای کُلی (فرہنگ نمبر ۸۰۶)

[5] دیکھو اوپر ۔ زبان گرجی میں لفظ بذخش کی مختلف شکلیں یہ ہیں: پتی اَخش، پتی اخش، پتی اشخ۔ یونانی میں: پتی اَکسس، پتزکسس، سریانی میں: اَپتخشا، دیکھو فرہنگ پای کُلی نمبر ۷۱۴، ۷۸۱

رتبہ وہی تھا جو اُن شاہی خاندانوں کا تھا جن کا اوپر ذکر ہُوا اور انہی کی طرح وہ شاہ کہلاتے تھے[1]،

یہی رتبہ صوبوں کے ان گورنروں کا تھا جو شاہی خاندان سے ہوتے تھے، قدیم دستور کے مطابق بادشاہ کے بیٹے گورنر بنائے جاتے تھے خصوصاً وہ بیٹے جنہیں یہ امید ہوسکتی تھی کہ شاید آئندہ کسی دن وہ تختِ شاہی پر جلوہ افروز ہوں۔ اُن کے لئے یہ ضروری تھا کہ وہ کسی صوبے کی حکومت پر مامور رہ کر فرائض شاہی کی تربیت حاصل کریں، شاپور اوّل کے دو بھائی اردشیر اور پیروز علی الترتیب کرمان اور کوشان کے گورنر تھے۔ مؤخر الذکر کا لقب "شاہ بزرگ کوشان"[2] تھا۔ شاہان ساسانی میں سے شاپور اوّل، ہرمزد اوّل، بہرام اوّل اور بہرام دوم اپنی تخت نشینی سے پہلے خراسان کی گورنری اور کوشان کی بادشاہی پر مامور رہ چکے تھے[3]۔ بہرام سوم سیستان کا گورنر رہ چکا تھا اور سگانشاہ (یعنی شاہ سگستان = سیستان)[4] کے لقب سے ملقب تھا، اردشیر دوم ایڈیابین کا حاکم تھا، بہرام چہارم کرمان کی حکومت پر مامور رہا تھا اور کرمانشاہ کہلاتا تھا۔ ہرمزد سوم بھی سیستان کا گورنر تھا اور سگانشاہ کا لقب رکھتا تھا۔ امراء نے جب بہرام پنجم کو تخت سے محروم کرنا چاہا تو انہوں نے یہی عذر پیش کیا تھا کہ وہ کبھی کسی صوبے کی حکومت پر مامور نہیں رہا اور لہذا اس کی قابلیت کا حال کسی کو معلوم نہیں[5]،

---

[1] مرزبانوں کے متعلق دیکھو اس باب کے آخر میں جہاں صوبوں کی حکومت پر بحث ہے، [2] ہرتسفلڈ: پاہی کُلی (فرہنگ۔ نمبر ۱۱۸)، شاپور کا ایک تیسرا بھائی مہرشاد بھی تھا جو میشین کا بادشاہ تھا، اس کا ذکر مانوی کتابوں کے اجزا میں ملتا ہے۔ [3] پاہی کُلی (ص ۴۱، ۴۵، ۴۷، ۴۸)، نیز دیکھو "آرکیولوجیکل سروے آف انڈیا"۔ نمبر ۳۸۔ "مسکوکات کوشانی ساسانی"۔ [4] ان کے علاوہ اور القاب جو لفظ شاہ کے ساتھ مرکب ہیں پاہی کُلی میں مذکور ہیں (فرہنگ۔ نمبر ۶۳۲)، [5] طبری ص ۸۵۸،

لیکن انتظام امور سیاسی کی مصلحت سے ان شاہزادوں کو گورنری کے حقوق موروثی طور پر نہیں دیئے جاتے تھے[1]، یہ بھی ضروری تھا کہ بہبودی سلطنت کا جو تقاضا ہو اس کے مطابق بادشاہ ان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلتا رہے ان شاہزادوں کے لئے اور مرزبانوں کے لئے شاہ کا لقب سوائے اس کے کچھ معنی نہیں رکھتا تھا کہ اس کے ذریعے سے ان کو سوسائٹی کے سب سے اونچے طبقے کی صفِ اوّل میں جگہ پانے کا حق حاصل ہو جاتا تھا،

شاہزادوں پر یہ واجب تھا کہ نوبت بنوبت دربارِ شاہی میں حاضر ہو کر اپنا فرضِ اطاعت بجالائیں[2]۔ لیکن دربار میں معیّن طور پر ان کا کوئی عہدہ نہ ہو "کیونکہ اگر وہ دربار میں عہدوں کے دعویدار ہونے لگیں گے تو باہمی جھگڑوں، لڑائیوں، مخاصمتوں اور سازشوں میں مبتلا ہوں گے۔ جس سے ان کا وقار جاتا رہے گا اور لوگوں کی نظروں میں ذلیل ہوں گے"[3]

وِاسپُہران ساسانیوں کو نظامِ منصبداری اشکانیوں سے ورثے میں ملا تھا لہذا اردشیر کی نئی سلطنت میں مراتب کی ترتیب میں رُوسائے طوایف کی طاقتور جماعت کو دوسرا درجہ حاصل تھا۔ جن میں سب سے آگے سات ممتاز خاندان تھے[4]۔ ان میں کم سے کم تین ایسے تھے جو پارتھیوں (اشکانیوں) کے زمانے میں بھی عالی درجہ رکھتے تھے۔ یعنی خاندان قارن (قارن)، خاندان سُورین

[1] نامۂ تنسر ص ۲۱۰، طبع مینوی ص ۱۰، [2] نامۂ تنسر طبع ڈارمسٹیٹر ص ۲۱۰، طبع مینوی ص ۱۰، یہ امر قابل توجہ ہے کہ "شہرداران" شاپور اول کی تیر اندازی کی رسم پر بھی حاضر تھے، [3] نامۂ تنسر، [4] دیکھو اوپر ، نولڈکہ: ترجمۂ طبری ص ۴۳۷، ان سات خاندانوں کے ممبروں کو ایران کے اندر تاج پہننے کا حق حاصل تھا کیونکہ وہ از روی نژاد شاہان ایران کے ہم پلّہ تھے۔ صرف اتنی بات تھی کہ ان کا تاج شاہانِ ساسانی کے تاج سے چھوٹا ہوتا تھا (بلعمی، ترجمۂ زوٹن برگ ج ۲ ص ۴۴۸)،

اور خاندان اسپاہ پد، یہ تینوں اشکانی الاصل تھے اور اپنے نام کے ساتھ پہلو (پارتھی) کا لقب لاتے تھے۔ پارتھی خاندان سے تعلق رکھنا بہت بڑا امتیاز سمجھا جاتا تھا۔ چنانچہ عہد ساسانی میں ان سات ممتاز گھرانوں میں سے بعض اور بھی (مثلاً خاندانِ سپندیاد اور خاندانِ مہران) اشکانی الاصل ہونے کے دعویدار تھے[1]۔

---

[1] موسیٰ خورینی کے قول کے مطابق ارشویر شاہ پارتھیا کہ وہی فراٹیس (فرہاد) چہارم ہے چار فرزندوں کا باپ تھا یعنی (۱) ارتشیس (ارتخشتر)، (۲) قارین، (۳) سورین، (۴) ایک بیٹی جس کا نام کشم تھا، (مارکوارٹ کی رائے ہے کہ یہ نام کومش کی بگڑی ہوئی شکل ہے جو صوبہ کومیسین کا جدید نام ہے، دیکھو Z.D.M.G. ج ۴۹، ص ۶۳۹)۔ ان میں پہلا بیٹا باپ کا جانشین ہوا (لہٰذا وہ فراٹیس یا فرہاد پنجم ہے) باقی دو بیٹے اُن خاندانوں کے مورث اعلےٰ ہوئے جو ان کے نام سے معروف ہیں، بیٹی کی شادی ایک شخص سے ہوئی جس کا لقب "سالارِ ایرانیاں" تھا، جس کے بعد اس کی اولاد اسپاہ بذ پہلو کے نام سے موسوم ہوئی۔ اسپاہ بد کی قدیم شکل سپاذپتی ہے، یہی لفظ ارمنی زبان میں بہ شکل سپاراپت اختیار کیا گیا ہے جو سپہ سالار کا مترادف ہے، پانچویں صدی میں وہ باضافۂ الف (یعنی اسپاراپت) استعمال ہوتا تھا، یونانی میں اس کی مختلف شکلیں اسپاہاپت، اسپیبیدس، اسپیوبدس، اسپابدس اور اسپیبیتوس ہیں، مؤرخ تھیوفی لیکٹس کے بیان کے مطابق اسپابدس خسرو دوم کا رشتہ دار اور وِندوی اور وِستہم (بندوی اور بستہم) کا باپ تھا۔ سریانی میں ایک جگہ اسپابر آیا ہے لیکن ظاہر ہے کہ وہ کاتب کی غلطی ہے اور صحیح اسپابد ہے، طبری نے سات خاندانوں کی فہرست میں باضابطہ طور پر سپاہ بذ کا نام لیا ہے؛

واضح رہے کہ موسیٰ خورینی کی روایت کے لئے کوئی تاریخی سند نہیں ہے۔ ہمیں صرف اتنا معلوم ہے کہ ایک سورین میدان جنگ میں کراسوس رومی کا حریف تھا (دیکھو اوپر ص) اور وہ لڑائی فرہاد چہارم کے باپ کے عہد میں ہوئی تھی لیکن بہرحال ان تین خاندانوں کا وجود ساسانیوں کے آنے سے بہت پہلے ثابت ہے اور اس زمانے میں ان کی بہت بڑی جاگیریں تھیں، خاندان سپندیاد کا تعلق اشکانیوں کے ساتھ بظاہر بعد کے زمانے میں قائم کیا گیا جبکہ اُن کی تاریخ دلوں سے محو ہو چکی تھی۔ (بقیہ بر صفحہ ۲۱)

ساتؔ مذکورہ بالا خاندانوں میں سب سے پہلے تو خاندان شاہی (خاندان ساسانی) ہے[۱]۔ اور پانچ وہ ہیں جن کے نام اوپر لئے گئے ہیں یعنی قارین پہلو، سورین پہلو[۲]، اسپاہ بد پہلو، سپندیاد، مہران اور ساتواں شاید خاندان زیک ہے[۳]،

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۰) اس خاندان کے ایک شخص مسمی نہرزسی (دیکھو طبری ص ۸۶۸ - ۸۶۹) کے شجرۂ نسب میں دارا (داریوش سوم) اور اس کے بیٹے کے اشک کا نام موجود ہے (یعنی اشک اور اس کے ساتھ ما قبل تاریخی زمانے کا بادشاہی لقب کوی جو بعد میں بدل کر کے ہو گیا)، شجرۂ مذکور میں اس نام کے بعد چند نام ہیں جو اشکانیوں میں سے کسی کے نہیں ہیں، صرف ایک نام سین ابروہ ہے جس کے متعلق زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ شاید وہ سنتروک (شاہ اشکانی) کے نام کی بگڑی ہوئی شکل ہو اور یہ تبدیلی غالباً اس سے اوپر والے نام سبس بذ کے زیر اثر ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ خاندان قارین کے ایک ممبر مسمی سوخرا کا شجرۂ نسب جو طبری نے دیا ہے (ص ۸۷۷ - ۸۷۸) اس میں بھی یہی خصوصیت پائی جاتی ہے یعنی یہ کہ وہ بعد کے زمانے کا تیار کیا ہوا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس ہم فرض کر سکتے ہیں کہ خاندان مہران کا اشکانی الاصل ہونا بھی اسی طرح ایک جعلی بات ہے۔ مارکوارٹ کا یہ خیال بے شک صحیح ہے (Z.D.M.G، ج ۴۹ ص ۶۳۳) کہ افسانوی ہیرو میلاذ کسی پارتھی شہزادے یا بادشاہ میتھرِ بدات (مہرداد) نام کی اولاد سے تھا۔ لیکن اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ خاندان مہران کا شجرہ (جس کا مورث اعلےٰ گرگین پسر میلاذ دکھایا گیا ہے) کسی تاریخی میتھربدات سے ملتا ہے۔

حاشیہ صفحۂ ہذا:- [۱] شاپور اول کے بھائی شہزادہ ہیروز کو "واسپہر ساسانگان" کہا گیا ہے۔ دیکھو ہرتسفلٹ: پائی کلی ص ۴۵ و ۴۹۔ [۲] مؤرخ فاوسٹوس بازنطینی کے ہاں دو سورین کا ذکر ملتا ہے جن کے ساتھ "پارسیگ" (پارسی) کی نسبت لگی ہوئی ہے۔ شاید وہ خاندان سورین پہلو کی شاخیں ہونگی۔ [۳] مؤرخ میناندر نے لکھا ہے کہ "زیک" ایرانیوں کے ہاں ایک بڑا عہدہ ہے (تاریخ بازنتین حصہ اول ص ۲۴۷) لیکن بازنطینی مؤرخوں میں یہ عام بات ہے کہ وہ خاندانوں کے نام اور ایرانی خطابات میں التباس پیدا کر دیتے ہیں مثلاً پروکوپیوس یہ خیال کرتے ہوئے کہ مہران کوئی لقب یا عہدہ ہے۔ (بقیہ حاشیہ بر صفحہ ۲۲)

اور خاندان اسپاہ بد، یہ تینوں اشکانی الاصل تھے اور اپنے نام کے ساتھ پہلوؔ (یا پارتھی) کا لقب لاتے تھے۔ پارتھی خاندان سے تعلق رکھنا بہت بڑا امتیاز سمجھا جاتا تھا۔ چنانچہ عہد ساسانی میں ان سات ممتاز گھرانوں میں سے بعض اور بھی (مثلاً خاندانِ سپندیاد اور خاندانِ مہران) اشکانی الاصل ہونے کے دعویدار تھے۔[1]

---

[1] موسیٰ خورینی کے قول کے مطابق اردشیر شاہ پارتھیا کہ وہی فراتیس (فرہاد) چہارم ہے چار فرزندوں کا باپ تھا یعنی (۱) اردشیس (ارتخشتر)، (۲) قارین، (۳) سورین، (۴) ایک بیٹی جس کا نام کشم تھا، (مارکوارٹ کی رائے ہے کہ یہ نام کومش کی بگڑی ہوئی شکل ہے جو صوبہ کومیسین کا جدید نام ہے، دیکھو Z. D. M. G. ج ۴۹، ص ۶۳۹)، ان میں پہلا بیٹا باپ کا جانشین ہوا (لہٰذا وہ فراتیس یا فرہاد پنجم ہے) باقی دو بیٹے اُن خاندانوں کے مورث اعلےٰ ہوئے جو ان کے نام سے معروف ہیں، بیٹی کی شادی ایک شخص سے ہوئی جس کا لقب "سالار ایرانیاں" تھا، جس کے بعد اس کی اولاد اسپاہ بد پہلو کے نام سے موسوم ہوئی۔ اسپاہ بد کی قدیم شکل سپاذپتی ہے، یہی لفظ آرمنی زبان میں بہ شکل سپاراپت اختیار کیا گیا ہے جو سپہ سالار کا مترادف ہے، پانچویں صدی میں وہ باضافۂ الف (یعنی اسپاراپت) استعمال ہوتا تھا، یونانی میں اس کی مختلف شکلیں اسپاہاپت، اسپیبیدس، اسپیوبدس، اسپابدس اور اسپیتیوس ہیں، مؤرخ تھیوفی لیکٹس کے بیان کے مطابق اسپابدس خسرو دوم کا رشتہ دار اور وِندوی اور وِستہم (بندوی اور بستہم) کا باپ تھا، سریانی میں ایک جگہ اسپابر آیا ہے لیکن ظاہر ہے کہ وہ کاتب کی غلطی ہے اور صحیح اسپابد ہے، طبری نے سات خاندانوں کی فہرست میں باضابطہ طور پر سپاہ بذ کا نام لیا ہے؛

واضح رہے کہ موسیٰ خورینی کی روایت کے لئے کوئی تاریخی سند نہیں ہے۔ ہمیں صرف اتنا معلوم ہے کہ ایک سورین میدان جنگ میں کراسوس رومی کا حریف تھا (دیکھو اوپر ص   ) اور وہ لڑائی فرہاد چہارم کے باپ کے عہد میں ہوئی تھی لیکن بہرحال ان تین خاندانوں کا وجود ساسانیوں کے آنے سے بہت پہلے ثابت ہے اور اس زمانے میں ان کی بہت بڑی جاگیریں تھیں، خاندان سپندیاد کا تعلق اشکانیوں کے ساتھ بظاہر بعد کے زمانے میں قائم کیا گیا جبکہ اُن کی تاریخ دلوں سے محو ہو چکی تھی۔ (بقیہ بر صفحہ ۲۱)

سات مذکورہ بالا خاندانوں میں سب سے پہلے تو خاندان شاہی (خاندان ساسانی) ہے[1] ۔ اور پانچ وہ ہیں جن کے نام اوپر لئے گئے ہیں یعنی قارین پہلو، سورین پہلو[2]، اسپاہ بد پہلو، سپندیاد، مہران اور ساتواں شاید خاندان زیک ہے[3]،

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۰) اس خاندان کے ایک شخص مسمی نرسی (دیکھو طبری ص ۸۶۸ - ۸۶۹) کے شجرۂ نسب میں دارا (داریوش سوم) اور اس کے بیٹے کے اشک کا نام موجود ہے (یعنی اشک اور اس کے ساتھ ماقبل تاریخی زمانے کا بادشاہی لقب کوی جو بعد میں بدل کر کے ہو گیا)، شجرۂ مذکور میں اس نام کے بعد چند نام ہیں جو اشکانیوں میں سے کسی کے نہیں ہیں، صرف ایک نام سین ابروہ ہے جس کے متعلق زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ شاید وہ سنتروک (شاہ اشکانی) کے نام کی بگڑی ہوئی شکل ہو اور یہ تبدیلی غالباً اس سے اوپر والے نام سیس بذ کے زیر اثر ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ خاندان قارین کے ایک ممبر مسمی سوخرا کا شجرہ نسب جو طبری نے دیا ہے (ص ۸۷۷ - ۸۷۸) اس میں بھی یہی خصوصیت پائی جاتی ہے یعنی یہ کہ وہ بعد کے زمانے کا تیار کیا ہوا ہے۔ علی ہذا القیاس ہم فرض کر سکتے ہیں کہ خاندان مہران کا اشکانی الاصل ہونا بھی اسی طرح ایک جعلی بات ہے۔ مارکوارٹ کا یہ خیال بے شک صحیح ہے (Z.D.M.G، ج ۴۹ ص ۶۳۳) کہ افسانوی ہیرو میلاذ کسی پارتھی شہزادے یا بادشاہ میتھر بدات (مہرداد) نام کی اولاد سے تھا۔ لیکن اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ خاندان مہران کا شجرہ (جس کا مورث اعلیٰ گرگین پسر میلاذ دکھایا گیا ہے) کسی تاریخی میتھر بدات سے ملتا ہے:

حاشیہ صفحہ ہذا :- [1] شاپور اول کے بھائی شہزادہ بیروز کو "واسپہر ساسانگان" کہا گیا ہے - دیکھو ہرتسفلت : پائی کلی ص ۸۵ و ۹۴ ، [2] مؤرخ فاوسٹوس بازنتینی کے ہاں دو سورین کا ذکر ملتا ہے جن کے ساتھ "پارسیگ" (پارسی) کی نسبت لگی ہوئی ہے۔ شاید وہ خاندان سورین پہلو کی شاخیں ہونگی ، [3] مؤرخ مینانڈر نے لکھا ہے کہ "زیک" ایرانیوں کے ہاں ایک بڑا عہدہ ہے (تاریخ بازنتین حصہ اول ص ۴/۲۷) لیکن بازنتینی مؤرخوں میں یہ عام بات ہے کہ وہ خاندانوں کے نام اور ایرانی خطابات میں التباس پیدا کر دیتے ہیں مثلاً پروکوپیوس یہ خیال کرتے ہوئے کہ مہران کوئی لقب یا عہدہ ہے۔ (بقیہ حاشیہ بر صفحہ ۲۲)

طبری کے بیان کے مطابق[۱] قارین کا مسکن شہر نہاوند (میڈیا میں) تھا، سورین کا وطن سیستان تھا، سپندیاد کا علاقہ رئی (رگا، طہران کے نزدیک) اور اسپاہ بد کا دہستان (گرگان میں)، لیکن دوسری طرف ہمیں یہ بھی علم ہے کہ سوخرا جو خاندان قارین کا ایک فرد تھا ضلع اردشیر خورہ (علاقۂ شیراز) کا رہنے والا تھا[۲]، دوسرے لفظوں میں یہ کہ وہ خاص فارس کا باشندہ تھا، نیز ہمیں یہ بھی علم ہے کہ رئی کے قریب ایک دریا اور نیشاپور کے نزدیک ایک گاؤں سورین کے نام سے موسوم تھے[۳] اور یہ کہ مہرنرسی جو خاندان سپندیاد سے تھا ایک گاؤں آبروان (علاقہ دشت بارین ضلع اردشیر خورہ، صوبہ فارس) کا رہنے والا تھا اور اُسے یہ گاؤں اور ایک اور گاؤں ژیرہ جو پڑوس کے ضلع شاپور میں تھا اپنے آبا و اجداد سے ورثے میں ملے تھے[۴]، خاندان مہران کے ممبروں میں سے بہرام چوبین[۵] اور پیران گشنسپ گرگوری[۶] رئی کے رہنے والے تھے لیکن دریائے مہران کا نام جو صوبۂ فارس میں ہے

(بقیۂ حاشیۂ صفحہ ۲۱):-

لکھتا ہے کہ سپہ سالار پیروز کو مہران بنایا گیا، اسی طرح فاؤسٹوس اور ارمنی مؤرخ اگاتھانگہ نے زیک کو ایک خاص لقب تصوّر کیا ہے۔ شاپور دوم کے زمانے میں زیک اور قارین دو بڑے سپہ سالار تھے۔ لیکن ان کو سائی لیکس اور ارتبانیس تصوّر نہیں کرنا چاہئے جن کے نام مؤرخ مارسلینوس کے ہاں مذکور ہیں (۲۷، ۱۲، ۵) خاندان زیک کے وہ ممبر جن کے نام معلوم ہو سکے ہیں یوسٹی کی کتاب "اسمائے ایرانی" میں مذکور ہیں، نیز دیکھو ہرتسفلٹ: "آثار قدیمۂ ایران" ج ۴، ص ۵۷، ح ۲۔

حاشیۂ صفحۂ ہذا:- [۱] ترجمہ از نولڈکہ ص ۴۳۷، [۲] طبری ص ۸۷۳، ۸۷۷، [۳] نولڈکہ، ترجمہ طبری ص ۴۳۹، [۴] طبری ص ۸۷۰، [۵] ایضاً ص ۹۹۲، [۶] ہوفمن "اقتباسات" ص ۸۷، (مصنّف)

پیران گشنسپ عہد انوشیروان کا مشہور سپہ سالار ہے، عیسائی ہو کر گرگوری کے نام سے موسوم ہوا۔ ۵۴۲ء میں مارا گیا۔ (مترجم)۔

اس خاندان کے نام پر ہے[1]۔ ان حالات سے ہم یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ واسپہروں کی جاگیریں ایران کے مختلف حصوں میں بکھری ہوئی تھیں اور غالباً زیادہ تر وہ صوبجات میڈیا اور پارتھیا میں تھیں جو سلطنت اشکانی کا مولد و منشا تھے یا صوبۂ فارس میں جو ساسانیوں کا اصلی وطن تھا، خاندانوں کی یہ جاگیریں نزدیک نزدیک واقع تھیں لیکن نہ اس طرح کہ سب کو ملا کر ایک وسیع اور سالم ریاست بن سکے۔ غالباً منجملہ اور وجوہات کے یہ بھی ایک بڑی وجہ اس بات کی ہوئی کہ اس زمانے کے دوران میں بڑے بڑے امرائے جاگیردار رفتہ رفتہ منصبداری کی نوعیت سے ہٹ کر نجباء و اشراف دربار کی نوعیّت اختیار کرتے گئے۔ جب تک کہ قدیم سوسائٹی قائم رہی واسپہروں کا پرانا تعلق گاؤں (ویس) کے ساتھ برقرار رہا۔ یہی وجہ ہے کہ مؤرّخ جب کبھی ان میں سے کسی کے مولد و منشا کا ذکر کرتے ہیں تو عموماً گاؤں ہی کا نام لیتے ہیں۔

غالباً منصبداروں کا اعلےٰ طبقہ ان سات ہی خاندانوں پر محدود نہ تھا، مؤرّخ فاؤسٹوس بازنتینی ایک سپہ سالار دماوند نامی کا ذکر کرتا ہے[2]۔ جس کا خاندانی نام کاؤسگان ہے

---

[1] خاندانہائے قارین، سورین اور مہران کے افراد کے متعلق دیکھو نولڈکہ کے حواشی (ترجمۂ طبری ص ۱۲۷-۱۲۸، ۱۳۸، ۴۳۹، ۱۳۹ - ۱۴۰، ۱۴۱)، اور سورین کے متعلق فرہنگ پای کُلی (نمبر ۷۱۵)، ان کے ناموں کا شمار یُوستی نے اپنی کتاب "اسماء ایرانی" میں مکمل کر دیا ہے (دیکھو تحت کلمۂ قارین، سورین اور مہران)، اسپاہبد کے متعلق دیکھو یُوسٹی (تحت کلمۂ سپاذپتی) اور فرہنگ پای کُلی (نمبر ۲۷)، اسپندیاد کے متعلق (جس کی فارسی شکل اسفندیار اصلی لفظ کو غلط پڑھنے کی وجہ سے پیدا ہوئی) دیکھو نولڈکہ، ترجمۂ طبری ص ۴۳۹، نیز دیکھو مارکوارٹ (Z.D.M.G) ج ۴۹، ص ۶۳۳ بعد، کتاب ایرانشہر ص ۷۱، ہرتسفلٹ: "آثار قدیمہ ایران" ج ۴ ص ۱۴۶ بعد، ہرمزدان جو یزدگرد سوم کا مشہور سپہ سالار تھا۔ ان سات خاندانوں میں سے کسی ایک سے تعلق رکھتا تھا لیکن یہ معلوم نہیں کہ وہ کونسا خاص خاندان تھا، اس کی ماں خوزستان میں کسی جگہ کی رہنے والی تھی اور اس صوبے کی حکومت (جس میں ستّر شہر تھے) اسکے خاندان میں متوارث تھی، (طبری ص ۲۵۳۸ اور ۲۵۴۳، بلعمی، ترجمۂ زوٹن برگ ج ۳ ص ۴۴۷ بعد)، [2] طبع لانگلوا (Langlois) ج ۱ ص ۲۶۲،

بہت سے خاندانی نام جن کے آخر میں آن ہوتا ہے منصبداروں کے خاندانوں کو یا ان خاندانوں کی شاخوں کو ظاہر کرتے ہیں، لیکن اگر دیکھا جائے تو ان منصبداروں کی جاگیروں کا کل رقبہ بمقابلہ اس رقبے کے بہت کم تھا جو براہِ راست حکومت کے تصرف میں تھا اور جو بادشاہی گورنروں کے زیر فرمان تھا،

ہمارے پاس صحیح اطلاعات اس بارے میں نہیں ہیں کہ ان جاگیرداروں کو کیا خاص حقوق حاصل تھے، مثلاً ہمیں یہ معلوم نہیں کہ بادشاہی گورنروں کو ان جاگیروں پر جو اُن کے صوبوں میں واقع ہوتی تھیں کسی قسم کا اختیار تھا یا نہیں یا آیا ان جاگیروں کو کُلی یا جزئی آزادی حاصل تھی یا نہیں، صرف اتنی بات یقینی طور پر معلوم ہے کہ کسانوں پر یہ واجب تھا کہ اپنا اپنا لگان خواہ جاگیردار کو ادا کریں خواہ گورنمنٹ کو خواہ دونوں کو، نیز وہ اس بات پر مجبور تھے کہ اپنے اپنے جاگیردار کی کمان میں وقتِ ضرورت فوجی خدمت انجام دیں ÷

ہم دیکھتے ہیں کہ ساسانیوں کے زمانے میں بھی وہ پرانی رسم موجود ہے کہ سات خاندانوں کے رؤساء کے لئے خاص خاص فرائض موروثی طور پر مقرر تھے مؤرخ تھیوفی لیکٹس ہمیں بتلاتا ہے[1] کہ یہ موروثی فرائض کیا کیا تھے، وہ لکھتا ہے کہ "وہ خاندان جس کا نام ارتبیدس ہے رتبۂ شاہی رکھتا ہے اور بادشاہ کو تاج پہنانے کا فرض اس کے ذمّے ہے۔ اسی طرح ایک اور خاندان کو فوجی امور کا ذمہ وار بنایا گیا ہے، ایک اور خاندان امور ملکی کا نگران ہے، ایک خاندان کا عہدہ یہ ہے کہ منصفانہ طور پر متخاصمین کے جھگڑوں کا فیصلہ کرے، پانچویں خاندان کے ذمّے رسالہ فوج کی کمان ہے، چھٹا خاندان اس بات پر مامور ہے کہ مالیات وصول کرے اور خزانۂ شاہی کا محافظ رہے، ساتواں خاندان اسلحہ اور فوجی

[1] ج ۳ ص ۸،

سازوسامان کی حفاظت کا ذمہ وار ہے"،

ارتبیدس بگڑی ہوئی شکل ہے ازگبیدس کی جو اصل میں ازگبد یا ہزگبد ہے جس کے معنی شروع میں محافظ قلعہ[۱] کے تھے۔ لیکن بعد میں وہ ایک بڑے اہم فوجی عہدے کا نام ہو گیا، چونکہ اردشیر کا پہلے یہ لقب تھا[۲]، لہذا ساسانیوں کی نئی سلطنت میں وہ شاہی خاندان کے ممبروں کے نام کے ساتھ ایک بہت بڑے فوجی خطاب کے طور پر لگایا جاتا تھا[۳]،

باقی کے چھ موروثی عہدوں میں سے جن کا شمار تھیوفی لیکٹس نے کیا ہے تین فوجی ہیں اور تین ملکی، فوجی عہدوں میں سے ایک تو ناظر امور فوجی کا عہدہ ہے[۴]

---

[۱] نولڈکہ، ترجمۂ طبری ص ۵ ح او ۳، ہرتسفلٹ: پائی کُلی (فرہنگ، نمبر ۱۴۶) یوستی کا یہ قیاس کہ یہ ارگ سے مشتق ہے جس کے معنی "قلعہ مستحکم" کے ہیں بارتھولومی نے صحیح تسلیم کیا ہے لیکن ہرتسفلٹ کے نزدیک وہ مشکوک ہے، [۲] دیکھو اوپر ص　　، [۳] ابرسام اردشیر اول کے زمانے میں ازگبد تھا (طبری ص ۸۲۳)، ہرتسفلٹ، فرہنگ پائی کُلی (نمبر ۱۴۶)، کرسٹن سین: (Acta Orientalia) ج ۱۰ ص ۳۴ ببعد، یزدگرد اول (۳۹۹ء - ۴۲۰ء) کے زمانے میں مہر شاپور ازگبد کے عہدے پر مامور تھا، (لابو: "عیسائیت در ایران بعہد ساسانی" ص ۷، ۹)، [۴] ہم نے اپنی دوسری کتاب "سلطنت ساسانیاں" (ص ۲) میں ناظر امور فوجی کو ایران سپاہ بد تصور کیا ہے لیکن اب ہمارا خیال یہ ہے کہ یہ اغلب نہیں ہے کہ سارے ایران کے کمانڈر انچیف یا وزیر جنگ کا سا ذمہ داری کا عہدہ وراثت کے توکل پر چھوڑا جاتا ہوگا، ہمارا قیاس یہ ہے کہ یہ کوئی کمتر درجے کا فوجی عہدہ ہے مثلاً کنارنگ کا عہدہ (بزبان یونانی کنارگس، بزبان سریانی قنارق) جس کو مؤرخ پروکوپیس ایک خاص خاندان میں موروثی بتلاتا ہے، ابرشہر (خراسان) کا مرزبان کنارنگ کہلاتا تھا، وہاں کا صدر مقام نیشاپور تھا اور یہ صوبہ ہمیشہ وحشی خانہ بدوش قبیلوں کے حملے کے خطرے میں رہتا تھا، (مارکوارٹ: "ایرانشہر" ص ۴۷-۵۷، ہرتسفلٹ: "آثار قدیمۂ ایران" ج ۲ ص ۱۱۰)، یزدگرد سوم کے عہد میں جب عربوں کے ساتھ لڑائیاں جاری تھیں طوس کا مرزبان کنارنگ کہلاتا تھا، (باقی حاشیہ بر صفحہ ۲۶)

ایک رسالہ فوج کے سردار کا[1] اور ایک میگزین کے محافظ (ایران انبار گبد)[2] کا جس کو تھیوفی لیکٹس نے ساتویں خاندان کے ذمے بتلایا ہے، ملکی عہدوں میں سے ایک ناظرِ امورِ ملکی کا عہدہ ہے جس کی نوعیت کسی قدر غیر واضح ہے۔ دوسرے حاکمِ عدالت کا اور تیسرے کلکٹر اور خزانہ دارِ شاہی کا[3]، یہ واضح رہے کہ تھیوفی لیکٹس کا

(بقیہ حاشیۂ صفحہ ۲۵): - (ثعالبی ص ۴۳، بلاذری ص ۴۰۵ س ۷، بلاذری میں اس لفظ پر غلط اعراب لگائے گئے ہیں) فارسی کے فرہنگ نگار لفظ کنارنگ کے معنی 'حاکم صوبہ' کے لکھتے ہیں۔

حاشیۂ صفحۂ ہذا: - [1] ہماری کتاب "سلطنت ساسانیان" (ص ۷۷) میں اس عہدے کا نام اسپ بد لکھا ہے لیکن یہ نام یقینی نہیں ہے، ہمارا خیال ہے کہ اسپ وار بد یا اسوار بذ زیادہ قرینِ صحت ہوگا، [2] دیکھو نولڈکہ ترجمہ طبری ص ۴۴۴، ہرتسفلٹ: پای کلی (فرہنگ - نمبر ۹۶)، [3] ہمارا خیال نہیں ہے کہ یہ عہدہ وہی ہے جس کو واستریوشان سالار (مستوفی ممالک) کہتے تھے، طبری (ترجمہ نولڈکہ ص ۱۱۰) اُن بڑے بڑے عہدوں کا شمار کرتے ہوئے جو وزیر مہرنرسی نے اپنے تین بیٹوں کو دلوائے لکھتا ہے کہ منجھلا بیٹا ماہ گُشنسپ بہرام پنجم کے عہد میں شروع سے آخر تک واستریوشان سالار کے عہدے پر مامور رہا، اگر یہ عہدہ موروثی تھا تو پھر ماہ گشنسپ کو بڑا بیٹا ہونا چاہیئے تھا، گمان یہ ہے کہ طبری سے اس بیان میں کچھ غلطی ہوئی ہے دوسری جگہ (ترجمہ ص ۱۱۲) اس نے تینوں بیٹوں کو ایک اور ترتیب سے ذکر کیا ہے اور وہاں ماہ گشنسپ کو سب سے چھوٹا بیٹا بتلایا ہے۔ لیکن اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ ماہ گشنسپ سب میں بڑا تھا اور لہذا اس کو واستریوشان سالار کا عہدہ ورثے میں ملا تو پھر یہ ماننا پڑے گا کہ اس سے پہلے اس کا باپ مہرنرسی اور اس کا دادا ورازک بھی اس عہدے پر مامور رہ چکے تھے۔ لیکن دینوری (ص ۵۷) لکھتا ہے کہ یزدگرد اول کے بعد (یعنی مہرنرسی کی زندگی میں) ایک شخص مسمّی گُشنسپ آذار "کاتب الخراج" تھا جس سے یقیناً واستریوشان سالار مراد ہے، پس معلوم ہوا کہ جب اس عہدے پر مہرنرسی کی زندگی میں ایک دوسرا شخص مامور تھا تو مہرنرسی کو یہ عہدہ کبھی نہیں ملا۔ اگر دینوری کے اس بیان کو غلط بھی کہا جائے تب بھی یہ اشکال باقی رہتا ہے کہ ماہ گشنسپ کو اپنے باپ کی زندگی میں اپنے خاندان کا موروثی عہدہ کیونکر مل گیا؟ (باقی حاشیہ صفحہ ۲۷)

یہ بیان ساسانیوں کے آخری زمانے کے متعلق ہے،

یہ فیصلہ کرنا مشکل ہے۔ کہ کونسا عہدہ کس خاندان کے ساتھ مربوط تھا، ارگبذ کے عہدے کے متعلق البتہ ہمیں علم ہے کہ وہ ساسانی خاندان سے متعلق تھا اور رسالہ فوج کی سرداری کے متعلق فرض کیا جا سکتا ہے کہ وہ خاندان اسپاہبد کے ذمے تھی، چونکہ سورین اور مہران اکثر ایرانی فوج کے سرداروں کے نام ہوتے ہیں اس سے شاید ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ باقی کے دو فوجی عہدے ان دو خاندانوں کی میراث میں تھے، لیکن یہ محض قیاس ہی قیاس ہے جس کے لئے ہمارے پاس کوئی ثبوت نہیں، ملکی عہدوں کی تقسیم کے متعلق ہمیں کسی قسم کا کوئی علم نہیں +

اگر ہم بغور ملاحظہ کریں تو معلوم ہو گا کہ موروثی عہدے جتنے تھے وہ بیشک بہت اہم تھے۔ لیکن عالی ترین اور اہم ترین نہیں تھے، درحقیقت یہ اغلب معلوم نہیں ہوتا کہ سلطنت میں چوٹی کے عہدے مثلاً وزیر اعظم یا کمانڈر انچیف کا عہدہ حقِ وراثت سے حاصل ہوتے ہوں اور بادشاہ کے ہاتھ میں اپنے مشیروں کے انتخاب کا کوئی اختیار نہ ہو اور جب کبھی وہ کسی بڑے عہدہ دار کو برطرف کرنا چاہے تو اس کے پاس سوائے اس کے کوئی چارہ نہ ہو کہ اس کو قتل کروا کے اس کی جگہ اس کے بڑے بیٹے کو مقرر کرے۔ ساسانیوں کی سلطنت کی بنیاد خود مختار حکومت پر تھی، پس ایسی صورتِ حالات ان کی خود مختاری کے ساتھ کس طرح موافقت رکھ سکتی ہے؟ اگر ایسا ہوتا تو تھوڑے ہی عرصے میں

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۶):- غرض یہ کہ ہمارا قیاس ہے کہ کلکٹر اور خزانہ دار شاہی کے عہدے سے مراد واسپہرگان آمارکار ہے، یعنی "مستوفیِ خراجِ واسپہران"۔ اس عالی مقام عہدہ دار کا ذکر ارمنی مآخذ میں بھی آیا ہے اور اسکے متعلق ایک جگہ لکھا ہے کہ اصفہان کا خراج اسکے گھر میں جمع ہوتا تھا، (ہیوبشمن، ارمنی گرامر ج ۱ ص ۱۷۸)

سلطنت تباہ ہو جاتی۔ [۱] سلطنت ساسانی میں موروثی عہدے عزت و افتخار کے عہدے تھے جو سات اولین خاندانوں کی امتیازی حیثیت کی علامت سمجھے جاتے تھے [۲] لیکن ان کی طاقت محض ان عہدوں سے نہیں تھی بلکہ اس آمدنی سے جو ان کو اپنی جاگیروں سے حاصل ہوتی تھی اور اس کے علاوہ (خصوصاً کواذ اور خسرو اول کے عہد سے پہلے) جاگیرداری کے اُس تعلق سے جو ان کو اپنی رعایا کے ساتھ تھا، پھر ایک اور بات یہ بھی تھی کہ چونکہ ان کے لئے بادشاہ کے

---

[۱] حیرہ کی عربی ریاست میں وزیر (رِدْف) کا عہدہ خاندان یربوع میں موروثی تھا اور یہ اس بات کے صلے میں تھا کہ اس خاندان والے تخت حیرہ کے دعوے سے دست بردار ہو گئے تھے (جوہری، دیکھو انگر ہے ھبرڈ کا مضمون، رسالۂ انجمن مشرقی آلمانی (Z.D.M.G) ج ۱۲ ص ۲۴۰، روٹ شٹائن (خاندان لخمی) ص ۱۱۲، ۱۳۳)، یہ وہی ایرانی دستور تھا جس کو معقولیت کی حد سے آگے بڑھا دیا گیا تھا اور ایسی بات حیرہ جیسی چھوٹی سی ریاست ہی میں ممکن ہو سکتی تھی جس کو ایک بڑی سلطنت کی پناہ اور نگرانی نصیب تھی۔

[۲] ممکن ہے کہ شاہانِ ہخامنشی کی یہ رسم ساسانیوں کے ہاں بھی جاری ہو کہ شہنشاہ اپنی بیویوں کا انتخاب ترجیحاً اپنے خاندان میں سے کرتا تھا اور یہ نہیں تو پھر باقی کے چھ ممتاز گھرانوں میں سے۔ خسرو دوم (پرویز) کی ماں خاندان اسپاہبذ سے تھی اور وستہم اور وندوی (بستہم اور بندوی) کی بہن تھی (نولدکہ ص ۴۳۲)، بہر حال یہ ایسا قاعدہ نہیں تھا جس میں استثنا نہ ہو۔ یزدگرد اول نے یہودیوں کے رئیس گالوتا (رأس الجالوت) کی بیٹی سے شادی کی تھی۔ خسرو اول کی بیوی خاقان اتراک کی بیٹی تھی اور خسرو دوم ایک بازنطینی (رومی) شاہزادی سے بیاہا تھا۔ دوسری طرف اس امر کا ثبوت کہ ساسانی شاہزادیاں چھ ممتاز خاندانوں میں بیاہی جا سکتی تھیں یہ ہے کہ خسرو دوم کے ایک بھانجے کا نام مہران تھا (نولدکہ: ص ۱۴۰)۔ یوحنا مامیکونی (مؤرخ ارمنی) نے ایک سپہ سالار مستی وشتنگ اور اس کے بھائی سورین کا ذکر کیا ہے اور لکھتا ہے کہ یہ دونو خسرو دوم کے ماموں ہیں" (لانگلوا، ج ۱ ص ۳۷۰ ببعد و ص ۳۷۳)۔

حضور میں رسائی حاصل کرنا آسان ہوتا تھا لہذا اس کی بدولت انہیں حکومت کے بڑے بڑے عہدے پانے کے امتیازی حقوق مل جاتے تھے۔

قدیم سوسائٹی اور خاندانِ ساسانی کے خاتمے کے بعد بھی مدتہائے دراز تک واسپہر صوبۂ فارس میں باقی رہے، ابن حوقل دسویں صدی عیسوی میں لکھ رہا ہے کہ "فارس میں یہ بڑا اچھا دستور ہے کہ قدیم خاندانوں کے لوگوں (اہل البیوتات = واسپہران) کی بڑی عزت کی جاتی ہے اور ممتاز گھرانوں کو احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے، ان خاندانوں میں بعض ایسے ہیں جو موروثی طور پر سرکاری محکموں (دواوین) کے رئیس ہیں اور قدیم الایام سے اب تک اسی طرح چلے آتے ہیں"۔[۱] مسعودی نے بھی اسی طرح فارس کے اہل البیوتات کا ذکر کیا ہے۔

وُزُرگان | ساسانیوں کی تاریخ میں جس کا ایک حصہ ہمارے لئے طبری کی تصنیف میں محفوظ رہا ہے تقریباً ہر صفحے پر بزرگان و آزادگان (العظماء واھل البیوتات) کا نام ملتا ہے، جب کبھی کوئی نیا بادشاہ تخت پر بیٹھتا تھا۔ تو بزرگان و آزادگان اظہارِ اطاعت کے لئے اور بادشاہ کا خطبہ سننے کے لئے جس کے ذریعے سے وہ اپنا تعارف اپنی رعایا سے کرتا تھا دربار میں جمع ہوتے تھے، یہی تھے جنھوں نے اردشیر دوم کو تخت سے اتارا اور شاپور سوم کو قتل کرایا،[۲] انہی بزرگان و آزادگان میں سے بعض تھے جنھوں نے یزدگرد اوّل کی اولاد و اعقاب کو تخت سے محروم کرنے کی ٹھانی تھی[۳]، اور بعد میں اس کی جانشینی کے بارے میں جو گفت و شنید منذر (شاہِ حیرہ) کے ساتھ ہوئی وہ انہی بزرگان اور

---

[۱] ابن حوقل، طبع یورپ ص ۲۰۷،
[۲] طبری ص ۸۴۶، ترجمۂ نولڈکہ ص ۷۰ و ۷۱،
[۳] طبری ص ۸۵۸، ترجمہ نولڈکہ ص ۹۱،

آزادگان نے کی تھی[1]، بعض وقت العظماء والاشراف[2] کی ترکیب بھی دیکھنے میں آتی ہے، عربی میں "اہل البیوتات" اور "العظماء" اور "الاشراف" لفظی ترجمہ ہیں پہلوی الفاظ "واسپُہران" اور "وُزُرگان" اور "آزاذان" کا[3]، بعض وقت صرف "بزرگان" کا لفظ استعمال ہُوا ہے[4]، اس بات کو دیکھتے ہوئے کہ ساسانیوں کی تاریخ میں "بزرگان" کو کس قدر اہمیّت حاصل رہی ہے نیز یہ کہ ان کا نام باقاعدہ طور پر ہمیشہ جاگیرداروں (واسپُہران) کے پہلو بہ پہلو لیا گیا ہے، کوئی شک باقی نہیں رہتا کہ وہ حکومت کے بڑے بڑے اعلےٰ افسر اور محکموں کے عالی ترین نمایندے تھے، زمرۂ "وزرگان" میں وزراء اور حکّامِ بالا دست بھی شامل تھے[5]،

آزاذان | اس لفظ کا مفہوم ابھی تک اچھی طرح واضح نہیں ہُوا، یہ فرض کیا جاسکتا ہے کہ آریا قوم کے فاتحین نے آزاذان کا لقب ملک کے اصلی باشندوں کے مقابلے میں جن کو انھوں نے غلام بنایا اختیار کیا ہوگا۔ رفتہ رفتہ نسلوں کا اختلاط شروع ہوا جس کی وجہ سے بہت سے آزاد آریائی خاندان اپنی اصالت کو کھو بیٹھے اور اپنی سابقہ بلندی سے اتر کر کسانوں اور شہریوں کے متوسّط طبقے میں آملے۔

---

[1] طبری ص ۸۵۰ ببعد، منذر کے ساتھ گفت وشنید کی وجہ یہ تھی کہ امراء دربار یزدگرد اوّل کے بعد بہرام گور کو تخت پر بٹھانا چاہتے تھے اور وہ اُس وقت منذر کے دربار میں مقیم تھا، (مترجم)، [2] طبری ص ۸۳۵، ۸۷۱، ۸۸۳، [3] نولدکہ، ترجمۂ طبری ص ۷۱ ح ۱، اہل البیوتات کا مترادف آرامی زبان میں باربیتان ہے جو واسپُہران کے لئے بطور ہزوارش استعمال ہوا ہے، طبری کے ہاں ایک اور ترکیب "الوجوہ والعظماء" بھی استعمال ہوئی ہے (ص ۹۹۹)، [4] طبری ص ۸۴۴، ۸۴۶، ۱۰۴۵، ۱۰۶۱، [5] دیکھو آگے "مرکزی حکومت" کے عنوان میں۔

بعض اور نشیب و فراز بھی اس تنزّل میں مؤیّد ہوئے ۔ مثلاً جنگوں کے نتائج ، قرضہ، اور زمین کا مسلسل حصّوں میں تقسیم ہوتے چلے جانا ، آریائی خاندانوں میں سے جو نسبتہً زیادہ خالص حالت میں رہے ۔ بعض ترقی کر کے واسپُہروں کے قلیل لیکن طاقتور زمرے میں داخل ہو گئے اور بعض اُن سے کمتر درجے کے نجباء کی جماعت میں رہے ۔ یہ جماعت ساسانیوں کے زمانے میں خاصی کثیر تھی ، اور سارے ملک میں پھیلی ہوئی تھی اور صوبوں کی حکومت میں عہدہ دارانِ زبردست انہی میں سے منتخب ہوتے تھے ، غالباً یہی لوگ تھے جنہوں نے آزاذان کا نام اپنے لئے محفوظ کر رکھا تھا ،

غالباً اسی جماعت سے ساسانیوں کی رسالہ فوج تعلّق رکھتی تھی جو ان کے لشکر کا بہترین جزو تھی ، تاریخ یعقوبی میں ایک جگہ[1] جہاں پانچویں صدی کے شروع میں[2] یزدگرد اوّل کے زمانے میں مراتب کی ترتیب سے بحث کی گئی ہے ہمیں بتلایا گیا ہے کہ افسرانِ لشکر کو "سوار" کہا جاتا تھا ، قیاس یہ ہے ۔ کہ ان سواروں میں سے اکثر امن کے زمانے میں اپنی اپنی زمین پر زندگی بسر کرتے تھے ، کھیتوں میں کاشت کرتے تھے اور کسانوں سے کام لینے میں مشغول رہتے تھے ؛

یہ طبعی بات ہے کہ جس قوم میں نہایت قدیم زمانے سے گھوڑوں کا شوق اور شہسواری کا مذاق رہا ہو وہ سواروں کے لشکر کی طرف خاص توجہ مبذول کرے اور نجباء کے طبقۂ اوّل کے بعد (جن کی تعداد قلیل تھی) ان کو شمار کرے ۔ آگے چل کر ہم اس بات کو ملاحظہ کریں گے کہ بعد کے زمانے میں سوار کا لقب سوسائٹی میں بہت بڑی وقعت رکھتا تھا[3] ،

---

[1] طبع ہوٹسما ، ج ۱ ص ۲۰۲ ، [2] دیکھو باب ششم و ضمیمہ نمبر ۲ ، [3] دیکھو باب ہشتم ،

ان کے مقابلے میں کمتر درجے کے اشراف تھے جن کی طاقت ان کے موروثی مقامی اختیارات میں مرکوز تھی، وہ کذک خوذایان[1] (کدخدایان یعنی رؤساءِ خانہ) اور دہقانان[2] (رؤساءِ دیہ) کہلاتے تھے، حکومت کی مشین میں دہقان بمنزلہ ایسے پہیوں کے تھے جن کے بغیر اس کا چلنا دشوار تھا، اگرچہ بڑے بڑے تاریخی واقعات میں وہ کہیں نظر نہیں آتے تاہم حکومت کے نظام اور اس کی عمارت میں وہ ایسی مستحکم بنیاد کی حیثیت رکھتے تھے جس کی اہمیت کا اندازہ نہیں ہوسکتا، دہقان پانچ جماعتوں میں منقسم تھے جن میں سے ہر ایک کا ایک امتیازی لباس تھا[3]، مجمل التواریخ میں دہقان کی تعریف یہ لکھی ہے کہ "وہ رئیس تھے، زمینوں اور گاؤں کے مالک تھے"[4]، لیکن اکثر حالتوں میں دہقان کی موروثی اراضی کا رقبہ کچھ بہت زیادہ نہیں ہوتا تھا اور بعض وقت تو اس کی حیثیت بس اس سے زیادہ نہیں ہوتی تھی کہ وہ اپنے گاؤں کا سب سے بڑا کسان ہوتا تھا، لہذا کسانوں کی آبادی میں دہقان کا وہ رتبہ نہ تھا جو امرائے جاگیردار کا تھا، اس کی حیثیت یہ تھی کہ وہ سرکاری علاقے کی

---

[1] دیکھو ہرتسفلت: پای کلی (فرہنگ - نمبر ۵۶۷ - ۵۷۰)، بارتھولومی: "قرون وسطی کی ایرانی زبان کے متعلق معلومات"۔ (جرمن)، ج ۳، ص ۴۲ بعد، اس سیاسی اور معاشرتی جماعت کا نام قدیم زمانے کے مان بد کا مترادف ہے جو مذہبی کتابوں میں مذکور ہے (دیکھو اوپر، ص   )، اشکانی زمانے میں شہزادے کذک خوذای کہلاتے تھے (دیکھو ص   )، [2] عہد ساسانی کے آخر میں دہقان کا لفظ بظاہر زیادہ وسیع معنوں میں استعمال ہونے لگا تھا اور عہد اسلامی میں بھی اس کا استعمال جاری رہا، دہقانوں کی جماعت کو افسانوی بادشاہ ہوشنگ کے بھائی وِنگرد کی نسل سے تبلایا جاتا ہے، (دیکھو کرسٹن سین: "ایران کی افسانوی تاریخ میں اولین انسان اور اولین بادشاہ"۔ ص ۱۴۴، ۱۵۰، ۱۵۱، ۱۵۳، ۱۵۵، ۱۵۹)،

[3] مروج الذهب، ج ۲، ص ۲۴۱، [4] دیکھو ترجمہ شاہنامہ از مول ج ۱، ص ۷، اس تعریف کی رو سے دہقان وہی ہوا جو ہندوستان میں ٹھاکر ہے (مترجم)، [5] نولدکہ، ترجمہ طبری ص ۴۴۰،

زمینوں کے کاشتکاروں میں گورنمنٹ کا نمائندہ تھا اور اس حیثیت سے اس کا سب سے بڑا فرض یہ تھا کہ کاشتکاروں سے لگان یا معاملہ وصول کرے[1]، دہقانوں کو جو معلومات اراضی اور رعایا کے متعلق حاصل تھیں انہی کی بدولت یہ ممکن تھا کہ لگان کامیابی کے ساتھ باقاعدہ وصول ہوتا رہتا تھا جس سے دربار کے تزک و احتشام اور جنگوں کے گراں مصارف پورے ہوتے رہتے تھے باوجود اس کے کہ ایران کی زمین بالعموم کچھ زیادہ زرخیز نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ عرب فاتحین نے جب تک دہقانوں کی معاونت حاصل نہ کی وہ ایران سے اُتنا مالیہ وصول نہ کر سکے جتنا کہ ساسانیوں کے وقت میں وصول ہوتا تھا[2]

مرکزی حکومت کا نظم و نسق

وزیر اعظم

مرکزی حکومت کا صدر وزیر اعظم تھا۔ جس کا لقب شروع میں ہزاربد تھا۔ ہخامنشیوں کے زمانے میں ہزارپتی بادشاہ کی محافظ فوج کے دستے کا افسر ہوتا تھا جس میں سپاہیوں کی تعداد ایک ہزار تھی، اس زمانے میں یہ افسر سلطنت کے اوّلین عہدہ داروں میں شمار ہوتا تھا اور بادشاہ اُسی کے توسّط سے سلطنت کا نظم و نسق کیا کرتا تھا[3] یہ نام اشکانیوں کے زمانے میں محفوظ رہ کر ساسانیوں کے عہد میں پہنچا،

---

[1] یعنی وہی جو ہندوستان میں گاؤں کا نمبردار یا پٹیل کرتا ہے (مترجم)، [2] دیکھو فان فلوٹن (Van Vloten) "امسٹرڈم کی شاہی اکیڈمی کی روئداد"، سنہ ۱۸۹۲ء ص ۱۳ ببعد، [3] بقول نیپوس (مؤرخ لاطینی)، اس کا رتبہ شہنشاہ کے بعد دوسرے درجے پر تھا، سکندر کے ہاں پہلے ہیفائستیوں (Hephaistion) (باقی حاشیہ بر صفحہ ۳۴)

ارمنی مؤرّخ ایران کے وزیر اعظم کو "ہزارپت دَرَنْ اَرْیَتِس" لکھتے ہیں جس کے معنی "محافظِ دربار ایران" کے ہیں، ایک خط میں جو اہل آرمینیہ نے یزدگرد دوم کے وزیر اعظم مہرنرسی کو لکھا اس کے القاب میں "ہزارپت ایران و غیر ایران"[۱] کا لقب شامل کیا، لیکن جب اسی وزیر اعظم نے ارمنیوں کو خط لکھا تو اپنا لقب "وُزُرگ فرَمَاذار ایران و غیر ایران"[۲] تحریر کیا[۳]، طبری سے ہم کو اس بات کا پتہ چلتا ہے[۴] کہ باضابطہ طور پر اس کا لقب یہی تھا اور مسعودی اور یعقوبی کے ہاں بعض عبارات ایسی ہیں جن سے اس امر کی کافی طور سے تائید ہوتی ہے کہ عہد ساسانی کے آخر تک وزیر اعظم کا لقب "وُزُرگ فرَمَاذار" ہی تھا، لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کے علاوہ اس کو "در اندرزبد" (مشیر دربار) بھی کہا جاتا تھا[۵][۶]

وزیر اعظم کے عہدے پر جو لوگ مامور رہے ان میں سے ایک تو

بقیۂ حاشیہ صفحہ ۳۳ :- اور اس کے بعد پرڈکاس (Perdiccas) ہزاربد (Chiliarch) کے عہدے پر مامور تھا، پولی سپرکون (Polysperchon) کی ولایت کے زمانے میں کاساندر (Cassandre) کو ہزاربد کا عہدہ دیا گیا، اس پر مؤرّخ ڈیوڈروس (۱۸، ۴۸) مزید اطلاع دیتے ہوئے لکھتا ہے کہ شاہانِ ایران کے ہاں ہزاربد بلحاظ رتبہ سب سے اونچا عہدہ ہے (مارکوارٹ، رسالۂ "فلولوگس" ج ۵۵، ص ۲۲۷ بعد)، پای کُلی کے کتبے میں بھی ہزاربد کا لقب مذکور ہے، (فرہنگ۔ نمبر ۳۸۲)،

حاشیۂ صفحۂ ہذا :- [۱] شاہ ایران کے لقب کی مماثلت سے جو "شہنشاہ ایران و اَنْ ایران" تھا، [۲] ارمنی زبان میں اس کو "وُزُرگ ہرَمَنتَر" لکھا ہے، (ہیوبشمن، ارمنی گرامر، ج ۱ ص ۱۸۲-۱۸۳)۔ وزرگ فرماذار کے معنی "فرماں روائے بزرگ" یا حاکم اعلےٰ کے ہیں، فرَمَاذار (بدون کلمۂ وزرگ) مذہب زرتشتی میں ایک اونچے درجے کا دینی عہدہ دار تھا لیکن اسکے فرائض کا حال صحیح طور سے معلوم نہیں، (ویسٹ، متون پہلوی ج ۱ ص ۱۴۵، ج ۲ ص ۱۵۲، ۲۷۶)، [۳] لانگلوا: ج ۲، ص ۱۹۰، ۱۹۲، [۴] ترجمۂ نولدکہ ص ۱۱۱، [۵] دیکھو ضمیمہ ۲، ہرتسفلٹ : پای کُلی (فرہنگ۔ نمبر ۱۰۰)

در اندرزبد = طیسفون کا اندرزبد،

ابہرسام کا نام معلوم ہے جو اردشیر اوّل کا وزیر تھا[1]، یزدگرد اوّل کے زمانے میں خسرو یزدگرد تھا[2]، مہرزسی ملقب بہ "ہزار بندگ" (ہزار غلاموں والا) یزدگرد اوّل اور بہرام پنجم کا وزیر اعظم تھا[3]، سورین پہلو بہرام پنجم کے زمانے میں اس عہدے پر مامور تھا[4]۔

وزرگ فرمادار کے اختیارات اور وسعتِ اقتدار کے متعلق ہمارے پاس اطلاعات بہت کم ہیں، یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ اس کا فرضِ منصبی بادشاہ کی نگرانی میں امورِ سلطنت کا سرانجام تھا لیکن اکثر اوقات وہ اپنی رائے سے معاملات کو طے کرتا تھا اور جب کبھی بادشاہ سفر میں یا کسی مہم پر ہوتا تو وہ اس کا قائم مقام ہوتا تھا[5]، بیرونی ممالک کے ساتھ سیاسی گفت و شنید کا کام بھی اسی کے ذمے تھا اور اگر ضرورت پڑے تو وہ سالارِ لشکر بھی ہو سکتا تھا[6]۔ خلاصہ یہ کہ بادشاہ کا مشیرِ خاص ہونے کی حیثیت سے نظامِ حکومت کا جزو و کُل اس کے ہاتھ میں تھا اور وہ ہر معاملے میں دخل دینے کا اہل تھا[7]۔ وزرگ فرمادار جو کامل معیار کا ہوتا تھا وہ تہذیب و شائستگی میں بے نظیر، اخلاقی قوّت میں ممتاز، اپنے ابنائے زمانہ میں فائق[8]، جامع خصالِ حمیدہ، صاحبِ حکمت نظری و عملی[9]، اور دانائی و فرزانگی میں یکتا ہوتا تھا، اس کی شخصیّت ایسی طاقتور ہوتی تھی کہ جب کبھی بادشاہ عیّاشی اور بدکرداری میں مبتلا ہو جاتا تو وہ اس کو اپنے ذاتی اثر سے

---

[1] طبری ص ۸۱۶، کرسٹن سین، Acta Orientalia ج ۱۰ ص ۴۳ بعد، ابہرسام علاوہ وزیر اعظم کے ارگبد بھی تھا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ساسانی خاندان سے تھا، [2] لابور (Kalumerka) ص ۹۷، [3] طبری ص ۸۴۹، ۸۶۸، [4] لازار فرپی (مؤرّخ ارمنی)، طبع لانگلوا ص ۲۷۰، [5] طبری ص ۸۶۶، ترجمہ نولڈکہ ص ۱۰۶، [6] طبری ص ۸۶۸، ترجمۂ نولڈکہ ص ۱۰۶، [7] لیکن چھٹی صدی کے دوران میں وزرگ فرمادار کے اختیارات کم ہو گئے تھے، دیکھو باب ششم و ضمیمہ ۲، [8] طبری ص ۸۴۹، [9] جو نمونہ کہ وزرگمہر (بزرجمہر) کا تھا، دیکھو کرسٹن سین (Acta Orientalia) ج ۸ ص ۸۱ بعد،

راہِ ہدایت کی طرف لاتا تھا[1]۔

وزیر اعظم کا عہدہ جس شکل میں کہ وہ زمانۂ خلافتِ اسلام میں تھا اور اس کی وہی شکل تمام اسلامی سلطنتوں میں برقرار رہی مستقیماً دولتِ ساسانی سے اخذ کیا گیا تھا[2]۔ اور فضلائے عرب جنھوں نے سیاسی نظریئے قائم کئے وزیرِ اعظم کے عہدے کے متعلق جو اصولی باتیں لکھتے ہیں وہ ساسانیوں کے وزرگ فرمادار پر عین صادق آتی ہیں۔ بقول ماوردی وزیر اعظم تمام وہ اختیارات رکھتا ہے جو خود خلیفہ کے ہیں، صرف اتنی بات اس پر واجب ہے کہ وہ خلیفہ کو اپنے تمام انتظامات سے آگاہ کرتا رہے تاکہ اس کی زیر دستی اور اطاعت کا اظہار ہوتا رہے۔ دوسری طرف خلیفہ کا یہ فرض ہے کہ وزیر کے جملہ افعال کی نگرانی کرے۔ وزیر کے اختیارات صرف تین باتوں میں محدود تھے، اوّل یہ کہ اس کو اپنا جانشین یا نائب خود مقرر کرنے کا حق حاصل نہ تھا، دُوسرے وہ مجاز نہ تھا کہ اپنے کام سے علیحدگی اور خانہ نشینی کی اجازت لوگوں سے طلب کرے کیونکہ وہ بادشاہ کا کارندہ ہے نہ کہ لوگوں کا، تیسرے اس کو خاص اجازت کے بغیر یہ اختیار نہ تھا کہ کسی ایسے عہدہ دار کو جسے بادشاہ نے مقرر کیا ہو برخاست کرکے اس کی جگہ دوسرا آدمی تعینات کرے[3]۔ ان تین باتوں میں سے دوسری کے متعلق صاف پتہ چلتا ہے کہ وہ عہد خلافت میں پیدا ہوئی جس کی بنا جمہوری حکومت پر تھی، پس خلاصہ یہ کہ وزرگ فرمادار کو شہنشاہِ ایران سے وہی تعلق تھا جو زمانۂ مابعد میں وزیر اعظم کو خلیفہ سے تھا۔ عربی کتاب موسوم بہ "دستور الوزراء" میں لکھا ہے کہ "شاہانِ ایران تمام بادشاہوں سے بڑھ کر اپنے

---

[1] طبری، ص ۸۶۷، [2] انگر Enger، رسالۂ انجمن مشرقی آلمانی، ج ۱۳، ص ۲۴۰،

[3] ایضاً، ص ۲۴۲،

وزراء کا احترام کرتے تھے، وہ یہ کہتے تھے کہ وزیر وہ شخص ہے جو ہماری حکومت کے معاملات کو سلجھاتا ہے، وہ ہماری سلطنت کا زیور ہے وہ ہماری زبانِ گویا ہے وہ ہمارا ہتھیار ہے جو ہر وقت مہیّا ہے، تاکہ ہم اس سے دور دور کے ملکوں میں اپنے دشمنوں کو ہلاک کریں"[۱]

نظامِ مذہب یا کلیسائے زرتشتی

مجوس (یا مغان)، اصل میں میڈیا کے ایک قبیلے یا اُس قبیلے کی ایک خاص جماعت کا نام تھا جو غیر زرتشتی مزدا پرست کے علماء مذہب تھے[۲]۔ جب مذہب زرتشت نے ایران کے مغربی علاقوں (میڈیا اور فارس) کو تسخیر کیا تو مغان اصلاح شدہ مذہب کے رُوسائے روحانی بن گئے۔ اوستا میں تو یہ علماء مذہب آذروان کے قدیم نام سے مذکور ہیں لیکن اشکانیوں اور ساسانیوں کے زمانے میں وہ معمولاً مُغ کہلاتے تھے۔ ان لوگوں کو ہمیشہ قبیلۂ واحد کے افراد ہونے کا احساس رہا اور لوگ بھی ان کو ایک ایسی جماعت تصوّر کرتے تھے" جو قبیلۂ واحد سے تعلق رکھتی ہے اور خداؤں کی خدمت کے لئے وقف ہے"[۳]

عہد ساسانی میں علمائے مذہب امرائے جاگیردار کے دوش بدوش چلتے رہے اور جب کبھی ضعف و انحطاط کا دَور آجاتا تھا تو یہ دونو جماعتیں بادشاہ کے خلاف ایک دوسرے کی مؤیّد ہو جاتی تھیں۔ لیکن ویسے یہ دو گروہ بالکل ایک دوسرے سے الگ تھے اور ہر ایک کی اپنی اپنی ترقی کا راستہ جُدا تھا،

---

[۱] ایضاً ص ۲۴۰، [۲] کرسٹن سین: مضمون بعنوان "ایرانیان" (کتابچۂ علوم قدیمہ)، سلسلہ سوم، حصہ اوّل، جلد ۳، ص ۲۸۹ بعد، [۳] مارسیلینوس، ج ۲۳، ص ۶، س ۳۴،

جہاں تک ہمیں علم ہے ساسانیوں کے زمانے میں امرا کے بڑے بڑے گھرانوں میں سے کوئی شخص موبدان موبد نہیں بنایا گیا[1] موبدوں کا انتخاب ہمیشہ قبیلۂ مغان میں سے ہوتا تھا جس کی تعداد طبعی طور سے صدہا سال کے زمانے میں بہت بڑھ گئی تھی[2] طائفۂ مغان نے بھی ایران کی شاندار افسانوی تاریخ میں سے اپنا ایک شجرۂ نسب تیار کیا جو نجباء کے عالی خاندانوں کے شجرے کے مقابلے پر تھا، ساسانیوں نے اپنا نسب (بواسطۂ ہخامنشیان) کوی وشتاسپ تک پہنچایا جو زرتشت کا مربی تھا، اور اکثر دوسرے عالی خاندانوں نے بھی (بواسطۂ اشکانیان) اپنا مورث اعلےٰ اُسی کو قرار دیا، اس کے مقابلے پر موبدوں کا جدّ اعلےٰ شاہِ افسانوی مَنُوشْ چِتْرَ (منوچہر) قرار پایا جو اساطیری خاندان پَرَداتَ سے تھا کہ وشتاسپ سے بہت زیادہ قدیم ہے[3]

طبقۂ علماء مذہب اپنے دنیاوی اقتدار کو ایک مقدس اور مذہبی رنگ دیتے تھے اور اس ترکیب سے وہ ہر شخص کی زندگی کے اہم معاملات میں دخل دے سکتے تھے، گویا یوں کہنا چاہیئے کہ ہر شخص کی زندگی مہد سے لحد تک ان کی نگرانی میں بسر ہوتی تھی، مؤرخ اگاتھیاس لکھتا ہے[4] کہ "فی زمانناہر شخص ان کا (مغان کا) احترام کرتا ہے اور بے حد تعظیم کے ساتھ پیش آتا ہے، پبلک کے معاملات ان کے مشوروں اور پیشینگوئیوں سے طے ہوتے ہیں اور لوگوں کے باہمی تنازعات کا وہ غور و فکر کے ساتھ فیصلہ کرتے ہیں، اہل فارس کے نزدیک

---

[1] تاریخ میں لکھا ہے کہ زروان داد پسر مہر نرسی کو جو خاندان سپندیاد سے تھا ہیربدان ہیربد بنایا گیا تھا،

[2] شیعہ سوسائٹی میں سیدوں کی تعداد بھی اسی طرح بڑھی ہے، [3] دیکھو ایرانی بُندہِشن (طبع انکلسا ریا، کا انگریزی ترجمہ از ویسٹ (باب ۳۳)، خاندان قارین کا شجرۂ نسب جو طبری نے دیا ہے (ص ۸۷۷-۸۷۸)، اس کی رو سے اس خاندان کا جدّ اعلیٰ بھی یہی منوش چتر ہے، [4] ج ۲، ص ۲۶،

کوئی چیز مستند اور جائز نہیں سمجھی جاتی جب تک کہ ایک مُغ اس کے لئے جواز کی سند نہ دے"

موبدوں کا رسوخ اور اثر محض اس وجہ سے نہ تھا کہ ان کو روحانی اقتدار حاصل تھا یا یہ کہ حکومت نے ان کو فصلِ خصومات کا کام دے رکھا تھا یا یہ کہ وہ پیدائش اور شادی اور تطہیر اور قربانی وغیرہ کی رسموں کو ادا کراتے تھے۔ بلکہ ان کی زمینوں اور جاگیروں اور اس کثیر آمدنی کی وجہ سے بھی جو انہیں مذہبی کفّاروں اور زکوٰۃ اور نذر نیاز کی رقموں سے ہوتی تھی، اور پھر اس کے علاوہ انہیں کامل سیاسی آزادی حاصل تھی۔ یہاں تک کہ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ انہوں نے حکومت کے اندر اپنی حکومت بنا رکھی تھی۔ شاپور دوم کے زمانے تک میڈیا اور بالخصوص ایٹروپٹین (آذربایجان) مغوں کا ملک سمجھا جاتا تھا۔ وہاں ان لوگوں کی زرخیز زمینیں اور پُرفضا مکانات تھے جن کے گرد حفاظت کے لئے کوئی دیوار نہیں بنی ہوتی تھی[۱]، اپنی ان زمینوں پر یہ لوگ اپنے خاص قوانین کے ماتحت زندگی بسر کرتے تھے[۲]۔ غرض یہ کہ رؤسائے مغان کے قبضے میں بلاشبہ بڑی بڑی املاک اور جاگیریں تھیں،

موبدانِ زرتشتی کی کلیسائی حکومت میں مراتب کا ایک سلسلہ تھا جو نہایت منظّم اور مرتّب تھا لیکن اس کے متعلق ہمارے پاس صحیح اطّلاعات موجود نہیں ہیں، طائفہ مجوس (جن کو مُغان یا مگوآن یا مگوگان لکھا جاتا ہے) پیشوایانِ مذہب میں کمتر درجے کے تھے، لیکن تعداد میں کثیر تھے، بڑے بڑے آتشکدوں کے رئیس مُغان مُغ کہلاتے تھے، (جس کو مگوآن مگو یا مگو مگوآن بھی

---

[۱] مطلب یہ ہے کہ انہیں حفاظت کے لئے دیوار کی حاجت نہ تھی بلکہ ان کا تقدّس ان کا محافظ تھا۔

[۲] مارسلینوس، ج ۲۳، ص ۶، س ۳۵،

لکھا جاتا ہے،[1] ان سے اوپر کا طبقہ موبدوں (مگوپت) کا تھا[2] تمام سلطنت ایران کلیسائی اضلاع میں منقسم تھی جن میں سے ہر ایک ضلع ایک موبد کے ماتحت تھا، بہت سے نگینے آج موجود ہیں جن پر موبدوں کے نام اور تصویریں کُھدی ہوئی ہیں مثلاً ایک نگینے پر خسرو شاذ ہرمز کے موبد پابگ کا نام لکھا ہؤا ہے، ایک پر وبذ شاپور موبد اردشیر خورّہ کا، اسی طرح فرخ شاپور موبد ایران خورّہ شاپور، بافرّگ موبد میشان وغیرہ[3]

تمام موبدوں کا رئیس اعلےٰ جس کو زرتشتی دنیا کا پوپ کہنا چاہیئے موبدان موبد تھا، تاریخ میں پہلی دفعہ اس کلیسائی عہدے کا ذکر وہاں آیا ہے۔ جہاں یہ بتایا گیا ہے کہ اردشیر اوّل نے ایک شخص کو جس کا نام شاید ماہ داذ تھا موبدان موبد مقرر کیا،[4] ممکن ہے کہ یہ عہدہ اس سے پہلے بھی موجود رہا ہو لیکن اس کی غیر معمولی اہمیت اسی وقت سے ہوئی جب سے کہ مزدائیت کو حکومت کا مذہب قرار دیا گیا۔

ماہ داذ کے علاوہ اور جو لوگ موبدان موبد کے عہدے پر سرفراز رہے ان میں سے ایک نو ہُنگ کا نام معلوم ہے دوسرے اس کا جانشین آذربذ مہرسپندان تھا، یہ دونو شاپور دوم کے عہد میں تھے، اس کے بعد بہرام پنجم کے زمانے میں مہر وراز مہر آگاوید[5] اور مہر شاپور تھے اور خسرو اوّل (انوشیروان) کے عہد میں

---

[1] دیکھو مُہرہائے بافرّگ و نواذ، بافرّگ آتش آذرگشنسپ کا مُغان مغ تھا۔ (آتش آذرگشنسپ کے متعلق دیکھو باب سوم)، ہرتسفلڈ: پای کُلی ص ۸۲۔ [2] یونانی اور لاطینی مصنف لفظ مگوس (magus) سے بلا امتیاز مُغ اور موبد دونو مراد لیتے ہیں، برعکس اس کے عربی اور فارسی تصانیف میں لفظ موبد مذہب زرتشتی کے تمام کلیسائی مراتب پر حاوی ہے، [3] ہرتسفلڈ: پای کُلی، ص ۷۹-۸۱، [4] طبری ص ۸۱۶، کرسٹن سین (Acta Orientalia، ج ۱۰ ص ۴۹-۵۰، [5] بُندہشن (ترجمۂ ویسٹ باب ۳۳)، متن طبع انکلساریا ص ۲۳۶،

آزادسنذ موبدان موبد تھا[۱]۔

تمام امورِ کلیسائی کا نظم و نسق موبدان موبد کے ہاتھ میں تھا، دینیات اور عقائد کے نظری مسائل میں فتوے صادر کرنا اور مذہبی سیاسیات میں عملی معاملات کو طے کرنا اسی کا کام تھا۔ کلیسائی عہدہ داروں کو یقیناً وہی مقرر کرتا تھا اور وہی معزول کرتا تھا۔ دوسری طرف خود اس کا اپنا تقرر (جیسا کہ بہت سی علامات سے ظاہر ہے) بادشاہ کے اختیار میں تھا، جب کبھی ملک کے کسی حصے میں مروجہ مذہب کے خلاف مخالفت کا ہنگامہ برپا ہوتا تھا تو وہ تحقیقاتی کمیشن کے مقرر کرنے میں حکومت کے ساتھ تعاون کرتا تھا[۲]، تمام مذہبی معاملات میں وہ بادشاہ کا مشیر ہوتا تھا[۳]، اور روحانی مرشد اور اخلاقی رہنما ہونے کی حیثیت سے سلطنت کے تمام معاملات میں وہ غیر معمولی طور پر اپنا اثر ڈال سکتا تھا[۴]۔

آتشکدوں میں مراسم نماز کا ادا کرانا جس کے لئے خاص علم اور عملی تجربے کی ضرورت تھی ہیربدوں سے متعلق تھا، ہیربد وہی لفظ ہے جو اوستا میں اَئیثْرَ پاتِی ہے، خوارزمی نے ہیربد کی تعریف "خادم النار" کی ہے[۵]، طبری نے لکھا ہے کہ خسرو دوم (پرویز) نے آتشکدے تعمیر کرائے جن میں اس نے بارہ ہزار

---

[۱] "وقائع شہدائے ایران" (اقتباسات از Braun) ص ۲۱۳۔ [۲] دیکھو باب ششم،

[۳] طبری ص ۹۶۵، [۴] شاہنامۂ فردوسی میں موبد اور موبدان موبد جو اہم فرائض انجام دیتے ہیں وہ قابل توجہ ہیں۔ نیز دیکھو نہایہ (ص ۲۲۷ - ۲۴۰) جہاں موبدان موبد شاہ متوفی کا وصیت نامہ مرتب کرتا ہے اور پھر اس کے جانشین بیٹے کو پڑھ کر سناتا ہے۔ تاریخ کے خاص خاص زمانوں میں بادشاہ کے انتخاب میں موبدان موبد کو جو دخل تھا اس کے متعلق دیکھو باب ششم، طبری کے ایک مقام (ص ۸۶۲) سے پتہ چلتا ہے کہ موبدان موبد بادشاہ کے گناہوں کے اعتراف کی سماعت بھی کرتا تھا، [۵] مفاتیح العلوم، ص ۱۱۶،

ہیربد زمزمہ و مناجات کے لئے مقرر کئے[1] ہیربد کے عہدے کی جو حرمت و توقیر ہوتی تھی وہ اس سے ظاہر ہے کہ ساتویں صدی میں جب عربوں نے فارس کو فتح کیا تو اس وقت اس صوبے کا حاکم ایک ہیربد تھا جو گویا دین و دنیا کی حکومت کا جامع تھا[2]۔

ہیربدوں کا رئیس اعلےٰ ہیربذان ہیربد تھا جو کم از کم عہد ساسانی کے خاص خاص زمانوں میں موبذان موبد کے بعد سب سے بڑے صاحب منصبوں میں شمار ہوتا تھا[3]، ہیربذان ہیربد جو تاریخ میں مذکور ہیں ان میں ایک تو تنسر ہے جو کلیسائے رسمی کی تنظیم میں اردشیر اوّل کا معاون تھا[4]، ایک زُروان داذ پسر مہر نرسی ہے جس کو بقول طبری "اس کے باپ نے مذہب و شریعت کے لئے وقف کر دیا تھا[5]" طبری کی اس عبارت سے پتہ چلتا ہے کہ حاکم شریعت کے فرائض بھی ہیربذان ہیربد انجام دیتا تھا اور مسعودی نے تو صاف صاف لکھا ہے کہ ہیربد بحیثیت حکام عدالت قانونی فیصلے صادر کیا کرتے تھے[6]۔

کلیسائے زرتشتی کے دوسرے عہدہ دار جن کے فرائض کو ہم صحیح طور سے معین نہیں کر سکتے وَرْدَبذ (استادِ عمل[7]) اور دَسْتوَر تھے، دَسْتوَر غالباً مسائل مذہبی کے ماہر کو کہتے تھے۔ گویا ایک طرح کا فقیہ جس کی طرف لوگ شریعت کے پیچیدہ مسائل کو

---

[1] طبری ص ۱۰۴۲-۱۰۴۱، اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ تعداد بہت مبالغہ آمیز ہے، الیعقوبی نے ہیربد کے معنی قیّم النار بتلائے ہیں (طبع ہوتسما، ج ۱، ص ۲۰۲)، آگے چل کر معلوم ہوگا کہ بادشاہ کے سامنے آتش مقدس کے بجھنے کا اعلان ہیربذان ہیربد ہی نے کیا تھا، [2] آتشکدوں کے متعلق جملہ تفاصیل دیکھو باب ششم میں، [3] دیکھو ضمیمہ ۲، [4] دین کرد طبع پشوتن سنجانا ص ۴۵۰، ۴۵۶، کرسٹن سین (Acta Orientalia، ج ۱۰، ص ۴۵-۴۷، نیز دیکھو آگے باب سوم، [5] ص ۸۶۹، [6] مروج الذہب، ج ۲، ص ۱۵۶، [7] بنیادِ ونست (Benveniste) رسالہ "تبصرۂ مطالعات ارمنی" (بزبان فرانسیسی)، ج ۹، ص ۱۰،

حل کرانے کے لئے رجوع کرتے تھے۔[۱] ایک اور اعلیٰ عہدہ مُغان آندرزبذ یا مگوگان اندرزبد (معلمِ مُغان) کا تھا۔[۲]

یہ مذہبی عہدہ دار عامّۃ الناس کے ساتھ اپنے تعلقات میں جو فرائض انجام دیتے تھے وہ متعدّد اور مختلف تھے۔ مثلاً مراسمِ تطہیر کا ادا کرانا، گناہوں کے اعترافات کو سننا اور ان کو معاف کرنا، کفّاروں کا تجویز کرنا، ولادت کی مقررہ رسوم کا انجام دلوانا، رشتۂ مقدس یعنی زُنّار (کُستیگ) کا باندھنا، شادی اور جنازہ[۳] اور مختلف مذہبی تہواروں کے مراسم کی نگرانی وغیرہ۔ اگر اس بات کو دیکھا جائے کہ کس طرح مذہب روزانہ زندگی کے چھوٹے سے چھوٹے واقعات میں بھی مداخلت کرتا تھا اور یہ کہ ہر شخص دن اور رات میں کتنی دفعہ ذرا سی غفلت پر گناہ اور نجاست میں پکڑا جاتا تھا تو معلوم ہوگا کہ مذہبی عہدہ کوئی بے کام کی نوکری نہ تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک شخص جس کو بزرگوں سے کوئی مال یا جائداد ترکے میں نہ ملی ہو مذہبی پیشہ اختیار کرکے اپنے متفرق مشاغل کی بدولت بآسانی صاحب ثروت بن سکتا تھا۔[۴] ان مذہبی عہدہ داروں پر واجب تھا کہ دن میں چار دفعہ آفتاب کی پرستش کریں۔ اس کے علاوہ چاند اور آگ اور پانی کی پرستش بھی ان پر فرض تھی۔

---

[۱] اردشیر اوّل نے اوستا کے متن کو معیّن کرانے کے لئے سلطنت کے تمام "دستوروں" اور "موبدوں" کو جمع کیا تھا۔ بعض وقت لفظ "دستور" عام معنوں میں استعمال ہوتا ہے، اور اس کا اطلاق جماعتِ علمائِ زرتشتی کے تمام افراد پر ہوتا ہے۔ [۲] ایلیپرسے، دیکھو ہیوبشمن (ارمنی گرامر۔ ج ۱۔ ص ۹۹)، ہوفمن ص ۵۰۔ ۵۱، (وہ پناہ مگوگان اندرزبد)، "مَسِ مُغان" یعنی رئیس مغان کا ایک عہدہ، عربوں کی فتح کے وقت دماوند میں تھا اور اسلامی زمانے میں ڈیڑھ سو برس تک قائم رہا، لیکن یہ عہدہ ساسانیوں کے آخری زمانے میں وجود میں آیا تھا۔ (مارکوارٹ، "ایرانشہر" ص ۱۲۸)۔ [۳] مُردوں کو دخموں میں لے جاکر چھوڑ آنے کے متعلق ہم اوپر لکھ چکے ہیں (ص)۔ [۴] دین کرد، ج ۸، ۲۰، ۴۴،

ان کے لئے ضروری تھا کہ سونے اور جاگنے اور نہانے اور زنّار باندھنے اور کھانے اور چھینکنے اور بال یا ناخن ترشوانے اور قضائے حاجت اور چراغ جلانے کے وقت خاص خاص دعائیں پڑھیں، انہیں حکم تھا کہ ان کے گھر کے چولھے میں آگ کبھی بجھنے نہ پائے، آگ اور پانی ایک دوسرے کو چھونے نہ پائیں، دھات کے برتنوں پر کبھی زنگ نہ آنے پائے کیونکہ دھاتیں مقدس ہیں۔ جو شخص کسی میّت یا حائضہ عورت یا زچّہ کو (خصوصاً جس نے مُردہ بچہ جنا ہو) چھو جائے اس کی ناپاکی کو دُور کرنے کے لئے جو رسوم و قواعد تھے ان کا پُورا کرنا حد سے زیادہ پُر زحمت اور تھکا دینے والا تھا، ارداگ ویراز نے جو بہت بڑا صاحبِ کشف تھا، جب عالمِ رُویا میں دوزخ کو دیکھا تو وہاں قاتلوں اور جھُوٹی قسم کھانے والوں اور لواطت کرنے والوں اور دوسرے مجرموں کے علاوہ ایسے لوگ بھی دیکھے جن کا گناہ یہ تھا کہ انھوں نے زندگی میں گرم پانی سے غسل کیا تھا یا پانی اور آگ میں ناپاک چیزیں پھینکی تھیں یا کھانا کھانے میں باتیں کی تھیں یا مُردوں پر روئے تھے یا بے جوتوں کے پیدل چلے تھے،

ان مذہبی پیشواؤں کے رتبے اور مقام کے متعلق جملہ تفاصیل کتاب ہیربدستان (قانون نامۂ کلیسائی) اور نیرنگستان (قوانین رسوم مذہبی) میں مسطور ہیں، یہ دونو کتابیں نسک پارم نسک کے دو باب ہیں جو ساسانی اوستا کی گم شدہ جلدوں میں سے ایک ہے[۵]، ہیربدستان میں منجملہ اور باتوں کے علماء مذہب کو دیہات و قصبات میں مذہبی تعلیم دینے اور مراسم عبادت ادا کرانے کی غرض سے بھیجنے کے مسئلے پر بحث ہے اور یہ بتایا گیا ہے کہ اُن کو اپنی غیر حاضری میں اپنی زمین کی

۵ـ ان کا خلاصہ دین کرد (۸، ۲۸) میں دیا ہے، دونوں بابوں کا کچھ حصہ آج بھی باقی ہے، نیرنگستان (چاپ فوٹو زنکو بتصحیح داراب دستور پشوتن سنجانا (بمبئی ۱۸۹۴ء)، ترجمہ انگریزی از بلسارا (بمبئی ۱۹۱۵ء)،

کاشت کا کیا انتظام کرنا چاہیئے ، پھر اس بات پر بحث ہے کہ خاص حالات کے اندر مراسم عبادت میں امداد کے لئے کسی عورت یا بچے کی خدمات سے کیونکر مستفید ہونا چاہیئے - وغیرہ وغیرہ ، ہُسپارم نسک کے ایک اور باب میں اس امر پر بحث ہے کہ زؤتر کو (جو آتشکدہ میں آگ کے روبرو نماز ادا کرانے کا پیش امام ہوتا ہے [1]) کیا اُجرت دینی چاہیئے ، اس کے علاوہ اسی قسم کے دوسرے کلیسائی مراسم پر بحث ہے [2] دیہات میں کسانوں پر یہ بات واجب کی گئی تھی کہ معلّمِ مذہب کو کھلانے پلانے اور اس کی باقی تمام ضروریات کے کفیل ہوں [3]

پیشوایانِ مذہب کا صرف یہی فرض نہیں تھا کہ وہ مراسم کو ادا کرائیں بلکہ لوگوں کی اخلاقی رہنمائی اور روحانی حکومت بھی ان کے ذمے تھی ، اور پھر تعلیمات کا سارا سلسلہ (ابتدائی درجے سے لے کر اعلےٰ درجے تک) ان علماءِ مذہب ہی کے ہاتھ میں تھا کیونکہ صرف یہی لوگ تھے جو علومِ زمانہ کے تمام شعبوں پر حاوی تھے ، کتبِ مقدّسہ اور ان کی تفاسیر کے علاوہ غالباً ایک کافی تعداد شریعت اور دینیات کی کتابوں کی موجود ہوگی ، ایلینرس [4] نے ایک موبد کا ذکر کیا ہے جس کو علومِ دینی میں تبحّر کی وجہ سے ہمگ دین (مذہب میں عالمِ کامل [5]) کا پُرتوقیر لقب دیا گیا تھا ، اس نے قانون کی وہ پانچ کتابیں پڑھی تھیں جن میں مُغوں کے تمام عقاید درج ہیں یعنی اَنپرتنگ اش [6] ، پوژپیت [7] پہلویگ (مجموعۂ قوانین پہلوی)

---

[1] نماز کی تفصیل دیکھو باب سوم میں ، [2] دینکرد (۸ ، ۳۱ ، ۲۰۰) [3] دینکرد (۹ ، ۴۱ ، ۱۶) ، [4] Elisaeus ،
[5] علاّمہ کا مترادف (مترجم) ، [6] یہ ارمنی شکل ہے جس کی تہ میں شاید پہلوی لفظ امبرد کیش چھپا ہو جس کے معنی کم وبیش "عقاید دینی کا کامل مجموعہ" ہونگے ، [7] پہلوی پزپتیت بمعنی "کردہ گناہوں کا اعتراف" - گناہوں کے اعتراف کا دستور عہدِ ساسانی کی بدعت تھی جو بظاہر عیسائیت یا مانویّت کے اثر میں پیدا ہوئی - دیکھو پٹازونی (Pettazzoni) کا مضمون در "یادگار نامۂ مودی" (Modi Memorial Volume) ص ۴۴۲ ببعد ،

پارسیگ دین (مذہب پارسی) اور ان کے علاوہ موبدوں کے مخصوص عقاید کا بھی وہ عالم تھا ،

اس کتاب کے باب ششم میں ہم موبدوں کے عدالتی فرائض پر بحث کریں گے ؛

مالیّات

واستریوشان سالار صاحب الخراج کو کہتے تھے[1] لفظ واستریوشان سالار یا واستریوش بذ کے معنے "رئیسِ کاشتکاران" کے ہیں ، چونکہ خراج کا سارا بوجھ زراعت پر تھا اور لگان کی شرح ہر ضلع کی اچھی یا بُری کاشتکاری اور زرخیزی پر موقوف تھی لہذا یقیناً واستریوشان سالار پر یہ واجب تھا کہ زمینوں کے جوتنے بونے اور آب پاشی کے انتظام کی نگرانی کرے ، اغلب یہ ہے کہ واستریوشان سالار محکمۂ مالیات کا رئیس اعلےٰ تھا اور ہم یہ فرض کر سکتے ہیں کہ نہ صرف خراج بلکہ شخصی ٹیکس کا وصول کرنا بھی اسی کے ذمّے تھا ، اسلئے کہ اس کو ہُتُخش بذ (دستکاروں کا افسر) بھی کہتے تھے ، اور دستکاروں میں وہ سب لوگ شامل تھے جو ہاتھ کی محنت سے روزی کماتے تھے مثلاً غلام ، کسان ، تاجر وغیرہم ، خلاصہ یہ ہے کہ واستریوشان سالار وزیر مالیات بھی تھا وزیر زراعت بھی اور وزیر صنعت و تجارت بھی ،

واستریوشان سالاروں میں سے جو تاریخ میں مذکور ہیں ، ایک تو گُشنسپ آذار ہے جو بہرام پنجم کی تخت نشینی سے پہلے گذرا ہے[2] ، ایک

---

[1] طبری ص ۸۶۹ ، ہرسفلٹ : پاہلوی (فرہنگ - نمبر ۲۷۴) ، [2] دینوری ص ۵۷ ،

ماہ گشنسپ پسر مہر نرسی[1] ہے اور ایک یزدین ہے جو مذہباً عیسائی تھا اور خسرو دوم (پرویز) کے عہد میں تھا۔[2]

محکمۂ مالیات کے اعلےٰ افسروں میں ایک تو آمارکار تھے جن کو کلکٹر یا محاسبین اعلےٰ کہنا چاہیئے، ایک اعلےٰ عہدہ ایران آمارکار کا تھا جو غالباً وزرگ فرمادار کا قائم مقام تھا۔[3] لیکن ہم اس بات کو ٹھیک ٹھیک نہیں بتلا سکتے کہ وہ استر وشان سالار کے مقابلے پر اس کے فرائض منصبی کیا تھے۔ پھر ایک عہدہ در آمارکار کا تھا یعنی دربار یا محل شاہی کا محاسب اعلےٰ،[4] ایک واسپہران آمارکار تھا جو واسپہروں کی جاگیروں سے سرکاری لگان وصول کرتا تھا۔[5] اور ایک شہر آمارکار تھا جو غالباً صوبجات کی حکومت کا محاسب تھا۔[6] ایک عہدہ آذر بذگان آمارکار بھی سننے میں آیا ہے جو صوبۂ آذربایجان کا محصّل تھا۔[7]

بادشاہ کا خزانچی غالباً گنزوَر[8] کہلاتا تھا، ہرتسفلٹ کا خیال ہے کہ ٹکسال کے محافظ کو گہبذ کہتے تھے۔[9]

گورنمنٹ کی آمدنی کے بڑے بڑے ذرائع خراج اور شخصی ٹیکس تھے،[10]

---

[1] طبری ص ۸۶۹، [2] طبری ص ۱۰۶۰، [3] دیکھو ضمیمہ ۲ کا آخری حصّہ [4] ہرتسفلٹ، پائی کُلی، ص ۸۰-۸۱، [5] ایضاً، فرہنگ (نمبر ۵۰-۵۱)، [6] ایضاً، فرہنگ (نمبر ۴۳۸)، [7] پاخوموف (Pachomov) و نائی برگ (Nyberg) در "رسالۂ انجمن علمی آذربائجانی" (زبان فرانسیسی)، ص ۲۶-۳۴، [8] ہیوبشمن ارمنی گرامر، ج ۱، ص ۱۲۶، [9] پائی کُلی، (فرہنگ - نمبر ۲۴۷)، [10] عربوں کے عہد حکومت میں خراج اور جزیہ کے لفظ استعمال ہوتے تھے جن میں سے پہلا تو پہلوی لفظ خراگ اور دوسرا لفظ گزیت ہے جو آرامی سے پہلوی میں مستعار لیا گیا تھا۔ دیکھو نولڈکہ (ترجمۂ طبری ص ۲۴۱، ح ۱)، اسلام کی پہلی صدی میں یہ دونو لفظ بلا امتیاز کبھی زمین کے لگان کے لئے اور کبھی شخصی ٹیکس کے لئے استعمال ہوتے تھے، نولڈکہ نے ایک پرائیویٹ خط میں لکھا ہے کہ اس زمانے میں (باقی حاشیہ بر صفحہ ۴۸)

شخصی ٹیکس کی ایک خاص رقم سالانہ مقرر ہو جاتی تھی جس کو محکمۂ مالیات مناسب طریقے سے اداکنندگان پر تقسیم کر دیتا تھا، خراج کی وصولی اس طرح ہوتی تھی کہ زمین کی پیداوار کا حساب لگا کر ہر ضلع سے اس کی زرخیزی کے مطابق چھٹے حصے سے ایک تہائی تک لے لیا جاتا تھا[1]۔

با ایں ہمہ خراج اور ٹیکس کے لگانے اور وصول کرنے میں محصّلین خیانت اور استحصال بالجبر کے مرتکب ہوتے تھے، اور چونکہ قاعدۂ مذکور کے مطابق مالیات کی رقم سال بسال مختلف ہوتی رہتی تھی، یہ ممکن نہ تھا کہ سال کے شروع میں آمدنی اور خرچ کا تخمینہ ہو سکے، علاوہ اس کے ان چیزوں کو ضبط میں رکھنا بھی بہت مشکل تھا۔ بسا اوقات نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ ادھر تو جنگ چھڑ گئی اور اُدھر روپیہ ندارد، ایسی حالت میں پھر غیر معمولی ٹیکسوں کا لگانا ضروری ہو جاتا تھا اور تقریباً ہمیشہ اس کی زد مغرب کے مالدار صوبوں خصوصاً بابِل پر پڑتی تھی۔

تاریخ میں اکثر اس بات کا ذکر آتا ہے کہ بادشاہ نے اپنی تخت نشینی پر پچھلے خراج کا بقایا معاف کر دیا، نئے بادشاہ کے لئے یہ بات ہر دلعزیزی کا باعث ہوتی تھی، بہرام پنجم نے اپنی تخت نشینی کے موقع پر حکم دیا تھا کہ مالیات کا بقایا

(بقیۂ حاشیہ صفحہ ۴۷) :۔ قانون دیوانی میں اس رقم کو بھی خراج کہتے تھے۔ جو ایک پیشہ ور غلام اپنی آمدنی میں سے اپنے آقا کو دیتا تھا، تلمود میں لفظ خَرَگا شخصی ٹیکس کے معنوں میں آیا ہے غرض یہ کہ عہدِ ساسانی میں ان دو لفظوں کا الگ الگ استعمال ہم ٹھیک طور پر معیّن نہیں کر سکتے۔ آٹھویں صدی عیسوی کے نصفِ اوّل میں جا کر عربوں نے ان دو اصطلاحوں کے معنی معیّن کئے یعنی خراج زمین کا ٹیکس اور جزیہ شخصی ٹیکس، (دیکھو ولہاؤزن Wellhausen "سلطنتِ عرب" ص ۱۳۷ و ۲۹۹، نیز بیکر Becker "تاریخ مصر" ص ۸۷ و ۱۱۰)،

حاشیۂ صفحہ ہذا:۔ [1] یا بقول دینوری (ص ۷۲) پیداوار کے دسویں حصے سے نصف تک، گاؤں یا شہر کے کم یا زیادہ فاصلے کو بھی حساب میں لایا جاتا تھا،

جو سات کروڑ درہم کی خطیر رقم بنتی تھی معاف کر دیا جائے اور اس کے سا[illegible] جلوس کا خراج بھی بقدر ایک تہائی کے کم کر دیا جائے[1]۔ شاہ پیروز نے قحط[illegible] کے زمانے میں اپنی رعایا کو خراج اور جزیہ اور خیراتی ٹیکس (جو رفاہِ عام کے کاموں کے لئے لیا جاتا تھا) اور بیگار اور تمام دوسرے بوجھ بار معاف کر دیئے تھے[2]۔

باقاعدہ ٹیکسوں کے علاوہ رعایا سے نذرانے لینے کا بھی دستور تھا جس کو آئین کہتے تھے۔ اسی آئین کے مطابق عید نوروز اور مہرگان کے موقعوں پر لوگوں سے جبراً تحفے تحائف وصول کئے جاتے تھے[3]۔ خزانۂ شاہی کے ذرائع آمدنی میں سے ہمارا خیال ہے کہ سب سے اہم جاگیر ہائے خالصہ کی آمدنی اور وہ ذرائع تھے جو بادشاہ کے لئے حقوقِ خسروی کے طور پر مخصوص تھے۔ مثلاً فارنگیون (علاقۂ آرمینیہ) کی سونے کی کانوں کی ساری آمدنی بادشاہ کی ذاتی آمدنی تھی[4]۔ ان کے علاوہ مالِ غنیمت بھی ایک ذریعہ آمدنی کا تھا اگرچہ وہ آمدنی غیر معین اور بے قاعدہ تھی۔ خسرو دوم اپنی صفائی پیش کرتے ہوئے[5] ان اشیاء کی فہرست بیان کرتا ہے جو اس نے جنگ میں غنیمت کے طور پر حاصل کیں۔ اس فہرست میں سونا اور چاندی اور جواہرات اور پیتل اور فولاد اور ریشم اور اطلس اور دیبا اور مویشی اور اسلحہ اور عورتیں اور بچے اور مرد جو گرفتار ہو کر آئے وغیرہ وغیرہ تھے۔

---

[1] طبری ص ۸۶۶، [2] طبری، ص ۸۷۲، [3] فان فلوٹن (Van Vloten): "حکومتِ عرب تحقیقات" (بزبان فرانسیسی) ص ۹، تحفے تحایف پیش کرنے کی رسم اس وقت بھی ایران میں جاری ہے دیکھو کرزن کی کتاب "ایران" جس میں جابجا اس کا ذکر پایا جاتا ہے، گرین فیلڈ (Greenfield): "تنظیم دولت ایرانی" (جرمن) برلن ۱۹۰۴ء، ص ۲۴۶، عید نوروز و مہرگان کے متعلق دیکھو باب سوم، [4] پروکوپیوس، ج ا، ص ۱۵، [5] اس کی تفصیل کے لئے دیکھو باب نہم،

اس بات کا ثبوت کہ اس زمانے میں محصولِ درآمد بھی لیا جاتا تھا ہم کو اُس صُلح نامہ کی شرائط سے ملتا ہے جو ۵۶۲ء میں خسرو اوّل (انوشیروان) اور قیصر جسٹینین[1] کے درمیان طے ہوا۔ اس صلحنامے کی دفعہ ۳ میں یہ قرار پایا کہ ایرانی اور رومی تاجر ہر قسم کا مالِ تجارت اسی طرح لاتے اور لے جاتے رہیں جیسا کہ وہ ہمیشہ سے کرتے آئے ہیں۔ لیکن چاہیئے کہ کُل مالِ تجارت محصول خانوں میں سے ہو کر جائے۔ اور دفعہ ۴ میں یہ شرط لکھی گئی کہ فریقین کے سفیر اور سرکاری قاصد اس بات کے مجاز ہوں کہ جب وہ فریقِ ثانی کے ملک میں وارد ہوں تو ڈاک کے گھوڑوں کو سواری کے لئے استعمال کر سکیں اور ان کے ہمراہ خواہ کتنا ہی مال کیوں نہ ہو اس کو بلا رکاوٹ جانے دیا جائے۔ اور اس پر کوئی محصول نہ لیا جائے[2]۔

سلطنت کے مصارف کی بڑی بڑی مدوں میں ایک تو جنگ تھی، دوسرے دربار کے اخراجات، سرکاری ملازموں کی تنخواہیں، گویا حکومت کی کل کو باقاعدہ چلانے کا خرچ، پھر زراعت کے لئے رفاہِ عام کے کام مثلاً نہروں اور بندوں کی تعمیر اور ان کی نگہداشت کے اخراجات وغیرہ، لیکن رفاہِ عام کے کاموں سے جن صوبوں کی آبادی کو خاص طور سے فائدہ پہنچتا تھا وہاں کے لوگوں سے ان کاموں کے لئے چندہ لیا جاتا تھا۔ اور شاید یوں بھی بالعموم لوگوں سے ایسی تعمیرات کے لئے خاص مالیہ وصول کیا جاتا تھا۔ مالیات کا بقایا معاف کرنے کے علاوہ بعض اوقات غرباء کو نقد روپیہ بھی تقسیم کیا جاتا تھا، جیسا کہ مثلاً بہرام پنجم اور پیروز نے کیا[3]۔ بہرام نہ صرف غرباء کو خیرات تقسیم کرتا تھا بلکہ اس کی بخششوں سے امراء و نجباء بھی بہرہ مند ہوتے تھے

---

[1] Justinian ، [2] دیکھو گرے (Gray) کا مضمون مودی کے "یادگارنامے" میں (ص ۱۴۹)، نیز "کتاب استقلال گمرک ایران" تالیف رضا صفی نیا (طہران ۱۳۰۷ھ ہجری شمسی)، ص ۹۹ - ۱۰۲، [3] طبری ص ۸۶۶ و ۸۷۳،

جن کو اس نے دو کروڑ درہم انعام و اکرام کے طور پر دیئے۔ لیکن پبلک کے فائدے کے لئے جتنا روپیہ شاہی خزانے سے خرچ ہوتا تھا وہ کچھ زیادہ نہ تھا، شاہان ایران کے ہاں ہمیشہ یہ دستور رہا کہ جہاں تک ممکن ہوتا اپنے خزانے میں نقد روپیہ اور قیمتی اشیاء جمع کرتے تھے۔

ارمنی مؤرخوں کے بیان کے مطابق جب نیا بادشاہ تخت نشین ہوتا تھا تو خزانے میں جتنا روپیہ موجود ہوتا اس کو گلا دیا جاتا اور پھر نئے بادشاہ کی تصویر کے ساتھ نئے سکے بنائے جاتے تھے، اسی طرح جس قدر سندیں پرانے کاغذات میں محفوظ ہوتی تھیں۔ ان میں ضروری تبدیلیاں کر کے نئے بادشاہ کے نام سے ان کو دوبارہ نقل کر کے رکھا جاتا تھا[۱]۔

صنعت و حرفت، تجارت اور آمد و رفت کے راستے

مشہور چینی سیاح ہیون سیانگ جس نے ساتویں صدی عیسوی کے شروع میں مغربی ایشیا کے ملکوں کی حالت بیان کی ہے نہایت مختصر الفاظ میں ایران کی صنعت و حرفت کے بارے میں لکھتا ہے کہ "اس ملک کی صنعتی پیداوار میں سونے، چاندی، تانبے اور بلور کی بنی ہوئی چیزیں، نایاب قسم کے موتی اور دوسری مختلف قسم کی قیمتی اشیاء ہیں، یہاں کے صناع ریشم کا نہایت باریک دیبا، اونی کپڑے اور قالین وغیرہ بُن سکتے ہیں"[۲] اس میں کوئی شک نہیں کہ پارچہ بافی ایران کی

---

[۱] پاتکانیان: "مجلۂ آسیائی" (J. A.) ۱۸۶۶ء، ج ۱، ص ۱۱۴۔ [۲] انگریزی ترجمہ سفرنامہ ہیون سیانگ از بیل (Beal)، ص ۲۷۸۔

عمدہ صنعتوں میں سے شمار ہوتی رہی ہے۔

نئی قسم کی صنعتوں کو رائج کرنے کے لئے اور بنجر علاقوں کو آباد کرنے کی غرض سے ایران میں یہ دستور رہا ہے کہ ملک کے مختلف حصّوں میں اسیران جنگ کی نئی بستیاں آباد کی جاتی تھیں، مثلاً داریوش اوّل نے اریٹریا[1] کے بہت سے باشندوں کو خوزستان میں لاکر آباد کیا تھا[2] اور شاہ اورودیس[3] نے رومن قیدیوں کی بستیاں مرو کے نواح میں بسائی تھیں، اسی طرح شاپور اوّل نے رومن قیدیوں کو جندیشاپور میں آباد کیا تھا اور فن انجنیری میں ان کی مہارت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ان سے وہ مشہور بند تعمیر کرایا جو تاریخ میں "بند قیصر" کے نام سے مذکور ہے[4]، شاپور دوم نے جو قیدی آمد میں گرفتار کئے تھے انہیں شوش، شوشتر اور اہواز کے دوسرے شہروں میں تقسیم کر دیا جہاں انہوں نے دیبا اور دوسرے ریشمی کپڑے بننے کی صنعت کو رائج کیا[5]۔ اگرچہ بسا اوقات اس قسم کی بستیاں تھوڑی مدت کے بعد ویران ہو جاتی تھیں لیکن کبھی کبھی ان کی آبادی پائدار بھی ثابت ہوتی تھی[6]۔

خشکی کے راستے سے جو تجارت ہوتی تھی اس کے لئے قدیم کاروانی راستے استعمال کئے جاتے تھے، طیسفون سے جو دجلہ کے کنارے پر سلطنت کا پایۂ تخت تھا ایک شاہراہ حلوان اور کنگاور ہوتی ہوئی ہمدان پہنچتی تھی جہاں سے مختلف راستے مختلف سمتوں کو جاتے تھے، ایک جنوب کو خوزستان اور

---

[1] Eretria، مشرقی یونان میں ایک نہایت آباد شہر تھا، داریوش اوّل نے ۴۹۰ قبل مسیح میں اسے فتح کر کے ویران کر دیا تھا اور اس کے اکثر باشندوں کو غلام بنا لیا تھا (مترجم)، [2] ہیروڈوٹس، ج ۶ ص ۱۱۹، [3] Orodes، [4] نولڈکہ: ترجمۂ طبری، ص ۳۳، ح ۲، [5] مسعودی: مروج الذہب ج ۲ ص ۱۸۶، [6] شپیگل (Spiegel): "تاریخ ایران قدیم" (جرمن)، ج ۳، ص ۶۶۰،

فارس میں سے گذرتا ہوا خلیج فارس تک پہنچتا تھا، دوسرا رستے کو (جو طہران جدید کے قریب واقع تھا) جہاں سے وہ گیلان اور کوہستان البرز کی تنگ گھاٹیوں کو طے کرتا ہوا بحر خزر تک جاتا تھا یا خراسان میں سے گذرکر وادی کابل کی راہ سے ہندوستان میں جا داخل ہوتا تھا یا ترکستان اور گذرگاہ تارم میں سے ہوکر چین پہنچ جاتا تھا ؛

رومن امپائر کی طرف آمدورفت کے لئے شہر نصیبین ایک اہم مرکز تھا، ۲۹۸ء میں جو صلحنامہ شاہ نرسی اور قیصر ڈائیوکلیشین[1] کے درمیان طے ہوا اس کی ایک شرط یہ تھی کہ دونو سلطنتوں کے درمیان آمدورفت کا (واحد) مرکز نصیبین ہو، لیکن صلحنامے کی اس شرط کو نرسی نے منظور نہ کیا، مؤرخ مارسلینوس کے زمانے سے شہر بٹنی[2] میں جو فرات کے مشرقی کنارے کے قریب واقع تھا ہر سال ستمبر کے شروع میں ایک بہت بڑا میلہ لگتا تھا جس میں ہندوستان اور چین کا مال تجارت بکثرت آکر فروخت ہوتا تھا[3]، قیصر ہونوریوس[4] اور تھیوڈوسیوس[5] صغیر کے ایک فرمان مجریہ ۴۱۰ء کی رو سے جن شہروں میں ایرانیوں کے ساتھ تجارتی لین دین کی اجازت تھی وہ مشرق میں دجلہ کی جانب شہر نصیبین تھا، مغرب میں فرات کی جانب شہر کیلی نیکوس[6] اور شمال کی طرف آرمینیہ میں شہر ارٹکساٹا[7]، چونکہ نصیبین اور سنگارا (سنجار) کے باشندے ان شہروں کو خالی کر گئے تھے لہذا ۳۶۳ء کے صلحنامے کی رو سے وہ سلطنت روم کے حوالے کر دیئے گئے تھے[8] ؛

---

[1] Dioclετian ، [2] Batnae ، [3] تاریخ مارسلینوس ج ۱۴، ص ۰۳ [4] Honorius ، [5] Theodosius the Younger ، [6] Callinicus [7] Artaxata ، دیکھو موسیو رینو کی کتاب موسوم بہ "مشرقی ایشیا کے ساتھ سلطنت روم کے سیاسی اور تجارتی تعلقات" (بزبان فرانسیسی)، ۱۸۶۳ء ص ۲۶۷ ، [8] مارسلینوس ج ۱۵، ص ۷۷

سمندر کے راستے کی تجارت بہت اہم تھی، اردشیر اوّل نے جب میسین اور خاراسین[1] پر قبضہ کیا تو وہاں کی قدیم بندرگاہوں کی توسیع کی اور نئی بندرگاہیں تعمیر کرائیں۔ رینو[2] لکھتا ہے کہ "ایرانیوں نے عرب کے ساتھ مل کر جبکہ وہ اپنی حسن تدبیر سے ان کے ساتھ متحد ہو کر حکومت کر رہے تھے رفتہ رفتہ جہازوں کا ایک معقول بیڑا تعمیر کر لیا۔ ایرانی جہاز مشرقی سمندروں میں یکے بعد دیگرے نمودار ہوتے گئے شروع شروع میں تو رومی اور حبشی جہازوں کے ساتھ رقابت رہی لیکن آخر میں ایرانیوں کی بحری طاقت کو غلبہ ہو گیا منجملہ اور وجوہات کے ایرانیوں کا یہ بحری غلبہ اس بات کا باعث ہوا کہ مشرقی سمندروں میں روم کی طاقت پہلے تو زوال پذیر ہوئی اور پھر بالکل نابود ہو گئی"[3] ۵۲۳ء میں جب شاہ حبشہ نے اہل حجاز پر حملہ کیا تو علاوہ سات سو ہلکی کشتیوں کے جو اس نے تعمیر کرائیں چھ سو رومی اور ایرانی جہاز اس کے ہمراہ تھے، لیکن ہندوستان اور لنکا کی پیداوار کو اہل روم کے لئے اس زمانے میں حبشی جہاز لاتے تھے"[4]

مال تجارت جو ایران میں سے ہو کر گزرتا تھا اس میں سب سے اہم چیز ریشم تھی[5]، چین سے جتنا ریشم اس طور پر ایران میں وارد ہوتا تھا اہل ایران اس کا بہت بڑا حصّہ کپڑا بننے کے لئے خود رکھ لیتے تھے اور اس طرح ان کے لئے یہ بات ممکن ہو جاتی تھی کہ ممالک مغرب میں اپنے ہاں کا بنا ہوا ریشمی کپڑا جس قیمت پر چاہیں

---

[1] میسین اور خاراسین دو چھوٹے چھوٹے صوبے تھے جو ساحل خلیج فارس پر شط العرب کے نواح میں واقع تھے۔ (مترجم)

[2] Reinaud

[3] رینو، کتاب مذکور ص ۲۴۱، ۲۹۲، نیز اسی مصنف کا مضمون بہ عنوان "مملکت ہای میسین اور خاراسین پر یادداشت" (روئداد فرنچ انسٹیٹیوٹ .... ج ۲۴ ب ص ۱۵۵ بعد)، اور شیڈر (Schaeder) کا مضمون "حسن بصری" در رسالۂ اسلام (جرمن) ج ۱۴ ص ۴ بعد۔

[4] رینو، کتاب مذکور ص ۲۶۹۔ [5] یوستی (Justi) در گرنڈرس (ج ۲ ص ۴۷۷ ح ۱)۔

فروخت کریں۔ لیکن چھٹی صدی سے اہل روم نے اپنے ہاں کامیابی کے ساتھ شہتوت کی کاشت اور ریشم کے کیڑے کی پرورش شروع کردی اور ریشمی کپڑا خود بُننے لگے جس کی وجہ سے کسی حد تک وہ باہر سے ریشم منگوانے سے بے نیاز ہو گئے۔ ترکوں نے اہل سغد کی تحریک سے جو ان کی رعایا تھے خسرو اوّل سے اس بات کی اجازت حاصل کرنی چاہی کہ ان کے ہاں کے ریشم کو ایران میں سے گذرنے دیا جائے لیکن انہیں کامیابی نہ ہوئی[1]۔

اہل چین جو چیزیں ایران سے خریدتے تھے ان میں سے ایک ایران کا مشہور غازہ تھا جو چین کی عورتیں بھوؤں پر لگاتی تھیں، وہ اس کو بہت مہنگی قیمت پر لیتے تھے اور ملکۂ چین اپنے خاص استعمال کے لئے اس کو منگاتی تھی[2]۔ چینی لوگ بابل کے قالین بھی بہت شوق سے خریدتے تھے[3]۔ ان چیزوں کے علاوہ شام کے قیمتی پتھر (قدرتی اور مصنوعی)، بحر قلزم کے مرجان اور موتی، شام اور مصر کے بُنے ہوئے کپڑے اور مغربی ایشیا کے مُسکرات بھی چین میں ایران کے راستے سے جاتے تھے[4]۔

ڈاک کا انتظام جو خلفاء نے ایران سے حاصل کیا وہ تقریباً اسی شکل میں تھا جو عہد ہخامنشی میں تھی اور جس کا علم ہمیں یونانی مصنفوں کے ذریعے سے ہوا ہے۔ ہم یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ ساسانیوں کے زمانے میں بھی اس انتظام کی بالکل وہی صورت تھی، محکمۂ ڈاک صرف گورنمنٹ کی خدمت انجام دیتا تھا اور پبلک کے ساتھ اسے کوئی واسطہ نہ تھا، اس کا سب سے بڑا مقصد یہ تھا کہ مرکزی حکومت اور

---

[1] ہرتسفلٹ کی کتاب موسوم بہ "ایشیا کا دروازہ" (جرمن) ص ۱۲۲، شیڈر: "ایرانیکا" ص ۴۱ ببعد، [2] ہرتھ (Hirth)، "مطالعات چینی" ص ۲۲۵ ببعد، [3] ایضاً: "چین و مشرق رومی" (انگریزی) ص ۲۳۵، [4] ایضاً ص ۲۳۴ - ۲۷۹،

صوبوں کی حکومت کے درمیان ایک سریع اور آسان ذریعۂ خبررسانی کا کام دے، ڈاک کے ذریعے سے آدمیوں کو اور خطوط کو ایسے راستوں سے لے جایا جاتا تھا جہاں ہر قسم کا سامان مہیا ملتا تھا، ڈاک کی ہر چوکی پر اس کی اہمیت کے مطابق ملازموں کا عملہ اور گھوڑے مامور رہتے تھے[۱]، ڈاک لے جانے کا کام گھوڑوں کے سوار بھی کرتے تھے اور ہرکارے بھی جو پیدل دوڑتے تھے، ہرکاروں سے زیادہ تر ایرانی علاقوں میں کام لیا جاتا تھا جہاں چوکیوں کے درمیان فاصلے بہت تھوڑے ہوتے تھے بہ نسبت شامی اور عربی علاقوں کے جہاں ڈاک لے جانے کا کام اونٹوں سے لیا جاتا تھا[۲]، ایوبرید، دوبرید، سہ برید پہلوی میں ڈاک کی اصطلاحات تھیں جن سے مراد قاصد ان تیز رفتار تھے جو شاہی ڈاک کے ایک یا دو یا تین گھوڑوں کو ایک ساتھ لے جا سکتے تھے اور باری باری سے ان پر سوار ہوتے تھے[۳]۔

---

[۱] "بگدیس پانیگ" بزبان پہلوی وہ گھوڑا جس پر شاہی قاصد سوار ہوتا ہو، دیکھو پہلوی کتاب "شاہ خسرو اور اس کا غلام (طبع اون والا، آرٹیکل ۹۹ اور اسپرا ڈیٹر کا نوٹ)، [۲] فان کریمر: "تاریخ تمدن مشرقی در عہد خلفاء" (جرمن)، ج ۱ ص ۱۹۵-۱۹۶، اس بات کو تحقیق کرنا ممکن نہیں ہو سکا کہ آیا محکمہ ڈاک کے ڈائرکٹروں کے ذمے یہ فرض بھی تھا جیسا کہ خلفاء کے زمانے میں تھا، کہ وہ صوبجات کی حکومت کی نگرانی کریں اور بادشاہ کو اپنی رپورٹ بھیجتے رہیں، اس قسم کی نگرانی جو کم و بیش خفیہ ہوتی تھی کم از کم بعض زمانوں میں اضلاع کے حکام عدالت کے ذمے لگائی جاتی رہی ہے لیکن یہ بعید نہیں ہے کہ خفیہ قسم کی نگرانی اور اور شکلوں میں موجود رہی ہو، ایران میں ہمیشہ سے جاسوسی نہایت منظم شکل میں رائج رہی ہے، نامۂ تنسر (طبع ڈارمسٹیٹر ص ۲۲۶) سے پتہ چلتا ہے کہ خسرو اول کے زمانے میں امراء خفیہ نگرانی کی مصیبت کو شدت سے محسوس کرتے تھے اور اس جاسوسی نے "لوگوں کو بیحد خوف زدہ اور متحیر بنا رکھا تھا"، اس کے مقابلے پر حکومت اپنے بچاؤ کے لیے جاسوسی کی تائید میں یہ دلیل پیش کرتی تھی کہ "بادشاہ کی آنکھ (یعنی جاسوس)، وہی شخص ہو سکتا ہے جو دیانتدار، مطیع، پرہیزگار، وفادار، باخبر، دیندار اور پارسا ہو جو بادشاہ کو ہرگز ایسی بات کی اطلاع نہ دے جو قطعی طور سے یقینی نہ ہو اور جس کی تصدیق نہ ہو سکے لہٰذا ایسے شخص سے بیگناہوں کو کیا خوف ہو سکتا ہے"، [۳] گائیگر (Geiger)، "ویانا کا رسالہ علوم مشرقی" ۱۹۱۵ء ص ۳۰۹ بعد،

فوج

خسرو اوّل کے زمانے تک سلطنت کی ساری فوج ایک واحد سپہ سالار کے ماتحت تھی جس کو ایران سپاہ بذ کہتے تھے[1]۔ لیکن اس کا حلقۂ عمل بہت زیادہ وسیع تھا بہ نسبت اس سپہ سالار کے جس کا تصوّر ہمیں موجودہ زمانے میں ہے، وہ سپہ سالار بھی تھا، وزیر جنگ بھی اور شرائطِ صلح کا طے کرنا بھی اسی کے اختیار میں تھا، اس بات کا ثبوت کہ کل سلطنت کی سپاہ کا نظم ونسق اس کے ہاتھ میں تھا ہمیں اس بات سے ملتا ہے کہ وہ بادشاہ کے مشیروں کی قلیل جماعت کا ممبر تھا وزیر کی حیثیت سے جنگ کے محکمے کا دار و مدار اسی پر تھا لیکن ساتھ ہی اس بات کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے کہ وُزُرگ فرمادار (وزیر اعظم) کے اختیارات صاف طور پر محدود نہیں تھے اور سپاہ کے معاملات میں وہ ہمیشہ دخل دے سکتا تھا، علاوہ اس کے خود بادشاہ بھی وقتاً فوقتاً محکمۂ جنگ کے انتظام میں مداخلت کرتا رہتا تھا، شاہانِ ساسانی میں سے اکثر خود جنگ کے شوقین تھے اور لڑائیوں میں عملی طور پر حصّہ لیتے تھے، لہٰذا ہم یہ فرض کر سکتے ہیں کہ اس قسم کے جنگجو بادشاہوں کے ماتحت ایران سپاہ بذ کو اپنے اختیارات میں کچھ زیادہ آزادی نہیں ہوتی ہوگی "

عہدِ ساسانی کے ابتدائی دَور میں جو سپہ سالار تھے ہم یہ نہیں بتلا سکتے کہ ان میں سے کون کون ایران سپاہ بذ تھا، خاص خاص اضلاع کے حاکم بھی سپاہ بذ کہلاتے تھے[2]، اور بادشاہ کبھی کبھی مرزبانوں اور کنارنگوں کو فوج کا افسر

---

[1] پورا لقب کارنامگ میں ملتا ہے (۱۰، ۷)، [2] تاریخ میں اکثر جگہ سواد یعنی میسوپوٹیمیا کے سپاہ بذ کا ذکر آیا ہے بقول دینوری (ص ۵۶) یزدگرد اوّل کی وفات کے بعد وِستہم (بستہم) سواد کا سپاہ بذ تھا اور نہایہ (ص ۲۲۶) میں شاپور بن بہرام کو کواذ اوّل کے عہد میں سواد کا سپاہ بذ لکھا ہے، دیکھو ضمیمہ نمبر ۲ "

بنا کر بھیوں پر بھیج دیتا تھا، بازنطینی، ارمنی اور سریانی مؤرخ ہمیں ایرانی سپہ سالاروں کے القاب کے متعلق صحیح اطلاعات بہت کم دیتے ہیں لیکن ہمیں اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ بعض وقت دوسرے عہدہ دار جن کے فرائض فوجی نوعیت کے نہیں ہوتے تھے سپاہ کی سالاری پر مامور کر دیئے جاتے تھے، مثلاً آرمینیہ کے ساتھ شاپور دوم کی لڑائیوں کے حال میں فاؤسٹوس بازنطینی نے بہت سے ایرانی سپہ سالاروں کے نام لئے ہیں[1]، ان میں ہم دیکھتے ہیں کہ ایک دبیر دبیران ہے ایک وزیر دربار ہے اور ایک داروغۂ سامان ہے،

بازنطینی مؤرخوں کے ہاں ہمیں خاص طور پر اس بات کی بہت سی مثالیں ملتی ہیں کہ سپہ سالاروں کو (جن میں سپاہبد اور ایران سپاہبد شامل ہیں) بادشاہ کی طرف سے شرائطِ صلح پر گفت و شنید کرنے کے لئے مقرر کیا گیا، مثلاً سورین[2] کو قیصر روم جووین کے ساتھ صلح کی بات چیت کرنے کے لئے بھیجا گیا تھا[3] اور سیاوش ارتیشتاران سالار[4] اور سپاہبد ماہبُذ کو سرحد روم کی طرف روانہ کیا گیا تھا تاکہ وہ شرائط عہد نامہ کے لئے سلسلہ جنبانی کریں[5]، اسی طرح مہر مہروی جس کی رزم و بزم کی قابلیت کی تصدیق مؤرخ اگاتھیاس نے کی ہے[6] قیصر جسٹینین کے پاس سفیر کی حیثیت سے بھیجا گیا تھا، جوشوا اسٹائی لائٹ کی تاریخ میں[7] سپاہبد ہمیشہ ایک مدبّر کی حیثیت سے جلوہ نما ہوتا ہے، برخلاف اس کے میدانِ جنگ کی کارروائیاں مرزبان کرتے ہیں[8]

---

[1] طبع لانگلوا، ج ۱، ص ۲۵۸ بعد، [2] Surena (۳۶۳ء - ۳۶۴ء)، [3] مارسیلینوس (۲۵-۷، ۱۴)، [4] دیکھو آگے، [5] پروکوپیوس (۱، ۱۱)، [6] ۲، ۲۲، [7] ترجمہ رائٹ (Wright)، ص ۴۸، ۵۰، [8] خسرو اول نے فوجی انتظامات میں جو تبدیلیاں کیں (جن میں سے ایک یہ تھی کہ ایران سپاہبد کا عہدہ منسوخ کر کے اس کی بجائے چار سپاہبد مقرر کئے) ان کے متعلق دیکھو آگے باب ہشتم،

سپاہ بد کو یہ امتیاز حاصل تھا کہ لشکر گاہ میں اس کے داخلے پر ترم بجائے جاتے تھے۔[1]

ارتیشتاران سالاروں یعنی سالاران لشکر میں سے ایک کا ذکر کارنامگ میں آیا ہے[2]، پانچویں صدی میں مہر نرسی کا ایک بیٹا کاردار اس لقب سے سرفراز تھا[3]، بقول طبری[4] ارتیشتاران سالار کا رتبہ "سپاہ بد سے اونچا اور تقریباً ارگبد کے برابر تھا"۔ کواذ اول کے زمانے کے بعد ہم کو تاریخی مآخذ میں اس عہدے کا ذکر نہیں ملتا۔ قراین سے پتہ چلتا ہے کہ ارتیشتاران سالار" ایران سپاہ بد" ہی کا دوسرا لقب تھا جو عہدہ کہ خسرو اول جانشین کواذ نے منسوخ کر دیا تھا اگرچہ مؤرخ پروکوپیوس لکھتا ہے کہ سیاوش سب سے پہلا اور سب سے آخری شخص تھا جو ارتیشتاران سالار کے عہدے پر مامور ہوا اور یہ کہ کواذ نے اس ذی رتبہ شخص کو قتل کروانے کے بعد اس عہدے کو منسوخ کر دیا۔ ہم چونکہ اس بیان کا پہلا حصہ (یعنی سیاوش کا سب سے پہلے یہ عہدہ پانا) صریحاً غلط ہے، اسلئے کہ سیاوش سے پہلے مہر نرسی کے بیٹے کو یہ عہدہ مل چکا تھا لہٰذا اس کا دوسرا حصہ بھی ناقابلِ اعتماد ہو سکتا ہے ؛

بادشاہ کی محافظ فوج (باڈی گارڈ) کے افسر کو پُشتیبگ بان سالار کہتے تھے[5]، پیادہ فوج (پایگان) کے کچھ دستے اپنے افسر کے ماتحت جس کو پایگان سالار کہتے تھے حکام صوبجات کے زیرِ اختیار پولیس اور جلاد کی خدمات انجام دیتے تھے[6]، اسی قسم کے فرائض انجام دینے کے لئے تیر اندازوں کا بھی ایک دستہ ہوتا تھا جس کا افسر تیر بد کہلاتا تھا، یہ دستہ اگر سب جگہ نہیں تو ملک کے

---

[1] پاتکانیان، "مجلۂ آسیبائی" (J. A.) ۱۸۶۶ء ج ۱، ص ۱۱۲، [2] ۲، ۱۳، ۳، [3] طبری ص ۸۶۹، [4] دیکھو کارنامگ (۷، ۱۰)، [5] کارنامگ (۷، ۱۰)، [6] نولدکہ: ترجمۂ طبری ص ۴۴۸،

بعض حصّوں کے دیہات میں مامور رہتا تھا[1]، دربارِ شاہی میں بھی باڈی گارڈ کے سپاہی اکثر اوقات جلّاد کے فرائض انجام دیتے تھے[2]

ایک بڑا عہدہ دار جس کا کام رسالہ فوج کو تعلیم دینا تھا بطور فرضِ منصبی شہروں اور دیہاتوں میں دورہ کیا کرتا تھا تاکہ سپاہیوں کو فنِّ جنگ کے اُصولوں سے[3] آگاہ کرے اور پیشۂ سپہگری کے آداب سکھلائے[4]،

ساسانیوں کے فوجی نظام کے متعلق باب پنجم اور ہشتم میں بالتفصیل بحث کی جائے گی ؎

دبیران سلطنت اور حکومتِ مرکزی کے دوسرے عہدہ دار

ایران میں جو رسوخ دبیرانِ سلطنت (دپیھران)[5] کو حاصل رہا وہ بہت امتیازی قسم کا تھا، اہلِ ایران ہمیشہ دستور اور قاعدے کے بہت پابند رہے ہیں

[1] ہوفمن (Hoffmann): "اقتباسات از وقائع شہدائے ایران بزبان سریانی" ص ۶۱، [2] دیکھو طبری ص ۱۰۴۳، ترجمۂ نولڈکہ ص ۳۵۶، خلافت عباسی کے ابتدائی دور میں باڈی گارڈ کا سردار جلّاد کا کام کیا کرتا تھا (فان کریمر: تاریخ تمدّن مشرقی بعہد خلفاء" ج ۱ ص ۱۹۰) محکمۂ پولیس کے متعلق ہمیں کچھ زیادہ علم نہیں ہے، ساسانی اوستا کی گمشدہ جلدوں میں سے ایک جلد موسوم بہ سکادُم نسک تھی جس میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پولیس کے ایک خاص افسر کے فرائض سے بحث تھی جس کا کام بازاروں میں خرید و فروخت کے قواعد کی نگرانی کرنا تھا، اسکے ہاتھ میں ایک نیزہ رہتا تھا (دین کرد ج ۸، ص ۳۸)، پہرگ بذ بمعنی سنتری اور گزیرایے (جو کسی ایرانی لفظ کی سریانی شکل ہے) بمعنی "مسلّح پولیس" کتابوں میں ملتے ہے، [3] نامۂ تنسر: طبع ڈارمسٹیٹر ص ۲۱۸، طبع مینوی ص ۱۵-۱۶، [4] ہرسفلٹ: پای کُلی (فرہنگ نمبر ۲۶۴)، شیڈر: ایسرا (۱۷۰) دبیر" (بزبان جرمن)، ٹوبنگن ۱۹۳۰ء ص ۳۹ بعد، اور ص ۴۷، ۴۸،

سرکاری نوشتہ جات ہوں یا نجی کے خطوط ہر ایک کو وہ ایک مقررہ صورت اور قاعدے کے ساتھ تحریر کرنا ضروری سمجھتے تھے، ہر ایک تحریر میں علمی مقولے، امثال، مواعظ، اشعار اور لطیف معمّے وغیرہ اس طرح داخل کئے جاتے تھے کہ مجموعی طور پر وہ ایک خوش آیند چیز بن جاتی تھی، جن قاعدوں کے ساتھ خط میں مضمون اور القاب لکھے جاتے تھے ان میں کاتب اور مکتوب الیہ کے باہمی تعلّق اور اس کے تمام مدارج کا نہایت احتیاط کے ساتھ لحاظ رکھا جاتا تھا، اسی تصنّع اور عبارت آرائی کا میلان عام طور سے پہلوی کتابوں میں اور بادشاہوں کے تخت نشینی کے خطبوں میں پایا جاتا ہے،[۱] دولتِ ساسانی کے حکّامِ اعلےٰ ایک دوسرے کو جو خطوط لکھتے تھے یا حکومتِ ایرانی اور دولِ خارجہ کے درمیان جو خط کتابت ہوتی تھی ان میں یہ خصوصیّت اور بھی زیادہ نمایاں ہوتی تھی، فارسی مصنّف نظامی عروضی اپنے چہار مقالہ میں لکھتا ہے کہ" پیش ازین درمیان ملوک عصر وجبابرۂ روزگار پیش چون پیشدادیان وکیان واکاسرہ وخلفا رسمی بودہ است کہ مفاخرت ومبارزت بعدل و فضل کردندی وہر رسولی کہ فرستادندی از حکم ورموز ولغز مسائل با او ہمراہ کردندی ودرین حالت پادشاہ محتاج شدی بارباب عقل وتمیز واصحاب رای وتدبیر وچند مجلس دران نشستندی وبرخاستندی تا آنگاہ کہ آن جوابہا بر یک وجہ قرار گرفتی وآن لغز ورموز ظاہر وہویدا شدی"... پس ازین مقدّمات نتیجہ آن ہمی آید کہ دبیر عاقل وفاضل مہین جمالی است از تجمّل پادشاہ وبہین رفعتی است از ترفّع پادشاہی "۔[۲]

دولِ اسلامی میں محکمۂ دبیری جس میں مثال کے طور پر وزارتِ عظمیٰ کو لیا جاسکتا ہے

---

[۱] طبری، فردوسی اور ثعالبی کے ہاں یہ خطبے جابجا موجود ہیں۔ [۲] چہار مقالہ طبع سلسلۂ گِب (ململاتی) ص ۲۳ و ۲۵، نیز دیکھو عیون الاخبار لابن قتیبہ (طبع مصر) ج ۱، ص ۴۲ ببعد۔

ایرانی نمونے کی پوری پوری نقل تھی، نظامی عروضی نے اپنے زمانے (بارھویں صدی عیسوی) کے فنِ دبیری کی جو تشریح کی ہے اس کو پڑھ کر ہم عہدِ ساسانی کے دِبھیروں (دبیروں) کے فرائض اور ان کی اہمیت کو اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں، نظامی لکھتا ہے کہ "دبیری صناعتی است مشتمل بر قیاسات خطابی و بلاغی منتفع در مخاطباتی که در میان مردم است بر سبیل محاورت و مشاورت و مخاصمت در مدح و ذم و حیله و استعطاف و اغراء و بزرگ گردانیدنِ اعمال و خرد گردانیدن اشغال و ساختن وجوه عذر و عتاب و احکام وثائق و اذکار سوابق و ظاهر گردانیدن ترتیب و نظام سخن در هر واقعه تا بر وجه اولی و احری ادا کرده آید، پس دبیر باید که کریم الاصل شریف العرض دقیق النظر عمیق الفکر ثاقب الرای باشد و از ادب و ثمرات آن قسم اکبر و حظّ اوفر نصیب او رسیده باشد و از قیاسات منطقی بعید و بیگانه نباشد و مراتب ابناء زمانه شناسد و مقادیر اہل روزگار داند و بحطام دنیوی و مزخرفات آن مشغول نباشد"۔[۱]

ان تمام خوبیوں کے علاوہ دبیر کے لئے خوشخط ہونا بھی لازمی تھا، جو دبیر انشا پردازی اور خوشنویسی میں سب سے فائق ہوتے تھے ان کو دربارِ شاہی میں ملازم رکھا جاتا تھا باقیوں کو صوبجات کے گورنروں کی خدمت میں دے دیا جاتا تھا۔[۲]

غرض یہ کہ دبیرانِ سلطنت حقیقی سیاست داں ہوتے تھے، وہ ہر قسم کے نوشتہ جات کا مضمون تیار کرتے تھے، سرکاری خط کتابت انہی کے ہاتھوں میں تھی، فرامین شاہی کا لکھنا اور اندراج کرنا انہی کے ذمے تھا، ٹیکس اور خراج ادا کرنے والوں کی فہرستیں اور سرکاری آمدنی اور خرچ کا سارا حساب وہی رکھتے تھے۔[۳]

---

[۱] چہار مقالہ ص ۱۲، [۲] شاہنامۂ فردوسی طبع ئول ج ۵، ص ۳۵۸ شعر نمبر ۲۳۴ بعد، [۳] طبری ص ۱۰۶۱، خسرو اوّل نے ایک دبیر کو جو اپنے نسب اور قابلیت اور وقعت میں ممتاز تھا" لشکر کے سپاہیوں کی فہرست رکھنے اور عرضِ سپاہ کا کام سپرد کیا تھا،

بادشاہ کے دشمنوں اور حریفوں کے ساتھ خط کتابت کرنے میں ان کی لیاقت اس بات میں دیکھی جاتی تھی کہ مضمون کا لہجہ موقع و محل کے مطابق مصالحت آمیز یا متکبرانہ اور تہدید آمیز رکھ سکیں۔ لیکن اگر جنگ میں دشمن فتحیاب ہو جاتا تو پھر دبیر کی جان سلامت نہیں رہ سکتی تھی۔ مثلاً شاپور پسر اردشیر اول نے آخری اشکانی بادشاہ کے دبیر دادبنداہ کو اپنے ہاتھ سے قتل کیا تھا اسلئے کہ اس نے اپنے بادشاہ کی طرف سے ایک توہین آمیز خط اردشیر کو لکھا تھا[1]۔

زمرۂ دبیران سلطنت کا رئیس ایران دبہیربذ یا دبہیران مہشت کہلاتا تھا جس کا ذکر کبھی کبھی بادشاہ کے مصاحبوں میں آتا ہے[2]، اور جس کو بادشاہ گاہے گاہے سفارت کی خدمت بھی سپرد کر دیتا تھا[3]۔

خوارزمی نے دبیران سلطنت کو یوں شمار کیا ہے[4]:- (۱) داذ دبہیر (دبیر عدالت)، (۲) شہر آمار دبہیر (دبیر مالیات سلطنت)[5]، (۳) کذگ آمار دبہیر (دبیر مالیۂ دربار شاہی)، (۴) گنز آمار دبہیر (دبیر خزانہ)، (۵) آخر آمار دبہیر (دبیر اصطبل شاہی)، (۶) آتش آمار دبہیر (دبیر محاصل آتشکدہ ہا)، (۷) رُوانگان دبہیر (دبیر امور خیریہ)[6]۔

---

[1] طبری ص ۸۱۹، [2] کارنامگ، ۱۰، ۷، نولڈکہ، ترجمۂ طبری ص ۴۴۴۔ [3] کارنامگ، مقام مذکور، نہایہ (ص ۲۳۲) میں ایک شخص یزدگرد کو دبیر اعظم لکھا ہے، اور صفحہ ۲۳۱ پر ایک شخص کا ذکر ہے جو دبہیربذ بھی تھا اور ساتھ ہی پایۂ تخت کا گورنر بھی تھا، طبری (ص ۸۵۹) میں جو ایک شخص یزدانوبہ کا ذکر ہے کہ یزدگرد اول کے عہد میں دیوانِ رسائل کا رئیس تھا، اس کے متعلق ہم یہ فیصلہ نہیں کر سکتے کہ آیا وہ ایران دبہیربذ تھا یا فقط محکمۂ دبیری کے کسی خاص دفتر کا حاکم تھا۔ [4] ہرتسفلٹ: پای کُلی (فرہنگ۔ نمبر ۴۲۹)، اُون والا: ترجمۂ اقتباس مفاتیح العلوم از خوارزمی بمبئی ۱۹۲۸ء، ص ۵ و ۱۶ و ۱۷۔ [5] شیڈر: "ایسرا دبیر" ص ۴ ببعد۔ [6] یعنی ناظم امور خیریہ، دیکھو دینوری (ص ۵۷)، بین ونشت "مجموعۂ مطالعات مشرقی بیادگار ریموند لینوسیے (Raymonde Linossier)" (بزبان فرانسیسی) جزو پنجم ص ۱۵۷، آندریاس ہیننگ (Andreas-Henning)، "آثار مانوی در زبان پہلوی" (بزبان جرمن) سنہ ۱۹۳۳ء ص ۳۱۷ ج ۲، شیڈر: ایرانیکا، ج ۱، سنہ ۱۹۳۴ء ص ۸ و ۱۹۔

شاہِ ایران کے دربار میں ایک دبیرِ امورِ عرب بھی ہوتا تھا جس کی تنخواہ جنس کی شکل میں حیرہ کے عرب دیتے تھے، وہ ترجمان کا کام بھی کرتا تھا[۱]۔

کارنامک میں بادشاہ کے اہم ترین رفقائے شکار کی فہرست میں علاوہ موبذان موبذ ایران سپاہ بذ، دبیران مہشت اور پشتیگ بان سالار کے اندرزبذ واسپہرگان[۲] (معلّم واسپہران) بھی مذکور ہے[۳]، لیکن اس کے علاوہ بعض اور اندرزبد بھی تاریخ میں ملتے ہیں، ایک تو در اندرزبد (منتظم دربار) ہے جو شاید وزرگ فرمادار ہی کا دوسرا لقب تھا[۴]، ایک مغان اندرزبد (معلّم مغان) ہے اور ایک سگستان اندرزبد (معلّم مأمور سیستان) ہے[۵]، حکومت کے اور بڑے بڑے عہدہ داروں میں ایک مُہر بردار تھا، جس کی تحویل میں بادشاہ کی مُہر رہتی تھی[۶]، اور ایک رئیس محکمۂ اطلاعات تھا[۷]، محافظ دفترِ تواریخ بادشاہی بھی غالباً ایک اعلیٰ عہدہ تھا[۸]۔

طبری کے ہاں "وزیروں اور دبیروں" کا ذکر اکثر اس طرح آتا ہے کہ گویا وہ بزرگانِ سلطنت کے دو گروہ تھے جو ایک دوسرے کے قائم مقام تھے، مثال کے طور پر ہم اس مقام کا حوالہ دیتے ہیں جہاں وہ یہ بیان کرتا ہے کہ بعض اوقات نئے بادشاہ کی تختنشینی پر تمام وزیروں اور دبیروں میں ادلا بدلی ہوجاتی تھی[۹]، اس میں شک نہیں کہ وزراء اور حکومت کے اعلیٰ عہدہ داروں کی جماعتوں میں تغیر و تبدل ہوتا رہتا تھا اور بعض وقت وزراء کی تعداد اور ان کے مرتبوں میں بھی

---

[۱] روٹ شٹائن: "خاندان لخمی در حیرہ" (برلن ۱۸۹۹ء)، ص ۱۳۰، [۲] کارنامک ۱۰، ۷، نولدکہ نے اس کو اندرزبذ اسپوارگان پڑھا ہے لیکن واسپہرگان زیادہ مناسب ہے، دیکھو پای گلی (فرہنگ نمبر ۱۰۹)، [۳] دیکھو ضمیمہ نمبر ۲، [۴] پای گلی (فرہنگ نمبر ۱۰۱، ۱۹۴، ۷۲۳)، [۵] مقابلہ کرو مقدمہ ابن خلدون (طبع فرانس) درضمن (Notices et Extraits) ج ۱، ص ۵۳ و ج ۲، ص ۶۱، [۶] نہایہ ص ۲۳۵، [۷] دربارِ شاہی کے اعلیٰ عہدہ داروں اور ندیموں کے متعلق دیکھو آگے باب ہشتم، [۸] طبری، ص ۸۳۶،

کچھ نہ کچھ تبدیلی کر دی جاتی تھی، زمرۂ وزراء کا پہلوی نام ہمیں معلوم نہیں[1] لیکن جو لوگ اس زمرے میں ہمیشہ شامل رہے ہیں وہ یہ ہیں: وزرگ فرمادار، موبذان موبذ، ایران سپاہ بذ، ایران دِبہیربذ، واسترِیوشن بذ، خاص خاص زمانوں میں ہیربذان ہیربذ یعنی آتشکدوں کا رئیس اعلے زمرۂ وزراء میں شامل رہا ہے اور ممکن ہے کہ اَستَبَذ (میرِ تشریفات)[2] بھی اس زمرے میں شریک رہا ہو[3]۔

صوبوں کی حکومت

حکومت کے اونچے عہدہ داروں میں صوبوں کے گورنر اور سیٹرپ[4] یعنی مرزبان بھی تھے[5]، سرحدی صوبوں کے گورنر مرزبان شہردار کہلاتے تھے اور

[1] نولدکہ نے پہلے ایسا خیال کیا تھا کہ وزراء کا لقب بطور عمومی وزیربذ تھا لیکن اس فاضلِ مرحوم نے مجھے ایک خط میں لکھا تھا کہ میرا وہ خیال غلط تھا اور یہ کہ تلمود میں جو گزیرپت (= ایرانی "وزیربذ") ہے وہ پولیس کے کسی افسر کا لقب تھا، (دیکھو اوپر ص ح کے آخر میں)، [2] ایک استبذ کا ذکر تاریخ سریانی منسوب بہ ستائی لائٹ میں ۵۰۲ء و ۵۰۳ء کے واقعات میں آیا ہے، (طبع پروفیسر رائٹ ص ۵۹)، نیز مقابلہ کرو مارکوارٹ: "ایرانشہر" ص ۱۲۸، ح ۴، [3] دیکھو ضمیمہ نمبر ۲، [4] Satrap، [5] لفظ "شہربان" (نشتربان = سیٹرپ) جو کتبۂ پای کلی کی ایک مسخ شدہ عبارت میں آیا ہے (طبع ہرسفلٹ، آرٹیکل ۳۰ و فرہنگ نمبر ۸۰۹)، بظاہر مرزبان کا پرانا نام ہے، اس لفظ کا مقابلہ کرو لفظ شہرپو آماکار کے ساتھ جس کا اوپر ذکر آچکا ہے، شہرپو کو شترپو لکھتے تھے جو اشکانی پہلوی میں کھشترپو تھا، یہ بالکل ممکن ہے کہ ساسانیوں کے ابتدائی دور میں صوبوں کے گورنر سیٹرپ یا بذخش کہلاتے ہوں اور مرزبان کا لقب بعد میں رائج ہوا ہو، (پای کلی میں بذخش ہے دیکھو فرہنگ نمبر ۲۱۴)، بہرحال لفظ مرزبان ساسانیوں کے ابتدائی بادشاہوں کے کتبوں میں کہیں دیکھنے میں نہیں آتا یہاں تک کہ کتبۂ پای کلی کے قطعات میں بھی وہ نہیں ملتا جہاں یہ توقع ہوسکتی تھی کہ وہ پایا جائے گا۔ جہاں تک ہم تحقیق کر سکے ہیں (باقی حاشیہ بر صفحہ ۶۶)

"شاہ" کے لقب سے ملقب تھے[1]، لیکن ان کے ساتھ ساتھ کمتر درجے کے مرزبان بھی تھے جو اندرونی صوبوں کے فرماں روا تھے،

مؤرخ امیان مارسلینوس نے اُن صوبوں میں سے اکثروں کے نام گنوائے ہیں جو اس کے زمانے میں بدخشوں، سٹرپوں اور بادشاہوں (یعنی شاہانِ زیردست) کے زیرِ حکومت تھے، بدخش علاوہ گورنر ہونے کے اپنے صوبے کی رسالہ فوج کا سردار بھی ہوتا تھا، صوبوں کے نام یہ ہیں:- اسیریا (آسور)، خوزستان، میڈیا، فارس، ہرکانیا (گرگان)، پارتھیا، کارمانی بزرگ (کرمان)، مرگیانا (مرو)، باختر (بلخ)، سوگدیانا (سغد)، سگستان (سیستان)، ولایت سکیتھیا ماورائے ایموڈون[2]، سیریکا[3]، آریا (ہرات)، ولایت پروپانیساد[4]، درنگیانا[5]، اراخوزیا[6]، گدروسیا[7]، مؤرخ مذکور نے ان کے علاوہ چھوٹے چھوٹے صوبوں کا ذکر کرنا غیر ضروری سمجھا ہے، صوبوں کی یہ فہرست سوائے سیریکا (!) کے جو صریح مبالغہ ہے صحیح معلوم ہوتی ہے، تیسری اور چوتھی صدی میں سلطنت ساسانی شمال اور مشرق کی جانب واقعی بہت دُور دُور تک پھیلی ہوئی تھی، ہرتسفلد کی تحقیقات کی رو سے[8] بہرام دوم کی فتوحات کے بعد جو ۲۸۴ء میں

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۶۵) مرزبان کا لقب پہلی مرتبہ بہرام پنجم (۴۲۰ء تا ۴۳۸ء) کے زمانے میں سننے میں آتا ہے جبکہ آرمینیہ کی حکومت ایک مرزبان کے سپرد کی گئی اور بادشاہ کے بھائی نرسی نے "مرزبانِ کوشان" (یعنی مرزبانِ سرحدِ کوشان) کا لقب اختیار کیا (مارکوارٹ: "ایرانشہر" ص ۵۲)،

حاشیہ صفحہ ہذا:- [1] دیکھو اوپر ص ، [2] غالباً دریائے جیحوں سے مراد ہے (مترجم)، [3] Serica، چین کا مشرقی حصہ (!)، [4] Paropanisadae، افغانستان کا مشرقی علاقہ (مترجم)، [5] Drangiana سیستان کے شمال اور ہرات کے جنوب میں (مترجم)، [6] Arachosia، افغانستان کا جنوبی حصہ (مترجم)، [7] Gedrosia یعنی مکران (مترجم)، [8] پای کُلی ص ۴۲،

ہوئیں مشرق کی طرف ممالک ذیل ساسانی سلطنت میں شامل تھے :- (۱) گرگان (ہرکانیا) ، (۲) تمام خراسان جس کی وسعت اس زمانے میں آج کی نسبت بہت زیادہ تھی[۱] ، (۳) خوارزم ، (۴) سغد ، (۵) سگستان جو ایک بہت وسیع ملک تھا (۶) مکران ، (۷) توران ، (۸) گذرگاہ دریائے سندھ کے درمیانی اضلاع اور اس کے دہانے کے آس پاس کے صوبے یعنی کچھ ، کاٹھیاواڑ ، مالوہ ، اور ان سے پرے کے علاقے وغیرہ ، صرف پنجاب اور وادی کابل اس سے خارج تھے جو شاہان کوشان کے زیر حکومت تھے[۲]۔

نولڈکہ نے عربی ماخذ کے حوالے سے صوبجات ذیل کی فہرست بنائی ہے جن پر مرزبان حکومت کرتے تھے[۳]: آرمینیہ (۴۳۰ء کے بعد) ، بیت آرمائی[۴]،

---

[۱] ساسانیوں کے زمانے میں خراسان کی وسعت ہرتسفلڈ نے معین کی ہے (پائی کلی ، ص ۴۰) وہ یہ کہ ایک خط دروازہ ہائے بحر خزر (رَے کے نزدیک) سے شروع کرکے سلسلۂ کوہ البرز کے ساتھ ساتھ بحر خزر کے جنوب مشرقی کونے تک اور وہاں سے وادی اترک تک یعنی ٹرانس کیسپین ریلوے لائن کے ساتھ ساتھ لطف آباد تک کھینچا جائے ، دوسرا خط اُس صحرا میں سے جس میں تجند اور مرو واقع ہیں کرکی کے نیچے سے جیحوں تک کھینچا جائے ، یہ خط (جیسا کہ سکیتھی ساسانی سکوں کے پائے جانے سے معلوم ہوتا ہے) سلسلۂ کوہ حصار کی چوٹیوں پر سے گذرتا ہوا پامیر پر آکر منتہی ہوگا اور وہاں سے جنوب کی طرف مُڑکر دریائے جیحوں کے اُس حصے کے ساتھ ساتھ جائیگا جو بدخشان کے گرد حلقہ کئے ہوئے ہے اور پھر ہندوکش کی چوٹی سے جا ملے گا ، وہاں سے یہ سرحدی خط مغرب کی طرف کو مُڑے گا اور سلسلۂ کوہ ہندوکش اور اس کی شاخوں کے ساتھ ساتھ ہرات کے جنوب میں پہنچ کر علاقۂ قہستان کو طے کرتا ہوا ترشیز اور رخاف کے جنوب سے گذرتا ہوا پھر دروازہ ہائے بحر خزر پر آ ملے گا ، [۲] دیکھو پائی کلی ، ص ۱۷ ، [۳] طبری ، ص ۴۴۶ ، [۴] وہی جو عربی میں السواد کہلاتا ہے (مترجم) ،

فارس، کرمان، سپاہان (اصفہان)، آذربائجان، طبرستان، زرنگ (درنگیانا)، بحرین، ہرات، مرو، سرخس، نیشاپور (نیوشاپور = ابہرشہر)، طوس، ان میں سے بعض صوبے وسعت میں کچھ زیادہ نہ تھے اور فی الجملہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہخامنشیوں کی طرح ساسانیوں کے عہد میں بھی صوبوں کی حدیں مستقل نہ تھیں بادشاہ ایک مرزبان کو حسب ضرورت جس صوبے میں چاہتا مقرر کر کے بھیج دیتا تھا اور مصلحت وقت کے مطابق کبھی چند صوبوں کو ملا کر ایک صوبہ بنا دیتا کبھی ایک صوبے کے کئی حصے کر دیتا تھا، عہدۂ مرزبان کے فرائض چنداں ملکی نوعیت کے نہ تھے بلکہ بیشتر فوجی تھے، ساسانیوں کی حکومت میں جو شدید مرکزیت کا اصول ملحوظ تھا اس کے تحت میں ملکی نظم و نسق عہدہ داران زیردست کے ہاتھوں میں دیا گیا تھا جو چھوٹے چھوٹے علاقوں کا انتظام کرتے تھے، وہ شہریگ اور دہیگ کہلاتے تھے، جنگ کے زمانے میں مرزبان سپاہ بذول کے ماتحت سالاران لشکر کے فرائض انجام دیتے تھے[1]۔

مرزبان عالی خاندانوں میں سے انتخاب کئے جاتے تھے[2]، کبھی کبھی اس بات کا ذکر دیکھنے میں آتا ہے کہ فلاں مرزبان کا ایک محل پایہ تخت میں تھا[3]،

---

[1] تاریخ منسوب بہ جوشوا اسٹائی لائٹ (طبع رائٹ ص ۶۱ و جاہای دیگر)، [2] خاندان سورین کا ایک شخص خسرو اوّل کے زمانے میں آرمینیہ کا مرزبان بنایا گیا تھا، (پاتکانیان، مجلّہ آسیائی ۱۸۶۶ء ص ۱۸۳)، شاہ نرسی کے عہد میں آذربائجان کا مرزبان شاپور رازا اعلیٰ درجے کا شریف النسب تھا (فاوسٹوس بازنیتینی طبع لانگلوا، ج ا، ص ۲۲۹)، شہرین جو خاندانِ مہران سے تعلق رکھتا تھا بیت درائی اور ولایت کوسین کا مرزبان تھا (ہوفمن، ص ۶۹)، پیران گشنسپ جو اسی خاندان سے تھا گرزان اور اران کا مرزبان تھا اور ہزار ہا سوار اس کی کمان میں تھے، (ایضاً، ص ۷۸-۷۹)، وہرز جو غالباً خاندانِ ساسانی کا ممبر تھا خسرو اوّل کے زمانے میں یمن کی فتح کے بعد وہاں کا مرزبان بنایا گیا تھا، (نولڈکہ، ترجمہ طبری، ص ۲۲۳-۲۲۴)، [3] نہایہ، ص ۲۵۲،

مرزبانوں کے لئے خاص طور پر ایک اعزازی نشان یہ ہوتا تھا کہ انہیں چاندی کا ایک تخت عطا ہوتا تھا،[۱] اور سرحدِ آلان خزر کے مرزبان شہر دار کو مستثنیٰ طور پر سونے کے تخت پر بیٹھنے کا حق حاصل تھا،[۲] ابرشہر کے مرزبان کا لقب کنارنگ تھا،[۳]

صوبے اضلاع میں منقسم تھے جن کو اُستان کہتے تھے، پاذگوسپان غالباً اصل میں نائب گورنر کا لقب تھا جو ایک اُستان یا ضلع کا حاکم ہوتا تھا، یزدگشنسپ بہرام پنجم کے عہد میں پاذگوسپان تھا،[۴] معمولی طور پر اُستان کے حاکم کو اُستاندار کہتے تھے، تاریخ میں کشکر اور میسین کے اُستاندار کا ذکر ملتا ہے،[۵] نصیبین میں ایک شخص بابہائی نام کو جو شاہی خاندان سے تھا "اعزاز کے طور پر اور سرحد کی حفاظت کے لئے"[۶] اُستاندار بنایا گیا، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُستاندار جن کے ہاتھوں میں مرزبانوں کی طرح فوجی طاقت بھی ہوتی تھی[۷] اصل میں شاہی املاک کے منتظمین ہوتے تھے،[۸] اور یہ فرائض وہ ہمیشہ انجام دیتے رہتے تھے۔ حتےٰ کہ ایسی حالت میں بھی جبکہ انہیں کسی علاقے کا فوجی افسر بنا دیا جاتا تھا، اگر اس علاقے میں شاہی املاک ہوں تو فوجی فرائض کے ساتھ ساتھ وہ ان کا انتظام بھی کرتے تھے،

---

[۱] طبری ص ۸۶۴، [۲] نہایہ ص ۲۲۷، [۳] دیکھو اوپر ص ، [۴] نولڈکہ، ترجمۂ طبری، ص ۹۶، ح ۲، پاذگوسپانوں کے مرتبے اور اختیارات میں آگے چل کر (غالباً کواذ اول کے عہد میں) اصولی تبدیلیاں کر دی گئی تھیں، دیکھو باب ہفتم اور ضمیمہ نمبر ۲، [۵] دیکھو ہیننگ (Henning) در رسالۂ "ہندو ایران شناسی" (Z II) ۱۹۴۳ء ص ۲۲۴، [۶] ہوفمن ص ۹۳، [۷] نولڈکہ، ص ۴۴۸، [۸] ارمنی زبان میں دراصل لفظ اُستان کے معنی وہ علاقہ یا شہر جو بادشاہ کی ملکیت ہو (ہیوبشمن، ارمنی گرامر، ج ۱، ص ۲۱۵)، اور اُستانیک وہ فوج جو اُستان کی حفاظت کے لئے رکھی جاتے۔

صوبوں کی تقسیم اضلاع میں محض انتظامِ ملکی کی رعایت سے کی گئی تھی، بقول نولڈکہ ہر ضلع (جو شہر کہلاتا تھا اور اس کے صدر مقام کو شہرستان کہتے تھے)[1] ایک شہریگ کے ماتحت ہوتا تھا جو دہقانوں میں سے منتخب ہوتا تھا[2]، گاؤں (دیہہ) اور اس کے سارے رقبے (رُستاگ = رُستاق) کا حاکم دہیگ کہلاتا تھا[3]

محمد اقبال

---

[1] نولڈکہ: ترجمۂ طبری، ص ۴۴۶، ہوفمن، ص ۲۳۹، واضح رہے کہ پہلوی کتابوں میں لفظ شہر ہمیشہ سلطنت کے معنوں میں آیا ہے، اور وہ القاب جن کے شروع میں لفظ شہر ہو ہمیشہ اُن اعلےٰ عہدہ داروں کے لئے ہوتے تھے جن کے اختیارات تمام سلطنت پر حاوی ہوں،

[2] شہریگ کو عربی میں رئیس الکورۃ لکھا ہے (یعقوبی، ج ۱، ص ۲۰۲)، عراق میں شہریگ طبقۂ آزادان کی ایک جماعت تھی جن کا رتبہ دہقانوں سے ایک درجہ بلند تر تھا۔ (مروج الذھب، ج ۲، ص ۲۴۰)، نہایہ (ص ۲۴۳) کی روایت کے مطابق خسرو دوم نے سلطنت کو نئے سرے سے ۳۵ صوبوں میں تقسیم کیا تھا،

[3] ہوفمن ص ۲۳۹، دہیگ غالباً دہیہ سالار کا مساوی ہے (بلاذری، دیکھو نولڈکہ، ترجمۂ طبری، ص ۴۴۱)،

رباعی کے اوزان یاد رکھنے کا ایک آسان طریقہ

(۱)

رباعی یا ترانہ ایرانیوں کی ایجاد ہے۔ بقول دولتشاہ تیسری صدی ہجری کے وسط میں بعہد یعقوب صفار اور بقول شمس الدین محمد بن قیس اس صدی کے اواخر میں ایجاد ہوئی۔ دونوں روایتوں میں یہ امر مشترک ہے کہ ایک لڑکے کے منہ سے جوزبازی کے وقت یہ موزوں فقرہ اتفاقیہ ادا ہوا "غلتان غلتان ہمی رود تا لب گو" دولتشاہ کی روایت سے یہ فقرہ خود یعقوب صفّار کے فرزند کے منہ سے نکلا تھا، اور یعقوب کو پسند آیا۔ اس پر اس کے دربار کے شعرا ابو دلف اور ابن الکعب نے تین مصرعے اور لگا کر رباعی کر دیا اور دوبیتی نام رکھا ؛

محمد بن قیس جو دولتشاہ سے اقدم ہیں اور ساتویں صدی ہجری کے ربع اوّل کے مصنّف ہیں۔ لکھتے ہیں کہ متقدمین شعرائے عجم میں ایک شاعر نے (میرا خیال ہے وہ رودکی تھا) اخرم اور اخرب کے اجتماع سے نیا وزن نکالا جس کو وزن رباعی کہا جاتا ہے۔ یہ ایسا مقبول وزن ہے کہ طبائع سلیم اکثر اس کی شائق ہیں۔ اس کے استخراج کا باعث یہ کہا جاتا ہے کہ عید کے روز غزنین کی تفرجگاہ میں وہ گشت کر رہا تھا۔ اس نے دیکھا کہ ایک طرف کچھ لڑکے کھیل میں مشغول ہیں اور ان کے گرد تماشائیوں کا ہجوم ہے، شاعر بھی وہاں جا کر کھڑا ہو گیا ان میں

ایک لڑکا جس کی عمر دس پندرہ سال سے زائد نہ ہوگی اخروٹوں سے کھیل رہا تھا، اسی اثنا میں ایک اخروٹ گچّی سے باہر گرا اور پھر رجعت کرتا ہوا گچّی میں جا گرا۔ لڑکا حسین و جمیل ہونے کے علاوہ طبیعت میں موزونیت بھی رکھتا تھا اور اپنی مقفیٰ اور مسجع گفتگو سے حاضرین کو محظوظ کر رہا تھا۔ اخروٹ کو گچّی کی طرف رواں دیکھ کر بولا۔ ع

غلطان غلطان ہمی رود تا بن گو

اس کلمہ سے شاعر نے ایک مقبول وزن معلوم کر لیا اور عروضی اصول اس پر استعمال کر کے ترانہ نام رکھا اور بحر ہزج کی فروع میں شامل کر لیا۔ (المعجم صفحہ ۸۸ و ۸۹)،

لیکن میں ان روایتوں کا معتقد نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ نظم کی وہ صنفِ خاص جس کو ہم رباعی کہنے کے عادی ہیں شخصی ایجاد نہیں ہے بلکہ قدرتی نتیجہ ہے چہار بیتی کا۔ عہد قدیم میں ایران میں ایک خاص قسم کی نظم جس کو چہار بیتی کہا جاتا تھا رائج تھی، اس کے اوزان عربی اوزان سے غالباً مستخرج نہیں ہیں بلکہ مقامی ہیں۔ قدما ہزج کے مربعات میں ان کا شمار کرتے تھے اور صدر و ابتدا میں اخرب یعنے مفعول اور کف یعنے مفاعیل کا اختلاف روا رکھتے اور یہ شعر بہ تقلید عرب معقد بھی ہوتے تھے یعنی مصرع اوّل کا ایک یا زیادہ حرف بضرورت وزن شامل مصرع دوم ہوا کرتا تھا مثلاً بیت

یک بارہ چنین جا ہ + ل و آوارہ مباش

اس شعر میں جاہل کا لام تقطیع کے وقت شامل مصرع دوم ہے۔ مثال دیگر، بیت

دانی کہ دل از نونہ | شود سیر مرا

اس شعر میں نشود کا ن، مصرع اول میں داخل ہے، اسی طرح یہ شعر ہے، بیت

مشتاب بر فتن صــ + ـنما لختی باش

اس شعر میں صنما کا صاد، مصرع اول میں شامل ہے،

اشعار معقد کی یہ مثالیں میں نے معیار الاشعار محقق طوسی سے نقل کی ہیں عربی میں اشعار معقد بکثرت موجود ہیں۔ فارسی میں ایسے اشعار قدما میں رائج تھے۔ متاخرین نے ان کو ترک کر دیا ہے۔ مندرجۂ بالا مثالیں اوزان رباعی سے تعلق رکھتی ہیں۔ فی زمانہ ان کو ایک ایک مصرع کہا جائے گا اور داخل مثمنات شمار ہوں گے۔ مگر قدما کے نزدیک داخل مربعات تھے لہذا ہر ہر مثال ایک ایک شعر ہے۔ قدما میں جب ہزج اخرب یا اخرم میں ایسے چار شعر معقد یا غیر معقد جمع ہو گئے اور ہر شعر کے آخر میں قافیہ پایا گیا اس کا نام چار بیتی ہو گیا،

یہاں بطور جملۂ معترضہ ایک اور امر کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے، عربی اور فارسی زبانوں میں ایک اہم مابہ الامتیاز یہ فرق ہے کہ عربی الفاظ میں توالی حرکات بکثرت ہے برخلاف اس کے فارسی میں سکنات موجود ہیں مثلاً گرشاسپ، ارجاسپ۔ پارس خواست وغیرہ، اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ عربی اشعار بوجہ کثرت حرکات عام طور پر مربع و مسدس اوزان کے پابند ہیں۔ فارسی اشعار اکثر اوقات مثمن ہوتے ہیں اور یہی امتیازی اصول ہے جس کے اتباع نے بالآخر عربی و فارسی عروض میں اساسی تفریق پیدا کر دی ہے ورنہ عروض وہی ہے۔ دائرۂ مجتلبہ کی بحریں عربی میں مسدس الارکان ہیں۔ فارسی میں مثمن شمار ہوتی ہیں۔ اسی طرح دائرۂ مشتبہ کی بحریں مسدس و مربع آتی ہیں فارسی میں مثمن آتی ہیں۔ مگر فارسی شاعری میں یہ انقلاب کس وقت کارفرما ہوا ہم کو اس کا کوئی علم نہیں۔ ظاہر ہے کہ سامانی عہد کے شعراء زیادہ تر مثمنات میں طبع آزمائی کرتے ہیں۔ مثلاً رودکی کا کلام اکثر مروجہ مثمنات پر حاوی ہے۔ لیکن ایک زمانہ تھا جب ایرانی بہ تتبع عرب اپنے اشعار مربعات و مسدسات میں زیادہ تر لکھتے تھے لیکن آج یہ ذخیرہ بالکل

متروک و معدوم ہے۔ بہرحال مثمنات کی دریافت میں سمجھتا ہوں تدریجی اور ارتقائی ہے۔

بالآخر ایک وقت آیا جب اصول مثمنات کے عمل نے ترانہ کو بجائے چار بیت کے دو بیتوں میں منتقل کر دیا جو اس طرح ہوا کہ اشعار معقد کا رواج اُڑا دیا گیا اور قدیم مربع شعر ایک مصرع مثمن قرار پایا یعنے اوپر کی مثال میں بیت 'یکبارہ چنین جاہل و خونخوارہ مباش' قدما کے ہاں ایک شعر تھا۔ متأخرین نے اس کو ایک مصرع قرار دیا اور یوں لکھا ع

یکبارہ چنین جاہل و خونخوارہ مباش

اس تبدیلی کا ایک اثر یہ ہوا کہ جہاں بصورت چہار بیتی ہر شعر کے آخر میں قافیہ لایا جاتا تھا اور چار قافیوں کی ضرورت ہوا کرتی تھی اب بصورت دو بیتی تیسرے مصرع میں قافیہ کی ضرورت نہیں سمجھی گئی چنانچہ مصرع سوم کو خصی کیا گیا۔ چار بیتی کے متعلق میرے یہ بیانات محقق طوسی کے بیانات پر مبنی ہیں۔ محقق کی اصل عبارت یہ ہے :۔

"و آنچہ ازین وزنہا مانند یک مصراع مثمن است متأخران استعمال کنند. و قدما بران شعر بسیار گفتہ اند و ایشان ہر مصراعی را قافیہ می آوردہ اند و آنرا بیتی می شمردہ مانند رجز مشطور یا بیتہای معقد از اشعار تازیان کہ آنرا منتصفی معین نباشد و بدین سبب ترانہ را قدما چہار بیت می گرفتہ اند و آنرا چہار بیتی خواندہ اند و بتازی رباعی و در ہر چہار قافیہ آوردن لازم می شمردہ اند۔ اما بنزدیک متأخران چون مربعات این اوزان مستعمل نیست این اوزان متروک است و ہر بیتی را ازین ابیات مصراعی می شمرند و رباعی را دو بیتی می خوانند و مصراع سوم را خصی خوانند و قافیہ شرط نمی نہند۔" (صہ ۴۸ معیار الاشعار و میزان الافکار ۱۲۶۴ھ مطبع علوی)

اس عبارت کا ترجمہ یہ ہے :-

[مربعات کے] ان اوزان میں سے ایسے وزن جو ایک مصرع مثمن کے مانند ہیں متاخرین میں غیر مستعمل ہیں۔ قدما نے ان اوزان میں کثرت سے اشعار لکھے ہیں وہ ہر مصرع یعنی شعر مربع کے آخر میں قافیہ لاتے ہیں اور اس کو ایک بیت شمار کرتے ہیں۔ رجز مشطور یا عربوں کے معقد اشعار کی طرح جن کا نصف معیّن نہیں ہوتا۔ اسی لئے قدما ترانہ کو چار بیت مانتے تھے اور اس کو چار بیتی کے نام سے یاد کرتے تھے اور عربی میں رباعی کہتے اور چاروں شعروں میں قافیہ لانا ضروری سمجھتے تھے۔ لیکن متاخرین میں چونکہ ان کے مربع اوزان استعمال میں نہیں آرہے یہ اوزان متروک ہو چکے ہیں۔ وہ اب ان اشعار کے ہر بیت کو ایک مصرع مانتے ہیں اور رباعی کو دوبیتی کہتے ہیں اور تیسرے مصرع کو خصی رکھتے ہیں اور اس میں قافیہ کی شرط ضروری نہیں سمجھتے ؛

قدیم چہار بیتی کے نمونے ہم تک نہیں پہنچے۔ سب سے قدیم نمونہ مجھ کو ابوشکور کے ہاں ملتا ہے جس کا آفرین نامہ شاہنامہ کے وزن میں ایک مثنوی بقول عوفی ۳۳۶ھ[1] میں ختم ہوئی تھی۔ ابوشکور کی رباعی کی موجودہ شکل یہ ہے :-

رباعی

ای گشتہ من از غم فراوان تو پست　　شد قامت من ز درد ہجران تو شست
ای شستہ من از فریب[2] دستان تو دست　　خود ہیچ کسے بسیرت[3] شان تو ہست

لیکن اگر چہار بیتی کی شکل میں لکھی جائے تو اس کی صورت حسب ذیل ہوگی :-

چہار بیتی

اے گشتہ من از غم	فراوان تو پست	شد قامت من ز در	د ہجران تو شست
ای شستہ من از فری	ب و دستان تو دست	خود ہیچ کسی بہ سی	رت و شان تو ہست

---

[1] مگر لغت فرس میں ۳۳۳ھ ہے دیکھو لفظ فیال۔ [2] چنین و استان کس نگفت از فیال　ابرسی صد و سی و سہ بد سال" ص ۹

اب یہ چہار بیتی کی بہت اچھی مثال ہے۔ اس کے چاروں شعروں میں قافیہ ہے اگر دو بیتی ہوتی مصرع سوم خصی ہوتا نہ مصرّع۔ متقدمین میں جس طرح رودکی اور شہید غزل کے لئے مشہور ہیں۔ اسی طرح ابو طلب ترانہ کے لئے مشہور ہے۔ فرخی۔ بیت

از دلارامی و نغزی چون غزلہای شہید　　وز دلاویزی و خوبی چون ترانہ بوطلب

عنصری کے عہد تک چہار بیتی کا رواج رہا ہے۔ بعد میں دو بیتی زیادہ رائج ہوئی۔ ڈاکٹر محمد اقبال کی تحقیقات سے معلوم ہوتا ہے کہ عمر خیام کے زمانہ تک دو بیتی کو زیادہ فروغ رہا ہے"۔

تنقید شعر العجم کی پہلی قسط میں جو اکتوبر ۱۹۲۲ء کے رسالۂ اُردو۔ اورنگ آباد میں شایع ہوئی تھی، میں نے رباعی کے سلسلہ میں تقریباً یہی بیان دیا تھا جو اوپر درج ہوا۔ لیکن ہمارے ملک کے فاضل بزرگ علامہ سید سلیمان ندوی نے اپنی قابلِ قدر تصنیف خیام میں جو ۱۹۳۳ء میں طبع ہوتی ہے ان میں سے اکثر بیانات کی تردید کی ہے۔ مثلاً میں نے معیار الاشعار کو خواجہ نصیر الدین طوسی کی تصنیف بیان کیا تھا۔ سیّد صاحب نے اس سے انکار کر دیا۔ میں نے لکھا تھا کہ رباعی ایرانی الاصل ہے یعنے اس کے اوزان ایران زاد اور مقامی ہیں۔ سید صاحب مدعی ہیں کہ رباعی کہنے والے" قدماءِ عرب کے شاعر تھے"۔ میرا بیان تھا کہ رباعی ابتدائی مدارج میں چار بیتی کی شکل میں لکھی جاتی تھی جس کے چاروں شعر ہمقافیہ ہوتے تھے۔ سید صاحب اس کو ایک بے سند دعوے بیان کرتے ہیں۔ میں نے کہا تھا۔ سب سے قدیم رباعی اس وقت ابو شکور بلخی کی ملتی ہے۔ سیّد صاحب کا ارشاد ہے کہ ایسی قدیم رباعیاں دس بارہ سے زیادہ ہیں۔ میں نے فرخی کا ایک شعر اس کے دیوان سے ابوطلب

ترانہ گو سے متعلق نقل کیا تھا۔ سیّد صاحب نے بدانستِ خود اس کی تصحیح کر کے اس کے وزن کو بدل دیا ۔

اس کے علاوہ سید صاحب بعض جدید امور یا نئی تحقیقات بر روی کار لائے ہیں ۔ ایک یہ کہ قدما قول غزل اور رباعی میں کوئی فرق نہیں کرتے تھے بالفاظ دیگر قول و غزل کی اصطلاح کا اطلاق رباعی پر کیا کرتے تھے ۔ دُوسرے یہ کہ ابو دُلف عجلی اور ابو طلب ترانہ گو ایک ہی شخص ہیں ۔ اس امر کا کوئی ثبوت نہیں کہ فارسی میں بھی اشعار بعقد لکھے جاتے تھے ۔ قدیم رباعی گویوں میں شیخ بایزید بسطامی ۔ ابو نصر فارابی اور بو علی سینا کا نام لیا گیا ہے ۔ وغیرہ وغیرہ ۔

پیشتر اس کے کہ میں اپنے مضمون میں آگے بڑھوں میرے لئے ضروری ہے کہ سیّد صاحب کے اعتراضات کا جواب دُوں اور ان کے بیانات کو جو کئی امور میں ہماری فنّی روایات سے منحرف ہیں نقد و نظر کی کسوٹی پر جانچ لُوں سب سے پہلے میں ان کے اعتراضات کو لیتا ہوں ۔

معیار الاشعار خواجہ نصیر الدین طوسی کے متعلق تحریر فرماتے ہیں :-

"تنقید شعر العجم کے فاضل مولف پروفیسر شیرانی نے اپنے مضمون کے پہلے نمبر میں اس کو کسی تذبذب کے بغیر محقق طوسی کی تالیف بتایا ہے ۔ معلوم نہیں ان کے سامنے اس کی کیا سند ہے درانحالیکہ مشرق و مغرب کے فضلائ اس نسبت کے قبول کرنے میں تردد کرتے ہیں ، چنانچہ علامہ عبد الوہاب قزوہنی (کذا) نے معجم کے دیباچہ میں (ھ) تصریح کی ہے کہ "کتاب مرغوب معیار الاشعار است در علم عروض و قوافی کہ در سنہ ۶۴۹ھ تالیف شد و مصنف آن معلوم نیست .... وی دمفتی سعد اللہ مرادآبادی شارح المتوفی سنہ ۱۲۹۴ھ) تالیف این کتاب را بخواجہ نصیر الدین طوسی معروف متوفی سنہ ۶۷۲ھ نسبت دادہ است ، ولی معلوم نیست

ازروی چہ ماخذی۔"

ڈاکٹر ریو نے برٹش میوزیم لائبریری کی فارسی کتابوں کی فہرست ص۵۲۵ میں بعینہ یہی لکھا ہے اور بتایا ہے کہ محقق طوسی کی تصانیف کی فہرست میں یہ نام نہیں" (خیام۔ حاشیہ ص۲۲۱)

میں عرض کرتا ہوں کہ ریو فہرست نگار مخطوطات فارسی برٹش میوزیم اور اس کے مقلد مرزا محمد بن عبدالوہاب کے دو نام گنا کر سیّد صاحب نے حکم لگا دیا کہ فضلاء مشرق و مغرب اس نسبت کے قبول کرنے میں تردّد کرتے ہیں۔ گویا ان دوناموں پر مشرق و مغرب کے فضلا کی فہرست ختم ہوگئی۔ سیّد صاحب سمجھ رہے ہیں کہ صرف مفتی سعد اللہ کی یہ رائے ہے۔ مگر اس بارہ میں ان کو سخت سہو ہوا ہے۔ ہندوستان کے اکثر و بیشتر عروضی یہ رائے رکھتے ہیں کہ معیار الاشعار خواجہ نصیر الدین طوسی کی تصنیف ہے۔ مثالاً کچھ نام عرض ہیں:۔

(۱) منشی مظفر علیخاں اسیرؔ جو زر کامل عیار ترجمہ معیار الاشعار (طبع اول ۱۲۸۹ھ نولکشور) کے مالک ہیں۔ اپنے ترجمہ کے پہلے صفحہ پر لکھتے ہیں:۔

"صحیفۂ رشیقہ اعنی کتاب معیار الاشعار تصنیف عالم کامل فخر اماجد و اماثل رئیس الحکماء استاد الکملاء محقق طوسی علیہ الرحمۃ" الخ،

(۲) مرزا محمد جعفر اوجؔ، اردو میں مقیاس الاشعار کے مصنّف ہیں۔ اس تالیف میں ص۵۴ پر یہ عبارت درج ہے:۔

"محقق علیہ الرحمۃ نے معیار الاشعار میں چونتیس زحاف لکھے ہیں۔" اور ص۱۹۰ پر یہ عبارت ملتی ہے:۔

"من خواجہ نصیر الدین طوسی علیہ الرحمۃ مفاعلتن مفاعلتن دوبارہ
بدی چکنی بجای کسی کہ او نکند بجای تو بد"

ہم سیّد صاحب کو یقین دلاتے ہیں کہ یہ شعر معیار الاشعار میں بذیل بحر وافر ص ۴۲ پر موجود ہے اور زر کامل عیار میں ص ۱۲۹ پر (نولکشور ۱۹۰۳ء)

(۳) غلام حسنین قدر بلگرامی کی قواعد العروض میں تو کثرت کے ساتھ معیار اور محقق کا ذکر بار بار آرہا ہے۔ معیار کی اکثر و بیشتر امثال اس تصنیف میں موجود ہیں۔ میں صرف چند صفحوں کے حوالے دیتا ہوں۔ ص ۱۴۳ ص ۱۵۰ ص ۱۵۱ ص ۱۵۲ ص ۱۵۸ ص ۱۶۹،

(۴) واجد علیشاہ بادشاہ لکھنؤ ارشاد خاقانی (حکم اختر) تالیف ۱۲۶۹ھ میں ص ۱۰۰ پر رقمطراز ہیں :-

"اور خواجہ نصیر الدین طوسی رحمۃ اللہ علیہ نے معیار الاشعار میں کہا ہے"۔

(۵) روضات الجنات میں (طبع ایران ۱۳۰۶ھ) جو محمد باقر خوانساری نے ۱۲۸۶ھ میں تالیف کی ہے ص ۶۰۶ پر محقق طوسی کی تصنیفات کے ذکر میں معیار کی طرف بھی اشارہ موجود ہے ؛

ممکن ہے کہ سیّد صاحب کے دل میں یہ خیال پیدا ہو کہ یہ مصنفین تو مفتی سعد اللہ کے مقلّد اور متّبع ہیں ان کی سند چنداں مضبوط نہیں مانی جا سکتی۔ اس لئے ہم بطور دفع دخل مقدر اپنی تحقیقات کو مفتی صاحب سے سابق تر زمانوں میں لے جاتے ہیں ؛

(۶) شمس الدین فقیر بارھویں صدی ہجری کے ایک عمدہ شاعر اور مشہور مصنف ہیں۔ ان کی تالیف حدائق البلاغت ہمیشہ درس میں شامل رہی ہے۔ اور آج بھی شامل ہے۔ موصوف اپنے حدیقۃ الرابعہ کے شعبۂ اول میں در بیان حروف قافیہ ردف زائد کی تشریح کے موقعہ پر لکھتے ہیں :-

"بعضی حرف بعد از ردف را داخل ردف شمردہ اند و آنرا ردف زائد

نام کردہ و خواجہ نصیر الدین طوسی رحمۃ اللہ علیہ در رسالۂ معیار الاشعار حرف مذکور را داخل روی شمردہ و آن را روی مضاعف خواندہ "

(۷) گیارہویں صدی ہجری میں ہمیں میر ابوالحسن فراہانی شارح انوری کا نام ملتا ہے جو قافیۂ شایگان کے ذکر میں لکھتے ہیں کہ :-

" استاد المحققین خواجہ نصیر الدین محمد طوسی در رسالۂ عروض و قافیہ مسمّٰی بمعیار الاشعار آوردہ "

(۸) عبد اللہ خاں اوزبک والی توران جلال الدین اکبر کا معاصر ہے۔ اس کے دربار میں ایک زبردست عروضی پایندہ محمد بن محمد بن شیخ محمد موجود تھے۔ قضائی تخلص کرتے تھے۔ ۹۹۹ھ میں فن عروض پر ایک تالیف ان کے قلم سے نکلتی ہے جس کا نام جو تاریخی بھی ہے تنقید الدرر ہے۔ اس تالیف کا ایک قریب العہد مخطوطہ نوشتہ ۱۰۰۶ھ راقم کے عروضی مجموعہ کی زینت ہے۔ اس اہم تالیف میں کئی موقعوں پر معیار الاشعار کے حوالے آتے ہیں۔ چنانچہ :-

" و خواجہ نصیر طوسی در معیار الاشعار فاصلہ را از ین ارکان رکنے علیحدہ نشمردہ بلکہ فاصلۂ صغریٰ را مرکب از سببین ثقیل و خفیف و فاصلۂ کبریٰ را مرکب از سبب ثقیل و وتد مجموع داشتہ " ورق ۳۷ ب

(دیگر) " و شیخ نصیر طوسی کہ صاحب معیار الاشعار است پس از روی بیش از یک حرف را از حروف قافیہ اعتبار نکردہ است " ورق ۷۶ ب

(۹) صنائع الحسن ایک اور عروضی تالیف ہے جو دسویں صدی ہجری میں مشہور فخری مصنف تذکرۂ جواہر العجائب کے قلم کی یادگار ہے۔ یہ تالیف فخری اپنے سرپرست شاہ حسن (رحلین ؟) ۹۲۸ھ ۱۵۲۲ء و ۹۶۲ھ ۱۵۵۲ء والی سندھ کے لئے لکھتا ہے۔ یہ مخطوطہ بانکی پور لائبریری میں محفوظ ہے۔ اس کتب خانہ کے

فہرست نگار خان بہادر عبد المقتدر خاں کہتے ہیں کہ ورق ۵ پر مصنف نے معیار الاشعار کو خواجہ نصیر الدین طوسی کی تصنیف بیان کیا ہے۔ ملاحظہ ہو جلد نہم فارسی مخطوطات ص ۸۴۲

(۱۰) سلطان حسین بایقرا کے عہد میں دیگر علوم کے علاوہ عروض و قافیہ اور معما کا بہت رواج رہا ہے۔ مولنا جامی نے اپنی مصروفیتوں کے باوجود عروض و قافیے پر چھوٹے چھوٹے رسالے لکھے ہیں۔ جامی کے شاگرد میر عطاء اللہ الحسینی مشہدی ہیں جو کتاب تکمیل الصناعۃ میں قافیے پر ایک رسالہ شامل کرتے ہیں۔ رسالۂ ہذا میں میر عطاء اللہ متعدد موقعوں پر معیار الاشعار کا نام لیتے ہیں۔ ان میں سے ایک مثال یہاں عرض کرتا ہوں :-

"چنانکہ درین بیت کہ در معیار الاشعار خواجہ نصیر الدین طوسی آوردہ۔ بیت

صنم من زبر من بنروی دلک من نبری بنشنوی

(۱۱) جامی کے رسالۂ قافیہ کا نام مختصر وافی فی علم القوافی ہے۔ اس پر ان کے ایک شاگرد نے جس کے نام سے میں ناواقف ہوں ایک شرح لکھی ہے۔ میرے عروضی مجموعہ میں اس کا ایک مخطوطہ سنہ ۱۱۰۹ھ کا نوشتہ ہے جس پر رسالہ کا نام بدین الفاظ درج ہے۔ "رسالہ عروضیہ مسمی بشرح مختصر وافی فی علم قوافی بر متن حضرت مولوی جامی"۔ رسالۂ ہذا میں کئی جگہ معیار الاشعار کے حوالے نظر آتے ہیں۔ ان میں سے ایک یہاں نقل کیا جاتا ہے :-

"و خواجہ نصیر الدین طوسی در کتاب معیار الاشعار حرف مقدم بر روی را منحصر در ردف داشتہ"۔

(۱۲) فخر الدین محمد ابن شاکر الکتبی متوفی سنہ ۷۶۴ھ نے اپنی تصنیف فوات الوفیات کے جزء ثانی میں ص ۱۴۹ پر محقق طوسی کی تالیفات کے ذکر میں معیار الاشعار کو بالفاظ "العروض بالفارسیۃ" یاد کیا ہے ؛

(۱۳) صلاح الدین خلیل بن ایبک الصفدی متوفی ۷۶۴ھ کی الوافی بالوفیات کے جزو اوّل میں ص ۱۸۱ پر محقق کی تصنیفات کے ضمن میں "العروض بالفارسیہ" یعنے معیار الاشعار کا پھر ذکر آیا ہے +

جب گذشتہ صدی سے لگا کر آٹھویں صدی تک کے تمام علماء معیار کو محقق کی تصنیف مانتے آئے ہیں۔ تو میرا کیا قصور ہے اگر میں نے اسے خواجہ نصیر کی تالیف مان لیا +

ایک موقعہ پر سیّد صاحب نے فرمایا ہے :۔ "سلسلۂ شعر العجم کے وسیع النظر ناقد پروفیسر شیرانی نے تنقید کے پہلے نمبر (رسالہ اردو اورنگ آباد دکن) میں رباعی کی بحث پر دو صفحے لکھے ہیں اور معیار الاشعار کی مذکورۂ بالا عبارت کے لفظ "قدماء" سے اتنی وسعت پیدا کر لی کہ یہ دعوے کر دیا ہے کہ قدیم الایّام میں ایران میں ایک خاص قسم کی نظم جس کو چہار بیتی کہا جاتا تھا رائج تھی۔ اس کے اوزان عربی اوزان سے غالباً مستخرج نہیں ہیں بلکہ ایران زاد اور مقامی معلوم ہوتے ہیں، حالانکہ ان میں سے ہر دعوے ثبوت کا محتاج ہے، اہل عروض و اہل موسیقی کی روایات (قابوس نامہ کا حوالہ آتا ہے) کا جہاں تک تعلق ہے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ ارباب فن کے یہاں یہ چیز نو پیدا تھی اور اسلام کے بعد اہل فن کے استعمال میں آئی ہے"۔ (خیام ص ۲۲۲)،

میں یہاں سر داستان ہی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ محترم سیّد اپنے اعتراض میں ایسے فقرات کے استعمال سے کہ 'لفظ قدماء سے اتنی وسعت پیدا کر لی ہے'۔ 'ارباب فن کے یہاں یہ چیز نو پیدا تھی'۔ 'اور اسلام کے بعد استعمال میں آئی'۔ وغیرہ۔ میرے خلاف مدعا یہ امر ذہن نشین کرنا چاہتے ہیں کہ میں رباعی کو اسلام سے قبل کی پیداوار مانتا ہوں۔ حالانکہ میرے زیر تنقید شعر العجم تھی جو خالصتہً فارسی شاعری بعد از اسلام کے

موضوع سے تعلق رکھتی ہے اور جو عربی شاعری کی تقلید میں شروع ہوتی ہے ۔ فارسی شاعری اور رباعی تو ایسی فضا ہے جس میں ایام ظہور اسلام سے قبل کا تصور بھی ذہن میں نہیں آتا ۔ یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کیا ہم الفاظ 'قدیم' ۔ 'قدما' 'قدیم الایام' زمانۂ مابعد اسلام کے لئے استعمال نہیں کر سکتے ۔ ان الفاظ سے میرا مقصد وہی ہے جو دنیا لیتی ہے ۔ قدیم جدید کے مقابلہ میں ۔ قدما متاخرین کے مقابلہ میں اور قدیم الایام زمانۂ حال کے مقابلہ میں آتا ہے ٭

اب مجھے دو باتیں ثابت کرنی ہیں ۔ ایک تو یہ کہ عہدِ قدیم میں ایران میں چار بیتی کا رواج تھا ۔ دوسرے یہ کہ چہار بیتی کے اوزان عربی سے متفرع نہیں بلکہ ایران زا اور مقامی ہیں ٭

پہلی شق کے لئے محقق طوسی کا بیان جو ہم نے مع ترجمہ اوپر نقل کر دیا ہے دھیان میں رکھنا نہایت ضروری ہے لیکن معیار الاشعار پر سید صاحب کا انحصار اور اعتماد محقق طوسی کے بیانات کی اصل وقعت و اہمیت کے احساس سے انہیں باز رکھتا ہے ۔ میرا عقیدہ ہے کہ رباعی کسی شخصی ایجاد کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ وہ ارتقا یافتہ شکل ہے قدیم چہار بیتی کی جو ہزج مربع اخرم و اخرب میں لکھی جاتی تھی ۔ ان ایام میں صدر و ابتدا میں اخرب و مکفوف ۔ اخرب و مقبوض کا اختلاف جائز سمجھا جاتا تھا، جو چار بیتی کے ہر مصرع میں کارفرما ہے ۔ جس کی بنا پر پہلے مصرع کے شروع میں مفعول کے مقابلہ میں دوسرے مصرع کے شروع میں مفاعیل یا مفاعیلن یا مفاعلن آ جاتا ہے ۔ بحر ہزج عربی میں مربع الارکان مستعمل ہے ۔ جب عربی عروض فارسی میں اختیار کی گئی تو ضروری ہے کہ ابتدا میں اشعار ہزج کے مربع میں لکھے جاتے ہوں ۔ چنانچہ رباعی بھی مربع میں لکھی گئی ۔ چونکہ اس میں چار شعر ہوا کرتے تھے اس بنا پر اس کا نام چہار بیتی رکھا گیا ۔ ایک عرصۂ دراز کے بعد جب اصول مثمنات کی دریافت نے

اہل ایران کو زیادہ خوش آیند اور شگفتہ اوزان سے آشنا کر دیا۔ مربعات ترک کر دیئے گئے اور مثمنات کو اختیار کر لیا گیا۔ اور ترانہ جو چار بیت مربع پر شامل تھا دوبیت مثمن کے قالب میں ڈھل گیا اور دوبیتی کہلایا۔ یہی اصول یعنی مربع کا مثمن کر دینا نہ صرف رباعی میں بلکہ دیگر اوزان میں بھی کام کر رہا ہے۔ مثال میں ہزج مربع کا یہ شعر عرض ہے :-

من بے تو چنین زار　　　تو از دور ہمی خند

اس کا وزن ہے مفعول مفاعیل مصرع اول، مفاعیل مفاعیل مصرع دوم - یہ رباعی کا وزن نہیں ہے۔ یہاں ابتدا میں صدر کے مقابلہ میں مفاعیلُ بجای مفعولُ لایا گیا ہے۔ ایران کی بعد کی خوش مذاقی کے دیکھتے ہوئے ایسا اختلاف ناقابل معافی ہے۔ مگر جب اسی وزن مربع کو مثمن بنالیا یعنے پورے شعر کا مصرع کر لیا بروزن مفعول مفاعیلُ مفاعیلُ مفاعیل۔ تو ایک نہایت خوش آیند وزن حاصل ہو گیا چنانچہ

لازم تھا کہ دیکھو مرا رستہ کوئی دن اور　　　تنہا گئے کیوں اب رہو تنہا کوئی دن اور

ایک اور مثال دی جاتی ہے :-

ای یار دل ربای　　　یکی بار ہی بساز

جو بحر مضارع مربع اخرب موفور مقصور ہے۔ یعنی مفعول فاعلات مصرع اول اور مفاعیل فاعلات مصرع دوم۔ یہاں صدر و ابتدا میں اخرب و موفور کا اجتماع ہے لیکن ان دونوں مصرعوں کو ایک مثمن مصرع مان لینے سے ایک نیا شگفتہ وزن ہاتھ آگیا۔ مثال :-

گر مرد ہمتی ز مروت نشان مخواہ　　　صد جا شہید شو دیت از دشمنان مخواہ

تعجب ہے کہ ہمارے سلیمان اعظم نے جہاں رباعی کے مختلف ناموں کی

فہرست دی۔ مثلاً ترانہ۔ دوبیتی۔ قول۔ غزل۔ بیت وغیرہ۔ اس میں انہوں نے اس کے سب سے قدیم نام چہاربیتی کو شامل نہیں کیا اور محقق طوسی کا بیان بھی درخور اعتنا نہیں سمجھا۔ حالانکہ عروضی چہاربیتی کا برابر ذکر کرتے ہیں :

مقیاس الاشعار میں مرزا اوج کہتے ہیں :۔" ترانہ کو قدما نے چار بیت قیاس کیا ہے اور اس کو 'چہاربیتی' کہا ہے۔ یعنی اس میں ہر مصراع ایک بیت ہے اور تازی میں اس کو رباعی کہتے ہیں اور چاروں مصرعوں میں قافیہ لانا واجب جانتے ہیں لیکن نزدیک متاخرین جو مربعات اس وزن اخرب کے مستعمل نہیں یہ وزن بھی متروک ہے۔" (ص ۲۱۷ مقیاس الاشعار)

غلام حسنین قدر بلگرامی کا قول ہے :۔" اور اس کو اسی وجہ سے چہاربیتی اور رباعی کہنے لگے لیکن متاخرین نے چار مصرعوں کو دو شعر فرض کیا اور اس کا نام دوبیتی رکھا۔"

" قدمای فارس ترانہ را کہ از ہزج مربع اختراع کردہ اند چہاربیتی و رباعی میگفتند و ہر دو رچہار رکنی را قافیہ لازم می شمردند۔ اما متاخرین شان چون ابیات مربع ہزج نزد ایشان متروک است ترانہ از مثمن قرار میدہند و ہر دو رچہار رکنی را مصراعی می شمرند و مجموع را دوبیتی" (ص ۶۵ رسالہ کیفیت ایجاد رباعی از مفتی سعد اللہ)

شق دوم۔ یہ کہ چاربیتی یا رباعی کے اوزان عربی سے مستخرج نہیں ہیں۔ بلکہ ایران زاد اور مقامی ہیں :۔ میں حیران ہوں کہ سید صاحب کو ایسے بدیہی واقعہ کے ثبوت مانگنے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ ہم عروض کی جس قدیم و جدید کتاب کو اٹھا کر دیکھتے ہیں ہر مصنف یہی راگ الاپ رہا ہے کہ رباعی فارسی الاصل ہے میں بعض عروضیوں کے بیان یہاں نقل کرتا ہوں :۔

(۱) بدانکہ وزن رباعی کہ آنرا دوبیتی و ترانہ نیز گویند از بحر ہزج بیرون می آید و

آنرا عجم پیدا کردہ اند و بر بیست و چہار نوع آوردہ"۔
(عروض سیفی تالیف ۸۹۶ھ صـ ۵۳ طبع ایشیاٹک سوسائٹی بنگال ۱۸۷۲ء)

(۲) باید دانست کہ وزن دوبیتی را کہ رباعی و ترانہ نیز میگویند آنرا شعرای عجم از وزن اخرم و اخرب ہزج مثمن برآوردہ اند"۔ صـ ۵۳ تنقید الدرر از قضائی تالیف ۹۹۹ھ)

(۳) بباید دانست کہ رباعی را شعرای عجم اختراع نمودہ اند و آنرا ترانہ و دوبیتی نیز نامند"۔ (صـ ۱۱۶ حدائق البلاغت۔ مطبع کریمی۔ لاہور ۱۹۲۰ء)

(۴) کرامت علی ابن رحمت علی حسینی جونپوری مسٹر شکنر فرانسیسی کے لئے اپنے قیامِ تبریز کے زمانہ میں ایک رسالہ قواعد عروض و قوافی پارسی لکھتا ہے۔ جس میں مرزا ابوالقاسم قایم مقام کی طرف بھی خطاب ہے۔ اس کا ایک نسخہ ٹائپ میں طبع شدہ میرے پاس ہے۔ جس پر تاریخ طباعت درج نہیں۔ اس رسالہ کے صـ ۸۲ پر عبارت ذیل ملتی ہے :۔

"فصل شانزدہم در بحر رباعی و آنرا دوبیتی و ترانہ نیز گویند و آن پیدا کردۂ عجم است۔"

(۵) "و اوزان رباعی کہ آنرا دوبیتی و ترانہ گویند اہل عجم از بحر ہزج برآوردہ اند"۔ (مخزن الفوائد صـ ۱۶۶ ۱۸۸۶ء۔ مطبع انجمن پنجاب)

(۵ ب) "وزن ترانہ کے مخترع شعرای عجم ہیں"۔ (صـ ۱۲۲ قواعد العروض از قدر بلگرامی)

(۶) "اور یہ زحاف کہ اس وزن میں مستعمل شعرای عجم ہیں اشعار عرب میں نہیں اور یہ وزن رباعی اشعار عرب میں نہ تھا"۔ (صـ ۲۱ مقیاس الاشعار ۱۲۹۲ھ)

(۷) "اور جان تو کہ رباعی نکالی ہوئی فصحای عجم کی ہے اور بحر ہزج سے خصوصیت رکھتی ہے"۔ (تقویت الشعرا از امام الدین طالب۔ سلطان المطابع لکھنؤ)

(۸) "و رباعی از مخترعات اہل عجم است و بہ بحر ہزج اختصاص دارد"۔ (صـ ۵۶

شجرۃ العروض از منشی مظفر علی اسیر۔ نولکشور ۱۸۷۳ء)

یہاں ایک سوال کیا جا سکتا ہے کہ اگر رباعی ایرانی الاصل نہیں ہے تو پھر اس کی ایجاد کی توضیح کرنے والے قصے جن میں صرف ایرانی حصہ لیتے نظر آتے ہیں اور جنہیں سید صاحب نے اپنی معزز تالیف میں نقل بھی کیا ہے کیوں شہرت پاتے مثلاً رودکی کا ایک طفل جوز باز کو غزنین کے مرغزار میں جوشِ مسرت میں مصرع آیندہ پڑھتے سننا یا بقول دولت شاہ یعقوب بن لیث کے فرزند کا جوز کھیلتے ہوئے ایک نشاط آمیز لہجہ میں کہنا کہ

غلطان غلطان ہمی رود تا بن گو

خیام کے صـ۲۲۳ پر سید صاحب نے گذشتہ اعتراض سے ملتا جلتا یہ اعتراض کیا ہے:۔

"ناقد شعر العجم نے اپنے اسی پہلے سلسلہ میں یہ بے سند دعوے کیا ہے جس کا مدار ساتویں صدی کی معیار الاشعار پر ہے کہ قدما (کس عہد تک کے قدماء؟) تمامتر چہار بیتی کہتے تھے، جس کے چاروں مصرع ہم قافیہ ہوتے تھے" اور اس سے نادر تر دعوے یہ ہے کہ چہار بیتی کی اب کوئی مثال نہیں پائی جاتی، حالانکہ ایسی رباعیاں جن کے چاروں مصرعے ہم قافیہ ہوں، عوفی کی لباب الالباب کے قدماء کے حالات میں دس بارہ سے زیادہ ہیں اور بعد کے شعرا کے یہاں ایسی رباعیاں ملتی ہیں۔"

میں سید صاحب کی خدمت میں بصد ادب عرض کرتا ہوں کہ جب ان کو یہ تسلیم ہے کہ میرے دعوے کا مدار ساتویں صدی کی معیار الاشعار پر ہے تو پھر میرا دعوے بے سند کیوں گردانا گیا۔ سید مجھ پر سخت ظلم کر رہے ہیں کہ معیار الاشعار جیسی کتاب کی سند کے باوجود میرے دعوے کو بے سند کہتے ہیں۔ میں ان کو

یقین دلاتا ہوں کہ عروضی لٹریچر میں یہ تالیف آج بھی زبردست اہمیت کی مالک ہے۔ گذشتہ سات صدیوں میں جس قدر کتابیں اس فن پر لکھی گئی ہیں ان سب پر اس کتاب کی افادی وقعت و افضلیت مسلم ہے۔ ہر عہد میں اہل عروض اس کو مستند سمجھتے رہے ہیں اور اس کے حوالے دیتے آئے ہیں۔ اس کی شرح تیار ہوئی ہے۔ ترجمہ کیا گیا ہے۔ مختصر یہ کہ عروضی مسائل پر قولِ فیصل مانی جاتی ہے اور یہ فن سے ہماری بیگانگی کا ثبوت ہوگا اگر ہم اس تصنیف کو قرار واقعی عزّت نہ دیں۔

اس کے بعد سوال کیا ہے (کس عہد تک کے قدماء) تمام ترچہار بیتی کہتے تھے جس کے چاروں مصرع ہم قافیہ ہوتے تھے' یہاں بیت کی جگہ مصرع لکھنا سیّد صاحب کا سہو قلم ہے۔ میں قدما کے متعلق اس سے قبل کچھ اشارہ کر آیا ہوں۔ یہاں اسی قدر کہنا کافی ہوگا کہ ان قدماء کا زمانہ بھی وہی ہے جو اُن قدماء کا ہے جن کا ذکر خود سیّد صاحب نے اپنی تالیف میں کیا ہے۔ جب فرمایا ہے:-

(۱) "عوفی کی لباب الالباب کے قدماء کے حالات میں" وغیرہ (خیام ص۲۲۳ حاشیہ)

(۲) "ہر رباعی (چہار بیتی) کہنے والے قدماء عربی کے شاعر تھے" الخ (خیام ص۲۲۲)

(۳) قدماء کے کلام میں غزل و ترانہ کا لفظ ساتھ ساتھ آتا ہے"۔ (خیام ص۲۲۷)

آگے بڑھ کر سید صاحب ارشاد کرتے ہیں :۔" اور اس سے نادر تر دعوے یہ ہے کہ چہار بیتی کی اب کوئی مثال نہیں پائی جاتی۔ حالانکہ ایسی رباعیاں جن کے چاروں مصرعے ہم قافیہ ہوں عوفی کی لباب الالباب کے قدماء کے حالات میں دس بارہ سے زیادہ ہیں"

مجھے افسوس ہے کہ سیّد صاحب میرا مطلب بالکل نہیں سمجھے اور نہ انہوں نے

محقق طوسی کے بیان پر جو میرے دعوے کی سند ہے کافی غور کیا۔ جن چار مصرعوں والی رباعیوں کو سید صاحب چار بیتیاں کہتے ہیں وہ تو دو بیتیاں ہیں۔ کیونکہ دو مثمن شعروں کی شکل میں لکھی جاتی ہیں۔ بحالیکہ چار بیتی چار مربع شعروں کی صورت میں لکھی جاتی تھی جس طرح کہ میں نے تنقید شعر العجم میں (رسالہ اردو ص ۴۹۰ بابت ماہ اکتوبر ۱۹۲۲ء) ابوشکور کی رباعی کو لکھا ہے۔ یا جس طرح خود سید صاحب نے میری تقلید میں ص ۲۲۲ پر رودکی کی مفروضہ رباعی کو اور ص ۲۲۳ تا ۲۲۵ عربی رباعیوں کو نقل کیا ہے۔ یہ ہے صحیح شکل چہار بیتی کی۔ اور جب چار بیتیاں اس طرح لکھی ہوئی نہیں ملتیں تو میں نے کیا غلط کہا جب یہ کہا کہ قدیم چہار بیتی کے اصلی نمونے ہم تک نہیں پہنچے۔ چار قافیوں والی رباعیاں مصرّع[1] دو بیتیاں ہیں جس طرح تین قافیوں والی خصی رباعیاں ہیں +

سیّد صاحب دعوے کرتے ہیں کہ چاروں مصرعوں میں قافیوں والی رباعیاں لباب الالباب میں قدماء کے حالات میں دس بارہ سے زیادہ ہیں۔ میں نے بھی قدماء کے ذکر ہی میں کہا تھا کہ سب سے قدیم رباعی مجھ کو ابوشکور بلخی کی ملی ہے۔ لباب الالباب موجود ہے اور میں سید صاحب کو دعوت دیتا ہوں اگر وہ اس میں سے دس بارہ درکنار ایک رباعی بھی ابوشکور کے عہد سے قبل کی نکال کر بتا دیں گے۔ مگر دشواری یہ ہے کہ ہمارے محترم ہر چار مصرعوں کو عام اس سے کہ وہ رباعی کے وزن میں ہوں یا نہ ہوں رباعی کے خطاب سے یاد کرتے ہیں۔ ایسی رباعیاں بے شک وہ دس بارہ کیا درجنوں نکال دیں گے لیکن ادبی و عروضی نقطۂ نظر سے بلکہ رواجاً بھی رباعی وہی ہے جو بحر ہزج کے

---

[1] "مصرّع بیتی را گویند کہ ہر دو مصراع قافیت نگاہ داشتہ آید چنانکہ ابیات سرہای قصیدہ بود۔ خصی دوبیتی را گویند کہ مصراع سوم او را قافیت نباشد"۔ (ص ۸۵، حدائق السحر رشید الدین وطواط۔ مرتبۂ عباس اقبال)۔

اخرب و اخرم شجروں کے چوبیس اوزان مقررہ میں سے ہو۔ مگر سید صاحب جو خیام کی رباعیوں پر مقدمہ لکھ رہے ہیں اس فروگذاشت کی مطلق پروا نہیں کرتے ایک موقعہ پر رقم پرداز ہیں :۔

"لباب الالباب عوفی میں حنظلہ بادغیسی کی حسب ذیل دوبیتیں ملتی ہیں جو رباعی کے وزن پر ہیں :۔

یارم سپند اگرچہ برآتش ہمی فگند | از بہر چشم تا نرسد مر ورا گزند
او را سپند و آتش نا ید ہمی بکار | با روی ہمچو آتش و با خال چو[ن] اسپند"

(خیام صـ۲۲۳)

ان دو شعروں کو خود عوفی دوبیتی نہیں مانتا۔ چنانچہ اس نے "این دوبیت" (ج۲ لباب الالباب) لکھا تھا۔ سید صاحب نے دوبیتیں تو عوفی کی تقلید میں لکھ دیا۔ لیکن الفاظ "جو رباعی کے وزن پر ہیں"۔ اپنی طرف سے اضافہ کر دیئے۔ حالانکہ یہ شعر رباعی کے وزن پر مطلق نہیں۔ رباعی کے اوزان بحر ہزج سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ ابیات بحر مضارع میں واقع ہوئے ہیں۔ ان کا وزن ہے :۔

مفعول فاعلات مفاعیل فاعلات۔ یعنے مضارع اخرب مکفوف مقصور جو رباعی کے وزن سے کوسوں دُور ہے۔

سید صاحب کی جلد بازی ملاحظہ ہو کہ حنظلہ کی اس مفروضہ رباعی کو دیکھ کر فوراً یہ نظریہ پیش کر دیا :۔ "اس سے معلوم ہوتا ہے کہ رباعی کی تاریخ رودکی بلکہ ابودُلف اور ابن الکعب سے بھی پہلے شروع ہوتی ہے اور سامانی بلکہ صفاری کے بجائے طاہری دربار کو اس کی اولیت کا فخر پہنچتا ہے۔" (صـ۲۲۳ خیام)

[1] قلابوں میں 'نون' میرا اضافہ ہے۔ اس کے بغیر وزن غلط ہو جاتا ہے ۔

اب جب یہ ثابت ہوگیا کہ حنظلہ کی رباعی سچی رباعی نہیں۔ تو یہ اولیت کا فخر کس دربار کی طرف منتقل کیا جائے گا؟ سلیمان اعظم ارشاد فرمائیں۔

تنقید شعر العجم (ص ۴۹۰ اردو) میں ایک موقعہ پر میں نے فرخی کا ایک شعر بوطلب شاعر کی شہرت بحیثیت رباعی گو دکھانے کے۔لئے نقل کر دیا تھا۔ جو حسب ذیل تھا:۔

از دلارامی و نغزی چون غزلہای شہید وز دلاویزی و خوبی چون ترانہ بوطلب

اس کے تعلق میں سید صاحب ارشاد کرتے ہیں:۔

"پروفیسر شیرانی نے تنقید شعر العجم کے پہلے نمبر میں اس شعر کو کہیں سے نقل کیا ہے۔ مگر اپنے متن کا ماخذ نہیں بتایا ہے جو اسدی کے متن سے بہت کچھ مختلف ہے۔ شیرانی صاحب لکھتے ہیں:۔

از دلآویزی و نغزی چون غزلہای شہید وز دلآریزی و خوبی چون ترانہ بوطلب

بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ پروفیسر صاحب نے کسی متاخر ماخذ کو سامنے رکھا ہے جس نے فرخی کے قدیم الفاظ میں متاخرین کے محاوروں کے مطابق تصرف کر دیا ہے۔" (خیام ص ۲۲۹)

کسی شاعر کا شعر نقل کرتے وقت ہمارے ہاں یہی دستور رہا ہے۔ کہ شعر نقل کرنے سے قبل اس شاعر کا نام دے دیا جائے۔ چنانچہ میں نے بھی ایسا ہی کیا اور شاعر کا نام فرخی دے دیا۔ سیّد صاحب کو اعتراض ہے کہ اس شعر کو کہیں سے نقل کر دیا۔ میں عرض کرتا ہوں کہ کہیں سے تو کیا نقل کیا ہوگا۔ شاعر کے دیوان ہی سے نقل کیا ہوگا اور دیوان سے بہتر ماخذ ہوگا بھی کیا۔ متاخرین کے محاوروں کے مطابق اگر کوئی تصرف ہوا تو خود سیّد اس کے ذمہ دار ہیں۔ میرے ہاں جہاں پہلے مصرع میں 'دلارامی' تھا۔ سیّد صاحب نے

اس کی جگہ 'دلآویزی' بنا دیا۔ یہ تصرّف کیوں کیا گیا۔ مجھے معلوم نہیں۔ مگر یہ تصرف ہر حال میں صحیح نہیں۔ کیونکہ دونوں مصرعوں میں 'دلاویزی' مکرر ہو جاتا ہے،

سیّد صاحب نے حسب روایت لغت فرس اس شعر کو یوں لکھا ہے:۔

زدلآویزی وتری چو غزلہائے شہید   وزغم انجامی وخوشی چو نزانہ بوطلب

میرا نقل کردہ شعر اگر اسدی کے متن سے نہیں ملتا تو اس میں میرا کیا قصور ہے میرے لئے ضروری نہیں کہ فرخی کے شعر کے لئے اسدی کے لغت کی ورق گردانی کروں۔ جس حال میں کہ دیوان موجود ہے اور چھپ چکا ہے۔

اصل یہ ہے کہ جس شعر کو سیّد صاحب صحیح اور مستند سمجھ رہے ہیں۔ وہ یقیناً غلط ہے۔ اس غلطی کے ذمہ وار خواہ ہمارے سیّد ہوں یا پال ہورن لغت فرس کا مرتّب یا خود اسدی لغت فرس کا مصنّف۔ شعر ہذا کوئی تنہا شعر نہیں ہے بلکہ فرخی[1] کے قصیدہ میں آتا ہے۔ یہ قصیدہ بحر رمل مثمن محذوف میں ہے جس کا وزن ہے۔ فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن، اور مطلع ہے:۔

دوست دارم کودک سیمیں بر بیجادہ لب   ہر کجا زیشان یکی بینی مرا آنجا طلب

فرخی کا منقولۂ بالا شعر بھی ضرور ہے کہ اسی وزن میں ہو۔ چنانچہ تقطیع:۔

ازدلارا فاعلاتن، می ئی نغزی فاعلاتن، چو غزلہا فاعلاتن، اے شہید فاعلات، وزدلاوے فاعلاتن، زی ئی خوبی فاعلاتن، چو نزانا فاعلاتن، بوطلب فاعلن، یعنی وہی رمل مثمن مقصور یا محذوف، اب سید صاحب کے روایت کردہ شعر کی تقطیع ملاحظہ ہو:۔

زدلاوے فعلاتن، زئی تر ری فعلاتن، چ غزلہا فعلاتن، ءِ شہید فعلات، وزغمنجا فاعلاتن، م ئی خوشی فعلاتن، چ نزانا فعلاتن، بوطلب فعلات،

---

[1] دیوان فرخی مرتبہ عبدالرسولی ۱۳۱۱ھ۔ مطبوعہ مجلس (ایران) صہ ۶، و دیوان حکیم فرخی صہ ۶ طبع بمبئی،

اور وزن ہے بحر رمل مثمن مخبون مقصور ۔ بالفاظ دیگر وزن ہی بدل گیا ہے ۔ یعنے سالم سے مخبون ہو گیا ۔ یہ کسی طرح ممکن نہیں کہ حشویات تمام قصیدے میں جس کے پچاس سے زیادہ شعر ہیں سالم آئیں اور ایک شعر میں مخبون ہو جائیں لہذا میں تو اس شعر کو غلط کہوں گا ،

قولہ :- اہل عرب اس کو رباعی اس لئے کہتے ہیں ۔ کہ بحر ہزج جس میں رباعی کہی جاتی ہے چار اجزاء سے مرکب ہوتی ہے اور اس لئے اس وزن کا ایک مصرع عربی میں دو جزء کا ایک شعر ہو جاتا ہے اور اس طرح چار مصرعوں میں چار شعر ہو جاتے ہیں ۔ رازی کے اس بیان کی تائید معیار الاشعار فارسی عروض کی ایک قدیم کتاب ۶۴۹ھ سے ہوتی ہے ۔" صـ۲۲

میں یہ توجیہ ماننے کے لئے طیار نہیں کہ چونکہ ہزج عربی میں مربع الارکان آتی ہے ۔ اس بناء پر اس کو رباعی کہنے لگے ۔ ہزج دائرہ میں مسدس ہے ۔ اگرچہ بنا میں مجزو ہے ۔ دوسرے عربی میں ایک یہی بحر تو ہے نہیں جو مربع آتی ہے ۔ اس میں تو اکثر بحریں مربع استعمال ہوتی ہیں پھر ہزج کی کیا خصوصیت رہی ۔ اس کے علاوہ رباعی کی ابتدا فارسی سے ہوتی ہے نہ عربی سے اسلئے اس کا نام رباعی رکھنے میں عربی والوں نے چار بیتی کی تقلید کی ہے ؎

محقق طوسی کی تالیف معیار الاشعار سید صاحب کے خیال کی تائید نہیں کرتی ۔ اس میں مذکور ہے :-

" ترانہ را قدماء چہار بیت می گرفتہ اند و آنرا چہار بیتی خوانده و بتازی رباعی "۔

یعنی قدماء کے نزدیک رباعی چار بیتوں پر شامل تھی ۔ اس لئے اس کا نام چہار بیتی رکھ دیا ۔ اور عربی میں رباعی ۔ لہذا سید صاحب کا یہ بیان کہ رباعی کا نام رباعی چار مصرعوں کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ چار مصرعوں کے چار شعر ہو جانے کی وجہ سے ،

بالکل بے بنیاد ہے۔ صحیح وہی ہے جو محقق طوسی کے بیان سے مستنبط ہوتا ہے یعنی ایرانیوں نے اس کا نام چہار بیتی رکھا اور عربی والوں نے تقلیداً رباعی کہا۔

قولہ:۔ سوال یہ ہے کہ دو دو جزء کا اس طرح ایک ایک شعر ہو جانا آیا فارسی میں تھا اور اس لئے اس کو کبھی چہار بیتی کہتے تھے۔ یا عربی میں اور اس لئے اس کو رباعی کہتے تھے۔ مؤلف معیار الاشعار نے صرف قدماء یعنی پہلے لوگ لکھا ہے جس سے فارسی و عربی کی تخصیص نہیں نکلتی۔" (خیام ص۲۲۲)

مؤلف معیار الاشعار کے بیانات تو ہمیشہ ٹھیک ٹھیک راست بلا کم و کاست مبنی بر حقیقت ہوتے ہیں۔ لیکن سید صاحب کی اس کتاب کے ساتھ عدم واقفیت نے بے شک انہیں غیر حقیقی الجھنوں میں مبتلا کر دیا ہے۔ محقق طوسی کی یہ تالیف فارسی کے ساتھ ساتھ عربی عروض کی بھی جداگانہ توضیح کر رہی ہے۔ بلکہ مصنف کا قاعدہ ہے کہ پہلے ہر بحر کے عربی ضوابط و اوزان و امثال بیان کرتا ہے اس کے بعد فارسی اوزان اور امثال دیتا ہے۔ سید صاحب اس کو محض فارسی عروض کی کتاب (ص۲۲ خیام) بیان کرتے ہیں۔ اسی لئے سید والا مرتبت کا یہ قول کہ "مولف معیار الاشعار نے صرف قدماء یعنی پہلے لوگ لکھا ہے جس سے فارسی و عربی کی تخصیص نہیں نکلتی۔" فاضل موصوف اس سے زیادہ اور کیا تخصیص کرتے کہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی الگ الگ دکھا دیا ہے۔ ہزج کے عربی اوزان میں انہوں نے رباعی کا مطلق ذکر نہیں کیا اور فارسی کے ذکر میں لکھا جس سے پڑھنے والے پر صاف روشن ہے کہ رباعی فارسی الاصل ہے اور عربی سے اس کا کوئی واسطہ نہیں۔ سید صاحب اس سے زیادہ اور کیا تخصیص چاہتے ہیں؟

قولہ:۔ مگر محمد ابن قیس رازی نے تصریح کی ہے کہ یہ رباعی (چہار بیتی) کہنے والے قدماء عربی کے شاعر تھے۔ کیونکہ اس کا ثبوت نہیں ملتا کہ عربی کی

طرح فارسی اہلِ عروض بھی ایک لفظ کے حرفوں کو توڑ کر کبھی دو مصرعوں میں بانٹتے تھے۔" (صـ۲۲۲ خیام)

عروض کے میدان میں یوں تو کئی چیزیں عجمیوں کی دماغی پیداوار اور ذہنی یادگار کی حیثیت سے شمار کی جا سکتی ہیں۔ مثلاً بحور قریب و جدید و متشاکل۔ نیز ان کی نو ایجاد اکیس بحریں جو دوائر منعکسہ و منغلقہ و منغلط سے تعلق رکھتی ہیں لیکن ان کی افادی وقعت قابلِ ذکر نہیں۔ لے دے کر کوئی کام کی چیز جو جدید ایرانی اضافہ کے طور سے تسلیم کی جا سکتی ہے رباعی ہے مگر دیکھا جاتا ہے کہ ہمارے سید والاشان نے بیک جنبش قلم اس عزت سے بھی انہیں محروم کر دیا اور یہ ارشاد کر دیا کہ رباعی کہنے والے قدماء عربی کے شاعر تھے۔ خوش قسمتی سے سیّد صاحب اس عقیدے میں بالکل تنہا ہیں حتےٰ کہ محمد ابن قیس بھی جس کی مبینہ تصریح پر سید صاحب یہ رائے قایم کرتے ہیں ان کے بالکل برخلاف ہے۔ ذیل میں مصنّف موصوف کے تین مختلف بیان جن میں سے ہر ایک سیّد صاحب کے مزعومہ دعوے کے مخالف ہے نقل کئے جاتے ہیں:-

"لیکن بحکم آنکہ زحافی کہ درین وزن مستعمل است در اشعارِ عرب نبودہ است در قدیم برین وزن شعرِ تازی نگفتہ اند واکنون مُحدِثان اربابِ طبع بران اقبالِ تمام کردہ اند و رباعیات تازی در ہمہ بلادِ عرب شایع و متداول گشتہ است۔"
(صـ۹۰، المعجم فی معاییر اشعار العجم)

اس کا ترجمہ:- لیکن چونکہ ایسے زحاف جو اس وزن [رباعی] میں استعمال ہوتے ہیں۔ اشعار عرب میں نہیں آتے۔ عہد قدیم میں تازی گویوں نے اس وزن میں اشعار نہیں لکھے۔ البتہ عہدِ حاضر کے ارباب، ذوق نے اس کی طرف اقدام کیا ہے۔ چنانچہ عربی رباعیاں تمام ممالک عرب میں رائج اور مشتہر ہو گئیں۔ ایسے صاف اور صریح بیان کے باوجود سیّد صاحب کس طرح یہ دعوے پیش

کر سکتے ہیں کہ یہ رباعی گو قدماء عربی کے شاعر تھے ۔

شمس قیس کا دوسرا بیان یہ ہے :-

" وبحقیقت ہیچ وزن از اوزان مبتدع و اشعار مخترع کہ بعد از خلیل احداث کردہ اند بدل نزدیک تر و در طبع آویزندہ تر ازین نیست ۔ (ص ۹۰ المعجم)

یہ بیان بھی سید صاحب کے دعوے کے خلاف ہے ۔

شمس قیس کا تیسرا بیان رباعی کی ایجاد شاعر مشہور رودکی کی طرف منسوب کرتا ہے ۔ جو ان الفاظ سے شروع ہوتا ہے :-

" و یکی از متقدمان شعرای عجم و پندارم رودکی واللہ اعلم از نوع اخرم و اخرب این بحر وزنی تخریج کردہ است کہ آنرا وزن رباعی خوانند " (ص ۱۸۸ المعجم)

جب رباعی کی ایجاد بروایت شمس قیس رودکی کی طرف منسوب ہے تو پھر ہمارے سید محترم کس طرح قدماء عربی کی طرف منسوب کرتے ہیں ۔ اور لطف یہ ہے کہ خود شمس قیس کو اپنے بے سند دعوے کا مدار علیہ قرار دیتے ہیں ۔ اور کہتے ہیں کہ محمد ابن قیس رازی نے تصریح کی ہے کہ یہ رباعی (چہار بیتی) کہنے والے قدماء عربی کے شاعر تھے ۔ میں سید صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ محمد ابن قیس کا دامن ہر ایسی تصریح سے پاک ہے ۔

عربی کی طرح فارسی اہل عروض بھی ایک لفظ کے ٹکڑوں کو توڑ کر کبھی دو مصرعوں میں بانٹتے تھے ۔ اس سے میں سمجھتا ہوں سید صاحب کا مطلب اشعار معقد سے ہے ۔ ایسے اشعار عربی کی تقلید میں قدماء فارسی میں رائج تھے ۔ زیادہ تر انہی ایام میں جب شعر گوئی کا مدار اکثر و بیشتر مربعات پر تھا ۔ اشعار معقد میں مصرع اول مصرع دوم سے لفظاً و معنیً وابستہ ہوتا ہے ۔ ہر مصرع مرکب غیر مفید کا حکم رکھتا ہے جب تک دوسرا مصرع ساتھ نہ پڑھا جائے بات ناتمام رہتی ہے ۔ اس لئے

کئی موقعوں پر ضروری ہے کہ دونوں مصرعوں کو ساتھ ملا کر مثل ایک مصرع مثمن کے پڑھیں ۔ اس طرح معلوم ہوتا ہے کہ یہ اشعار معقد ہیں جو فارسی میں اصول مثمنات کی دریافت کی طرف رہنمائی کرتے ہیں ۔ جب مثمنات کی دریافت نے فارسی عروض میں انقلاب عظیم پیدا کر دیا ۔ اوزان مربع کا رواج متروک ہو گیا ان کے ساتھ ہی اشعار معقد بھی جو مثنیٰ و مربع و مثلث ہوتے تھے غائب ہو گئے ۔ محقق طوسی نے ان کی بعض مثالیں اپنی تالیف میں محفوظ رکھی ہیں جن میں سے کچھ اس سے پیشتر اسی مضمون میں نقل ہو چکی ہیں ۔ بعض یہاں درج کی جاتی ہیں :۔

مثال ہزج مربع سالم :۔

بیار آن مے کہ پنداری　　روان یاقوت نابستے
و یا چون برکشیدہ تیغ　　پیش آفتابستے

آخری شعر میں تیغ کا 'غین' وزن کی رو سے دوسرے مصرع میں شامل ہے ۔ رودکی کا یہ قطعہ بالعموم مثمن شکل میں لکھا جاتا ہے ۔ جس سے تمام قطعہ مصرع ہو گیا ہے ۔ حتےٰ کہ حدائق السحر میں بھی اس کو مثمن ہی درج کیا ہے لیکن محقق طوسی نے مذکورہ بالا شعر مربع کی مثال میں نقل کئے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قطعہ اصل میں مربع تھا ۔ اور مثمنات کے رواج کے بعد اس کو بھی مثمن بنا لیا گیا

مثالِ دیگر :۔　　رہ شادیم　　بربستی

یہ دورکنی شعر ہے ۔ جس کی تقطیع ہے ، رہ شادی فعلاتن ، م ب بستی فعلاتن ، یعنے میم ضمیر متکلم شامل مصرع دوم ہے ؎

مثالِ دیگر :۔　　ہر کہ بد خواند ترا　　از مردمی ہست اوبری

اس شعر میں 'از' بغرض تقطیع شامل مصرع اول ہے ۔

مثال شعر مثلث :۔ ؎ نوشد جہان زین نو بہار و سال نو

یہ تین رکن کا پورا شعر ہے جس کا نصف معین نہیں ۔ عربی تقلید میں بدیع بلخی نے یہ قصیدہ لکھا تھا +

قولہ :۔ چوتھی پانچویں صدی کے شعراء فارسی پہلے دوسرے اور چوتھے مصرعوں کے ساتھ تیسرے کو بھی اکثر ہم قافیہ لایا کرتے تھے مگر اس کا قطعی لزوم ان کے ہاں بھی نہ تھا ۔ چنانچہ رودکی، فردوسی، عنصری وغیرہ کی رباعیوں میں کبھی تیسرے مصرع میں قافیہ ہے اور کبھی نہیں ہے''،

اس بارہ میں ڈاکٹر شیخ محمد اقبال فارسی پروفیسر پنجاب یونیورسٹی کی رائے میرے خیال میں زیادہ وزنی ہے ۔ ان کا بیان ہے کہ ایک رباعی جتنی زیادہ قدیم ہوگی گمان غالب ہے کہ وہ مصرّع ہوگی ۔ جتنی متاخر ہوگی اتنی ہی خصی ہوگی میں غیر خصی کو مصرّع اور خصی کو غیر مصرّع کہوں گا ۔ چوتھی اور پانچویں صدی میں بالعموم مصرّع رباعیاں رائج تھیں ۔ مثلاً شعرائے عہد غزنہ کے دواوین میں سے عنصری کی ۳۶ رباعیوں میں سے ۳۴ ۔ فرخی کی ۳۷ میں سے ۳۶ ۔ ناصر خسرو کے ہاں ایک میں سے ایک ۔ ابوالفرج رونی کے ہاں ۵۷ میں سے ۵۱ ۔ قطران تبریزی کے ہاں ۱۵ میں سے گیارہ اور مسعود سعد سلمان کے ہاں ۲۲۷ میں سے ۲۱۹ رباعیاں مصرّع ہیں ۔ اس سے ہم یہ رائے قایم کرتے ہیں کہ چوتھی اور پانچویں صدی میں مصرّع رباعیاں کہنے کا دستور لزوم کی حد تک عام تھا ۔ ان میں غیر مصرّع رباعیوں کا شمول خالی از اشتباہ نہیں ۔ جلد دوم لباب الالباب میں شعرائے آل سامان و شعرائے آل ناصر کی رباعیاں جو بتفصیل ذیل ہیں سب کی سب بلا استثناء مصرّع ہیں ۔ چنانچہ :۔

ابوشکور بلخی، ایک ۔ صہ ۲۱ ۔ عنصری، ایک صہ ۳۲ ، ابوعبداللہ محمد المعروف

بروردہ البلخی کے ہاں پانچ مختلف مصرّع شعر بروزن رباعی ص۴۷ - فرخی ۲، ص۵۰
ابوعبداللہ عبدالرحمن بن محمد العطاردی، دو۔ ص۵۷، ابوالحرث حرب بن محمد
الحقوری الہروی۔ یک، ص۶۱۔ ابوالمنصور عبدالرشید بن احمد بن ابی یوسف
الہروی، یک۔ ص۶۱، مسعود الرازی، یک، ص۶۳۔ ناصر لغوی، یک، ص۶۶۔
یہ رباعی ۴۲۱ھ میں امیر محمد بن محمود کے قید کئے جانے کے موقعہ پر لکھی گئی ہے
محسن قزوینی، یک، ص۶۷۔ ۔ ۔ ۔ ین احمد البدری الغزنوی، یک، ص۶۷۔

لغت فرس میں تین رباعیاں میری نظر سے گزریں اور تینوں مصرّع ہیں
پہلی 'لست' کی شرح میں ص۴۶ پر لبیبی کی۔ دوسری 'زوشیدن' کی تشریح میں ص۵۳
پر عسجدی کی۔ اور تیسری ابوالمؤید کی 'نلک' کی تشریح میں جو حسب ذیل ہے۔

صفرای مرا سود ندارد نلکا		دردِ سرِ من کجا شناسد علکا
سوگند خورم بھرچہ ہستم ملکا		کز عشق تو بگداختہ ام چون کلکا ص۶۸

لغت فرس میں تو یہ رباعی سب سے قدیم مانی جاسکتی ہے۔

رباعی کے وزن پر بعض شعر بھی اسی فرہنگ میں ملتے ہیں۔ مثلاً 'شبغازہ'
کے ذکر میں ص۳۷ پر عمارہ کا شعر مصرّع اور ص۳۸ پر 'چغز' کے بیان میں ابوالفتح
بستی کا مصرّع بیت :-

ہرچند کہ درویش بسر فغ زاید		در چشم توانگران ہمہ چغز آید

اور ص۸ پر 'مالہ' کے ذکر میں عمارہ کا شعر۔ لیکن دقیقی کا ایک شعر جو اگرچہ وزن رباعی
میں ہے غیر مصرّع ہے جو ص۱۰۱ پر 'سخون' کی تشریح میں دیا گیا ہے۔ چنانچہ :-

ز سم کان و ہم تیز خیزت روزی		و ہم ہمہ ہندوان بسوزد بسخون

یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ شعر کسی رباعی سے لیا گیا ہے بلکہ فردیات سے تعلق رکھتا ہے

صفحہ ۱۴ - ۹۰۳ روئداد اورینٹل کانفرنس اجلاس بڑودہ، طبع ۱۹۳۵ء،

اوزان رباعی میں منفرد اشعار بھی لکھے جاتے رہے ہیں۔ میں ایک مثال رودکی کے ہاں سے دیتا ہوں :-

اندر عجبم ز جان ستان کز چو توئے   جان بستد و از جمال تو شرم نداشت[1]

گلستان سعدی میں ایسے فردیات کی مثالیں بکثرت موجود ہیں۔

علیٰ ہذا دمیۃ القصر میں باخرزی نے جو عربی و فارسی رباعیاں درج کی ہیں۔ تمام و کمال مصرّع ہیں۔ ملاحظہ ہوں صفحات ص۱۷۴، ص۱۷۵، ص۲۰۲، ص۲۶۱، ص۲۹۶۔ اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ رودکی و فردوسی و عنصری وغیرہم کے ہاں غیر مصرّع رباعیوں کا موجود ہونا اس امر کی دلالت کرتا ہے کہ وہ ان شعراء کی اصلی رباعیاں نہیں ہیں بلکہ متاخرین نے سہواً ان کی طرف منسوب کر دی ہیں۔ رودکی کی جس قدر رباعیاں سیّد صاحب نے نقل کی ہیں یقیناً مشتبہ ہیں اور یہ انہیں خود بھی تسلیم ہے۔ اسی قسم کی ایک رباعی شمس قیس نے المعجم میں حسب ذیل دی ہے :-

واجب نبود بکس بر افضال و کرم   واجب باشد ہر آئینہ شکر نعم

تقصیر نکرد خواجہ در نا واجب   من در واجب چگونہ تقصیر کنم (المعجم ص۳۰۳)

مگر یہ رباعی غیر مصرّع ہونے کے علاوہ پچاس فیصدی عربی الفاظ پر مشتمل ہے جو یقیناً رودکی کے عہد کی زبان نہیں۔ جلد دوم احوال و اشعار رودکی میں سعید نفیسی نے رودکی کی ہجویات کی مثال میں یہ رباعی نقل کی ہے۔ جو شبہ سے خالی نہیں :-

آن ضرطہ رت بدشت خاشاک زدی   مامات دف و دو رویہ چالاک زدی

آن بر سر گور ہا تبارک خواندی   دین بر در خانہا تبوراک زدی

---

[1] احوال و اشعار ابوعبداللہ جعفر بن محمد رودکی جلد دوم ص۱۰۴۳ تالیف سعید نفیسی۔ طہران۔ سنہ ۱۳۱۰ھ۔

۳۵۲ھ میں امیر ابو جعفر والی سیستان کی وفات پر صانع بلخی یہ رباعی لکھتا ہے :-

خان غم تو پست شدہ ویران باد   خان طرب ہمیشہ آباد ان باد
ہموارہ سر کار تو با نیکان باد   تو میر شہید و دشمنت ماکان باد[1]

قولہ :- عربی کی رباعیوں میں چاروں مصرعوں کا ہم قافیہ لانا اس لئے ضروری تھا کہ اس کا ہر مصرع شعر ہوتا تھا۔ اس پر مستزاد یہ کہ بعض جدت پسندوں نے قافیہ کے ساتھ ردیف کی بھی شرط کر لی تھی"۔ (ص ۲۲۳ خیام)

رباعی کے معاملہ میں عربی والے ہمیشہ فارسی کے مقلد رہے ہیں اسلئے جب رباعی چار شعروں کی صورت میں لکھی جاتی تھی۔ یا جب دو شعروں کی صورت میں مرقوم ہوتی تھی۔ عربی خوان ہر حال میں تقلید شعرائے فارسی کرتے رہے ہیں۔ یہی کیفیت ردیف کی ہے جو فارسی الاصل ہے اور عربی والوں نے تقلیداً اختیار کر لی ہے۔ محقق طوسی کتاب معیار الاشعار میں رقمطراز ہیں :-

" و ردیف در اصل خاص بود بزبان پارسی و متاخران شعرائے عرب از پارسی گویان فرا گرفتہ اند و بکار می دارند"۔ (معیار الاشعار و میزان الافکار ۱۲۶۱ھ مطبع علوی)

قولہ :- ابو الحسن باخرزی المتوفی ۴۶۷ھ نے اپنی کتاب دمیۃ القصر میں ذکر کیا ہے کہ "میں نے اس سے پہلے اس طریقہ پر رباعی نہیں سنی تھی"۔

"لم اکن سمعت ھذہ الطریقۃ یہاں تک کہ میرے والد نے ابو العباس باخرزی کی چند رباعیاں اسی طرز کی سنائیں"۔ (ص ۲۲۴ خیام)

"لم اکن سمعت ھذہ الطریقۃ" کا ترجمہ سید محترم نے ان الفاظ میں کیا ہے کہ "میں نے اس سے پہلے اس طریقہ پر رباعی نہیں سنی تھی"۔ لیکن یہ ترجمہ درست نہیں معلوم ہوتا۔ عربی عبارت میں رباعی کا لفظ مذکور نہیں۔ میرے نزدیک

---

[1] ص ۳۲۴ تاریخ سیستان تالیف در حدود ۴۴۵ - ۷۲۵ بتصحیح ملک الشعراء بہار - طہران ۱۳۱۴ شمسی ،

اس کا ترجمہ یوں ہونا چاہیئے۔ کہ "میں نے اب تک اس قسم کی نظم نہیں سنی تھی"۔ اور مصنف کا مقصد ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کے لئے عربی میں رباعی سننے کا عمر میں یہ پہلا موقع تھا جب اس کے والد نے ابوالعباس باخرزی کی اس طرح کی رباعیاں سنائیں۔ باخرزی کی عبارت ہے :۔

" ولم اکن سمعت هذه الطريقة حتیٰ انشدنی والدی لابی العباس الباخرزی رباعيات علیٰ هذا النمط " (ص۱۲۲)

اگر میرا یہ اختلافی ترجمہ قابلِ قبول ہے تو ظاہر ہے کہ رباعی کا تعارف اگرچہ عربی میں ہو چکا تھا مگر اس کا علم خواص تک محدود تھا اور عام رواج میں نہیں آئی تھی کیونکہ باخرزی جیسا فاضل شخص اس کے وجود سے بے خبر تھا۔ باخرزی کا یہ بیان بجائے سید صاحب کی تائید کے ان کے اس قول کی کہ رباعی کہنے والے قدماء عرب کے شاعر تھے واضح تردید کرتا ہے۔ بلکہ دمیۃ القصر میں اور موقعوں پر بھی فارسی کے ساتھ رباعی کے مربوط ہونے کی نسبت اشارے موجود ہیں چنانچہ ابونصر تمیم بن احمد الغزنوی کے حالات میں مذکور ہے :۔ " والغالب علیه لسان العجم ورباعية، ص۱۷۵

محمد بن ابی نصر کے ذکر میں مرقوم ہے :۔ " وله رباعيات فی الفارسية رقيقة واختراعات فيها دقيقة " ص۲۶۵ اسی طرح صفحات ۲۰۲، ۲۶۱ و ۲۶۲، ۲۶۵ و ۲۹۶ پر فارسی کی متعدد رباعیاں اور ان کے عربی ترجمے منقول ہیں ؛

اس کے بعد فاضل سید دمیۃ القصر سے عربی کی پانچ مصرع رباعیاں نقل کر کے فرماتے ہیں :۔

" آپ دیکھیں کہ ان سب رباعیات کے چاروں مصرعوں میں قافیے ہیں، حالانکہ اسی عہد کی بلکہ اس سے پیشتر کی فارسی رباعیوں میں اس کی پابندی مطلق

نہیں ہے۔ عمّارہ مروزی جو چوتھی صدی کے اواسط میں تھا، کہ اس نے سامانی وغزنوی دونوں درباروں میں رسوخ پایا تھا، کہتا ہے :-

آن می بدست آن بت سیمین من نگر گوئی کہ آفتاب بہ پیوست با قمر
وان ساغری کہ سایہ بیفگند مئ برو برگ گل سپید است گوئی بلالہ بر

تیسرا مصرع قافیہ سے خالی ہے۔" (ص ۲۲۵ خیام)

چاروں مصرعوں میں قافیے آنے کی وجہ یہ ہے کہ اس عہد میں تقلید چہار بیتی دوبیتی یا مصرّع رباعیاں کہنے کا دستور تھا۔ فارسی شعراء بھی اپنی دوبیتیوں میں چار قافیے ہی لاتے تھے جیسا کہ اس سے قبل گزارش ہو چکا ہے۔ سیّد صاحب کے ذہن میں جو تین قافیوں والی غیر مصرّع رباعیاں ہیں وہ درحقیقت زمانۂ مابعد کی پیداوار ہیں - یہی نہیں بلکہ وہ اوزان غیر رباعی کو اوزان رباعی کے ساتھ خلط بھی کر رہے ہیں چنانچہ عمّارہ مروزی کے تین قافیوں والے اشعار بالا کو رباعی تصوّر کر رہے ہیں۔ حالانکہ رباعی کو ان سے کوئی واسطہ نہیں۔ اصل میں بحر ہزج کے بارہ اخرب اور بارہ اخرم اوزان جن کی میزان چوبیس ہوتی ہے اوزان رباعی کہلاتے ہیں اور رباعی کا اطلاق انہی اوزان پر محدود ہے۔ عمّارہ مروزی کے اشعار بحر مضارع میں ہیں۔ ان کی تقطیع ہے :-

اا مے بَ مفعولُ ، دستِ ااُبْ فاعلاتُ ، تِ سیمین مفاعیلُ ، من نگر فاعلن ،
گوئی کَ مفعولُ ، اافتاب فاعلاتُ ، بَ پیوست مفاعیلُ ، باقمر فاعلن ،

اور وزن مضارع مثمن مکفوف ومحذوف ہے ؛

رباعی کے مختلف ناموں کے ذکر میں ہمارے سید والاشان قابوس نامہ عنصر المعالی امیر کیکاؤس سے مثالیں دے کر غزل وترانہ کو ایک ہی اصطلاح منوانے کی کوشش میں مصروف ہیں چنانچہ

قولہ :۔ "باب سی وپنجم اندر آئین ورسم شاعری" میں مختلف اصنافِ سخن کے سلسلہ میں "غزل وترانہ" کہا ہے ۔ "اگر غزل وترانہ گوئی سہل ولطیف تر گوئی وبقوافی معروف گوئی"۔ پھر آگے چل کر ہے۔" وغزل وترانہ تر وآبدار گوئی" (ص۱۴۴ ایلبی)

ع یہ ایسی دھری ہے کہ اٹھائی نہیں جاتی ۔ میں کسی حالت میں بھی سید صاحب کے ساتھ اتفاق نہیں کرسکتا کہ امیر کیکاؤس نے ان فقروں میں ترانہ کو غزل یا غزل کو ترانہ سمجھا ہے ۔غزل وترانہ میں خبط کر دینا اور یہ سمجھنا کہ چونکہ دونوں معطوف ومعطوف علیہ ہیں ۔ اس لئے معنوں میں مشترک ہیں ۔صریح مسلمات سے انکار کرنا ہے ۔غزل وترانہ سے عنصر المعالی کی مراد یہی مشہور دو اقسام نظم ہیں جو غزل اور دوبیتی کے نام سے یاد کی جاتی ہیں ۔ یہاں سید صاحب ایک شدید قسم کی غلط فہمی میں مبتلا ہیں ۔ اسی سلسلۂ کلام کو جاری رکھتے ہوئے فرماتے ہیں ۔

قولہ :۔ محمد بن قیس رازی نے معجم (۶۱۴ھ ۔ ۶۳۰ھ) میں ذرا ذرا سے فرق سے اس کے حسب ذیل نام بتائے ہیں :۔

قول :۔ ہرچہ ازان جنس برابیات تازی (عربی) سازند آنرا قول گویند،

غزل :۔ وہرچہ برمقطعات پارسی باشد آنرا غزل خوانند ،

ترانہ :۔ اہل دانش ملحونات این وزن را ترانہ نام کردند،

دوبیتی :۔ وشعر مجرد آنرا دوبیتی خوانند برای آنک بنای آن بردوبیت بیش نیست ،

رباعی :۔ ومستعربہ آنرا رباعی خوانند ازبہر آنک بحر ہزج در اشعار عرب مربع الاجزا آمدہ است ،پس ہربیت ازین وزن دوبیت عربی باشد

ص ۹۰

قدماء کے کلام میں غزل و ترانہ کا لفظ ساتھ ساتھ آتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس عہد تک غزل کی موجودہ اصطلاح پختہ نہیں ہوئی تھی"۔ (ص۲۲۷ خیام)

سیّد صاحب قول و غزل و ترانہ کو مرادف شمار کر رہے ہیں۔ حالانکہ ایسی غلط فہمی نہ قدما میں تھی نہ متاخرین میں۔ یہ اصطلاحیں ہمیشہ جدا جدا مانی گئی ہیں۔ مانی جاتی ہیں اور مانی جاتی رہیں گی۔ ہمیں یقین ہے کہ سید والا مناقب کو ایک شخص بھی ان کی رائے کا مؤیّد نہیں ملے گا۔ اسی طرح میرے مخدوم شمس قیس کا اصل مطلب سمجھنے میں قاصر رہے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ان اصطلاحات میں شمس قیس نے ذرا ذرا سے فرق سے رباعی کے مختلف نام دیے ہیں۔ حالانکہ شمس قیس کی مراد بالکل مختلف ہے۔ مصنّف موصوف رباعی پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ :۔

" درحقیقت ان تمام نو ایجاد اوزان میں سے جو خلیل کے بعد ایجاد ہوئے ہیں کوئی وزن وزنِ رباعی سے زیادہ دلآویز اور مرغوب طبع عوام نہیں۔ کیونکہ موسیقی کے فن کاروں نے اس وزن میں نفیس نفیس لحنیں اور لطیف لطیف راہیں بٹھائی ہیں [اس کے بعد بطور جملہ معترضہ کہتے ہیں] اور دستور یوں چلا آیا ہے کہ اس جنس (لحنوں) سے جو کچھ عربی اشعار میں بٹھایا جائے، اسے قول کہتے ہیں"۔ گویا مصنّف کے نزدیک قول اس راگ یا سرود کا نام ہے جو عربی اشعار میں بٹھایا جاتا ہے۔ اس بارہ میں اہل لغت بھی مصنّف کے ساتھ متفق ہیں۔ ان کے نزدیک قول ایسا سرود ہے جس میں عربی عبارت شامل ہوتی ہے۔" و در اصطلاح موسیقیاں نوعے از سرود کہ دران عبارت عربی نیز داخل باشد"۔ اسی لئے قول گانے والا قوّال کہلاتا ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ قول ہمارے مصنّف کے نزدیک ترانہ یا رباعی سے بالکل مختلف چیز ہے +

اس کے بعد شمس قیس کا بیان ہے کہ "جو لحنیں فارسی مقطّعات یعنے اشعار میں بٹھائی جائیں انہیں غزل کہتے ہیں"۔ اس سے مطلب شعراء کی غزل نہیں ہے بلکہ موسیقی کی۔ اس جملہ میں مقطّعات کی اصطلاح تشریح طلب ہے ۔ فارسی لغات کا بیان ہے "مقطّعات شعرہای سبک وزن و اشعار بحر رجز"۔ اس جاننے کے بعد مصنّف کا مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ جو کچھ فارسی کے سبک اوزان اشعار میں لکھا جاتا ہے اسے غزل کہتے ہیں۔ شیخ بہاء الدین برناوی متوفی ۱۰۳۰ھ جو موسیقی میں امیر خسرو کے بعد امام فن کا رتبہ رکھتے ہیں۔ غزل کی تشریح یوں کرتے ہیں :۔ غزل وہ قسم ہے جس میں ایک غزل یا اس کے انتخابی ابیات سادہ راگ اور تال میں بغیر تانا تلی کے باندھ دیں ۔ اس قسم میں پردۂ ولایتی مغلوب کر دیتے ہیں۔ بلکہ بعض اقسام میں نہیں لاتے ۔ اس کو جکری اور بشنپد سے زیادہ مشابہت ہے۔" (صـ۲۷ ۔ اورینٹل کالج میگزین ۔ مئی ۱۹۲۷ء)

اس کے بعد مصنف ممدوح کا بیان ہے کہ اہل دانش نے اس وزن یعنے وزن رباعی کی لحنوں کا نام ترانہ رکھا ہے۔ جیسے بمناسبت شعر فارسی دوبیتی کہتے ہیں۔ اور عربی خوان رباعی"۔ بالفاظ دیگر رباعی بحیثیت اصطلاح موسیقی ترانہ کہلاتی ہے ۔ باعتبار شعر دوبیتی اور عربی خوانوں میں رباعی کہلاتی ہے۔ اس سے پیشتر مصنف نے قول۔ غزل اور ترانہ کا فرق موسیقی کے اعتبار سے دکھایا تھا۔ یہ مطلب ہرگز ہرگز نہیں تھا کہ وہ ایک دوسرے کے مراوف ہیں۔ اس کا ثبوت ہمارے پاس یہ ہے کہ شمس قیس نے اپنی اسی تصنیف میں کسی دوسرے مقام پر غزل و رباعی کی جنہیں سید صاحب ایک سمجھ رہے ہیں جدا جدا صراحت کی ہے ۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ مصنف مذکور کے نزدیک غزل و رباعی نظم کی دو مختلف اقسام ہیں ۔ چنانچہ غزل کے متعلق لکھتے ہیں :۔

"وغزل در اصل لغت حدیث زنان وصفت عشقبازی با ایشان وتہالک در دوستی ایشان است ومغازلت عشقبازی وملاعبت است بازنان ..... وبیشتر شعرای مُفلِق ذکر جمال معشوق ووصف احوال عشق وتصابی راغزل خوانند .... وبحکم آنکہ مقصود از غزل ترویح خاطر وخوش آمد نفس است باید کہ بناء آن بروزنی خوش مطبوع والفاظی عذب سلس ومعانی رایق مروّق نہند ودر نظم آن از کلمات مستکرہ وسخنان خشن محترز باشند" (ص ۳۸۷ المعجم)

اور رباعی کے متعلق کہتے ہیں :-

"ہمچنین رباعی کہ پیش ازین در قسم عروض شرح آن گفتہ آمدہ است بحکم آنکہ بناء آن بر دو بیت بیش نیست باید کہ ترکیب اجزاء آن درست وقوافی متمکن والفاظ عذب ومعانی لطیف باشد واز کلمات حشو وتجنیسات منکر وتقدیم وتاخیرات ناخوش خالی بود واگر باآن چیزی از صناعات مستحسن ومستبدعات مطبوع چون مطابقۂ لطیف وتشبیہی درست واستعارتی لطیف وتقابلی موزون وایہامی شیرین یار بود نیکوتر آید" (ص ۳۸۸ المعجم)

ابوطلب رباعی گو کی نسبت جس کا ذکر فرخی کے مسبوق الذکر شعر میں آتا ہے سیّد صاحب رقمطراز ہیں :-

قولہ :- ابوطلب نام کسی شاعر کا پتہ ہم کو نہیں چلتا۔ فرخی جس کا یہ شعر ہے اس نے ۴۲۹ھ میں وفات پائی ہے۔ اس لئے ابوطلب ترانہ گو کا زمانہ اس سے تو بہر حال پہلے تھا۔ ایک خیال ہوتا ہے کہ ابوطلب ابو دُلف تو نہیں مگر یہ امر سراپا تحقیق طلب ہے اور اگر یہ صحیح ہے تو ترانہ گوئی کا زمانہ تیسری صدی ہجری کے اوائل میں پہنچ جائے گا" (ص ۲۲۹ خیام)

سبحان اللہ ابھی تحقیقات شروع بھی نہیں ہوئی لیکن سیّد والا منزلت نے

پہلے ہی یہ حکم لگا دیا کہ اگر یہ صحیح ہے تو نزانہ گوئی کا زمانہ تیسری صدی میں پہنچ جائیگا،
اچھا اگر یہ غلط ثابت ہوا تو پھر کونسی صدی میں پہنچ جائے گا؟ یہاں ہم سیّد
صاحب کی تحقیقات سے اعراض کر کے اس قدر کہنا چاہتے ہیں کہ جیسا اس
سے قبل بیان ہو چکا ہے۔ شعر بالا جس میں ابوطلب کا نام مذکور ہے۔ فرخی
کے بائیہ قصیدہ سے تعلق رکھتا ہے جس میں بے رَوی اور قافیہ غضب۔
رجب۔ عجب۔ ادب۔ نسب وغیرہ ہے۔ ان مراتب کو جانتے ہوئے
بوطلب کی جگہ بودلف کو قبول کرنے میں جس کے سیّد صاحب محرّک ہیں ہمیں
بے شمار مشکلات سے سابقہ پڑے گا کیونکہ نہ صرف بوطلب کو بودلف میں تبدیل
کرنا کفایت کرے گا بلکہ قصیدے کے تمام قافیوں کی بے کو جن کی تعداد
پچاس ہے فے کے ساتھ تبدیل کرنا پڑے گا۔ جس سے نہایت مضحک صورت
حال پیدا ہو جائے گی۔ اور وہی معاملہ پیش آئے گا جو سعدی کے مصرع ؏
شاید کہ پلنگ خفتہ باشد کو خفیہ پڑھنے سے پیش آیا تھا یعنے اس کے پہلے شعر

تا مرد سخن نگفتہ باشد ؎ عیب و ہنرش نہفتہ باشد

کے قافیوں گفتہ و نہفتہ کو نئی ترمیم کی خاطر گفیہ و نہفیہ پڑھنے پر مجبور ہونا پڑا تھا۔
یہ ابوطلب کا بدل ابودلف جو بقول دولت شاہ یعقوب صفار متوفی ۲۶۵ھ
کے دربار میں ابن الکعب ایک اور شاعر کے ساتھ رباعی کا موجد مانا گیا ہے
اور موجودہ تحقیقات جس کا کوئی پتہ نشان نہیں دیتی ہمیں تو صرف دولت شاہ
کے تخیل کی ایک مخلوق معلوم ہوتا ہے۔ مگر ہمارے محترم نے اس غیر حقیقی شخصیت
کو حقیقی شخصیت دینے کے لئے مامون و معتصم کے عہد کے ایک امیر ابودلف
عجلی متوفی ۲۲۶ھ کے ساتھ شناخت کر لیا ہے۔ چنانچہ کہتے ہیں :-

قولہ :- دولت شاہ نے اپنی روایت میں یعقوب صفار کے دربار کے

جن دو شاعروں کے نام لیئے ہیں۔ ان میں سے ابن الکعب سے ہم واقف نہیں البتہ رابعہ بنت الکعب (دختر کعب) کا ذکر ملتا ہے۔ جو عہد سلاطین غزنین (پانچویں صدی) میں تھی (عوفی ۲ - ۶۱)۔ دوسرے شاعر ابو دلف عجلی کا تذکرہ سیاسی و ادبی کتابوں میں ملتا ہے۔ یہ شخص نسلاً عرب اور مامون و معتصم کے عہد میں ایران کا سپہ سالار تھا، قاسم بن عیسیٰ نام تھا۔ ابن خلکان نے اسی نام کے تحت میں اس کا پورا حال لکھا ہے۔ ۲۲۶ھ میں اس نے وفات پائی" وغیرہ وغیرہ اور آخر میں اضافہ ہوا ہے "اس کا زمانہ امیر یعقوب صفار سے پہلے تھا۔ یعقوب صفار کے عہد میں اس کے بیٹے عبد العزیز بن ابی دلف کا نام اصفہان کی سیاسیات کے سلسلہ میں آتا ہے"۔ (صفحہ ۲۳۱ - ۲۳۱ خیام)

ہم نہیں سمجھ سکتے کہ حضرت مولنا نے ان دونوں اشخاص میں کیا وجہ مماثلت دیکھی کہ دونوں کو ایک مان لیا۔ گویا امیر ابو دلف عجلی ۲۲۶ھ میں وفات پاکر بروئے تناسخ دوبارہ جنم لے کر یعقوب بن لیث کے دربار میں بحیثیت شاعر نمودار ہوتا ہے اگرچہ مولینا ابو دلف کو یعقوب صفار سے اقدم بھی مان رہے ہیں۔ ایک لطف یہ ہے کہ جب جناب سید کو دولت شاہ کا بینہ ابن الکعب نہ مل سکا تو بنت الکعب پر قناعت کر لی جس کا زمانہ عہد آل غزنہ بیان کرتے ہیں؟

سید صاحب کا خیال ہے کہ رودکی کے زمانہ میں غزنی کوئی آباد شہر نہ تھا اسی بنا پر شمس قیس کا روایت کردہ وہ قصہ جو رباعی کی ایجاد پر روشنی ڈالتا ہے اور جس میں رودکی شاعر غزنین کے مرغزار میں عید کے روز سیر و گشت میں مصروف دکھایا گیا ہے۔ ان کے نزدیک ناقابل قبول ہے کیونکہ جب شہر ہی آباد نہ تھا تو شاعر وہاں کیوں جاتا (دیکھو صفحہ ۲۳۰ خیام)

لیکن معلوم ہوتا ہے کہ غزنین قدیم شہروں میں سے ہے۔ بروایت تاریخ کامل

عبدالرحمٰن بن سمرہ بخلافت حضرت عثمان غزنین کو فتح کرتا ہے (ج ۳ منٹ۵ تاریخ سیستان میں مذکور ہے :۔ "وغزنین یعقوب بن اللیث ملک الدنیا کرد[1] صـ۲۴)۔ سنہ ۲۸۶ھ کے قریب یعقوب کے بھائی عمرولیث کے زمانہ میں ناسد ہندی و آلمان ہندی متحد ہو کر غزنین پر چڑھ آتے ہیں اور عمرو کے عامل بردعالی کو شکست دیتے ہیں صـ۲۵۵ تاریخ سیستان) اسی خاندان کے ایک اور فرولیث بن علی کے عہد میں اس کا سالار معدل سنہ ۲۹۷-۶ھ میں غالب کو قید کرکے لیث کے پاس سیستان بھیجتا ہے اور پھر غزنین پہنچ کر سنجک کو قتل کرتا ہے۔ سنجک کی فوج معدل کی تلاش کرتی ہے لیکن معدل غزنین میں نہیں ملتا (صـ۲۸۷ تاریخ سیستان)۔ سنہ ۲۹۸ھ کی ذیل میں آتا ہے :۔ "وخطبہ بسیستان وبست وکابل وغزنین محمد بن علی بن اللیث را همی کردند (صـ۲۹۰)۔

امیر نصر بن احمد سامانی سنہ ۳۰۱ھ۔ سنہ ۳۳۱ھ کے سال جلوس کے ذکر میں یہ عبارت ملتی ہے :۔ "وعبیداللہ بن احمد بن جیہانی در بست ور . خج بود وسعید طالقانی را بگرفت وبہ بغداد فرستاد وفضل و خالد بر غزنہ وبست دست یافتند"

(صـ۴۰۰ احوال واشعار رودکی جلد اول)

ان مثالوں سے تو غزنین رودکی کے زمانہ میں ایک اہم اور آباد شہر معلوم ہوتا ہے۔ ایک امر دلچسپی کا موجب یہ ہے کہ بنت الکعب جسے ہمارے سیّد بروایت عوفی آل غزنہ کے زمانہ میں جگہ دیتے ہیں شیخ فریدالدین عطّار جو عوفی سے بھی اقدم ہیں۔ رودکی کی معاصر بتاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس نے رودکی کے ساتھ مشاعرات کئے ہیں۔ جن دنوں رودکی اس شاعرہ کے وطن میں آیا تھا۔ وہ اس کا نام زین العرب بتاتے ہیں[2]۔

---

[1] یعنے آباد کرد، [2] تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو اورینٹل کالج میگزین۔ مئی سنہ ۱۹۲۵ء،

میں نے ابو شکور بلخی کی ایک رباعی کو جس کا آفرین نامہ ۳۳۳ھ میں ختم ہوتا ہے۔ سب سے قدیم رباعی بتایا تھا۔ اس پر سید صاحب نے اعتراض کیا اور کہا کہ ایسی رباعیاں عوفی کے ہاں دس بارہ سے زیادہ ہیں۔ یہاں میں یہ دیکھنے کی کوشش کرتا ہوں کہ سیّد صاحب کے نزدیک سب سے قدیم رباعی کونسی ہے۔ انہوں نے سرفہرست حنظلہ بادغیسی متوفی ۲۱۹ھ کی رباعی کو جگہ دی ہے مگر جیسا کہ میں اس سے قبل عرض کر چکا ہوں وہ رباعی دو بیت ہیں اور دوبیتی نہیں ہے اس کے بعد سیّد صاحب نے بایزید بسطامی متوفی ۲۳۴ھ کے نام تین غیر مصرّع رباعیاں دی ہیں اور زبان کی صفائی اور والہ داغستانی کی تائید مزید کی بنا پر ان رباعیوں کو بایزیدی ٹکسال کا نہیں مانا۔ زاں بعد رودکی کا نمبر آتا ہے جس کی سات رباعیاں درج کی ہیں۔ اور آخر میں اضافہ کیا ہے کہ "ان رباعیوں پر بھی یقین نہیں کہ وہ واقعی اسی کی ہیں"۔ اس کے بعد فاضل سیّد نے فارابی کا تو اس انداز سے اعلان کیا ہے جس سے گمان گذرتا ہے کہ رباعی گوئی مدت العمر اس کا پیشہ رہا ہے چنانچہ فرماتے ہیں :۔ "رباعی گو حکیموں میں پہلا نام اور مطلق رباعی گو یوں میں تیسرا نام معلم ثانی ابو نصر فارابی المتوفی ۳۳۹ھ کا ملتا ہے"۔ (ص ۲۳۴۔ خیام) تین غیر مصرّع رباعیاں اس کے نام پر نقل کی ہیں جو اوروں کی طرف بھی منسوب ہیں۔ سیّد صاحب کے نزدیک فارابی کی رباعی گوئی کے یہ قرائن ہیں کہ گو نسلاً وہ ترک تھا مگر اس زمانہ میں عجم و ترکستان کی عام زبان فارسی ہی تھی۔ اس کے علاوہ وہ متعدد زبانوں سے واقف تھا۔ اس لئے اس کی طرف فارسی رباعیات کا انتساب غیر متوقع نہیں ہے۔ شہرزوری کی تاریخ الحکما میں ہے۔ "اصلہ فارسی"۔ میں کہتا ہوں ایسے غیر متعلق قرائن تین رباعی تو بہت ہوتی ہیں۔ فارابی کے حصے میں ایک رباعی دینے کو بھی ہمیں آمادہ نہیں کر سکتے۔ آگے جا کر خود ہمارے مخدوم

یقین اور بے یقینی کے سیلاب میں بہہ گئے ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں "مگر ان قرائن
کے باوجود کوئی قدیم اور غیر مشکوک دلیل اس کے رباعی گو شاعر ہونے پر ہمارے
ہاتھ میں نہیں ہے۔ بجز اس کے کہ شہرزوری نے تاریخ الحکماء میں اس کے
حال میں لکھا ہے 'وله اشعار حسنة حِکَمِیّة'' اور اس کے اچھے حکیمانہ
اشعار ہیں اور اس کے عربی حکیمانہ اشعار دو صفحوں میں نقل کئے ہیں"۔

یہاں ایک سوال ہو سکتا ہے کہ ان دو صفحہ عربی اشعار کی بنا پر کیا ہم فارابی
کو فارسی کے میدان میں رباعی گو شاعر اور رباعی گو حکیم کہنے میں الفاظ کا بیجا
اور بے معنی استعمال نہیں کر رہے؟

ایک موقعہ پر ہمارے مکرم سید شیخ احمد بدیلی سبزواری جو ۵۸۲ھ میں موجود
تھے اور شیخ فریدالدین عطار المتوفی ۶۲۷ھ کے ذکر کے بعد رقمطراز ہیں:-

"اس وقت تک شاعری کے جو اصناف رواج پذیر تھے وہ قصیدہ
مثنوی اور قطعہ تھے"۔ ص ۲۴۹ -

پھر فرماتے ہیں:- "اور غزل بحیثیت ایک مستقل صنف سخن کے اب
تک پیدا نہیں ہوئی تھی۔ جس میں معنی کے لحاظ سے ہر شعر بجائے خود مستقل
ہوتا ہے۔ کمال اسمٰعیل متوفی ۶۳۵ھ نے اس طرز کا آغاز کیا اور شیخ سعدی
المتوفی ۶۹۱ھ نے اس کو کمال کو پہنچایا۔ اسلئے فلسفہ و حکمت کے مختصر
متفرق خیالات کے لئے رباعی کے سوا کوئی چیز اس وقت موجود نہ تھی" (ص ۲۵ خیام)

اس عہد سے پیشتر قول و غزل و ترانہ جیسا کہ ہم اوپر دیکھ آئے ہیں شعری تثلیث
بنے ہوئے تھے۔ مگر کمال اسمٰعیل کے دور میں غزل قوام میں آ کر پختہ ہو گئی،
معلوم نہیں سید والا جاہ ان لوگوں کو کیا کہیں گے جو غزل کے علیحدہ وجود کے
رودکی کے عہد سے قائل ہیں۔ مثلاً محمود کے دربار کا ملک الشعراء عنصری رودکی کی

غزلیات پر رشک کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں رودکی کی طرح غزلیں نہیں لکھ سکتا۔ ؎

غزل رودکی وار نیکو بود　　غزلہای من رودکی وار نیست

میں یہاں رودکی کی غزل کا ایک مطلع بھی درج کر دیتا ہوں ؎

کس فرستاد بسرّ آن بت عیار مرا　　کہ مکن یاد بشعر اندر بسیار مرا

دقیقی کی دو غزلیں تو لباب الالباب عوفی میں موجود ہیں۔ میں صرف ان کے مطلعوں پر قناعت کرتا ہوں ؎

کاشکی اندر جہان شب نیستی　　تا مرا ہجران آن لب نیستی

اور :- ؎

ای ابر بہمنی نہ بچشم من اندری　　دم زن زمانکی و برآسای و کم گری

شمس قیس دقیقی کی ایک اور غزل نقل کرتے ہیں اور رائے دیتے ہیں :-

" و دقیقی غزل مشکول گفتہ است و بعلت بی انتظامی ارکان و اختلاف اجزا در قبول طبع بدین بیت نسبتی ندارد۔ و غزل اینست :-

شب سیاہ بدان زلفکان تو ماند　　سپید روز بپاکی رخان تو ماند
عقیق را چو بسانید نیک سودہ گران　　کہ آبدار بود با لبان تو ماند
بوستان ملوکان ہزار گشتم بیش　　گل شگفتہ برخسارگان تو ماند
دو چشم آہوو دو نرگس شگفتہ بہار　　درست و راست بدان چشمکان تو ماند
کمان بابلیان دیدم و طرازی تیر　　کی برکشیدہ شود با بروان تو ماند
ترا بسرو بن بالا قیاس نتوان کرد　　کی سرو را قد و بالا بدان تو ماند " (ص ۱۳۰ المعجم)

رابعہ بنت کعب القزداری کی غزل کی نسبت عوفی رقم کرتا ہے :-

" و این غزل از کعب الغزال در حلاوت زیادہ است " (ص ۶۲ لباب) میں صرف

مطلع درج کرتا ہوں :-

مرا بعشق ہمی محتمل کنی بحیل   چہ حجت آری پیش خدای عزوجل

شعرای غزنہ میں سے عنصری اور فرخی کی غزلیات ان شاعروں کے دیوانوں میں موجود ہیں۔ عسجدی کی غزل کے نمونے عوفی نے لباب الالباب میں ص۵۲ پر اور ابو اللیث طبری کے ص۶۶ پر۔ امیر معزی کے ص۷۔۷۵ پر۔ عبدالواسع جبلی کے ص۷۔۱۰۷ پر۔ خالد بن الربیع کے ص۳۔۱۴۴ پر اور سمائی مروزی کے ص۵۔۱۴۷ پر مرقوم کئے ہیں۔ انوری و خاقانی کے تو مستقل دیوان موجود ہیں جو ان کے کلیات میں شامل ہیں۔ بلکہ سنائی المتوفی ۵۴۵ھ کے ہاں غزل ایک نئی کروٹ لیتی ہے۔ مقطع میں تخلص کا استعمال باقاعدہ شروع ہو جاتا ہے۔ واردات حقیقت کو مجاز کی زبان میں ادا کرنا انہی سے شروع ہوتا ہے اور صومعہ کو خیرباد کہہ کر خرابات نشینی اختیار کی جاتی ہے۔ عطار اور مولنا روم سنائی کی بنیادوں پر قصر و ایوان کھڑے کرتے ہیں۔ میں یہاں سنائی کی ایک غزل حوالۂ قلم کرتا ہوں :-

ای ساقی می بیار پیوست   کان یار عزیز توبہ بشکست

برخاست زجای زہد و دعوی   در میکدہ با نگار بنشست

بنہاد ز سر ریا و طامات   از صومعہ ناگہان برون جست

بنہاد ز پای بند تکلیف   زنار مغانہ بر میان بست

می خورد و مرا بگفت می خور   تا بتوانی مباش جز مست

اندر رہ نیستی ہمی رو   آتش در زن بہر چہ شے ہست

میں صرف اسی مختصر بیان پر قناعت کر کے عرض کرتا ہوں کہ سامانیوں، غزنویوں اور سلجوقیوں کے عہد میں غزل کے وجود سے انکار کرنا تاریخ کے مسلمہ واقعات کو نظر انداز کر دینا ہے۔

یہاں میں اس بحث کو ختم کرتا ہوں۔ اور اصل موضوع سے ہٹ کر مولنا

سید سلیمان کے ساتھ بحث چھیڑنے کے واسطے اپنے ناظرین سے معافی کا خواستگار ہوں۔ حقیقت میں سید صاحب ممدوح کی آراء رباعی کی قدامت اور دیگر امورِ متعلقہ کی بابت نہ صرف ہماری فنی روایات سے متباین و متفاوت ہیں بلکہ ان سے عام غلط فہمی پیدا ہو جانے کا بھی احتمال ہے۔ اسی لئے مجھے ایسے بیانات کی تردید کرنے کی جرأت ہوئی ؛

مجھے شکایت ہے کہ سید صاحب نے باوجودیکہ کئی موقعوں پر مجھے اپنی قابلِ قدر تالیف خیام میں ملزم ٹھہرایا ہے۔ لیکن اس کا کوئی نسخہ میری اطلاع کے واسطے حسبِ رواجِ زمانہ مجھے نہیں بھیجا۔ اور مجھ کو بے خبر رکھ کر لائقِ تعزیر قرار دیا۔ میں اس یک طرفہ کارروائی کے خلاف احتجاج کرتا ہوں۔ یہ خفیہ تیر اندازی نامناسب ہے ؎

لاف آن بہتر کہ در میدانِ سربازان زنیم
شرطِ دعوی نیست تنہا گوی و چوگان باختن

حال ہی میں جب میں نے رباعی کی تقطیع کے آسان طریقے پر قلم اٹھانا چاہا اس کی تاریخ کے سلسلے میں مخدومی پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال نے سید صاحب کی تالیف کا بھی ذکر کیا جس میں رباعی پر ایک طویل الذیل مضمون موجود ہے۔ اس طرح سید صاحب کے اعتراضات سے مجھے دیر میں اطلاع ملی۔ اور یہ میرا قصور نہیں ہے اگر جواب دیر میں دیا گیا ؛

اِن مباحث سے فارغ ہو کر مجھے اصل موضوع کی طرف رجوع کرنی چاہیئے۔ ترانہ موسیقی میں باعتبار اقسام الحان و رنگینی نغمات خواہ کتنا ہی دلپذیر و خوش آیند کیوں نہ ثابت ہو۔ عروضی اوزان کے اعتبار سے ہمیشہ دقت اور دشواری کا سامان بنا رہا ہے غیر رباعی اوزان سے اس کے اوزان کی شناخت نہ صرف عوام بلکہ شعراء کے لئے بھی

ایک کٹھن مرحلہ ہے۔ اس کے متعلق اکثر لوگوں کو متشابہ لگ جاتا ہے۔ سید سلیمان پہلے شخص نہیں ہیں جو حنظلہ بادغیسی اور عمارہ مروزی کے شعروں کو رباعی سمجھنے کی غلطی میں مبتلا ہوئے بلکہ ان سے پیشتر بھی بہت لوگوں کو رباعی کے باب میں دھوکا ہوا ہے۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال کے متعلق مشہور ہے کہ وہ بعض غیر رباعی اوزان کو رباعی سمجھتے رہے۔ اور جب انہیں اپنی غلطی کا احساس ہوا اس کے ازالہ کی کوشش کی۔ میرزا غالب کے واسطے مولنا نظم طباطبائی نے اپنی شرح دیوان غالب میں ذکر کیا ہے کہ میرزا ایک رباعی میں سہواً ایک سبب خفیف زائد از وزن باندھ گئے ہیں۔ وہ رباعی حسب ذیل ہے۔ جس کے مصرع دوم میں ایک "رک" زائد از وزن ہے۔

دل رک رک کر بند ہو گیا ہے غالب ۔۔۔ دکھ جی کے پسند ہو گیا ہے غالب
سونا سوگند ہو گیا ہے غالب ۔۔۔ واللہ کہ شب کو نیند آتی ہی نہیں

چاروں مصرعوں میں اختلاف کا جواز بھی رباعی کے قاری کی اشکال میں اضافہ کا مورث ہوا ہے۔ ان مشکلات پر نظر رکھ کر اول تو عروضیوں نے اوزان رباعی کو ایک علٰحدہ صنف قرار دیا اور یہیں کوئی تعجب نہیں ہوگا اگر اسی بنا پر قدما نے بحر ہزج میں ہزج اخرب کی ایک ذیلی تقسیم علٰحدہ قایم کر دی ہو۔ محقق طوسی کی معیار الاشعار میں بحر ہزج کی ذیلی تقسیمیں موجود ہیں یعنے ہزج مکفوف و ہزج اخرب (رباعی صنف دوم میں شامل ہے۔ دوسرے بنظر سہولت اس کی قدرتی تقسیم کو مدنظر رکھ کر تمام اوزان کو اخرب و اخرم دو شجروں میں مرتب کر دیا ہے ؛ قسطِ اول یہاں ختم ہوتی ہے ؛

(باقی آئندہ) ۔۔۔ محمود شیرانی

تلخیص مجمع الآداب

فی

معجم الالقاب

کتاب اللّام والمیم

تصنیف

العلّامة کمال الدّین عبدالرّزاق بن احمد الشیبانی

المعروف

بابن الفوطی (م - ۷۲۳ھ)

اعتنی بتصحیحہ والتّعلیق علیہ

الحافظ محمّد عبد القدّوس القاسمی

۱۳۵۹ھ ۱۹۴۰م

مقدّمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلّی علیٰ رسولہ الکریم

مجمع الآداب جلد پنجم کا ایک حصہ (کتاب الکاف) اس وقت ضمیمۂ اورینٹل کالج میگزین میں بالاقساط چھپ رہا ہے۔ آئندہ صفحات میں اس جلد کا بقیہ حصہ (کتاب اللام والمیم) پیش کرنا مقصود ہے، یہ حصہ ص ۵۳ ب سے شروع ہو کر ص ۲۰۹ ب پر نامکمل طور سے ختم ہو جاتا ہے +

اصل کی ترتیب کے متعلق کتاب الکاف کے مقدّمہ میں تفصیل دی جا چکی ہے۔ اور وہیں سے معلوم کی جا سکتی ہے۔ ہماری توجّہ زیادہ تر صحیح نقل پر رہی ہے، تاریخی ناموں اور تاریخی واقعات کے متعلق تحقیق و تلاش کے لئے زیادہ فرصت نہیں ملی۔ تاہم جلدی میں جتنا کچھ فراہم ہو سکا۔ کتاب کے ذیل میں بڑھا دیا گیا ہے ؛

بین القوسین جو عبارتیں بڑھا دی گئی ہیں، وہ یا تو کسی دوسری کتاب کے استناد سے ہیں۔ جس کا حوالہ ساتھ دیا گیا ہے، اور یا مرتّب نے اپنے قیاس سے بڑھا دی ہیں +

چونکہ کام ابھی جاری ہے۔ اس لئے حواشی میں جن کتابوں سے کام لیا گیا ہے۔ ان کی کوئی معیّن فہرست اس وقت پیش نہیں کی جا سکتی۔ تاہم جن کتابوں سے زیادہ تر فائدہ اٹھایا جا رہا ہے وہ مندرجۂ ذیل ہیں :-

(۱) وفیات الاعیان (ابن خلکان) مطبعۂ میمنیہ مصر ۱۳۱۰ھ ،
(۲) معجم البلدان (یاقوت) مطبوعۂ لیپزگ ۶۶ - ۱۸۷۲ء ،
(۳) شذرات الذہب (ابن العماد) مطبوعۂ مصر ،
(۴) کشف الظنون (مطبوعۂ استنبول) ،
(۵) تاریخ العراق (عبّاس عزّاوی) پوری کتاب دو جلدوں میں ہے ، مگر ہم نے صرف جلد اوّل سے فائدہ اٹھایا ہے ؛
(۶) الحوادث الجامعۃ - یہ کتاب ابن الفوطی کی طرف منسوب ہو کر چھپی ہے ، مگر عبّاس عزّاوی اور پروفیسر محمد اقبال صاحب اس رائے میں حق بجانب ہیں کہ یہ کتاب ابن الفوطی کی نہیں - ہاں ابن الفوطی کی کتابوں سے اس میں استفادہ کیا گیا ہے ؛
(۷) تاج العروس شرح قاموس ، بعض ناموں کی تحقیق کے لئے ؛

اس کے علاوہ جہاں جہاں مصنّف نے خریدۃ القصر کا حوالہ دیا ہے وہاں اس کی تصدیق فہرست شعراء خریدۃ مندرجہ فہرست مخطوطات مکتبۂ بینٹویہ جلد دوم مرتبۂ ڈوزی سے کی گئی ہے اور اس فہرست کے صفحات کا حوالہ ذیل میں دیا گیا ہے ؛

محمد عبد القدّوس قاسمی
مولوی فاضل و فاضلِ دیوبند

لاہور
۲۲ر جنوری ۱۹۴۰ء

[53 b]
[54 a]

كتاب اللام

من كتاب مجمع الآداب في معجم الألقاب

اللام والباء وما يثلثهما

(١) اللّبِق ابو البقاء محمّد بن القاسم البغدادیّ الادیب ذکره الحافظ محبّ الدین ابو عبدالله محمّد بن النجّار فی تاریخه، وقال: کان یعرف باللّبق، وکان لطیف المعاشرة جمیل المحاضرة؛ وذکره الشیخ ابوبکر المبارک بن کامل ابن ابی غالب الخفّاف[1] فی کتاب سلوة الاحزان من تصنیفه، وقال: وقرأت بخطّه فی وصف النبیّ صلی الله علیه وسلّم: صلّی الله علی محمّد ذی المحتد الصمیم والشرف الصمیم، والحسب الکریم والخُلق العَظیم والدین القویم والقلب السلیم، الذی دعا الی الله باذنه علی حین فترة من الرُسل واختلاف من المِلل وتشعُّب من السُبلِ فصدعَ بامر الله حتّی اتاه الیقین؛

---

[1] المتوفّی سنة ٥٤٣هـ؛ انظر الشذرات (٤: ١٣٥) وذکر صاحب الکشف اسماء ثلثة من تصانیفه: سلوة الاحزان ومعجم الشیوخ ونسیم الروح؛

(٢) **اللَّبِيبُ** احمد بن ابراهيم بن ابی السعود العراقیّ الادیب

رأیت بخطه فی وصف کوکبِ انقضّ :-

وکوکبٍ نظرَ العفریتَ مسترِقاً ... للسّمع فانقضّ یذکی اثرهٗ لهبه

کفارسٍ بهرَا طاحت عمامتهٗ ... فراح یسحبها من خلفه عذبه

(٣) واصف الملك **اللَّبِيبُ** ابو الحسن **علیّ** بن الحسین بن

الدّبّاغ[1] المصریّ ثمّ الاسکندرانیّ الادیب ،

ذکره العماد الاصفهانیّ الکاتب فی الخریدة[2] ، وقال : اللّبیب

من الشّعراء المصریّین ، وکانت ولادته بالاسکندریّة و

مضی الی الیمن ، ورکب البحر فوقع من المرکب الی البحر

فعلق الحبل فی رقبته . فمات من الحبل خنیقاً[3] لا غریقاً وانشد

لهٗ من قصیدة :-

کم لکفّیك یاخطیر المعالی ... عند عافیك من خطیر نوالِ

کلّما فصّل المدیح علیه ... صحّ تفصیله علی الاجمالِ

منها :-

لست ادری من السرور علی ما ... صحّ عندی من قدرك المتعالی

ایُهنّی لیث الشّری بعرینٍ ... ام یهنّی العرینُ بالرّئبالِ

ومن شعره فی وصف العذار :-

عنّ لی استسرّ منه عذاراً ... فتذکّرت انّه نمّام

وانشد له فی کتابه :-

---

[1] فی فهرست دوزی :- الدمّاخ . [2] انظر فهرست دوزی ص ٢٦٩ ؛ ورواية المصنّف بالمعنی ، [3] فی فهرست دوزی : عنیقاً ؛

يا ربّ ان قدّرته لمقبل غيري فللاقداح اوللاكؤس
واذا قضيت لنا بعين مراقب في الحبّ فلتك من عيون النرجس

وانشد له من قصيدة :—

غرامي فيك والكلف لحسنك فوق ما اصف

(٤) لَبِيبُ الدين ابو عيسى محمّد بن خلف بن سعيد المَعَافِريّ[١] الاندلسيّ الاُرْيُولِيّ[٢] الفقيه الاديب
ذكره الحافظ ابو طاهر احمد بن محمد السّلفي في كتاب معجم السفر، وقال: كتبت عنه بالاسكندريّة؛ واثنى عليه وقال: انشدنا بالاسكندريّة قال انشدني ابو بكر الزبير بن سعد العَنَفيّ لنفسه بالاندلس في وصف الحرشف :—

وحُرشفةٍ سكنت روضةً وتشكو القطاف من اربابها
شَكَتْ للقنافذ ما تنتفي فالبسنها بعض اثوابها

اللّامُ والسين

(٥) المُرَعَّث لِسَانُ العرب ابو معاذ بشّار[٣] بن بُرد مولى عُقَيل العُقَيليّ الشاعر

---

[١] نسبة الى معافر بن جعفر بن مالك قبيلة من قحطان، انظر الانساب ص ٥٣٥ الف و وستنفيلد 15 /٢. T.4 ، [٢] نسبة الى اُرْيُولة قصبة تُدمير؛ نفح الطيب ١: ١٦٦ ، [٣] انظر تراجم بشار في الوفيات (١: ٨٨) والاغاني (٣: ١٩-٧٣) و بروكلمن (١: ٧٣) وذيله (١: ١٠٨) ،

ذكره الصولي، حدّث محمّد[1] بن بشّار. قال قال الاصمعي لابي: ليس من العرب احدٌ الّا وفي شعره ما يتكلم فيه اهل النحو غيرك فانّ شعرك نقيٌّ من هذا؛ فقال: لانّي نشأت في حجر ثمانين شيخًا و شيخةً من بني عُقيل ما عرفوا اخطأ ولا لحنًا قطُّ، ثمّ لقيت العلماء فكنت كاحدهم؛

ومن شعره :—

النفس الشوق ولا ينفسني ··· واذا ساورني الهمّ رجع

اصرع القرن اذا صارعته ··· واذا صارعني الحبُّ صرع

وديوانه كبير قليل الوجود -

(٦) لسان الحُمَّرة[2] ابو كلاب حُصين بن ربيعة بن صُعير ابن كلاب بن عامر بن مالك بن تيم الله بن ثعلبة بن عكابة ابن صعب بن عليّ بن بكر بن وائل وابنه[3] ابو كلاب عبد الله وقيل: اسمه ورقا بن الاشعر الوائليّ النسّابة ذكره ابن الكلبيّ في جمهرة النسب وقال: لسان الحُمَّرة هو حُصين، وكان هو وابنه عبد الله من اعلم الناس بعلم النسب من تيم اللات بن ثعلبة، وذكره الحافظ ابو الفرج

---

[1] لم نظفر بعد بابن لبشار اسمه محمّدٌ، وروى ابو الفرج في الاغاني (٣: ٢٦) عن احمد ابن المبارك قال: حدّثني ابي قال: قلت لبشار: ليس لاحدٍ من شعراء العرب شعر؛ فذكر نحو القصّة [2] في تاج العروس (٣: ١٥٩) جعفر بن كلاب، [3] وفي القاموس: وابن لسان الحمّرة كسُكّرة خطيب بليغ نسّابة اسمه عبد الله بن حصين او ورقاء بن الاشعر؛ وله ذكر في الاغاني (١٣: ١٤٣)؛ ومن امثالهم: انسب من ابن لسان الحمّرة؛

عبد الرحمان بن علیّ بن الجوزی فی کتاب کشف النقاب[1]،
وقال: انّما سُمّی لسانَ الحمّرة لجودة لسانه؛

(٧) لسان الدین ابو محمّد عبد الله بن عبد الرحمن نزیل مصر، البلخیّ الصوفی

ذکره العماد الکاتب فی کتاب البرق الشامی، وقال: اللسان الصُوفیّ البلخیّ شیخ من اهل بلخ، قد عاین العقد والفسخ، و لابس العفار والمرخ، وجاور بغداد والکرخ، وخلّف وراءه الی المشیب الشرخ، وطالما نصب الفخّ واصاب الفرخ، وهو طریف ظریف، عفیف نظیف، ثقیل خفیف، لایأکل وحده ولو انّه رغیف؛ وذکر کلامًا طویلا من هذا یصف ضیافته؛

(٨) لِسانُ بَنی العبّاس عَبدالملک[2] بن صالح بن علیّ ابن عَبدالله بن العبّاس الهاشمیّ الأمیرُ

[54b
55a]

کان یضرب به المثلُ فی البلاغة وکان یسکن مَنْبِج بارض الشام وبها وُلِد، ولمّا دخل الرشید مَنْبِج قال له: هذا البلد منزلک؟ فقال له: یا امیر المؤمنین! هو لک ولی بک؛ قال: کیف بناءک به؟ قال: دون منازلِ اهلی وفوق منازل غیرهم؛ قال: کیف صفتها؟ قال: طیّبة الهواء قلیلة الادواء؛ قال: کیف لیلها؟

---

[1] انظر بروکلمن (ذیل) ۱: ۹۱۸؛ وتذکرة النوادر ص ۸۱، [2] انظر ترجمته فی الفوات (۲: ۱۲) وقاموس الاعلام (۲: ۵۹۷) وفی العقد (۳: ۲۸۴) اشارة الی بعض ما ذکره المصنّف، وکانت وفاته بالرقّة سنة ۱۹۶ هجریة،

قال سحر كله ؛ قال صدقت انها لطيبة ؛ قال : بك طابت وابن يذهب بها عن الطيب وهى تربة حمراء وسنبلة صفراء وشجرة خضراء فياف فيح بين قيصوم وشيح ؛ فقال الرشيد : هذا الكلام والله احسن من الدرّ المنظوم ؛

(٩) لسان الدين ابو الخطاب عمر بن علىّ الاغماتى[١] الشاعر

ذكره شيخنا تاج الدين ابو طالب فى كتاب لطائف المعانى فى شعراء زمانى ، وانشد له :-

تمتّع من سلافة خندريس ... وخذها من يدى ظبى نيس
وخالف قول من يلحاك فيها ... ولو فادركها كأسا بكيس
فما الدنيا سوى كاسات راح ... ولهو من مفاكهة الجليس
تسلّى الهمّ عن قلب صدىّ ... ولا شيئ يسلّى كالكؤوس

(١٠) الاستاذ لسان المشرق ابو الفضل محمّد بن الحسين ابن العميد القمّى الوزير

ذكره ابو منصور عبد الملك الثعالبىّ فى كتاب ثمار القلوب فى المضاف والمنسوب[٢] ، وقال : كان ابو الفضل بن العميد يعرف بلسان المشرق ، وكان اذا ورد ارّجان استد على

---

[١] الاغمات بلد باقصى المغرب ؛ نفح الطيب ١ : ٢٨٧ ؛ [٢] ليس بين يدينا نسخة من ثمار القلوب فنشير الى صفحة فيها بيان المصنّف وتراجم ابن العميد مذكورة فى اليتيمة (١ : ١٤٠ بما بعدها و ٢ : ٢٨٣ بما بعدها و ٣ : ٢٨٠) والوفيات (٢ : ١٢١) وذيل بروكلمن (١ : ١٥٣) والمصادر التى ذكرها ،

ابا القاسم[1] السیرافی، واحتبسه عنده، فاتفق انه کان بحضرته یوماً فقام ابو الفضل من مجلسه فبادر ابو القاسم الی نعله فقدمها له، فانکر ذلک ابو الفضل وقال له: یاهذا! العلم یرتفع عما فعلت؛ ثم تقدم له بخلعة وحمله علی دابة، وقد تقدم ذکره مستوفی فی کتاب الهمزة، وکانت وفاته[2] بالری سنة تسع وخمسین وثلثمائة،

(۱۱) لسان الدین ابو عبد الله محمد بن محمود بن اسماعیل الهیلتی الادیب

وجدت بخطه: قیل لاعرابی: کیف علمک بالنجوم؟ فقال: حسبی من ذلک معرفة النجم - یعنی الثریا - اذا طلعت فی الشرق حصدت زرعی، واذا سقطت فی الغرب رمیت بذری، واذا ظهرت فی کبد السماء خرفت نخلی؛

اللام والطاء

(۱۲) لطف الدین ابو الخیر محمد بن نور الدین عبد الرحمن ابن محمد بن محمد الاسفراینی ثم البغدادی

من اولاد المشایخ العارفین العلماء العاملین سمع والده شیخ الشیوخ قدوة اهل الرسوخ وسمع من لفظی کتاب

---

[1] لم نجد ذکر ابی القاسم السیرافی فی کتب التراجم بعد؛ والمشهور بنسبة السیرافی ابو سعید الحسن بن عبد الله (۲۷۰ - ۳۶۸ھ) وولده ابو محمد یوسف (۳۳۰ - ۳۸۵ھ)؛

[2] انظر النثر الفنی للدکتور زکی مبارک ص ۲۰۱؛

لطایف نوامی البرکات فی مشیخة ابی البرکات بسماعی لها بقراءة مخرّجها الشیخ المفید جمال الدین ابی بکر احمد ابن علیّ القلانسیّ علی شیخنا محی الدین عبد المحی ابی البرکات ابن ابی العبّاس بن ابی البرکات الحریریّ الحربیّ فی یوم الاربعاء تاسع شهر ربیع الاول سنة ثلاث عشرة وسبعمائة بحضرة والدہ شیخ[1] شیوخ الاسلام ادام الله برکته وحرس ذرّیّته ؛

(١٣) لطیف الدین ابو محمد الحسن بن محمّد الهاشمیّ الجزریّ الادیبُ

ذکرہ الوزیر شرف الدین ابو البرکات المبارک بن احمد المستوفی فی تاریخ اربل ، وقال : کان لطیف کما دُعی لطیفاً ادیباً شاعراً ظریفاً ، وکان ابداً یتعرّض بالصبیان فی صنائعهم ویظهر لهم المحبّة والعشق ، یفعل ذلک مجوناً وخلاعة ، و یعدّہ احسن متاجر البطالة بضاعةً وینظم فیهم الاشعار ویشرب معهم ویلعب وانشد لهٗ :-

هذا دمی فی خدّک المتورّدِ	فمتی تُردْ اِنکارَ قتلی یشهدِ
یا قاتلی عمداً و یزعم انّهٗ	خطأً وُقیتَ عقوبة المتعمّدِ
انا منک بین صبابةٍ لا تنتهی	الّا وَاُخری من ولوعی تبتدی
هجرَ الکری جفنی فواصله البکا	لمّا وفی کلفی وخان تجلّدی

قال وانشد نی لنفسه من قصیدةٍ اوّلها :-

---

[1] هو نور الدین عبد الرحمن الاسفراینیّ ؛ وترجمته مذکورة فی تذکرة هفت اقلیم نسخة مکتبة کلّیة فنجاب (ص ٢٢٣ ب) ؛

بيلٌ كما شاء الغرام طويلُ ... خَطْبُ الهوى فيه لديك جليلُ

فاحلُلْ عُرى لهمّ الدخيل بشادنٍ ... حلو الشمائل في يديه شمولُ

حمراء يشرق في الزجاجة نورها ... فكأنّما في رأسها قنديلُ

فكأنّها عن خدّه مأخوذةٌ ... ورحيقها برضابه معلولُ

وكانت وفاته بنصيبين سنة ثمان وثمانين وخمسمائة ؛

(١٤) لطيف الدين ابو محمّد عبد الله بن احمد بن ابراهيم القرميسينيّ[1] الاخباريّ

قال : اشترى عبد الله بن طاهر جاريةً بخمسة وعشرين الفًا على ابنة عمّه ، فوجدت عليه وقعدت في بعض المقاصير شهرين لا تكلّمه فعمل هذين البيتين :-

الى كم يكون العتب في كلّ ساعةٍ ... وكم لا تملّين القطيعة والهجرا

رويدك انّ الدهر فيه كفاية ... لتفريق ذات البين فانتظري الدهرا

وقال للجارية : اجلسي على باب المقصورة فغنّي به : فلمّا غنّت البيت الاوّل لم تر شيئًا ، فلمّا غنّت الثاني خرجت مشقوقة الثوب ، فوقعت على رجله تقبّلها ، فقبّلها ودخل اليها ،

(١٥) لطيف الدين ابو الحسن عليّ بن سنان بن ابي البركات الحلبيّ الشاعر

ذكره كمال الدين في كتاب عقود الجمان ، وقال : كان اللطيف ذكيًّا فطنًا عالمًا بنظم الاشعار وله مشاركة حسنة

---

[1] نسبة الى قرميسين بلد معروف ، عرّب اسمه من كرمان شاهان ؛ سنه ١٨٢-٢٣٠ھ ؛ وترجمته في الوفيات (١ : ٢٦٠) ؛

فی عدّۃ صنائع کصنعۃ السروج وتجلید الدفاتر، ونسخ بیدہ کثیراً من الکتب ، ومن شعرہ فی غلام عاشق :-

قالوا حبیبک یشکوا الهمّ والأرقا وقد غدا عاشقاً من بعد ما عُشِقا
وسال من جفنه دمع یکفکفه بین الانام حیاءً منهم وتُقی
ولیله ساهر والجسم فی سقم والاکابدُ الّا لوعۃً و شَقَا

منها :-

فقلت هیهات ابکانی وعذّبنی فی الحبّ عمداً فلیت الحبّ ما خُلِقا
ذروہ یبکی کما أبکی ویشرب بالـ کأس الذی لی به دون الانام سقی

کانت وفاته بحلب سنة ستّ وستّمائۃ ؛

(١٦) **اللّطیف** ابو الحسن علیّ بن مسعود بن علیّ الحلبیّ الادیب

ذکرہ علیّ بن ظافر الازدیّ فی کتاب بدائع البدایه وانشد له من ابیات قالها بدیهة :-

والأخلاق جميلة وهمّة جليلة، وبكّر به والده فى سماع الأحاديث النبويّة فسمع من مشايخ بغداد عدّة سنين، وانتسجت بيني وبينه مودّة مؤكّدة، وكان قد شهد عند قاضى القضاة عزّ الدين احمد بن الزنجانى فى سنة تسع وثمانين وستّمائة، وترك الشهادة ترفّعاً منه، وترك العدالة ترفّعاً، ومولده فى رجب سنة سبع وستّين وستّمائة، وكان قد اشار علىّ بأن [اجتمع[1]] بجمال الدين ابن العاقولى[2] فلم اسمع وكان ذالك منه عن صدق نيّة وصفاء طويّة فلما اقبل وحُرمت رزقى مدّة سنتين فكنت كما قال :- اوسعتهم شتما وراحوا بالابل ،

٥٢٣) كمال الدين ابو عبد الله ابو محمّد بن عماد الدين عبد الحميد بن محمّد بن علىّ بن محمّد بن ابى معاذ نزيل تبريز القزوينيّ القاضي

من بيت العلم والحكم والقضاء والرئاسة، وكان كمال الدين ابو محمّد اكبر اخوته واعقلهم، وولى قضاء مراغة، وكان مدرّساً بالمدرسة الاتابكيّة، ولذلك كان يلقّب بالمدرّس وكان قد بلغ الغاية من الحرمة والحشمة عند السلاطين الاتابكيّة، وكان اذا دخل الى السلطان جلال الدين خوارزمشاه

---

[1] انقطع بعض الكلمة فى التجليد وتكميلها قياسيّ،

[2] لعلّه جمال الدين عبد الله بن محمّد بن على ابن العاقولى الشافعىّ مدرّس المستنصريّة توفّى سنة ٧٢٨، م، ر: تاريخ العراق والمصادر التى ذكرها ،

اکرمه غایة الاکرام واجلسه معه علی سریره، وانتقل باٰخره الی اربل، وتوفی بها سنة ثمان وعشرین وستمائة، ذکره شیخنا القاضی کمال الدین احمد بن العزیز قاضی سراو فی مشیخته،

کمال الدین [کذا ناقصا]،

(٥٢٤) کمال الدین ابو عبد الله محمد بن عبد السلام ابن محمد المصری الکاتب

کتب الی بعض الرؤساء :-

قدمت فاهتزت الاکوان من طرب ... یامالك الرق وانهلت بك الدیم
قدمت للدین والدنیا سلیل علی ... یحمی بك الملك والعلیاء والکرم
ولابرحت علی رغم العداة کذا ... وتحت اقدامك الاعناق والقمم

(٥٢٥) کمال الدین ابو عبد الله محمد بن عبد المجید ابن محمد القزوینی الصوفی

کان من کبار مشایخ الصوفیة العارفین باحوال القوم وکلامهم وکان کثیرا ما یتمثل بهذین البیتین دائماً :-

ان تعف عن عبدك المسیئ ففی ... عفوك ماوی للعفو والمنن
اتیت ما استحق من خطأ ... فجد بما تستحق من حسن

(٥٢٦) کمال الدین ابو عبد الله محمد بن عبد الواحد ابن ابی بکر ابن الحموی الدمشقی الفقیه

سمع صحیح الامام ابی عبد الله محمد بن اسماعیل البخاری وجزء ابی الجهم[1]

---

[1] هو العلاء بن موسی بن عطیة الباهلی، ر: کشف الظنون ج ١ ص ٣٩٢،

علی ابن الزبیدی[1]، وکتب لنا الاجازة بخطه فی منتصف صفر سنة ثلاث وثمانین وستمائة،

۵۲۷) کمال الدین ابوبکر محمد بن عبدالوهاب بن ابی بکر ابن المویمی البغدادی المقرئی الخطیب

هو جد الشیخ کمال الدین[2] الذی قدمنا ذکره، وکان هذا کمال الدین خطیباً عالماً سمع الحدیث ورواه، وکان عارفاً بالادب والقراءات، وله سماع علی مشایخ وقته، وکتب الکثیر بخطه،

۵۲۸) کمال الدین ابونصر محمد بن عبیدالله ابن احمد العُرضی[3] الادیب

انشد :-

انی البان ان بان الخلیط مخبّرٌ	عسی اِمّا انطوی من عهد لمیا وینشرُ
عسی حرکات فی اعتدال سکونها	احادیث یرویها النسیم المعطّرُ
یودّ ظلام اللیل وهو ممسّکٌ	لذ اذتها والصبح وهو مزعفرُ
احادیث لو انّ النجوم تمتّعت	باسرارها لم تدر کیف تغوّرُ

۵۲۹) کمال الدین ابوالمظفر محمد بن عبیدالله ابن محمد بن الحسین یعرف بابن النیار الاسدی البغدادی الناصری الکاتب المحدث

---

[1] الحسین بن المبارک الحنبلی المتوفی سنة ۶۳۱ھ، [2] محمد بن عبدالله ابن محمد. [3] العُرض ناحیة بدمشق،

من البيت[1] المعروف بالرئاسة، والعلم والتقدّم و
الفضل والرواية، والفهم والدراية، وكان كمال الدين
جميل الاخلاق ظاهر البشر متودّداً، حسن السّمت،
رأيته، واجتمعت بخدمته وشرّفني بحضوره في منزلي
وكتبت عنه واجازلي جميع مسموعاته ومروياته، قرأت
بخطّ شيخنا عزّ الدين عمر بن دهجان البصريّ قال:
سمع من عمّه العدل عزّ الدين ابي المكارم الحسين
ومن مهذّب الدين ابي القاسم عبيد الله بن مكّي بن
ابي السعادات اليعقوبيّ بقراءتي عليهما في رجب سنة
احدى وخمسين وستّمائة، وتوفي[2] . . . .

(٥٣٠) كمال الدين محمّد بن عثمان بن ابي غالب الجزريّ الاديب

كان كاتباً سديداً كتب الكثير بخطّه، وكان من تلامذة الوزير
شرف الدين ابي البركات المستوفي، وله شعر حسن ذكرته في كتاب
نظم الدرر الناصعة،

(٥٣١) كمال الدّين محمّد بن عليّ بن الحسين بن عليّ بن هبة الله البغداديّ يعرف بابن الدواميّ،

من بيت[3] الحجابة والتقدّم والرئاسة، رأيته عند شيخنا فخر الدين عليّ

---

[1] وقد اطّلعنا من البيت على اسماء صدر الدين علي بن الحسين ابن النيار، واخيه عزّ الدّين الحسين ابن النيّار وابن اخيه شرف الدين عبد الله ابن النيار، ر: الحوادث الجامعة ص ٣٢٨ و ٣٣٦، وفخر الدين عبد العزيز ابن النيار ر: تاريخ العراق ج ١ ص ٣٠٨، [2] بياض بالاصل، [3] ومن هذا البيت تاج الدين علي ابن الدوامي حاجب الباب المتوفى سنة ٦٥٦ هـ وابنه مجد الدين حسين ابن الدوامي المتوفى سنة ٦٨٣، ر: تاريخ العراق ج ١ ص ٢١٦ و ٣٣٣،

ابن البوقی وكأنّه سمع منه وسمع معنا عليه بقراءة تقی الدين علی
ابن داؤد الأسدی،

(٥٣٢) كمال الدين ابو البركات محمّد بن علیّ بن محمّد الانصاریّ الكاتب

كان أديبًا كاتبًا قرأت بخطّه فی وصف يوم بارد:-

يومٌ تودّ الشمس من بردہ   لو جرّت النار الی قرصها

وانشد :-[1]

دع الملامة فيه ايها اللاحی   فما اطيع عليه قول نصّاحی

شدّوا علیّ فسدّوا ابواب مصلحتی   وظنّهم انّهم جاءوا باصلاحی

ولذّة السكر لا يحظی بلذّتها   الا خليع تحاشی حشمة الصاحی

(٥٣٣) كمال الدين ابو الكرم محمّد بن علیّ بن مهاجر الموصلیّ الصدر الرئيس

كان رئيسًا جليل القدر نبيه الذكر، كان مرشّحًا للوزارة، وله اخلاق حسنة، وله وقوف علی دار الحديث بالموصل، قال تاج الدين ابن الساعی فی تاريخه: وفی شهر رمضان سنة سبع وعشرين وستّمائة وصل كمال الدين ابو الكرم رسولًا من الملك[2] الاشرف، و تلقّاه موكب الديوان، وكان السبب فی ذلك ان جلال الدين بن خوارزمشاه لمّا استولی[3] علی خلاط وبها فخر الدين عبّاس بن العادل انفذه الی بغداد، وانعم المستنصر بالله فی حقّه، ولمّا وصل كمال الدين خلع عليه وسلّمه اليه،

---

[1] الشعر لكمال الدين عبد الرحمن بن صالح بن عمّار بن مرهب اللّه نيسری[؟] كما ذكره المصنّف فی ترجمته (راجع ص ١٩٢)،

[2] هو موسی بن العادل (٥٧٨ - ٦٣٥ھ) ؛ وفيات ج ٢ ص ١٨١ بما بعدها، [3] وكان استيلاءه عليها سنة ٦٢٠ بعد استمرار حصاره من ٦٢٦ھ كما فی تاريخ ابی الفداء،

(٥٣٤) **کمال الدین** ابو عبد الله محمّد بن علیّ بن یحیی بن سعد الله الزُبُلَع، البغدادیّ الصوفیّ المحدّث

کان من اهل الخیر والصلاح وکان من اصحاب جدّی لامّی عفیف الدین ابی القاسم ابن الظّهیری، وکتب له اجازة مع خالی زکیّ الدین احمد کتب له فیها جماعةٌ من الشیوخ منهم الحُسَینٌ بن المبارک ابن الزبیدیّ واخوه الحسن وقاضی القضاة ابو صالح نصر بن[2] عبد الرزّاق وغیرهم وتوفّی فی شوال سنة ستّ وسبعین وستّمائة ودفن بمقابر الشهداء من باب حَرب فی جوار الشیخ عثمان القصریّ رحمه الله،

(٥٣٥) **کمال الدین** ابوبکر محمّد بن علیّ بن یحیی الابهریّ الفقیه

کان فقیهًا متودّدًا روی بسنده قال قال رسول الله صلّی الله علیه وسلّم: یا ابن آدم ارضَ من الدنیا بالقوت فان القوت لمن یموت کثیر

(٥٣٦) **کمال الدین** ابو الفضل محمّد[3] بن علیّ بن ابی طاهر یحیی المعروف بالخازن الرازیّ الوزیر،

---

[1] مرّ ذکره فی ترجمة کمال الدین محمد بن عبد الواحد،

[2] هو عماد الدین الجیلیّ ثم البغدادیّ الحنبلیّ حفید الشیخ عبد القادر الجیلیّ رح توفّی سنة ٦٣٣، ر: شذرات الذهب ج ٥ ص ١٦١ بما بعدها، [3] کتب علیه فی الاصل: یقدّم، ولم نجد لتقدیمه وجهًا،

ذكره العماد الكاتب فی کتاب الوزراء وقال[1]: استوزره السلطان مسعود بن محمد بن ملكشاه سنة ثلاث وثلثين وخمسمائة بعد عماد الدين الدركزيني، فانتظمت به امور الملك وجرى على احسن قاعدة وقرر مع السلطان ان ينوى لقوا سنقر الشرّ، وبذل بقرا سنقر فی وزيره عز الملك ابی العز البروجردی خمسمائة الف دينار، فلم يلتفت اليه، فقرر معه[2] استيلاء بوزابه بفارس فاستوحش قرا سنقر، و طلب كمال الدين من السلطان وانه متى لم يسلمه اليه اقام سلطانا غيره فاضطر الى تسليمه، فسلمه الى الحاجب تنز، فضرب عنقه، وذلك فی شوال سنة[3] اربع وثلثين وخمسمائة،

(٥٣٤) كمال الدين ابو عبد الله محمد بن علی بن عبد الله الانصاری الخزرجی المعدل

سمع كتاب[4] شرح الشهاب على شرف الدين محمد بن احمد بن يعلى الغزال الهاشمی بثغر الاسكندرية فی شهر رمضان سنة احدى وعشرين وستمائة،

---

[1] ذكره قوام الدين البنداری فی مختصره (تاريخ دولة آل سلجوق) ص ١٦٩ بما بعدها وادّى كل ما ذكره المصنف بعبارة مسجعة وتفصيل زائد، [2] ولفظ البنداری: فلما ايس منه اخاف السلطان من عواقبه وقال له: لا يجمع فی غمد سيفان ولا يظهر لك مع تسلطه قوة السلطان وقرر معه استدعاء بوزابه من فارس ليفرسه به،

[3] وقال البنداری: سنة ٥٣٣، [4] هو روضة افهام اولی الالباب تقدم ذكره فی ترجمة كمال الدين عبد العظيم بن عوض بن تمام،

(٥٣٨) **كمال الدين** ابو سعد **محمّد** بن عمر بن اسعد ابن عمر العبّاسيّ البخاريّ الكاتب

هو والد حسام الدين حسن بن محمّد، كتب في وصف بعض البلغاء :-

وإن حوى بنانه براعة　　ازرى على عبد الحميد كاتبا

امّا رتبته في الكتابة وانواعها وتحقيق اصولها وجودة ابداعها فقد اختفى ابنَ هلال في سوادها لما اطّلع كمالُ اقمارها فهو في هذه الحال اولى ببيتي [؟ ببيت] ابي الطيّب اذ قال[١] :-

في خطّه من كلّ قلب شهوة　　حتّى كأنّ مدادهُ الاهواءُ

(٥٣٩) **كمال الدين** ابو بكر **محمّد** بن عُمَر بن عبد العزيز الكازرونيّ الصوفيّ

كتب الى بعض الاكابر وقد حجبه :-

على الباب عبدٌ من عبيدك صادق　　بجد ولك معروف بنعماك مُعترف

ايدخل او لا قيل لازلت مُقبلاً　　مدى الدهر ام مثل الحوادث ينصرف

فامر بادخاله واحسن اليه،

(٥٤٠) **كمال الدين** ابو الفضل **محمّد** بن عُمَر بن عليّ بن خليفة الحَرْبيّ المحدّث العطّار

ذكره ابن الدُّبَيثيّ في تاريخه وقال : سمع ابا المظفّر هبة الله

---

[١] : ديوان المتنبي (بشرح البرقوقي) ج ١ ص ١٤،

ابن[1] احمد بن الشبلیّ وغیرہ، کتبنا عنه، ونعم الشیخ کان توفّی فی جمادی الاٰخرۃ سنة ثلاث وعشرین وستّمائة،

(٥٤١) كمال الدين محمّد بن عمر بن المظفّر المروزيّ

ثم الاٰملی، من شیوخ شیخنا صدر الدین ابراهیم ابن شیخ الشیوخ سعد الدین محمد بن المؤید الحمّویهی الجوینی

(٥٤٢) كمال الدين ابو الفتح محمّد بن عیسی بن برکة

الجصّاص البغدادیّ الصوفی

سمع ابا القاسم یحیی بن[2] ثابت بن بندار وطبقته، وكان شیخاً صالحاً، وسافر عن بغداد، وتوفّی براس العین فی جمادی الاولی سنة احدی عشرۃ وستّمائة،

(٥٤٣) كمال الدين ابو الفضل محمّد بن ابی الفضائل

النخجوانیّ الطبیب الصوفی

كان حكیماً فاضلاً له معرفةٌ بالتدبیر والعلاج والتقریر قدم اَبْهر الی خدمة مولنا قطب الدین الاٰهریّ لیشتغل علیه ولبس الخرقة من خدمته واقام بزاویته واجتمعت بخدمته سنة ثمان وخمسین وستّمائة و كان قد رأی لی مناماً وانا یومئذٍ صغیر السنّ اسیر و بشّرنی بالخلاص وان یرتفع قدری فحصل لی ببرکته

---

[1] توفّی سنة ٥٥٧ھ: شذرات ج ۴ ص ١٨١، [2] هو ابو القاسم البغدادیّ البقال توفّی فی ربیع الاوّل سنة ٥٥٦ھ، : الشذرات ج ۴ ص ٢١٨،

ما اراه لی والحمد للہ علی افضالہ ،

(٥٥٤) **کمال الدین** ابو منصور[1] محمد بن الفضل بن احمد ابن محمد ، الصاعدی الفراوی[2] ، المحدث

من بیت العلم والحدیث والادب والیه کانت الرحلة من الآفاق لسماع صحیح مسلم فانه سمعه علی الشیخ الزکی عبد[3] الغافر بن محمد بن عبد الغافر بن احمد بن محمد بن سعید الفارسی سنة ثمان[4] واربعین واربعمائة بسماعه علی ابی احمد محمد[5] بن عیسی بن عمرویه ابن منصور الجلودی سنة خمس وستین وثلثمائة قال سمعت ابا[6] اسحق ابراهیم بن محمد بن سفیان یقول سمعت مسلم بن الحجاج یقول : سمع منه جماعة [منهم[7]] ابو سعد[9] بن عبد الله بن عمر بن احمد بن منصور الصفار النیسابوری وابو اسحق[10] المؤید بن محمد بن علی الطوسی فی جماعة[11]

---

[1] الوفیات : ابو عبد الله ، [2] نسبة الی فراوه ویقال لها رباط فراوه بلیدة مما یلی خوارزم بناها عبد الله بن طاهر امیر خراسان فی خلافة المأمون ، م : الوفیات ج ۱ ص ۶۱۷ ، [3] ترجم له ابن العماد فی الشذرات ج ۳ ص ۲۷۷ بما بعدها وقال ابن خلکان فی ترجمة الفراوی انه سمع من عبد الغافر الفارسی المقدم ذکره ، ویقتضی ظاهر کلامه ان یکون قد ترجم له قبله مع انه لم یترجم الا لحفیده عبد الغافر بن اسماعیل بن عبد الغافر المتوفی سنة ۵۲۹ ھ فلیتنبه [4] وهی سنة وفاة ابی الحسین [5] المتوفی سنة ۳۶۸ ھ ، م : الشذرات ج ۳ ص ۶۷ ، [6] المتوفی سنة ۳۰۸ ، الشذرات ج ۲ ص ۲۵۲ ، [7] المتوفی سنة ۲۶۱ ھ [8] من زیاداتنا ، [9] المتوفی سنة ۶۰۰ ھ ، [10] توفی سنة ۶۱۷ ھ ذکره صاحب الوفیات ج ۲ ص ۱۸۸ ،

٥٤٥) كمال الدين ابو المعالي محمّد بن الفضل بن عبد الغنيّ السُهرَوَرْدِيّ

قرأتُ بخطّه في تأخّر الكتب :—

لا تلُمني على تأخّر كتبي ... وُدّنا في الصدور لا في السطور

فإلى مَن أبثّ في الكتب الشو ... ق إذا كنت حاضراً في ضميري

[43 b / 46 a] ٥٤٦) كمال الملك ابو المحاسن محمّد بن ابي الرّضا فضل الله بن محمّد القاينيّ الامير

ذكره العماد الكاتب في كتابه وقال: كان من اكابر الدولة المَلِكشاهيّة، قد اختصّه جلال الدولة واختاره لندامته واصطفاه لمجلس انسه وبلغ به التقريب الى غاية لم يبلغها انيس، ولم يصل اليه جليس، ولم يكن السلطان عنه صبر، وكان صهر الوزير نظام الملك على ابنته فزاد ذلك في منزلته وكان بينه وبين عميد الدولة بن بهمنيار وزير فارس اتّحاد ومودّة اكّدتهما عداوتهما نظام الملك، وكان عاقبة امرهما نكبة اتت على حاليهما، واعتُقلا وسُمِلا وسقطت منزلة والده ابي الرضا لسقوط منزلة ولده، وخدم خزانة السلطان بثلثمائة الف دينار، وزادت عظمة نظام الملك وجلالة قدره،

---

١ تقدّم ذكر ابيه كمال الملك ابي الرضا فضل الله بن محمّد الطغرائي.

٢ قاين بلدة قهستان، لسترنج ص ٢٥٢، ٣ راجع تاريخ دولة آل سلجوق ص ٥٦ و ٥٧،

(٥٤٧) كمال الدين ابو يحيى محمّد بن فلاح بن الريشى المكّى الفقيه

كتب الى بعض الرؤساء من رسالة : انّ زمام الامل وحرمة الرّجاء الذين هما اجلّ وسيلةٍ واوكد فضيلةٍ ، كلّ حُرمة تابعٌ لهما ومُطرحة معهما ، لانّه مَن راعى الكرم وحرس النعم ـ مثل مراعاة مولنا ـ سكنت الامال اليه ، و انبسطت الاحوال به ، ولاعدمتُ من سيدى برًّا وانعامًا [و] رفعة واحسانًا ،

(٥٤٨) كمال الدين ابو نصر محمّد بن فخر الدين ابى سعد المبارك بن يحيى المخرمىّ المحدّث، شيخ رباط المستجدّ

من بيت العدالة والعلم والرئاسة والتقدّم والمعرفة قد تقدّم ذكر والده صاحب الديوان فخر الدّين[٣] ابى سعد ، وكان شيخنا ابو نصر من محاسن الشيوخ ، سمعنا عليه كتاب عوارف المعارف بسماعه من مصنّفه شيخ الشيوخ شهاب الدين عُمر بن محمّد السُّهرَوَردى بقراءة مُحيى الدّين محمّد بن يحيى بن المحيّا العبّاسىّ فى جماعة ، وقد كتب الاجازة لى ولاولادى سنة ثمان وسبعين ، و لما قدمتُ العراق كان شيخنا بالرباط المستجدّ وسمعت عليه

---

[١] كتب عليه فى الاصل : تبع ، [٢] من زياداتنا ، [٣] كناه صاحب تاريخ العراق اباسعيد وكان صدر دجيل ثم نقل الى مشيخة رباط الحريم وتوفّى سنة ٦٦٢ هجرية ، راجع تاريخ العراق ج ١ ص ٢٥٩ بما بعدها ،

بقراءة شيخنا غياث الدين ابي المظفر بن طاؤس جزء البانياسي[1]،

(٥٤٩) كمال الدين ابو بكر محمّد بن ابي المجد بن ابي الفضائل بن عبد الحميد القزويني الفقيه

من البيت المعروف بالفقه والقضاء وقد ذكرت منهم جماعة على ما اقتضى ترتيب هذا الكتاب والله الموفق للصواب.

(٥٥٠) كمال الدين ابو طالب محمّد بن عزّ الدين محفوظ ابن معتوق يعرف بابن البزوري البغدادي الواعظ

قدم مع اخيه نجم الدين مدينة السلام لمّا توفي والده[2] شيخنا عزّ الدين بدمشق، وهو شابّ كيّس اشتغل بالوعظ وقراءة الاحاديث النبويّة وسكن الرّباط الذي كان اخوه اسنجدّه كابد زيب بهروز وتردّد اليه الاصحاب وله سمت حسن،

(٥٥١) كمال الدين محمّد بن محمّد بن احمد الرازيّ

كان من الفقهاء العلماء، قرأت بخطّه :-

المال[3] يأتي كلّ ذي خفض ويأبى كلّ أبي
كالماء ينزل في الوهاد وليس يصعد في الرّوابي

---

[1] هو ابو عبد الله مالك بن احمد بن علي بن ابراهيم الفراء توفّي محترقاً في الحريق العظيم الذي وقع ببغداد سنة ٤٨٥هـ عن سبع وثمانين سنة، راجع كشف الظنون ج١ ص٣٩٢، الانساب ورق ٦٣ ب، الشذرات ج٣ ص٣٧٦، [2] وكانت وفاته سنة ٦٩٤هـ : الشذرات ج٥ ص٤٢٧، [3] ا: الماء،

اورینٹل کالج میگزین

حصّہ اوّل

ایڈیٹر

محمد شفیع
(پروفیسر پنجاب یونیورسٹی)

فہرستِ مضامین

جلد ۱۶ - عدد ۳ | بابت ماہِ مئی ۱۹۴۰ء | عدد مسلسل ۶۱

نوٹ :- ضمیمہ صرف عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کے ممبروں اور خریداران ضمیمہ میں تقسیم ہوتا ہے

گیلانی الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام مہتہ الیشر داس پرنٹر طبع ہوا اور بابو صدیق احمد خاں نے اورینٹل کالج لاہور سے شائع کیا

اورنٹیل کالج میگزین

عرض واجب

اغراض و مقاصد اس رسالے کے اجرا سے غرض یہ ہے کہ احیا و ترویج علوم شرقیہ کی تحریک کو تا حدِ امکان تقویت دی جائے اور خصوصیت کے ساتھ ان طلبہ میں شوقِ تحقیق پیدا کیا جائے۔ جو سنسکرت، عربی، فارسی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں ❖

کس قسم کے مضامین شایع کرنا مقصود ہے کوشش کی جائے گی کہ اس سلسلہ میں ایسے مضامین شایع ہوں جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش اور تحقیق کا نتیجہ ہوں غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابلِ قبول ہوگا اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شایع کئے جاینگے

رسالے کے دو حصے یہ رسالہ دو حصوں میں شایع ہوتا ہے حصۂ اول عربی، فارسی، پنجابی (بحروف فارسی) حصہ دوم سنسکرت، ہندی، پنجابی (بحروف گورمکھی)، ہر ایک حصّہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے ❖

وقت اشاعت و یہ رسالہ بالفعل سال میں چار بار یعنی نومبر، فروری، مئی، اگست[1] میں شایع ہوگا

قیمتِ اشتراک سالانہ چندہ حصّہ اردو کے لئے عہ اورنٹیل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلہ کے وقت وصول ہوگا کسی سہ ماہی رسالہ کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شایع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے۔ ورنہ ایسی شکایت پر غور نہ ہو سکے گا۔ یہ ایک ماہ کی مدّت فروری و مئی و ستمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیئے ❖

خط و کتابت و ترسیل زر خریدِ رسالہ کے متعلق خط و کتابت اور ترسیلِ زر صاحب پرنسپل اورنٹیل کالج کے نام ہونی چاہیئے۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنے چاہیئیں ❖

محلِ فروخت یہ رسالہ اورنٹیل کالج کے دفتر سے خریدا جا سکتا ہے ❖

قلمِ تحریر حصہ اُردو کی ادارت کے فرائض پرنسپل محمد شفیع ایم۔ اے، اورنٹیل کالج سے متعلق ہیں اور یہ حصّہ ڈاکٹر محمد اقبال ایم۔ اے، پی۔ ایچ۔ ڈی کی اعانت سے مرتب ہوتا ہے ❖

---

[1] چونکہ اگست میں کالج بند ہوتا ہے۔ اسلئے یہ نمبر مجبوراً جون یا ستمبر میں شایع ہوتا ہے ❖

محکمۂ آثارِ قدیمہ ہند کی کارکردگی

اور اسلامی باقیات

از نقش و نگارِ در و دیوار شکستہ آثار پدید است صنادید عجم را

اس حقیقت نفس الامری سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ کہ انسان فطری طور پر اپنی پرانی کہانی کو یاد رکھنے پر مجبور ہے۔ وہ اپنے گذشتہ حالات و واقعات پر فخر کرتا ہے۔ اور اپنی داستان کے مختلف ابواب کو سن کر خوش ہوتا ہے۔ اس فطری جذبہ کی تسکین تاریخ سے ہوتی ہے۔ جس کو محفوظ اور قلمبند کرنے میں نسلِ انسانی نے اکثر شغف و انہماک کا ثبوت دیا ہے ؛

تاریخ نویسی کا قدیم دستور یہ تھا۔ کہ مؤرخ جتنے اوسع مستند منقولات و روایات پر اپنی تاریخ کا دار و مدار رکھتے تھے۔ لیکن انیسویں صدی عیسوی میں یورپ میں ایک جدید علمی تحریک پیدا ہوئی جس نے اکثر علوم کے قدیم اصول میں تغیر پیدا کیا۔ اور تاریخ نویسی کو محض روایت و درایت تک محدود نہ خیال کرتے ہوئے اس کے ذرائع و وسائل کو بہت وسیع کر دیا۔ ان جدید مآخذ تاریخی میں آثارِ قدیمہ پرانے سکے اور نوادر عتیقہ بھی شامل ہیں۔ جن کا مطالعہ کسی دَور کی تاریخ اور تمدّن کے صحیح فہم و ادراک کے لئے ازبس ضروری خیال کیا جاتا ہے ؛

ایک یورپین مصنف پاٹری نے آثارِ قدیمہ کے متعلق لکھا ہے کہ " اس

W. M. F. Patre, Methods and Aims of Archaeology, preface, viii.

سائنس' کے ذریعے تاریخ جس کی ایک شاخ ہے۔ ہم انسانی فطرت کا پتہ چلا سکتے ہیں اور یہ جان سکتے ہیں۔ کہ ہر زمانہ اور ہر صدی میں انسان کس حالت میں تھا؟ اس کی استعداد کیا تھی؟ اور بالآخر یہ کہ وہ اپنی زندگی کی تکمیل میں کہاں تک کامیاب ہؤا اور کہاں تک ناکام؟"

یک بیک خیال کچھ لمحوں کے لئے لاہور سے دُور مغلوں کی قدیم راجدھانی میں پہنچتا ہے۔ جہاں حسن و عشق کی مرمریں داستان اہلِ دل اور اہلِ ذوق کی دلربائی اور دلکشی کے لئے زندہ جاوید کھڑی ہے۔ یہ روضہ تاج محل ہے۔ جو شعر و جذبات کی رنگین یادگار ہے۔ اس میں اُستادانِ نادرہ کار اور مہندسانِ غرائب نگار نے عجیب صنعت کا استعمال کیا ہے۔ یہ فنّ کی ایک حیرت افزا بہشت ہے۔ لیکن فنّ سے کہیں زیادہ ایک دَور کی تہذیب و اخلاق کی آئینہ دار ہے۔ تاج محل اور اس طرح کی ہزاروں یادگاریں عہدِ گزشتہ کی تاریخ کے زندہ مرقّعے پیش کرتی ہیں۔ جو الفاظ و حروف کے نقوش سے کہیں زیادہ انسانی زندگی کی حکایت بیان کرتی ہیں ؛

موجودہ مقالہ میں انہی 'فانی غیر فانیوں' کا کچھ حال بیان کرنا ہے۔ جس سے مقصود یہ ہے۔ کہ نوجوانانِ ملک ان آثارِ قدیمہ کے زندہ رکھنے اور ان کی قدر و قیمت کو سمجھنے کی طرف توجّہ کریں۔ جن سے ان کی قدیم معاشرت اور تمدن کے متعلق ناقابلِ تردید ثبوت مہیّا کئے جا سکتے ہیں۔ ہندوستان میں جو محکمۂ آثارِ قدیمہ ایک عرصہ سے قایم ہے۔ اس کی کارکردگی پر غائر نظر ڈالنے کی ضرورت ہے۔ تاکہ یہ معلوم ہو سکے۔ کہ یہ محکمہ کہاں تک صحیح اصول کا رپر پابند ہے ؛

یوں تو اس سلسلے میں بہت سا مواد بغرضِ مطالعہ مل سکتا ہے۔ لیکن

اس وسیع ذخیرہ سے چند ضروری نتائج کو ان صفحات میں پیش کیا جاتا ہے۔ آج کل محکمہ آثار قدیمہ کے ڈائرکٹر راؤ بہادر ڈکشٹ ہیں۔ جنھوں نے محکمہ کی پچیس سالہ کارکردگی پر ایک رسالہ لکھا ہے۔ ذیل میں اس میں سے مفید اور ضروری مطالب کا خلاصہ لیا گیا ہے۔ اس کے بعد محکمہ کے اصولِ کار پر جو تنقیدی رپورٹ سر لینو ارڈ وولی نے لکھی ہے۔ اس کے ایک باب کا جامع خلاصہ بدیں غرض یہاں درج کیا جاتا ہے۔ تاکہ محکمہ کے رجحان اور اس کی اصلاح کی کوئی تدبیر ہو سکے ؎

بطورِ تمہید یہ بتانا ضروری ہے۔ کہ ہندوستان میں آثارِ قدیمہ کے مطالعہ کا ذوق کب اور کیسے پیدا ہوا؟ جہاں تک مختلف ذرائع سے نتیجہ نکالا جا سکتا ہے یہ شاید صحیح ہے کہ ہندوستان میں آثار قدیمہ کی اہمیت کا احساس پچھلی صدی میں پیدا ہوا۔ چنانچہ اس زمانہ کی بعض کتابوں (مثلاً تفریح العمارات، احوال مستقر الخلافہ آثار الصنادید، تاریخ لاہور کنھیالال ہندی، تحقیقات چشتی اور تاریخ لاہور از سیّد عبداللطیف وغیرہ) سے پتہ چلتا ہے۔ ان میں آثار الصنادید سر سیّد نہایت فاضلانہ اور محققانہ تصنیف ہے ؎

درحقیقت اہل ملک کی یہ کوششیں بھی کسی حد تک بعض انگریز اہل علم کے زیر اثر عمل میں آئیں۔ جن کی ابتدا آج سے ایک صدی قبل ہوئی۔ جبکہ پہلے پہل جیمز پرنسپ[۳] نے براہمی رسم الخط کا انکشاف کیا ؎

لیکن یہ ابتدائی کوششیں تھیں۔ اور اس سلسلے میں باقاعدہ کام

---

[۱] *The Progress of Archeaology in India during the past twenty-five years* – R.B. Dikshit (1939) [۲] Wooly. [۳] *The Progress of Archeaology in India during the past twenty-five years* by Rao Bahadur K.N. Dikshit (1939) P-1.

۱۸۶۲ء میں شروع ہوا۔ جب حکومت نے جنرل سر الگزینڈر کننگھم کی سرکردگی میں محکمہ آثارِ قدیمہ کا افتتاح کیا۔ جنھوں نے متواتر بیس سال تک ہندوستان کے آثار و تعمیرات کا مفصل جائزہ لیا۔ بد قسمتی سے ۱۸۸۹ء میں یہ محکمہ تخفیف میں آگیا۔ اور سوائے چند افراد کے، محکمہ کو موت کی نیند سُلا دیا گیا۔

لارڈ کرزن جب وائسرائے اور گورنر جنرل ہندوستان ہوکر آئے - تو انہوں نے ہندوستان کی قدیم تہذیب و تمدّن کی ان یادگاروں کی کس مپرسی سے متاثر ہوکر، نیز ان کی تاریخی اہمیت کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے محکمہ آثارِ قدیمہ کو پھر سے قایم کیا۔ اور اس کی بنیاد مالی اور علمی اساس و اصول پر رکھی۔ چنانچہ ۱۹۰۲ء میں سر جان مارشل (جو اس وقت مسٹر مارشل تھے) کو اس محکمہ کا ڈائرکٹر جنرل مقرر کیا۔ جس کے بعد اکتشافی سرگرمیوں میں ایک نئے دَور کا افتتاح ہوتا ہے۔ سر جان مارشل نے پہلے دس سال میں آرکیالوجی کے کام کے امکانات اور ان کی توسیع و ترقی کے اسباب و وسائل کا جائزہ لینے میں صرف کئے۔ اور جنرل کننگھم کے زمانے میں جس حد تک کام ہو چکا تھا۔ اس پر دوبارہ نظر ڈالی اور تمام کارکردگی کو یونان، اٹلی اور دوسرے مغربی ممالک میں استعمال کردہ اصول کے مطابق چلانے کی کوشش کی۔ اس تمام زمانے میں قدیم ہندو عہد کے آثار کو کھودنے میں اور علی الخصوص بدھ تہذیب سے متعلق بعض مقامات کو ٹٹولنے اور ان کو معرضِ عام پر لانے کے لئے بہت جد و جہد ہوئی۔ سر جان مارشل کی اَن تھک کوششوں سے ۱۹۱۲ء میں محکمۂ آثار نے بعض انقلاب انگیز انکشافات کئے۔ اور ۱۹۲۲ء میں موہن جوڈارو اور ہڑپا کے انکشاف سے تاریخ ہندوستان کا ایک فراموش شدہ ورق پھر سے مل گیا۔ اور بقول راؤ بہادر ڈکشٹ آثارِ ہند کی قدامت ہزاروں برس پہلے معین ہو گئی۔ ۱۹۲۵ء سے لے کر

اس وقت تک اگرچہ حکومت ہند کسی حد تک مالی بدحالی کا شکار رہی۔ جس کی وجہ سے بہت سے سرکاری اداروں کی قوتِ عمل اور سرگرمی میں فرق آگیا لیکن آثار کا محکمہ مستعدی کا ثبوت دیتا رہا +

مناسبت مقام کے اعتبار سے ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کہ محکمہ آثار قدیمہ کے اصول اور اس کام کے نمایاں شعبوں کے متعلق چند باتیں اس موقعہ پر آپ کے گوش گذار کر دی جائیں۔ اس محکمہ کا کام مندرجہ ذیل عنوانات میں تقسیم کیا جاسکتا ہے :-

(۱) کھدائی *Excavation*

(۲) تحفظ آثار *Conservation*

(۳) عجائب خانے *Museums*

(۴) علم کتبات *Epigraphical work*

(۵) مسکوکات *Numismatics*

محکمہ آثار قدیمہ نے گذشتہ پچیس سال میں جو کام کیا۔ اس پر راؤ بہادر ڈکشٹ نے ایک جامع تبصرہ کیا ہے۔ کھدائی کے سلسلے میں محکمہ کی زیادہ توجہ ٹیکسلا، پاٹلی پتر، سانچی اور بھیں نگر، نالندہ، میرپور خاص، سارناتھ، موہنجو ڈارو اور ہڑپا کی حفریات کی طرف رہی۔ ۲۶-۱۹۲۵ء میں مسٹر ہارگریوز نے بلوچستان میں نال وغیرہ مقامات کو ٹٹولا۔ جس کام کو بعد میں سر آرل سٹائن نے وسعت دی۔ اسی طرح سندھ، بنگال، بہار، مدراس میں محکمہ نے کسی قدر جانفشانی سے کھدائی اور حفظِ آثار کا کام انجام دیا +

عجائب خانے اس پچیس سال کے عرصے میں، آثار ہند کی حفاظت کے کام کو جو فروغ حاصل ہوا۔ اس کے نتیجے کے طور پر

آثار کے عجائب خانوں کو بھی بہت ترقی ملی۔ محکمہ کی طرف سے دس عجائب خانے قایم ہوئے۔ جن میں سے پانچ گذشتہ دس سال کے عرصے میں قایم ہوئے۔ نئی دہلی کا میوزیم اس لحاظ سے بہت اہم اور قابلِ ذکر ہے کہ اس میں سر آرل سٹائن کے وسطِ ایشیا کے عجائبات محفوظ ہیں۔ ٹیکسلا کا عجائب خانہ ۱۹۲۸ء میں قایم ہوا اور بقول راؤ بہادر ڈکشٹ باعتبار تخطیط (Plan)، اشیائے محفوظہ اور عام انتظام و اہتمام کے، ملک کی بہترین عجائب گاہوں میں شمار کیا جاسکتا ہے۔
ان کے علاوہ اور بھی بہت سے چھوٹے بڑے عجائب خانے قایم ہوئے جن میں سے بعض صوبجاتی ہیں۔ اور بعض مقامی۔ ان میں ہڑپا، موہنجوڈارو اور دیگر مقامات کے عجائبات کا ذخیرہ رکھا گیا ہے۔

عجائب خانوں کے انتظام و اہتمام کے بارے میں جس کے متعلق آگے چل کر پھر کچھ کہا جائے گا۔ سب سے عمدہ تبصرہ وہ ہے۔ جو ہارگریو اور مارخم صاحبان نے ہندوستان کے عجائب گھروں کے دقیق معاینہ کے بعد کیا ہے اور محکمہ کو بعض اصولی نقایص کی طرف توجہ دلائی ہے۔

تحفظِ آثار محکمہ آثار قدیمہ کی سرگرمیوں میں پرانی تعمیرات و آثار کی حفاظت کا کام جزو اکبر کا درجہ رکھتا ہے۔ جس پر محکمہ کا بیشتر روپیہ صرف ہوتا ہے۔ آج سے پچیس سال پہلے تحفظ آثار کا کام صوبجاتی ذمہ واری کے ماتحت تھا۔ اور مرکزی حکومت کی جانب سے صرف ان مواقع پر امداد مل جایا کرتی تھی۔ جب صوبجاتی بجٹ کسی کام کی وسعت کے لئے مکتفی نہ ہو لیکن ۱۹۱۹ء کی اصلاحات کے بعد پرانے آثار کی حفاظت مرکز کے ماتحت آگئی۔ جس کی وجہ سے اس کے راستے سے وہ پرانی مالی دقتیں اور دیگر عملی مشکلات رفع ہوگئی ہیں۔ راؤ بہادر ڈکشٹ کی رائے ہے۔ کہ اگرچہ

ہندوستانی آب وہوا کی خرابی اور آثار کی کثرت و وسعت کی وجہ سے محکمہ کو بعض اوقات بہت سے مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکن بہ حیثیت مجموعی بہت سی پرانی عمارتوں کی اصلاح و مرمت کر لی گئی۔ دہلی اور آگرہ کی قدیم اسلامی عمارتوں کو بھی ان کی اصلی حالت میں لانے کے لئے محکمہ نے بہت سا عمدہ کام کیا۔ غرض گذشتہ ربع صدی میں ایک کروڑ اور پچیس لاکھ روپیہ عمارتوں کی ترمیم وتہذیب پر خرچ ہوا۔ جس سے اس ادارہ کی کارگذاری کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے ؛

علم کتبات

علم کتبہ شناسی کو زیر بحث زمانے میں اچھی خاصی ترقی حاصل ہوئی ہے۔ غالباً یہ حقیقت محتاج بیان نہیں۔ کہ علم کتبات کو آرکیالوجی اور تاریخ سے گہرا تعلق ہے۔ ان پچیس برسوں کے دوران میں مختلف کتبوں کی مدد سے تاریخ کے بعض نہایت مشکوک اور تاریک گوشوں پر روشنی پڑی۔ وہ نظریات جو عرصہ سے رائج چلے آتے تھے۔ وہ یک بیک تبدیل ہو گئے۔ کئی اختلافی باتوں کے فیصلے ہو گئے۔ اور بے شمار باتوں کے متعلق جدید معلومات حاصل ہوئیں۔ علے الخصوص بعض واقعات کے سن وقوع کے متعلق یقینی شہادتیں دستیاب ہوئیں ؛

مثال کے طور پر سرکار نظام کی مملکت میں اشوک کے ایک کتبے کا ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے جس کا انکشاف [illegible] رائے بہادر کرشنا شاستری نے کیا۔ اس کتبے کی عظیم الشان خصوصیت یہ ہے۔ کہ اس میں اشوک کا نام درج ہے۔ اور غالباً یہی ایک کتبہ ہے۔ جس میں اس بادشاہ کا نام آیا ہے۔ اسی طرح جنوبی ہندوستان کے بہت سے کتبات نے تاریخ کے پرانے مسلمات میں انقلاب پیدا کیا۔ جس کی تفصیل کے لئے رائے بہادر ڈکشٹ

کے مولہ بالا تبصرہ کی طرف توجہ کرنے کی ضرورت ہے ۔

اسلامی کتبات کی تلاش اور ان کے انکشاف کی کوششیں اگرچہ خاطر خواہ نہیں ہوئیں۔ جیسا کہ آگے چل کر اس کا ذکر آئے گا۔ تاہم جو کچھ ہوا اس کو غنیمت خیال کرنا چاہیئے۔ راؤ بہادر صاحب کے بیان کے مطابق ۵۶۸ کتبے معلوم ہو کر پڑھے گئے اور Epigraphia Indo-Moslemica کی ۱۴ اشاعتیں مع ایک ضمیمہ کے شایع ہو کر طلبۂ تاریخ کے ذخیرۂ علمی میں اضافہ کا باعث ہوئیں۔ یہ کتبات کابل سے لے کر دیناج پور اور مدگل (ضلع رائچور) تک تقریباً تمام صوبجات سے متعلق ہیں۔ اور چھٹی صدی ہجری سے شروع ہو کر بارویں صدی ہجری تک ممتد ہوتے ہیں۔ ان سے بہت سے خاندانوں کے کوائف پر روشنی پڑتی ہے۔ اس کے علاوہ ہر زمانے کے تمدن اور تہذیبی نقطۂ نگاہ کے متعلق بھی بہت سی معلومات حاصل ہوتی ہیں دکن کے کتبات کے متعلق ایک خاص بات یہ ہے۔ کہ ان میں ثلث اور طغرا خط استعمال کیا گیا ہے۔ اور اسی طرح افغانوں کے عہد اور مغلوں کے عہد کی امتیازی خصوصیات بھی نہایت مستحکم طور پر آشکارا ہوتی ہیں ۔

مسکوکات سکوں سے تاریخ کے بعض مبہم امور پر بہت تسلی بخش روشنی پڑتی ہے۔ ہندوستان میں سکہ شناسی کا ذوق اگرچہ شروع میں بہت کم تھا۔ لیکن اب روز بروز ترقی پر ہے۔ قدیم یونانی سکوں سے لے کر آخری اسلامی بادشاہوں تک سب کے متعلق سکے تلاش کے بعد دستیاب ہو رہے ہیں۔ صرف توجہ۔ محنت اور ذوق کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں جو کام ہوا۔ اس کا کچھ اندازہ ایلن (Allan) کی گپتا خاندان کے سکوں کی فہرست اور دوسری کتابوں سے ہو سکتا ہے۔ جہاں تک مسلمان بادشاہوں کے

سکوں کا تعلق ہے۔ نیلسن رائٹ (Nelson Wright) کی فہرست مسکوکات اور ہوڈیوالہ کی Studies in Mughal Numismatics خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔
ریاستوں میں بھی آثار قدیمہ کے سلسلے میں بہت کام کی گنجائش ہے مثلاً حیدر آباد، میسور، گوالیار وغیرہ میں اس غرض کے لئے باقاعدہ محکمے قایم ہیں۔ جن کی رودادیں وقتاً فوقتاً شایع ہوتی رہتی ہیں۔ ریاستوں کے یہ محکمے کم و بیش انہی اصولوں پر کام کر رہے ہیں۔ جو برٹش انڈیا کی آرکیالوجی کے پیش نظر ہیں"
حضرات! میں نے محکمۂ آثار قدیمہ کے کام کے متعلق ایک مختصر مگر جامع سا خاکہ پیش کیا ہے۔ جو راؤ بہادر ڈکشٹ کے اپنے بیان پر مبنی ہے عربک پرشین سوسائٹی کے معین اور مخصوص زاویۂ نگاہ سے محکمہ کی کارکردگی پر بحث کرتے ہوئے قدرتی طور پر یہ سوال کرنا پڑتا ہے۔ کہ محکمہ ہندوستان کے اسلامی عہد کے آثار و عمارات کو محفوظ کرنے اور اس زمانے کی تاریخ کے تاریک گوشوں پر روشنی ڈالنے کے سلسلے میں کہاں تک مخلصانہ کوشش کر رہا ہے۔ غالباً یہ کہنے کی ضرورت نہ ہوگی۔ کہ اسلامی عہد کے باقیات کے لئے جو کچھ ہو چکا ہے۔ اس کے لئے محکمہ بہت کچھ مستحق تحسین و آفرین ہے۔ لیکن یہ واقعہ ہے۔ کہ جتنا ہونا چاہیئے۔ اتنا نہیں ہوا۔ پشاور سے لے کر جنوب تک اور بلوچستان سے لے کر بنگال تک چپّے چپّے پر مسلمانوں کے آثار موجود ہیں۔ علے الخصوص صوبہ پنجاب اور سندھ، گجرات اور بنگال اور راجپوتانہ میں کام کی اس قدر گنجایش ہے۔ کہ محکمہ نہایت کامیابی کے ساتھ محنت کر سکتا ہے۔ اور اس کا ثمرہ حاصل کر سکتا ہے۔ لیکن جائے افسوس ہے کہ محکمے کی توجہ ادھوری ہے جس کے باعث اس کی نگاہِ اعتناء ..

خاص خاص جگہوں پر پڑتی ہے اور بعض اور جگہیں مستحق نظر نہیں خیال کی جاتیں۔ ۱۹۳۶ء میں عربک پرشین سوسائٹی کے ایک رکن نے صوبہ سندھ کا دورہ کیا۔ اور دس بارہ دن کے مختصر عرصے میں مفید ذخیرۂ معلومات، کتبوں سے حاصل کیا۔ جس کی طرف محکمہ نے بظاہر توجہ نہ کی تھی۔ سلطان محمد تغلق کی قبر کا حال اب تک معلوم نہ تھا۔ لیکن اب مذکورہ کتبوں میں سے ایک کتبے کی مدد سے یقینی طور پر روشن ہوگیا ہے ؀

اسی طرح راجپوتانہ میں قدم قدم پر آثار و علامات کی اتنی کثرت ہے کہ ایک نظارگی دشخوار پسند کے لئے وہ مایۂ صد عبرت بن سکتے ہیں۔ افسوس تو یہ ہے۔ کہ ہر سال یہ گرانمایہ شواہد تاریخی مٹتے جاتے ہیں۔ اور ہمیشہ کے لئے تاریخ کے ایک اہم صفحہ کو مبہم چھوڑتے جاتے ہیں۔ ۳۷ء کے بعد ۳۸ء میں انہی مقامات سے گذریے تو آپ کو یقیناً اس خزانہ میں کمی معلوم ہوگی۔ وہی پتھر، وہی سِل، وہی دہلیز، وہی کتبہ، جس کی سب سے زیادہ ضرورت تھی۔ غائب معلوم ہوتی ہے۔ غرض رفتہ رفتہ تہذیب و معاشرت کا یہ قدیم مرقّع تاراج صرصرِ ایام ہوکر پریشان ہوتا جاتا ہے اور کوئی پرسانِ حال نہیں ؀

اس میں شبہ نہیں کہ اس میں قصور اس قوم کا بھی ہے۔ جس کی تاریخ سے یہ چیزیں متعلق ہیں۔ کیونکہ یہ انہی کا فرض ہے۔ کہ اپنے باقیات الصالحات کی حفاظت کرے اور اپنی عظمت کے مٹے ہوئے نشانات کو جوڑنے اور اجاگر کرنے کی کوشش کرے لیکن باایں ہمہ اس سے بھی انکار نہیں ہوسکتا کہ محکمہ آثار کو بھی (میں بہ افسوس اس حقیقت کا اعلان کرتا ہوں) اس شعبہ کی طرف توجہ کم ہے۔ یہ تو خوشی ہے۔ کہ قدیم ہندوستان کی تاریخ کھود کھود کر

ازسرِ نو مرتب کی جا رہی ہے۔ لیکن اس بات کا رنج ہے۔ کہ محکمہ، اسلامی عہد کے ساتھ پُورے انصاف کی پالیسی پر عامل نہیں ÷

میں نے محکمہ آثارِ قدیمہ کی موجودہ پالیسی پر جو نکتہ چینی کی ہے۔ وہ کسی تعصّب، کوتاہ بینی اور غلط فہمی پر مبنی نہیں۔ بلکہ درحقیقت اس دردناک نقصان اور تلف و زیاں کو دیکھتے ہوئے جو تاریخ کے ایک روشن ترین عہد کے شواہد کے متعلق ظہور میں آ رہا ہے۔ اگر نکتہ چینی کا لب و لہجہ اس سے بھی تیز و تُند ہو۔ تو نامناسب نہ ہوگا۔ یہ کیا قیامت ہے۔ کہ وہ آثار جو زیرِ زمین مدفون ہیں اور جن کا سواں حصّہ بھی دستبردِ ایّام سے محفوظ نہیں۔ اس قابل خیال کئے جائیں۔ کہ ان کے لئے کُھدائی ہو۔ پھر ان کا ایک فرضی نقشہ افسرانِ محکمہ تیار کریں۔ اور جدید مسالہ اور نئے سنگ و خشت کے ساتھ ایک قیاسی عمارت تیار کر لی جائے اور اس کو دو ہزار سال پہلے کی عمارت یا آبادی کہہ کر پکارا جائے لیکن اس کے مقابلے میں افغانی اور مغلئی عہد کی شاندار زندہ عمارتیں امیدوارِ توجّہ ہی رہ جائیں اور ان کو مٹنے دیا جائے۔ اور وہ اس لایق نہ خیال کی جائیں۔ کہ ان کی ترمیم و اصلاح کر لی جائے۔ وقت کی تنگ دامانی مانع ہے۔ ورنہ یہ بتایا جاتا۔ کہ کہاں کہاں ایسی شاندار عمارتیں ہیں۔ جو یا تو نااہل مالکانِ زمین کے ہاتھوں برباد ہو رہی ہیں۔ یا محکمہ کی ناقدرشناسی کا ماتم کر رہی ہیں ÷

بات دراصل یہ ہے۔ کہ محکمہ کا اصولِ کار ہی درست نہیں۔ اس میں لائق اور تربیت یافتہ (ٹرینڈ) افسران کی کمی ہے۔ اور جو ہیں۔ وہ ایک مخصوص جذبہ سے سرشار ہیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ وہ ایک معیّن نہج پر چل رہے ہیں۔ اور جو چیز اس سے ذرا باہر ہے۔ وہ وقفِ غفلت ہو کر رہ جاتی ہے

محکمہ کی کارکردگی کا صحیح ترین اور سب سے آخری جایزہ وہ ہے۔ جو سر لیونارڈ وولی[+] نے اپنی رپورٹ میں لیا ہے۔ ۱۹۳۸ء میں گورنمنٹ آف انڈیا نے محکمۂ آثارِ قدیمہ کی کارکردگی پر تحقیقی رائے پیش کرنے کی درخواست کی۔ جس پر عمل کرتے ہوئے سر لیونارڈ وولی نے ایک رپورٹ مرتب کی۔ جو کئی لحاظ سے لایقِ مطالعہ ہے۔ صاحب موصوف نے اس تبصرہ کے چھ ابواب میں محکمہ کے تمام متعلقہ امور پر مفصّل بحث کی ہے۔ اور بتایا ہے۔ کہ محکمۂ آثارِ قدیمہ جس اصول پر کام کر رہا ہے۔ وہ بالکل غلط اور غیر علمی (Unscientific) ہے اور جتنا روپیہ صرف ہو رہا ہے۔ اس کے مقابلے میں جو فائدہ مترتب ہو رہا ہے۔ وہ بہت کم ہے۔

حضرات! میں سمجھتا ہوں۔ کہ اس اہم دستاویز کے ایک آدھ متعلقہ باب کا خلاصہ آپ کے سامنے پیش کرنا بیجا نہ ہوگا۔ بلکہ آپ کے ذہن و فکر کو حکومتِ ہند کے اس اہم شعبہ کی کارکردگی اور طریقِ کار سے روشناس کرانے کے لئے ضروری ہے۔ کہ وولی صاحب کی تحقیقات کے اہم اُمور کو آپ کے ذہن نشین کیا جائے۔

تحفّظِ آثار

سب سے پہلے حفظِ آثار کو لیجیے۔ اس کام پر حکومتِ ہند کا چھ لاکھ روپیہ صرف ہوتا ہے۔ اس میں پُرانی عمارتوں، قبروں اور باغوں کی مرمت اور نگہداشت بھی شامل ہے۔ محکمہ بہت حد تک لایقِ تحسین ہے۔ کہ اس نے بعض بڑی بڑی عمارتوں کو محفوظ کرنے کے لئے عمدہ کام کیا۔ اور ان کی سرگرمیوں کا یہی حصّہ ہے۔ جو پبلک سے اور سیاحوں سے خراجِ تحسین حاصل کر رہا ہے۔ لیکن محکمہ سالانہ کم و بیش ۲۳۰۰۰ روپیہ

+ Sir Leonard Wooly.

بعض ایسے آثار کے تحفظ پر صرف کرتا ہے۔ جو اس سے پہلے زیرِ زمین مدفون
تھے۔ اور اب کھدائی کے ذریعے ان کو سطح پر لایا گیا ہے۔ اور چونکہ وہ نہایت
شکستہ حالت میں تھے۔ اس لیئے ان کو ازسرِ نو بنانا پڑا۔" یہ محکمہ کی ایک
خوفناک غلطی ہے۔" کیونکہ ان مدفون عمارات کی جدید تعمیر ان زندہ اور (جمالیات
اور آرٹ کے اعتبار سے) بلند پایہ عمارتوں کی حفاظت کے مقابلے میں کوئی
وقعت نہیں رکھتی اور اس پر جو روپیہ صرف ہو رہا ہے۔ اس کو تضییع زر
سمجھنا چاہیئے۔

کھدائی کے چند اصول

کسی کھنڈر کی کھدائی اور اس کے تحفظ کے
سلسلے میں چند باتیں ہمیشہ پیشِ نظر رکھنی
چاہیئیں:-

اوّل۔ کیا اس کھنڈر کی حفاظت عملاً ممکن ہے؟

دوم۔ کیا اس کی حفاظت کی کوئی خاص ضرورت ہے۔

سوم۔ کیا اس کی حفاظت سائنس دانوں کے فائدہ کے لئے ہے۔
یا عام پبلک کے لئے؟

چہارم۔ کیا اس سے جو فائدہ ہوتا ہے۔ وہ صرف شدہ روپیہ کے
مقابلہ میں کم ہے یا برابر؟

وُلی صاحب کی رائے ہے۔ کہ محکمہ کے افسران کے ذہن میں یہ سوالات
کبھی نہیں آئے۔ اور وہ زیرِ زمین مدفون کھنڈروں میں سے ہر ایک کی
اندھا دُھند حفاظت کی حکمتِ عملی پر عامل ہیں۔ حالانکہ ہر کھنڈر کی کھدائی اور
اس کی حفاظت کے سوال پر پہلے پورا پورا غور ہونا چاہیئے۔ جہاں تک آثار شناسوں
کے فائدہ کا تعلق ہے محکمہ کی اناپ شناپ کھدائی سے علم کو نقصان پہنچا ہے

کیونکہ شاید آثار شناس ان سے اپنے نتائج اخذ کر سکتا۔ لیکن محکمہ کے افسران نے جو خاکہ تجویز کیا اور اس کو محفوظ کرنے کے لئے اس کی تعمیر کر دی اس سے آثار شناس کے لئے آزاد تحقیق ممکن نہ رہی۔ اسی لئے یہ کہا گیا ہے کہ "آثار شناس کے نقطۂ نگاہ سے تحفظ آثار جتنا کم ہو اتنا ہی بہتر ہے"۔

اب رہے عوام۔ سو ان کو تحفظ آثار سے اور بھی کم فائدہ ہوتا ہے۔ علے الخصوص جبکہ کھنڈر ان کی رسائی سے باہر ہوں اور عام شاہراہوں یا آبادیوں سے دُور! ایک عام آدمی اس کھنڈر کی تاریخی اہمیت کا کیا احساس کرے گا جس کے متعلق اُسے یہ معلوم ہو جائے۔ کہ اس وسیع عمارت میں ۹/۱۰ حصہ نئے مسالہ سے جدید انجنیروں نے تیار کیا ہے!

وُلی صاحب نے کھدے ہوئے آثار کے بلا امتیاز اور اناپ شناپ تحفظ کے خلاف شدید صدائے احتجاج بلند کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ "میں نے بے شمار مواقع پر اس چیز پر اعتراض کیا۔ لیکن افسران محکمہ نے اس کا یہی جواب دیا کہ ہم ازروئے ضمیر اس بات کے پابند ہیں۔ کہ آثار قدیم میں سے جو چیز ہمارے سامنے آجائے۔ اس کی حفاظت کریں۔ اس کا جواب ایک ہی ہے۔ کہ محکمہ ناممکن الحصول مقصد کے لئے قوم و ملک کا روپیہ ضائع کر رہا ہے"۔ "اس قسم کے کھنڈر کی حفاظت صرف ایک ہی طریقے سے ہو سکتی ہے۔ کہ اس کو دوبارہ دفن کر دیا جائے"۔

افسوس ہے۔ کہ محکمہ نے ان بنیادی اصولوں پر بالکل عمل نہیں کیا۔ ہماڑ پور میں جو کام ہوا۔ وہ کبھی حد تک تسلی بخش معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ وہاں بہت کم تحفظ عمل میں آیا ہے۔ اسی طرح راولپنڈی کے علاقہ میں بدھ خانقاہوں میں جتنے تحفظ کی ضرورت تھی۔ اس سے کہیں زیادہ عمل میں لائی گئی ہے

اور اب وہاں پُرانی اور نئی چیز میں امتیاز کرنا بہت مشکل ہوگیا ہے حالانکہ دونوں کے درمیان کوئی امتیازی نشان ہونا چاہیئے۔ تاکہ لوگ دھوکے میں مبتلا نہ ہوں ؛

جولیاں (Jaulian) میں ۲۰۰۰۰ روپیہ صرف ہوا لیکن اس سے فائدہ بہت کم ہُوا۔ اور یہ غنیمت ہی ہُوا۔ کہ Dharmarajika میں محکمہ کو وہ جانفشانی کا موقعہ نصیب نہ ہُوا ؛

سرکپ میں ۲۲ ایکڑ زمین کی کھدائی ہوئی۔ جس پر بہت سا سرمایہ صرف ہُوا۔ جسے ضائع شدہ ہی خیال کرنا چاہیئے۔ بھیر کے ٹیلے (Bhir Mond) میں تمام سکیم کا اس قدر ستیاناس کیا گیا ہے۔ کہ علمی کام کے سلسلے میں مفید ہونے کے بجائے یہ ساری کوشش مُضر ثابت ہوئی ؛

اُن جگہوں میں جہاں پتھّر کی بجائے اینٹ استعمال ہوئی ہے۔

صورتِ حالات اور بھی خراب ہے۔ قاعدہ یہ ہے۔ کہ پُرانی اینٹ کے شکستہ اور ریختہ ہونے کی صورت میں بھی اینٹیں لگائی جاتی ہیں۔ اب محکمہ کی جانب سے جو اینٹیں لگائی گئی ہیں۔ وہ اس درجہ پرانی اینٹوں سے مماثل ہیں۔ کہ خود افسرانِ محکمہ کے لئے نئے اور پُرانے کام میں امتیاز کرنا مشکل ہے۔ موہنجوڈارو میں ایک پُرانے گھر کی ایک دیوار نظر سے گذری۔ جس کا زمانہ ۲۶۰۰ قبل مسیح بتایا جاتا ہے۔ یہ دیکھ کر تعجب اور افسوس ہُوا۔ کہ اس ساری کی ساری دیوار میں ایک اینٹ بھی ایسی نہیں تھی۔ جس کی عمر پانچ سال سے زیادہ ہو۔ موہنجوڈارو کے سارے رقبے میں اسی طرح کا فریب دِہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ جو نہ آثار شناس کے لئے نفع بخش ہے نہ عوام کے لئے۔ وہ نئی دیواریں جو پُرانی بنیادوں پر

کھڑی کر دی گئی ہیں۔ آثار قدیمہ کی حیثیت سے بے کار محض ہیں کیونکہ پرانے آثار نیچے سے دن بدن خراب و خستہ ہوتے جائیں گے۔ گویا محکمہ نے اُن کو زمین سے کھود کر تلف کر دینے کا کام خود کیا۔

باقی رہا نالندہ سو وہاں بھی یہی جوش بے محل نظر آتا ہے۔ یہاں اگرچہ احتیاط اور علمی دانشمندی کا کچھ نہ کچھ ثبوت مل جاتا ہے۔ لیکن بے ضرورت اور بے مصرف کھدائی اور تحفظ کا مظاہرہ یہاں بھی ہوا۔ نالندہ میں ۱۳ خانقاہوں کی کھدائی اور مرمّت ہوئی۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ سب ایک ہی وضع اور اسلوب کی عمارتیں ہیں۔ اور مناسب یہ تھا کہ ان سب کو زندہ کرنے میں وقت اور روپیہ ضائع کرنے کی بجائے زیادہ سے زیادہ تین یا چار عمارتیں جلوہ گاہِ شہود پر لائی جاتیں اور باقی آنے والی نسلوں کے لئے زیر زمین مدفون ہی رہتیں۔ تو بہت اچھا ہوتا۔

عجائب خانے آثار قدیمہ کے ساتھ عجائب خانوں کے قیام کی ابتدا ۱۹۰۴ء میں ہوئی۔ جب کہ اوّل مرتبہ محکمہ کی طرف سے سرناتھ (Sarnath) میں ایک عجائب گھر وہاں کے منقولہ قدیم نوادر کی حفاظت کے لئے قایم ہوا۔ دراصل یہ خیال یونان سے لیا گیا ہے۔ جہاں اس کا تجربہ بہت کامیابی کے ساتھ ہوا۔ اور اسی اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت ہند نے بھی اس پر عمل کیا۔ چنانچہ اس وقت علاوہ سرناتھ کے نالندہ، ٹیکسلا، مہنجوڈارو، ہڑپا، نگر موناکنڈا، پگن وغیرہ میں عجائب گھر قایم ہیں۔ ان خالص محکمانہ عجائب گھروں کے علاوہ دہلی، لاہور اور کلکتہ میں بھی نوادر قدیمہ کے شعبے ہیں۔

یونان ہندوستان کے مقابلے میں ایک مختصر ملک ہے۔ وہاں فاصلے

اتنے زیادہ نہیں ۔ جتنے یہاں ہیں ۔ اس لئے وہاں شائقین اور زائرین کا سب عجائب گھروں پر مجموعی نظر ڈالنا آسان ہے ۔ لیکن ہندوستان جیسے ایک وسیع برِاعظم میں یونان کی مثال پر عمل کرنا قرینِ دانشمندی نہیں ؛

عجائب گھروں سے تین چار فائدے مطلوب ہوا کرتے ہیں ۔ مثلاً ایک تو یہ ہے ۔ کہ نوادرِ قدیمہ کو محفوظ کیا جائے ۔ دوسرا یہ ہے ۔ کہ ان سے علمی تحقیق میں مدد ملے ۔ خواہ وہ اپنے سٹاف کی طرف سے ہو یا باقی سکالرز کی طرف سے اور تیسرا فائدہ یہ بھی ہوتا ہے ۔ کہ عام پبلک کو اِن کے ذریعے تعلیم دی جائے ۔ ان سب فوائد کے حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے ۔ کہ سٹاف علمی طور پر تمام معلوماتِ متعلقہ سے آراستہ ہو ۔ پھر یہ بھی لازمی ہے ۔ کہ سکالروں کے پاس تمام متعلقہ رپورٹیں اور دیگر یادداشتیں موجود ہوں ۔ تاکہ حوالہ اور مطالعہ میں آسانی ہو ۔ لیکن ان نوادرِ قدیمہ کا نمائش گاہوں میں ان کھنڈروں کے پاس پڑا رہنا چنداں مفید نہیں ۔ جتنا یہ ضروری ہے ۔ کہ وہ کسی اعلےٰ درجے کی لائبریری کے پاس ہوں ۔ جہاں نوادر اور آرکیالوجی کے متعلق جملہ ضروریات مہیا ہوں ۔ یہ سچ ہے ۔ کہ جہاں سے کوئی چیز دستیاب ہو ۔ وہیں اس کو نمائش کے لئے رکھ دینا منطقی لحاظ سے اچھا معلوم ہوتا ہے ۔ لیکن افادی طور پر اس بات کی کوئی قدر و قیمت نہیں ؛

بعض عجائب گھر ایسے ہیں ۔ جن میں نہ تاریخی ترتیب ملحوظ ہے ۔ نہ ان پر کوئی نشان یا علامت امتیازی موجود ہے ۔ جو شاید اس بات کا پتہ دیتی ہے ۔ کہ مایوس اور افسردہ مہتمم (Curator) پبلک اور زائرین کی بے اعتنائی کی وجہ سے اِکے دُکے سیاح کے کبھی کبھار آ نکلنے کو اس قابل نہیں خیال کرتا

کہ اس پر زیادہ وقت صرف کرے۔ اِن عجائب گھروں کو بے سُود ثابت کرنے کے لئے صرف اتنی ہی بات کافی ہے۔ کہ ان کا تعلیمی پہلو بالکل کمزور ہے۔ جس کی وجہ زیادہ تر یہ ہے۔ کہ وہ ان دور دراز مقامات پر ہیں۔ جہاں شایقین اور زائرین کا پہنچنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ موہن جوڈارو نسبتاً سب جگہوں سے زیادہ توجّہ خیز اور شہرت کا مقام ہے۔ لیکن وہاں بھی زائرین کی تعداد سال میں ایک ہزار سے زیادہ نہیں ہوتی۔ اور اس تعداد میں بھی سال بہ سال کمی آتی جاتی ہے۔ نالندہ میں ہر سال ...۷ سے زیادہ زائرین آتے ہیں لیکن ان خانقاہوں کے وسیع رقبہ کو دیکھ چکنے کے بعد بچاروں میں اتنی ہمّت نہیں رہتی۔ کہ عجائب خانہ کو بھی دیکھ سکیں۔ یا اگر دیکھ بھی سکیں تو توجّہ اور غور سے مطالعہ کر سکیں۔ وقت جو ایک زائر صرف کرتا ہے۔ وہ اوسطاً پانچ منٹ کے قریب ہوتا ہے ؞

نگر جونا کنڈہ میں تو حد ہو گئی ہے۔ وہاں ایک عجائب خانہ قایم ہو رہا ہے۔ جو بقول ڈائرکٹر جنرل آرکیالوجی "رسائی سے باہر ہے"۔ اس پر ۲۷۰۰۰ روپیہ صرف ہو رہا ہے۔ مقصود یہ ہے۔ کہ وہاں کے بعض قدیم سنگ تراشی کے نمونوں کو محفوظ کیا جائے۔ حالانکہ گذشتہ دو سال کے عرصے میں جب سے اُن کی نمایش ہو رہی ہے۔ محکمہ کے عملہ کے علاوہ سر لینونارڈ وُلی پہلے آدمی تھے۔ جنہوں نے ان اشیاء کو دیکھا۔ سچ یہ ہے۔ کہ وہ عجائب گھر جو کسی مرکزی مقام میں موجود ہو۔ تعلیمی لحاظ سے ان نمایش گاہوں سے ہزار گُنا زیادہ مفید ہے۔ جو کھُدے ہوئے کھنڈروں کے ساتھ قایم کئے گئے ہیں لیکن بہت دُور ہیں ؞

ہندوستان میں آثار قدیمہ کے عجائب خانوں کے سلسلے میں مارخم اور

ہارگریوصاحبان نے جو رپورٹ مرتب کی ہے۔ اس میں ان کے نقائص اور خامیوں پر سیر حاصل تبصرہ کیا ہے۔ درحقیقت محکمہ کے سٹاف میں قابل لوگوں کی شاید کمی نہیں۔ جس چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ وہ ٹریننگ اور عمدہ تربیت ہے۔ ان میں بے شمار ایسے حضرات ہیں۔ جن کو صحیح معنوں میں اپنی استعداد اور صلاحیت کو بروئے کار لانے کا پورا پورا موقعہ نہیں ملا۔ ورنہ شاید محکمہ کی یہ حالت نہ ہوتی۔ تربیت اور ٹریننگ کا ایک طریقہ یہ بھی ہوتا ہے۔ کہ عملہ کے کہن خدمت افراد نو خدمت افراد کے لئے قابل تقلید ہوں لیکن یہاں تو وہ فارسی ضرب المثل صادق آتی ہے ع

خفتہ را خفتہ کے کند بیدار

حضرات! میں نے سر لینونارڈ وولی کی رپورٹ کے ایک باب کا خلاصہ سا پیش کیا ہے۔ تاکہ آپ پر واضح ہو جائے۔ کہ محکمۂ آثار قدیمہ کس نہج پر چل رہا ہے اور اس کا طریق عمل کس درجہ غلط اور دور از کار ہے۔ وولی صاحب کی ماہرانہ رپورٹ محکمہ کی کارکردگی کے خلاف ایک پُرزور صدائے احتجاج ہے، اس کی مالی حکمت عملی، اس کی علمی اور تعلیمی بنیادِ عمل، اس کے اجزائے ترکیبی اس کی کھدائی اور اشیائے قدیمہ کی حفاظت کا طریقہ، اس کا آثار و عمارات کو چھوڑ کر بوسیدہ اور مٹے ہوئے مدفون آثار کو زندہ کرنے کی کوشش غرض تمام کا تمام نظام وولی صاحب کے نزدیک اس قابل ہے۔ کہ اس کی اصلاح کی جائے اور اس کے متعلق جدید حکمتِ عملی اختیار کی جائے۔

ہندوستان کے اسلامی عہد کی تاریخ میں دلچسپی رکھنے والے حضرات جہاں محکمہ آثار کی بعض خدمات کے لئے شکر گزار ہیں۔ وہاں یہ احساس رکھنے میں حق بجانب ہیں۔ کہ تاریخ ہند کا یہ ہزار سالہ دور اپنی درخشاں روایات کے

اعتبار سے یقیناً اس بات کا مستحق ہے۔ کہ لکھی ہوئی تاریخ کی تصدیق ، تردید اور نزہیم کی خاطر تہذیب کا آثاری حصّہ پورے کا پورا محفوظ رکھا جائے۔ گجرات، سندھ ، بہاولپور اور راجپوتانہ میں قدم قدم پر تاریخ کی اَمِٹ شہادتیں موجود ہیں۔ لیکن ہماری غفلت اور محکمہ کی بے مہری سے بے پناہ طریق پر تلف ہو رہی ہیں۔ ان کی حفاظت کا مستقل بندوبست کیا جائے۔

محکمہ آثار میں قابل عربی فارسی جاننے والے مؤرخوں کی افسوسناک کمی ہے۔ تاوقتیکہ محکمہ میں علم الآثار کے ماہر فارسی سے اور عہد اسلامی کی تاریخ سے کامل واقفیت رکھنے والے موجود نہ ہوں گے۔ اس وقت تک کام باحسن وجوہ انجام نہیں پا سکے گا۔

پھر ان ماہرین کی تربیت اور ٹریننگ کے لئے مکمل انتظام ہونا چاہیئے جو کتبوں کی صحیح شناخت کے لئے اسلامی خط کی تدریجی تاریخ سے کامل طور پر وابستگی رکھتے ہوں۔ فارسی زبان کی استعداد بھی بدرجۂ غایت ضروری ہے۔ اور اس کے ہمراہ ہندوستانی مصوّری اور دوسرے متعلّقہ فنون کا جاننا بھی لابدی ہے۔

ان علوم و فنون کی علمی اور اصطلاحی واقفیت ازخود ایک امر محال ہے۔ اس کے لئے ناگزیر ہے۔ کہ محکمہ میں تین چار اسے درجے کے ماہرین ہر وقت موجود رہیں۔ جو تربیت اور تعلیم کا فرض انجام دیں۔ جس کے بغیر یہ ہرگز ممکن نہیں۔ کہ آثار قدیمہ کا یہ حصّہ صحیح معنوں میں محفوظ ہو سکے۔

سیّد محمّد عبداللہ

رباعی کے اوزان یاد رکھنے کا ایک آسان طریقہ

(سلسلہ کے لئے دیکھو یہی رسالہ بابت ماہ فروری ۱۹۴۰ء)

(۲)

شجرۂ اخرب واخرم

رباعی کی تاریخ میں دوسرا انقلاب شجرۂ اخرب واخرم کی ایجاد ہے۔ یعنی اس کے چوبیس اوزان کو بارہ بارہ اوزان کے دو شجروں میں تقسیم کر دینا ان شجروں کے واضع امام علین الزمان حسن قطان مروزی ہیں جو سلطان سنجر کے عہد کے ایک زبردست حکیم۔ طبیب۔ مہندس اور ادیب ہیں تتمۂ صوان الحکمہ[1] میں جو حکمائے اسلام کی ایک تاریخ ہے ان کا ذکر ملتا ہے۔ علین الزمان ابی العباس لوکری کے شاگرد ہیں۔ موزوں طبیعت رکھتے تھے۔ کئی تصانیف کے مالک ہیں۔ ازانجملہ گیہان شناخت ہیئت میں۔ طب میں کئی رسالے۔ ایک کتاب دوحہ انساب میں۔ ایک کتاب عروض میں ہے۔ تقلیل غذا ان کے معالجہ کی ایک نمایاں خصوصیت تھی[2]۔ غذا درکنار غذائی دواؤں سے بھی احتراز کرتے تھے۔ ۵۳۶ھ میں جب قراختائیوں نے قطوان کی جنگ میں سلطان سنجر کو

---

[1] از علی بن زید البیہقی متوفی ۵۶۵ھ مرتبہ پروفیسر محمد شفیع ۱۹۳۵ء، [2] تتمہ صوان الحکمہ ص ۱۵۵،

شکست دی۔ اتسز خوارزمشاہ میدان خالی دیکھ کر مرو پر جو سنجر کا دار السلطنت تھا چڑھ دوڑا۔ اس موقعہ پر مرو کے غنڈوں کی ایک جماعت خوارزمشاہی فوج کے ساتھ مل گئی اور شہر میں قتل و غارت کا بازار گرم ہوگیا۔ رشید وطواط وزیر دیوان رسالت خوارزمشاہ سے امام حسن قطان کے دیرینہ تعلقات تھے۔ امام صاحب ایک نہایت قیمتی اور بے نظیر کتب خانے کے مالک تھے۔ اس کے غارت ہوجانے کے خوف سے انہوں نے وطواط سے جو اتسز کی فوج میں موجود تھے سلسلہ جنبانی کی کہ میرا کتب خانہ خوارزمشاہی لشکر میں منگوالیا جائے تاکہ تلف ہوجانے سے محفوظ رہے۔ لیکن وطواط نے ان کی منت پر کان نہیں دھرے اور نتیجہ یہ ہوا کہ تمام کتاب خانہ غارت ہوگیا۔ امام صاحب کو بے حد صدمہ ہوا۔ جوش غضب میں انہوں نے وطواط کو مطعون کرنا شروع کیا کہ میرا کتاب خانہ ان کے اشارہ سے غارت ہوا اور ہر محفل و مجلس میں اس کا چرچا کرتے رہے۔ وطواط نے معذرت میں عین الزمان کو لکھا کہ میں آپ کی خواہش کے مطابق آپ کے مکان پر پہنچا۔ لیکن چونکہ کتابیں بڑی تعداد میں تھیں اور ان کے نقل کئے جانے کا کوئی بندوبست ممکن نہیں تھا۔ اس لئے میں کتابوں کو اسی طرح چھوڑ کر واپس چلا آیا۔ اس جواب سے عین الزمان کی تسلی نہیں ہوئی اور بدستور وطواط کی بدگوئی میں مصروف رہے۔ آخر رشید نے اپنے مراسلات میں سختی کا لہجہ اختیار کیا اور دھمکی دی کہ اگر عین الزمان اپنی حرکات سے باز آگئے تو میں بدستور ان کا مخلص قدیمی ہوں۔ اور اگر میری بدنامی میں اسی طرح مصروف رہے تو میں ان کے خلاف چارہ جوئی کروں گا۔ یہ نوبت آنے پر ان میں کچھ صفائی کی صورت پیدا ہوگئی اور قصہ ختم ہوگیا[1]۔

---

[1] حدائق السحر تالیف رشید الدین محمد عمری کاتب بلخی معروف بوطواط متوفی ۵۷۳ھ۔ طہران صفحہ ط

امام عین الزمان ان شجروں کی ایجاد کی بنا پر دنیائے عروض میں بے حد مشہور ہیں اور تقریباً ہر عروضی اپنی تالیف میں ان کا تذکرہ کرتا ہے۔ شمس قیس المعجم میں کہتے ہیں کہ "خواجہ امام حسن قطان کہ یکی از ائمۂ خراسان بودہ است دو شجرہ ساختہ است یکی را شجرۂ اخرب گویند و دیگری را شجرۂ اخرم"۔ (ص ۹۱)

سیفی اپنے رسالہ میں تحریر کرتے ہیں :- "واز برای ضبط این اوزان خواجہ حسن قطان کہ از ائمۂ خراسان بودہ است دو شجرہ ساختہ است یکی را شجرۂ اخرب گویند و دیگرے را شجرۂ اخرم"۔

امام حسن قطان کے شجروں کا مطالعہ ہمارے لئے بڑی دلچسپی کا موجب ہوتا۔ مگر افسوس سے کہا جاتا ہے کہ دیگر عروضی قدیم تالیفات کی طرح ان کی یہ عروضی تالیف بھی مفقود و معدوم ہے۔ البتہ شمس قیس کا بیان ہے۔ کہ میں نے اپنی تالیف میں وہ شجرے اسی صورت میں نقل کئے ہیں۔ "من درین تالیف ہمان صورت نقش کردم" (ص ۹۱ المعجم) مگر شمس قیس کی کتاب کے مرتب مرزا محمد بن عبدالوہاب قزوینی یہ بری خبر سناتے ہیں کہ نسخۂ اصل میں چونکہ شجرہ کا زیریں حصہ شکستہ تھا۔ میں نے وحید تبریزی وغیرہ کے رسائل عروض سے اس کو درست کرلیا۔ جب مطبوعہ المعجم کے شجرہ کو المعجم کے قلمی نسخوں سے مقابلہ کیا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ بعض جزویات کے سوا دونوں شجرے یکساں ہیں۔ یہ شجرہ اگرچہ ایک حد تک سلجھا ہوا ہے مگر اس کی ساخت اور ترتیب اعتراض سے خالی نہیں۔ ایک تو اس میں چھ کی جگہ سات متوازی خطوط یا شاخیں بنا کر بادی النظر میں طالب علم کے لئے الجھن کا سامان پیدا کر دیا ہے اور جس کی بنا پر حشو دوم یا مصرعہ کے تیسرے رکن مفعولُ کو دیگر اوزان کے برخلاف دو جگہ یعنی مفعولن سے پہلے اور پیچھے رکھا گیا ہے

لیکن غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ طریقہ دانستہ اختیار کیا گیا ہے۔ تاکہ مفعولن کو قلب میں جگہ مل جائے اور باقی اوزان اس کے چپ و راست ایک دوسرے کا مثنّیٰ یا جواب بن کر نصفا نصف آجائیں اور ذہن میں آسانی کے ساتھ منضبط ہو سکیں۔ مگر موجودہ شجرے اس التزام کے پابند نہیں ؀

یہاں مجھے شجرۂ اخرب کی کسی قدر تشریح کر دینی چاہیئے۔ اس شجرہ میں صدر و ابتدا یعنی مصرعوں کے آغاز میں بارہ مرتبہ مفعولُ تمام اوزان میں آتا ہے۔ حشو اول یعنی مصرع کے رکن دوم میں مفاعلن مفاعیلن اور مفاعیلُ چار چار بار بالترتیب آتے ہیں۔ تین ضرب چار، یہ بھی بارہ ہو گئے۔ مصرعوں کے تیسرے رکن یعنی حشو دوم میں چھ دو چند اوزان یعنی دو مفاعیلن، دو مفاعیلُ، دو مفعولُ، دو مفعولن، دو مفاعیلُ اور دو مفاعیلن آیا کرتے ہیں۔ یہ بھی چھ ضرب دو، بارہ اوزان ہو گئے۔ شمس قیس نے مفعولُ کو مفعولن کے دونوں پہلوؤں میں جگہ دی ہے۔ اس طرح مفعولن بالکل وسط میں آجاتا ہے۔ یعنی اس کی سیدھی طرف بالترتیب دو مفاعیلن دو مفاعیل اور ایک مفعول جگہ پاتے ہیں۔ یہی اوزان جواب کے طور پر بترتیب قلب اس کی بائیں طرف آرہے ہیں یعنے ایک مفعولُ دو مفاعیلُ اور دو مفاعیلن پانچ پانچ دس اور دو مفعولن جو بیچ میں ہے۔ یہ بھی بارہ ہو گئے۔ رہے مصرعوں کے آخری ارکان جنہیں عروض و ضرب کہتے ہیں چار ہیں یعنی فع فاع، فعل فعول جن میں سے ہر رکن خواہ بترتیب دوری خواہ جداگانہ تین تین بار آتا ہے۔ چار ضرب تین یہ بھی بارہ ہو گئے۔ شمس قیس کے ہاں ایک سے پانچ تک اور بارہ سے آٹھ تک تقابلی ترتیب کا لحاظ جو ممکن تھا نہیں رکھا گیا۔ البتہ باقی ارکان میں کوئی ترتیب قائم نہیں ہو سکتی۔ المعجم کے مطبوعہ نسخے سے شجرۂ ذیل یہاں نقل کرتا ہوں:-

نمبر اوّل

شجرہ اخرب

از المعجم فی معاییر اشعار العجم صـ ۹۲ طبع بیروت سنہ ۱۳۲۷ھ

فع
فاع
فعل
فعول
مفعول
فع
فاع
فعل
فعول
فاع
فع
فعول
فعل
مفعولن
مفاعیلن
مفاعیلن
مفاعیل
مفاعیلن
مفاعیلن
مفعول
مفعولن
مفعولن
نمبر اوّل
شجرۂ اخرم

(شجرۂ نمبر۲) مولانا جامی نے اپنے عروضی رسالہ میں دونوں شجروں کو نصف نصف دائرہ میں قائم کرکے ایک دائرہ کے اندر بند کر دیا ہے۔ اخرب اور اخرم شجروں کا جو فرق ہے وہ ہر وزن کے متوازی وزن کے دیکھنے سے بآسانی سمجھ میں آجاتا ہے، مثلاً مفعول مفاعیلن مفعول فعول اخرب کے مقابل، وزن اخرم مفعولن مفعولن مفعول فعول نظر آتا ہے۔ جس سے بیک نگاہ معلوم ہو سکتا ہے کہ جب مفعول مفاعیلن میں مفاعیلن کا میم بروی تجبیق اس کے مقدم مفعول میں شامل کر دیا گیا تو یہ وزن مفعولن مفعولن اخرم میں بدل گیا۔ جس طرح بساط پر گھوڑا چلتا ہے تقریباً اسی طرح اوزان ان شجروں میں ترتیب دیے گئے ہیں۔ اوزان جماتے وقت جامی نے حشو دوم میں شمس قیس سے اسی حد تک اختلاف کیا ہے کہ مفعول کو مفعولن سے مقدم و مؤخر لانے کے بجائے صرف مفعولن سے پیشتر درج کیا ہے۔ چوتھے رکن میں بھی اسی تبدیلی کے ماتحت اختلاف رونما ہے جامی کے شجرے ذیل میں درج ہیں :-

نمبر ۲

مفاعیلن مفعولن فع
مفاعیل مفاعیل
مفاعیلن فع
فاعلن
مفعولن
مفاعیل
فعول
فعل
مفعول
مفعولن

شجرۂ اخرب و اخرم از رسالۂ عروض مولانا جامی

لیکن نوروز کی حقیقی ابتدا صرف یہ ہے کہ وہ موسم بہار کی آمد کی خوشی میں منایا جانا شروع ہوا۔ ایران میں چونکہ موسم سرما بہت طویل اور شدید ہوتا ہے۔ اور بہار کی آمد نہ صرف گرمی کا پیغام لاتی ہے۔ بلکہ فصلوں کے بونے کا موسم بھی اسی سے شروع ہوتا ہے لہٰذا اس کی آمد پر خوشی کا اظہار ایک طبعی امر ہے۔ علاوہ اس کے اس موسم میں اعتدالِ ہوا کی

وجہ سے طبیعتوں میں ایک قدرتی امنگ ہوتی ہے اور گل وسبزہ اور چمن کی شادابی دلوں میں جوش پیدا کرتی ہے۔ اس لئے ایسے موسم میں اس قسم کے تہوار کا ہونا لازمی اور بدیہی بات ہے۔ ایران کے ایک فاضل مضمون نگار نے جشنِ نوروز کی کیفیّت وتاثیر بیان کرتے ہوئے اسی خیال کی تائید بالفاظِ ذیل کی ہے:-

"چون این جشنِ ملّی درمیان اہل ایران در اوّل فصل بہار وموسمِ بیداری طبیعت برپا می شود و بہار ایران نیز در دشت و چمن و کوہسار و ہامون جلوۂ شور انگیز غریبی دارد لہذا این نفخۂ صور رستخیز بہاری کہ در اعتدال ربیعی و تعادل شب و روز و اعتدال ہوا دیدہ می شود یک عیدی است ہم طبیعی و ہم وضعی و ایرانی بداشتن یک چنین عید ملّی سرفرازست"[1]

بہار کی آمد کا یہ جشن اگرچہ عہد تاریخی سے پہلے شروع ہوا۔ لیکن ایرانیوں کے شمسی سال کا آغاز (جس کی رو سے نوروز کا جشن ماہِ مارچ میں تعادلِ روز وشب کے موقع پر قرار دیا گیا تھا) عہد داریوش اوّل (۵۲۱ سنہ ۴۸۵ ق م) کی یادگار ہے۔ پروفیسر مارکوارٹ المانی نے ایک فاضلانہ مقالے میں اس بات کو ثابت کیا ہے کہ ایرانیوں کے سالِ شمسی کا آغاز ۴۹۳ سنہ اور ۴۸۶ سنہ ق م کے درمیان ہوا[2]۔ یہ سال تیس تیس دن کے بارہ مہینوں پر مشتمل تھا۔ اور آخر میں پانچ دن کبیسہ کے طور پر بڑھائے جاتے تھے، لیکن چونکہ شمسی سال حقیقت میں ۳۶۵ دن

---

[1] روزنامۂ کاوہ، اپریل ۱۹۲۱ء، [2] مودی میموریل والیوم (طبع بمبئی)، ۱

۵ گھنٹے ۴۸ منٹ اور ۴۶ سیکنڈ کا ہوتا ہے۔ لہٰذا ایرانی سال میں نوروز کا دن ہر چار سال کے بعد ایک دن پیچھے ہٹتا رہا۔ یہاں تک کہ وہ بہار کے موسم سے نکل کر سال کے ہر موسم میں گردش کرتا چلا گیا، یہی وجہ ہے کہ تاریخ کے مختلف زمانوں میں اس کا وقوع مختلف مہینوں میں مذکور ہے۔ چنانچہ ۳۰۴ء میں نوروز ۱۱ر ستمبر کو ہوا، ۶۰۶ء میں (خسرو پرویز کے عہد میں) ۲۰ ر جون کو ہوا اور ۸۲۵ء میں (خلیفہ مامون کے عہد میں) ۱۲ر اپریل کو، نوروز کی یہ گردش ملک شاہ سلجوقی کے عہد تک جاری رہی، تاریخ میں ملک شاہ کے زمانے کا یہ مشہور واقعہ ہے کہ اس نے تقویم ایرانی کی تجدید کے لئے اصفہان میں ایک خاص رصدگاہ بنوائی اور عمر خیّام اور چند اور منجّموں کو اس کام پر مامور کیا، ۱۰۷۹ء میں نئی تقویم جو تقویم جلالی کہلاتی ہے تیار ہوئی جس کی رُو سے نوروز کا دن ہمیشہ کے لئے ۲۱ ر مارچ مقرر ہو گیا۔ یعنی وہ دن جبکہ آفتاب برجِ حوت سے نکل کر برج حمل میں داخل ہوتا ہے +

علم ہیئت کے اعتبار سے نوروز کی گذشتہ تاریخ کو بیان کرنے کی ہمیں ضرورت نہیں۔ اس لئے کہ علاّمہ البیرونی نے آثار الباقیہ میں اس کو وضاحت کے ساتھ لکھا ہے۔ اور پروفیسر مارکوارٹ آلمانی نے بھی اپنے مقالے میں اسے دہرایا ہے[1]، لیکن اس بارے میں ایک بات جو قابلِ ذکر ہے وہ یہ ہے کہ اگرچہ داریوش کے زمانے سے ملک شاہ کے عہد تک نوروز کا دن پیچھے ہٹتے ہٹتے سال کے مختلف موسموں میں دَورہ کرتا رہا۔ تاہم ہمارے پاس اس بات کا ثبوت موجود ہے کہ نوروز کا تہوار عہد ملکشاہی سے پہلے بھی ہمیشہ موسمِ بہار ہی میں منایا جاتا تھا۔ مختلف زمانوں کے شعراء جو نوروز پر

---

[1] مودی میموریل والیوم (طبع بمبئی)، +

قصائد لکھتے رہے ہیں ہمیشہ موسم بہار کے ساتھ اس کا ذکر کرتے ہیں
مہیار دیلمی نے جو چوتھی صدی ہجری کے آخر اور پانچویں صدی کے شروع
میں گذرا ہے تہنیت جشن نوروز پر بے شمار قصیدے لکھے ہیں جن میں
متعدد موقعوں پر بہار کا مذکور ہے، ذیل کے اشعار مثال کے طور پر پیش
کئے جا سکتے ہیں :-

(۱) وإن أتى رائد النيروز مجتديا
أيمانكم فالروابي الخضر والعشب
فمن جباهكم نَوَرُ الربيع لنا
ومن أكفكم الأنواء تنسكب (دیوان ج ۱، ص ۱۳۲)

(۲) أرجات الأعطاف مهدى جناها
لك يهدى الى الربيع الوردا (ج ۱، ص ۲۷۱)

(۳) وحسر النيروز من قناعه
طلعته على الربيع الناضر
وزاركم يرفل فى وشائع
من حلل الروض وفى حبائر (ج ۲، ص ۲۲)

فرخی نے بھی (جو عہد ملکشاہی سے پہلے کا شاعر ہے) بہت سے قصیدوں
میں نوروز کا مضمون نظم کیا ہے۔ اور ہر جگہ موسم بہار کے ساتھ اس کا وابستہ
ہونا ظاہر کیا ہے، مثلاً :-

(۱) روز نوروز و روزگار بہار فرخت باد و خرم و پدرام
(دیوان ص ۲۳۱)

(۲) سال نو است و ماہ نو و روز نو وقت بہار و وقت گل کامگار

شادی دخرّمی را نوکن بسیج　　دل را بخرّمی و بشادی سپار

(ص ۹۹)

(۳)　در روز و جہان چون بہشت گشتہ　　پُر لالہ و پُر گُل کُہ و بیابان
چون چادر مصقول گشتہ صحرا　　چُون حلّۂ منقوش گشتہ بُستان
در باغ بنوبت ہمی سراید　　تا روز ہمہ شب ہزار دستان

(ص ۳۲۴)

عنصری کے ہاں بھی اسی قسم کے اشعار ملتے ہیں اور منوچہری کے دیوان میں ایسی مثالیں اور بھی زیادہ ہیں ؞

ایک قصیدے میں جس کا عنوان "در صفت نوروز و مدح خواجہ حسن میمندی" ہے۔ اُس نے نوروز کے موقع پر آفتاب کا برج حوت سے برآمد ہونا واضح طور پر بیان کر دیا ہے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس کے زمانے میں نوروز کا دن ۲۱ مارچ ہی تھا:۔

بارد درّ خوشاب باز ز آستین سحاب
وز دُم حُوت آفتاب روی ببالا نہاد

ان مثالوں سے بخوبی یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچتی ہے۔ کہ تقویم جلالی سے پہلے بھی نوروز کا تہوار ہمیشہ موسم بہار ہی میں منایا جاتا تھا، دوسری طرف (جیسا کہ ہم نے اوپر بیان کیا) تاریخ سے ثابت ہے کہ مختلف زمانوں میں نوروز کا دن مختلف مہینوں میں آتا رہا۔ ان معلومات کی روشنی میں ہم یہ نتیجہ نکالنے پر مجبور ہیں کہ ایران میں دو تقویمیں رائج تھیں۔ ایک سرکاری، جس کی رو سے سال شمسی ۳۶۵ دن کا تھا۔ اور لہٰذا نوروز کا دن پیچھے سرکتا رہتا تھا اور دوسری مذہبی جس کی رو سے شمسی سال ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے

۴۸ منٹ اور ۴۶ سیکنڈ کا تھا۔ اور لہذا نوروز ہمیشہ ۲۱ مارچ کو ہونا تھا۔ تمام تہواروں کا منانا مذہبی تقویم کے مطابق ہوتا تھا۔ البیرونی کے بیان سے ہمارے اس خیال کی تائید ہوتی ہے، وہ لکھتا ہے کہ خلیفہ المعتضد نے (۸۹۲ء۔۹۰۲ء) ایرانی تقویم میں اصلاح کرائی اور نوروز کو ماہ جون میں قرار دیا اور تقویم جلالی کے آغاز تک وہ جون ہی میں مقیم رہا"[1]

ساسانیوں کے زمانے میں جبکہ زرتشتی مذہب کو سرکاری مذہب قرار دیا گیا تو عید نوروز کا بطور سرکاری جشن کے منایا جانا شروع ہوا۔ اور لہذا اس کی اہمیت بہت بڑھ گئی۔ اس کی حیثیت اس زمانے میں نیم کاری اور نیم مذہبی تہوار کی تھی۔ مذہب کی رو سے زرتشتی نوروز کو "یوم اموات" مانتے تھے۔ عقیدہ یہ تھا کہ اس روز مُردوں کی رُوحیں آسمان سے اُترتی ہیں اور اپنے اعزہ کے گھروں میں آکر کھانے اور پینے کی چیزیں مانگتی ہیں، لوگ اُس رات گھروں کی چھتوں پر یا دخموں پر کھانے کے خوان رکھواتے تھے۔

شاہانِ ساسانی نوروز کو مذہبی تہوار کے طور پر مناتے تھے، اس دن صُبح کے وقت سب سے پہلا شخص جو بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا موبدان موبد تھا۔ نوروزنامے کے بیان کے مطابق وہ اپنے ساتھ مفصلہ ذیل اشیاء بادشاہ کے پاس لے جاتا تھا:- سونے کا ایک پیالہ جس میں شراب ہوتی تھی، انگشتری، درہم، دینار، خوید، تلوار، تیر و کمان،

---

[1] سرکاری تقویم کی رو سے نوروز کا دن بطور تہوار کے نہیں منایا جاتا تھا۔ بلکہ زمینداروں سے سالانہ وصول کرنے کا ایک روز معین تھا۔ نوروز کو جون میں لانے کی وجہ یہی تھی کہ اس مہینے میں فصل پک کر تیار ہو جاتی ہے اور کاشتکاروں کو لگان ادا کرنے میں سہولت ہوتی ہے۔

دوات و قلم ، گھوڑا ، باز اور ایک خوب صورت غلام ، نوروزنامے کے مصنف نے ان میں سے ہر ایک چیز کی خوبیاں اور معنی سمجھائے ہیں ، بادشاہ کے سامنے حاضر ہو کر وہ الفاظ ذیل کو دہراتا تھا :-

" شہا بجشن فروردین بماہ فروردین آزادی گزین بیزدان ودین کیان ، سروش آورد ترادانائی و بینائی بکاردانی ، و دیر زی باخوی ہژیر ، وشادباش برتخت زرّین ، و انوشہ خور بجام جمشیدؑ ورسم نیاگان در ہمّت بلند و نیکوکاری و ورزش داد و راستی نگاہ دار ، سرت سبز باد و جوانی چون خوید ، اسپت کامگار و پیروز و تیغت روشن وکاری بدشمن و بازت گیرا و خجستہ بشکار و کارت راست چون تیر ، وہم کشوری بگیر نو ، برتخت بادرم ودینار ، پیشت ہنری و دانا گرامی ، و درم خوار وسرایت آباد و زندگانی بسیار ، "

یہ کہہ کر وہ شراب کو پہلے خود چکھتا تھا اور پھر بادشاہ کو ایک ہاتھ سے پیالہ اور دوسرے ہاتھ سے خوید دیتا تھا اور درہم و دینار کو اس کے آگے تخت پر رکھ دیتا تھا ، جشن نوروز مسلسل چھ دن تک منایا جاتا تھا یعنی یکم فروردین سے ۶ فروردین تک ، ان میں سے پہلا اور چھٹا دن بہت مقدس مانے جاتے تھے ۔ یکم فروردین کا نام روز ہرمز تھا اور ۶ فروردین کو روز خرداد کہتے تھے اور عقیدہ یہ تھا کہ اس دن خدا نے کائنات کی آفرینش کا کام ختم[1] کیا اور ہر شخص کو اس کی قسمت عطا کی گئی ، پہلی تاریخ کو تعطیل عام ہوتی تھی ۔ بادشاہ لوگوں کو انعام دیتا تھا اور خیرات کرتا تھا ، زمینداروں سے جو معاملہ

---

[1] اسلامی عقیدہ بھی یہی ہے ۔ کہ خدا تعالےٰ نے زمین و آسمان کو چھ دن میں پیدا کیا ،

سال بھر میں وصول کیا جاتا تھا وہ اس روز بادشاہ کی خدمت میں پیش ہوتا تھا اور نئے سکّے جاری کئے جاتے تھے۔ بادشاہ دربار کرتا تھا اور امراء اور شاہزادے سلام کے لئے حاضر ہوتے تھے اور بادشاہ سے انعام و اکرام پاتے تھے۔ چھٹے دن بادشاہ کے محل میں ضیافت کا سامان ہوتا تھا جس میں صرف خاندان شاہی کے لوگ اور ممتاز امرا شریک ہوتے تھے۔ آتشکدوں میں صفائی کی جاتی تھی اور لوگ علی الصباح نہروں اور دریاؤں پر نہانے جاتے تھے، ایک دوسرے پر پانی چھڑکتے تھے اور ایک دوسرے کو مٹھائیوں کے تحفے دیتے تھے، ہر شخص صبح اُٹھتے ہی بات کرنے سے پہلے شکر چکھتا تھا یا تین بار شہد چاٹتا تھا اور جسم پر تیل ملتا تھا۔ تاکہ سارا سال بیماریوں سے محفوظ رہے۔ پانی چھڑکنے کی رسم کی ابتدا اس طرح بیان کی جاتی ہے۔ کہ جمشید کے تخت نشین ہونے سے پہلے سخت خشک سالی ہوئی۔ لیکن جس دن وہ تخت نشین ہوا اُسی دن بارش ہوئی اور اس کو فال نیک سمجھا گیا، لوگوں نے اس کو نیک شگون قرار دینے کے لئے ایک دوسرے پر پانی چھڑکنے کی رسم جاری کی شکر چکھنے کی رسم بھی جمشید ہی کے زمانے سے جاری ہوئی، نیشکر سب سے پہلے اُسی کے عہد میں دریافت ہوا اور شکر سب سے پہلے اُسی کے زمانے میں تیار کی گئی۔ اس کا چکھنا اور ایک دوسرے کو تحفے کے طور پر بھجوانا خوش بختی کی علامت قرار دیا گیا۔

اسلامی زمانے میں خلفاء عباسی نے ساسانیوں کی جملہ رسوم و روایات کو برقرار رکھا، منجملہ ان کے ایرانی تہواروں کا مناتا تھا، چنانچہ ان کے زمانے میں جشن نوروز کی تقریب تقریباً تمام اسلامی ممالک میں رائج ہو گئی،

خصوصاً عراق، مصر اور ترکستان میں، جرمن مؤلف ایڈم میٹس نے اپنی کتاب "احیاء اسلام"[۵] میں ممالک اسلامی میں نوروز کے جشن کی کیفیت بیان کی ہے وہ لکھتا ہے کہ بغداد میں خلیفہ عباسی نوروز کے دن لوگوں کو بیش بہا تحفے انعام میں دیتا تھا۔ بخارا میں شاہان سامانی اُس روز اپنے سپاہیوں کو گرمیوں کے کپڑے تقسیم کرتے تھے۔ اسی طرح مصر میں خلفائے فاطمی بھی لوگوں کو خلعت اور لباس انعام میں دیتے تھے۔ بغداد میں خلیفہ کے سامنے ایکٹر کھیل کر کے دکھاتے تھے اور خلیفہ ان پر زر و نقد نچھاور کرتا تھا، ایک دوسرے پر پانی چھڑکنے کی رسم مصر میں بھی تھی۔ اور چینی سیاح ونگ ین ٹے نے ۹۸۱ء میں یہی رسم طرفان (ترکستان) میں بھی دیکھی جہاں لوگ چاندی اور تانبے کی نلیوں میں پانی بھر کر ایک دوسرے پر پھینکتے تھے، مصر میں نوروز کے دن ایک شہزادے کو امیر النوروز مقرر کیا جاتا تھا، وہ اپنے چہرے پر آٹا اور چونہ مل کر ایک گدھے پر سوار ہو کر بازاروں میں پھرتا تھا۔ اور مالدار لوگوں سے نقدی وصول کرتا تھا اور جو نہ دے اس پر غلاظت پھینکتا تھا، لوگ ایک دوسرے کو ہنسی مذاق کے طور پر چابکوں سے مارتے تھے، اور اس بارے میں پولیس کوئی شکایت نہیں سنتی تھی، مدرسوں کے طالب علم اپنے استادوں کے ساتھ ہر قسم کی گستاخیاں کرنے کے مجاز تھے۔ بعض وقت وہ ان کو کسی حوض میں دھکا دے کر گرا دیتے تھے اور جب تک وہ انہیں کچھ نقد ادا نہ کرے اسے نکلنے نہیں دیتے تھے ۹۷۴ء میں خلیفہ نے جشن نوروز کا منانا ممنوع قرار دیا۔ لیکن لوگ باز نہ آئے۔ تا آنکہ چودھویں صدی کے آخر میں سلطان برقوق نے اس کا بالکل

---

[۵] Renaissance of Islam

خاتمہ کر دیا *

شاہانِ غزنوی بھی نوروز کو بڑی دھوم دھام سے مناتے تھے۔ دربارِ عام ہوتا تھا اور شعراء مبارکباد کے قصیدے پیش کرتے تھے جن کے نمونے فرخی اور منوچہری کے دیوانوں میں موجود ہیں۔ شراب کا دور چلتا تھا اور رقص و سرود کی محفلیں گرم ہوتی تھیں، سلجوقیوں نے نوروز کو جو اہمیّت دی وہ اس سے ظاہر ہے۔ کہ ان کے زمانے میں سرکاری تقویم میں بھی نوروز کا دن ۲۱ مارچ قرار پایا۔ عہدِ سلجوقی کے شعراء بھی جشن نوروز کے قصیدے بڑی دھوم دھام سے لکھتے رہے ہیں *

ہندوستان میں مغلوں سے پہلے نوروز کے تہوار کے متعلّق کسی قسم کے صریح بیانات نہیں ملتے۔ بدر چاچ کے دیوان میں صرف ایک قصیدۂ محمد تغلق کی مدح میں ہے جو ایک جشن کی تقریب پر پیش کیا گیا تھا۔ یہ جشن ۱۳۴۰ء کے ماہ مارچ میں منعقد ہوا جبکہ عید الفطر اور نوروز دونو ساتھ پڑے تھے۔ اس بات کا ذکر وہ اشعار ذیل میں کرتا ہے :-

عید آمده برائے تماشائے جشن شاه ‏ ‏ بر در نشستہ طالب پروانۂ درست

نوروز نیز آمده آورده عیدیی ‏ ‏ یک سبزبره کاهوی زردیش در بست

زان مُہر زر بہ پیش ترازو شرف گرفت ‏ ‏ کانجای وزن مشک بکافور ہمسرست

خاتون نوبہار شده پای کوب جشن ‏ ‏ موی سیہ بقدّ سفیدش برابرست [1]

(صہ ۳۵)

ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ آیا یہ جشن عید کی تقریب میں تھا یا نوروز کی تقریب میں۔ لیکن اشعار بالا میں نوروز کا ذکر اس امر کو ثابت کرتا ہے۔ کہ اُس

[1] آخر کے دو شعروں کا مطلب یہ ہے کہ رات اور دن برابر ہو گئے ہیں (۲۱ مارچ کو) *

عہد میں اس کو خوشی اور شادمانی کی تقریب سمجھا جاتا تھا۔

مغلوں کے دور میں اکبر نے نوروز کو ایک باقاعدہ تہوار قرار دیا۔ ابوالفضل نے آئینِ اکبری میں توضیح کی ہے۔ کہ چونکہ بادشاہ سلامت آفتاب کی پرستش کے قائل تھے۔ لہذا انہوں نے نوروز جلالی کو ایک مقدس تہوار تسلیم کیا۔ بدایونی نے بھی اس کی تصدیق کی ہے۔ اور لکھا ہے کہ نوروز مسلسل اُنیس دن تک منایا جاتا تھا۔ یعنی یکم فروردین سے ۱۹ فروردین تک، انیسواں دن روز شرف کہلاتا تھا اور سب سے زیادہ اہمیت رکھتا تھا، آگرے کے بازاروں میں آئین بندی ہوتی تھی۔ اور محلاتِ شاہی، دیوان عام اور دیوان خاص کو سجایا جاتا تھا۔ قیمتی پردے آویزاں کئے جاتے تھے، بیش بہا قالین بچھائے جاتے تھے اور دربار عام ہوتا تھا۔ سنہ ۹۹۰ھ میں جشن نوروز کی کیفیت کو بدایونی نے بالفاظ ذیل لکھا ہے:-

و پانزدہم شہر صفر این سال (سنہ ۹۹۰ھ) تحویل نوروز و شروع در سال بیست و ہشتم از جلوس روی دادہ، آئین بندی ہر دو دیوان خانۂ خاص و عام بانواع تماشہای لطیف فرمودہ اشیای قیمتی گوناگون ترتیب نمودہ و پردہ ہای فرنگی و تصویرہای بی نظیر گرفتند و سراپردہای اعلیٰ افراشتند و بازار آگرہ و فتحپور را نیز باین دستور آراستہ تا ہژدہ روز و شب جشن عالی داشتند و اقسام طوائف اہل نغمہ و ساز ہندی و فارسی و ارباب طرب از مرد و زن ہزاران ہزار طلبیدہ ہر روز در ایوان یکی از امرای نامدار آمدہ و صحبت داشتہ پیشکش معتبر و اسباب مہمانی از وی گرفتند۔

(ص ۳۳۸ از طبع نولکشور)

شاہانِ مغلیہ اپنے سالِ جلوس کی ابتدا نوروز کے دن سے شمار کرتے تھے۔ جہانگیر اپنی توزوک میں ہر نئے سال کے واقعات کو جشنِ نوروز کی کیفیت سے شروع کرتا ہے۔ اس کے عہد میں نوروز بالکل اسی طرح منایا جاتا تھا جس طرح کہ اکبر کے زمانے میں، یعنی جشن کا زمانہ یکم فروردین سے ۱۹ فروردین تک ہوتا تھا، پہلے دن بادشاہ زمّردین لباس پہن کر تحویلِ آفتاب کے وقت دربارِ عام کرتا تھا اور امراء تحفے اور نذرانے پیش کرتے تھے، انیس دن تک ہر روز امرا میں سے ایک نہ ایک بادشاہ کی دعوت بڑی دھوم دھام سے کرتا تھا اور بیش قیمت اشیاء بطور پیشکش بادشاہ کے حضور میں پیش کرتا تھا۔ ان اشیاء میں عموماً ہاتھی، جواہرات، قیمتی کپڑے، خوشبوئیں، چینی کے برتن اور دوسری نادر چیزیں ہوتی تھیں۔ بادشاہ بھی امراء کی ضیافتیں کرتا تھا اور انعام واکرام دیتا تھا، منصبوں میں ترقیاں دی جاتی تھیں، خطاب ملتے تھے۔ اور اعلٰے عہدے تقسیم کئے جاتے تھے۔ شاہی محلات اور بازار سجائے جاتے تھے۔ ان سب باتوں کی تفصیل توزوک جہانگیری اور بادشاہ نامہ ملا عبدالحمید لاہوری میں مسطور ہے، اورنگ زیب نے جشنِ نوروز کی تقریب کو ممنوع قرار دیا۔

ایران میں شاہانِ صفوی کے زمانے میں جو مغلوں کے معاصر تھے نوروز بڑے اہتمام سے منایا جاتا تھا۔ اگرچہ اس شان وشوکت کے ساتھ نہیں جو مغلوں کے ہاں دیکھنے میں آتی ہے۔ شاہ عباس کے زمانے میں نوروز کے موقع پر جو رسوم ادا کی جاتی تھیں اس کی کیفیت تاریخ عالم آرای عباسی میں ملتی ہے۔ ذیل کی عبارت سنہ ۱۰۰۱ھ کے نوروز کی کیفیت کو بیان کرتی ہے:-

نوروز این سال جہان آرا در روز یکشنبہ دہم شہر رجب سنۂ مذکور اتفاق افتادہ خسرو انجم و مسند نشین فلک چہارم اورنگ حمل را بفر طلعت خود آراست و باد بہاری نزہتگاہ چمن را بگونہ بگونہ ریاحین پیراست، حضرت اعلی شاہی ظل الہی در دار السلطنۃ قزوین و ایوان چہل ستون دولتخانۂ خلد آئین بزم خسروانہ و جشن پادشاہانہ آراستہ سلاطین و سلاطین زادہای اطراف مثل حاجی محمد خان پادشاہ خوارزم و نور محمد خان والی مرو شاہجہان و سلاطین زادہای گرجستان و ایلچیان روس و سائر ممالک کہ در پایۂ سریر اعلی بودند بمجلس بہشت آئین طلب فرمودہ بمبارکی سال نو و تہنیت قدوم نوروز چند روز بلوازم عیش و خرمی پرداختند و بازارہای شہر را آذین بستند در میدان سعادت آباد بچوگان بازی و قبق اندازی مشغولی فرمودہ قریب دہ دوازدہ روز عموم خلایق بسیر و صحبت و فراغت میگذرانیدند۔

۱۰۱۱ھ کا نوروز خاص شان و شکوہ سے منایا گیا۔ اس کے متعلق تاریخ مذکور میں لکھا ہے کہ:۔

پادشاہ مؤید منصور در کمال بہجت و سرور بطریق معہود در باغ مزبور جشن عالی طرح فرمودہ اطراف نہر آبی را کہ از میان باغ جاریست و حوض بزرگی بر مثال دریاچہ درمیان آن ترتیب یافتہ سلاطین ماضیہ عمارات دلکشا در کنار حوض و بالای نہر ساختہ و پرداختہ اند باکابر و اعیان دار السلطنۃ مذکور و بلوکات و اہالی خراسان و تجار و اصناف خلایق کہ در پای تخت ہمایون بودند

علی قدر مراتبہم قسمت فرمودہ ہر طبقہ مجلسی طرح انداختند و اطراف
اربعہ آن دریاچہ را بامرا و وزرا و ارکان دولت و مقربان بارگاہ
سلطنت اختصاص دادند و محافل فیض بخش بہجت فزا انعقاد
یافتہ در برابر ہر مجلس چہار طاقہا افراشتہ استادان نجار و مہندسان
نادرہ کار بفنون غریبہ انواع ہیاکل پرداختہ چراغدانہا بر آن
تعبیہ کردند و ہمہ شب تا بصبح روشنان سپہر مینائی کہ مجلس آرایان
عالم علوی و بزم افروزان عشرت سرای ملکوتی اند بہزاران
چشم حسرت بر آن چراغان و مجالس بہشت نشان می نگریستند
و شہریار عشرت آئین محفل را ہمہ شب در آن مجالس روح افزا
سیر فرمودہ در ہر مقامی کہ دلنشین خاطر انور می شد آرام گرفتہ
صحبت پیرا بودند و نغمہ سرایان خوش آہنگ و مغنیان
نیز چنگ بنغمات دلاویز و ترنمات شکر ریز غمزدای خواطر بودہ
گلرخان لالہ عذار از بادہای خوشگوار دماغ مجلسیان را تازہ و تر
میداشتند ما القصہ تا نہ شبانروز محافل عیش و نشاط انعقاد
یافتہ داد خوشی و خوشدلی دادند (صفحہ ۵۵۰ - صفحہ ۵۵۱)

شاہ عباس کے زمانے میں ایک انگریزی سیاح ٹامس ہربرٹ ایران
آیا۔ اور دو برس (۱۶۲۷ء سے ۱۶۲۹ء) وہاں مقیم رہا۔ اس نے اپنے سفر نامے
میں دو جگہ نوروزِ ایران کا حال لکھا ہے۔ اس نے تقریباً وہی رسوم بیان
کی ہیں۔ جن کا اوپر ذکر آ چکا ہے۔ یعنی یہ کہ لوگ اُس روز عمدہ کپڑے پہنتے
ہیں۔ باغوں میں جاتے ہیں گاتے بجاتے ہیں۔ ایک دوسرے کو تحفے
تحائف دیتے ہیں۔ گھوڑ دوڑیں ہوتی ہیں۔ مرغ لڑائے جاتے ہیں اور

دعوتیں ضیافتیں ہوتی ہیں۔ لیکن ایک دلچسپ بات جو اس نے لکھی ہے وہ یہ ہے۔ کہ جشنِ نوروز کے ایام میں عورتوں کو پوری آزادی ہوتی ہے وُہ اُن ایام میں بالکل پردہ نہیں کرتیں اور کھُلے منہ باغوں میں پھرتی ہیں۔ اور ہر قسم کی کھیل کُود میں حصّہ لیتی ہیں ؛

آجکل بھی ایران میں سب سے بڑا قومی تہوار نوروز ہی ہے۔ جو مسلسل تیرہ دن تک منایا جاتا ہے، تمام دفاتر اور مدارس تیرہ دن تک بند رہتے ہیں۔ شاہ دربار کرتا ہے اور امراء سلام کے لئے حاضر ہوتے ہیں۔ ہر گھر میں صفائی اور آرایش نظر آتی ہے۔ پہلے دن ہر شخص عمدہ سے عمدہ پوشاک پہنتا ہے۔ تحویل آفتاب کے وقت گھر سے باہر کوئی نہیں نکلتا۔ ایک خوان سجایا جاتا ہے۔ جس میں شگون کے لئے سات ایسی چیزیں رکھی جاتی ہیں۔ جن کے نام حرفِ سین سے شروع ہوں۔ بالعموم وہ سات چیزیں یہ ہوتی ہیں :۔ سرکہ، سیم، سماق، سیر (لہسن)، سکنجبین، سبزی سپند، ان کو ہفت سینِ نوروز کہتے ہیں، تحویل کے بعد گھر کا بزرگ بچّوں کو عیدی دیتا ہے اور سب سے بزرگ عورت ہاتھ میں سبزی لے کر باہر سے گھر میں داخل ہوتی ہے۔ یہ شگون اس لئے ہوتا ہے کہ سال بھر گھر میں خرّمی اور رونق رہے، دوست آشنا ایک دوسرے کی ملاقات کو جاتے ہیں اور پھولوں۔ پھلوں اور مٹھائیوں کے تحفے تقسیم کرتے ہیں جس طرح ہمارے ہاں عید کے موقع پر مبارکباد کے لئے عید کارڈ بھیجے جاتے ہیں۔ اسی طرح وہاں لوگ نوروز کے کارڈ ایک دوسرے کو بھیجتے ہیں، سرکاری دفاتر پر جھنڈے لہرائے جاتے ہیں اور بازاروں اور دکانوں کی آرایش کی جاتی ہے۔ آخری یعنی تیرھواں دن گھر میں بسر کرنا منحوس سمجھا جاتا ہے،

اُس روز لوگ سارا دن باہر باغوں میں یا ندیوں پر گزارتے ہیں، اس دن کا نام "سیزدہ بدر" ہے ؀

بمبئی کے پارسی بھی نوروز مناتے ہیں لیکن کسی خاص اہتمام سے نہیں۔ وہاں پارسیوں کے تین فرقے ہیں اور تینوں کا نوروز مختلف ہے ایک فرقہ "تقویم شاہنشاہی" کی رو سے نوروز مناتا ہے، یہ نوروز مسلمانوں کے تہواروں کی طرح ایک موسم سے دوسرے موسم میں دَورہ کرتا ہے۔ آجکل وہ ستمبر میں ہے، دوسرا فرقہ "تقویم قدیمی" کا نوروز مناتا ہے۔ یہ نوروز ہمیشہ ماہِ اگست میں آتا ہے۔ تیسرا فرقہ "جمشیدی نوروز" کا پیرو ہے اور وہ وہی ایرانی نوروز ہے جو ۲۱ مارچ کو ہوتا ہے۔ اس دن مذہبی لوگ آتشکدوں میں جاکر نماز ادا کرتے ہیں۔ اور کسی قسم کی خوشیاں نہیں منائی جاتیں ؀

ہمارے نزدیک نوروز کی ادبی اہمیت بھی بہت بڑی ہے۔ فارسی اور عربی میں بے شمار نظمیں اور قصیدے نوروز کی بدولت وجود میں آئے اگر فارسی شاعری میں سے ان قصیدوں کو خارج کر دیا جائے جو نوروز اور بہار کی کیفیت پر لکھے گئے ہیں۔ تو ہم سمجھتے ہیں کہ فارسی ادبیات کے لئے وہ بہت بڑی حد تک افلاس کا باعث ہوگا ؀

محمد اقبال

فارسی شاعری اور مسائل حیات

بریڈلے[1] نے کہا ہے۔ کہ شاعری قوموں میں کلچر، اور شائستگی پیدا کرتی ہے۔ اور زندگی کے اہم مسایل کے متعلق ذہن اور فکر کو ایک خاص نہج پر ڈھال دیتی ہے۔ ایسے اوقات میں جب انسانوں کی تھکی ہوئی روح دنیا کے مصائب اور تکالیف اور معاش اور معاشرت کے ہنگاموں سے نجات پاکر اپنے خلوت کدے میں اطمینان اور تسکین کی تلاش کرتی ہے تو اُسے شعر کا سہارا ڈھونڈنا پڑتا ہے۔ شعر اس کو رسوم و قواعد کی اس لبستی سے دُور، تخیّل کے ایک اور بہشت آباد میں لے جاتا ہے۔ جہاں رُوح یکچند مدہوشی کے گھنے سایہ میں خوابِ شیریں کا لطف اُٹھاکر اور مادّہ اور عناصر کی آلودگیوں کو آبِ زمزم سے دھوکر واپس آتی ہے۔

یہی نہیں۔ بلکہ شاعری اس سے کہیں زیادہ اثر کرتی ہے۔ قوموں کے کیریکٹر اور اخلاق کو ایک خاص رجحان بخشتی ہے۔ افراد کو کائنات اور اس کے تمام مسائل کے متعلق ایک خاص سبق سکھاتی ہے۔ موت، اور زندگی، جہاں اور عمل صالح، عشق اور عقل، یاس اور امید، خوشی اور غم، عفت اور پاکدامنی فضائل اور مکارم۔ غرض اس جہانِ آب و گل کے تمام مقاصد و مطالب کے متعلق ایک مختص النوع تصوّر پیدا کرتی ہے۔ اور رفتہ رفتہ بقول پروفیسر نیوبولٹ[2] قوموں کی تاریخ کا ایک حصّہ بن جاتی ہے۔ جو تاریخ ہی کی طرح اخلاق و عادات، تصوّر اور نظریات، اعتقادات اور خیالات کا آئینہ بن کر کسی قوم کی تہذیب اور کلچر کا نقشہ پیش کرتی ہے۔

---

[1] Oxford Lectures on Poetry, 1914.
[2] New Study of English Poetry.

فارسی شاعری، اطالوی اور انگریزی شاعری کی طرح دُنیا کی جمیل ترین ادبیات میں شمار ہوتی ہے۔ ایرآن میں (اور تمام فارسی کے زیر اثر ممالک میں) شعر و سخن انسانی زندگی کے لوازم میں شمار ہوتے آئے ہیں۔ مختصر یہ ہے۔ کہ ایرانی زندگی (یا مشرقی زندگی) میں شعر و شاعری کی اہمیت اور کلام مقفّیٰ کا اثر اتنا گہرا نظر آتا ہے۔ کہ اس کے رنگ میں صاحب تاج و تخت اور گدائے بے نوا یکساں طور پر رنگے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ تاریخ شاہد ہے۔ کہ ایک ایک شعر اور ایک ایک نظم نے سلطنتوں میں انقلاب پیدا کئے۔ ادنےٰ اور بے مایہ انسانوں کے قلوب میں اولوالعزمی کی چنگاریاں روشن کر دیں اور ان معاملات کا پُرامن تصفیہ کیا۔ جس سے خونچکاں تلواروں کی چمک اور نیزوں کی ہلاکت خیز جھنکار بھی عاجز آچکی تھی۔ حافظ کا دیوان غیب کی زبان بن کر، نامعلوم مستقبل کا پتہ اسی طرح دیتا رہا۔ جس طرح کسی صحرا میں چلنے والے قافلے رات کے ستاروں سے رہنمائی حاصل کیا کرتے ہیں[1]۔

شعر و شاعری کو ایرانی زندگی سے جب اس درجہ وابستگی اور تعلق ہے۔ تو یہ سوال غالبًا غیر حق بجانب نہ ہوگا۔ کہ فارسی شاعری نے کلچر اور زندگی پر کیا اثر ڈالا؟ اس شاعری کا مطالعہ زندگی کے مسائل کے متعلق کیا حل پیش کرتا ہے؟ اور بالآخر یہ کہ اس سے اجتماعی ذہنیت اور تصوّر قومی میں کیا نمایاں خصوصیات پیدا ہوئیں۔ جن کو ہم خاص طور پر فارسی شاعری کا رہینِ منّت خیال کریں

---

[1] پروفیسر براؤن جب شیراز میں وارد ہوئے۔ تو انہوں نے دیوان حافظ سے فال لی۔ انہوں نے اپنی کتاب A year amongst the Persians میں بہت سے واقعات ایسے لکھے ہیں۔ جن میں بڑے بڑے بادشاہوں نے دیوان حافظ سے رہنمائی حاصل کی۔

اس سوال کا جواب دینے سے پہلے تمہیداً یہ عرض کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کہ کلچر اور ادبیات کا بھی ایک عجیب چکّر ہے جن کے آغاز کا اور فعل وانفعال کے دوران کا سراغ نہیں لگایا جا سکتا۔ کلچر ادبیات کی پیداوار میں ممد ہوتا ہے۔ یا ادبیات سے کلچر کے ایک خاص اسلوب کی تخلیق اور پرورش ہوتی ہے ؟ اس کا فیصلہ کن جواب دینا تو شاید مشکل ہی ہوگا ۔ تاہم تصفیہ بین الامرین کے طور پر یہ کہا جا سکتا ہے۔ کہ اکثر اوقات ادبیات قوموں کے کلچر کی تشکیل میں بہت بڑا حصّہ لیتے ہیں اور وہ فطری اور نسلی خصایص جو جماعتوں میں موجود ہوتے ہیں۔ ادبیات سے متأثر ہو کر ایک نئے قسم کا تصوّر زندگی پیدا کرنے کا باعث ہوتے ہیں۔ لیکن یہ بھی غلط نہیں۔ کہ اقوام کے فطری میلانات انجام کار علم وادب پر اپنا اثر ڈال دیتے ہیں۔ اور کلچر اور ادبیات ایک ہی حقیقت کے دو رُخ بن جاتے ہیں ؛

ایران ہزارہا سال سے ایک خاص قسم کے کلچر کا گہوارہ چلا آیا ہے۔ ایران کے طبعی اور جغرافیائی حالات، آب وہوا، موسموں کا تغیّر، شہروں اور بستیوں کے محلّ وقوع، پہاڑوں اور دریاؤں کے خصایص، رسوم ورواج کی رنگارنگیاں، ذہن وفکر کے تجلّیات ۔ سب کی سب ایک خاص نوعیت اور کیفیت رکھتی ہیں۔ یہ وہ گہری اور عمیق حقیقتیں ہیں۔ جو ایرانی زندگی میں خون، رگ وپوست اور خلط ومزاج کی حیثیت رکھتی ہیں۔ ان کو عارضی طور پر دبایا جا سکتا ہے۔ لیکن فنا نہیں کیا جا سکتا۔ آپ ان کو نئے رنگ و روغن اور نئی صورت سے ایک دوسری وضع میں پیش کر سکتے ہیں۔ لیکن اس کا ہیولیٰ اور مادّہ نہیں مٹ سکتا ۔ قومیں ایسی ہی رہی ہیں ۔ اور ایسی ہی رہیں گی۔ ان کی زندگی کا دریا دھیرے دھیرے بہتا رہے گا۔ ان میں

سیلاب اور طوفان آتے رہتے ہیں - جو عارضی طور پر ان کی گذرگاہوں کو تبدیل کر دیتے ہیں - لیکن حیاتِ قومی کا زندہ رود اور جیحوں اور فرات جیسا ہزار سال قبل تھا - آج بھی وہی ہے اور ہزار سال آئندہ بھی شاید ایسا ہی رہیگا

جہازِ زندگیٔ آدمی رواں ہے یونہی
ابد کے بحر میں پیدا یونہی نہاں ہے یونہی

عربوں نے ایران پر حملہ کیا - اور فتح کرلیا - عرب ایک بہادر اور عملی قوم ہے - اس کو خالی خولی باتوں سے نفرت ہے - وہ عمل کی گرمی اور عزم کی سردی کی قائل ہے - عربوں کے اونٹ ہزاروں میلوں تک بے آب و علف، دوڑ سکتے ہیں - ان کے تصوّرِ حیات میں کوئی الجھن نہیں - کیونکہ وہ ایک ایسے ملک میں بستے ہیں - جہاں سر پر آسمان ہے اور نیچے ریت! وسیع ریت! نہ ختم ہونے والی ریت! آسمان اور زمین کے درمیان اس کے نظریہ اور اس کی نظر کو متاثر کرنے والی کوئی چیز موجود نہیں - نہ ہمالہ ہے نہ دماوند، نہ گنگا ہے نہ فرات، نہ گھنے جنگل ہیں نہ اونچے پربت — ! اس کا مطمحِ نظر وسیع مگر الجھنوں سے خالی ہے پس وہ ماوراء الانسان اور ماوراء الخارج اگر کسی اور چیز کو مان سکتا تھا - تو وہ شاید خدائے واحد کا تصوّر ہے - جس سے اسلام اور قرآن نے اسے روشناس کر دیا۔

ایران کی گذشتہ تیرہ سو سال کی زندگی درحقیقت دنیا کے ایک عظیم الشان اور حیرت انگیز تجربہ کا نمونہ پیش کرتی ہے - جس میں ایرانی تفلسف اور عربوں کی عملیت، ایرانی انفعالیت اور عربی فعلیت کا عجیب وغریب امتزاج ہوا اور اس میں کچھ شک نہیں - کہ اگرچہ آج ہم باعتبار نتائج اور موجودہ قلبِ ماہیت کے، اس خوشگوار امتزاج کے ثمرات سے دانستہ تغافل اور تجاہل

برت رہے ہیں۔ لیکن تاریخ کا تجربہ ثابت کر رہا ہے۔ کہ دنیا کی تہذیب اور شائستگی میں شاید اس سے بہتر نتائج کسی ملک اور کسی سرزمین میں حاصل نہ ہوئے ہوں گے۔ جن سے ایرانی تاریخ کا دامن گذشتہ تیرہ صدیوں میں مالامال نظر آتا ہے ؏

مغربی تحقیق اور ریسرچ جہاں بقول علّامہ شبلی 'ایک کشت زعفران' کا درجہ رکھتی ہے۔ وہاں اس کا یہ مجموعی مقصد کچھ ناگوار اور غیر منصفانہ بھی ہے کہ اس سے مشرقی اقوام میں نسلی تفریق اور وطنی اختلافات کا دروازہ زیادہ کھلتا جاتا ہے۔ ایرانی قومیت کو عربی مذہب کے خلاف صف آرا کرنا اور تاریخ کے محض معمولی اور ناقابلِ ذکر واقعات کو نمایاں کرتے ہوئے ترکی عصبیت اور ایرانی وطنیت کو اُبھارنا اس تحقیق کا ایک مشئوم اور مذموم پہلو ہے۔ مثال کے طور پر کاونٹ گوبینو وغیرہ نے اس سلسلے میں جو کام کیا ہے۔ وہ مستحق مدح ہونے کے باوجود ہمارے لئے موجبِ شکایت بھی ہے۔ انصاف کی بات یہ ہے۔ کہ ایرانیوں کی لطافتِ طبع اور ذہانت نے عربی قوتِ عمل کے ساتھ مل کر انسانی شائستگی کے فروغ اور ترقی کے لئے اتنا دلکش اور شاندار معجون تیار کیا ہے۔ کہ اس کی مثال شاید کہیں اور نہیں ملے گی ؏

ثبوت اس کا یہ ہے۔ کہ اگرچہ اسلامی فتوحات کا سیلاب چین سے سپین تک اور قطب شمالی سے جاوا اور سماٹرا تک بڑھا۔ جس میں اسلام اور عرب کی پیدا کی ہوئی قوتِ عمل نے سب سے زیادہ کام کیا۔ لیکن تہذیبی اور علمی کام بیشتر ایرانیوں کے ہاتھوں انجام پایا۔ علّامہ ابن خلدون کے بقول عربی کی بیشتر تصانیف ایرانیوں کے قلم سے نکلیں اور علوم و فنون اور شعر و سخن

میں نہ صرف عربی ممالک، ایران سے متاثر ہوئے بلکہ خود ترکی اور ہندوستان کے لٹریچر پر نہایت وسیع اثر پڑا۔ پس ایرانی ذہن وفکر کے کارناموں کو اسلام کے طفیل اتنا وسیع میدانِ عمل میسّر آیا۔ جتنا شاید خود ساسانیوں کے زمانے میں بھی نصیب نہیں ہُوا ہوگا۔

فارسی شاعری بھی اسی 'مخلوط قسم کے تصوّر' کی آئینہ دار ہے جس میں بلاشبہ ایرانی خصوصیّات جزوِ غالب کا درجہ رکھتی ہیں۔ لیکن اسلامی اور عربی اثرات نے اس تصویر کے خط و خال کو نیا رنگ اور نیا روپ بخشا ہے۔

فارسی شاعری کا رجحان روحانی ہے

(۱) خدا کی وحدت کا یقین

فارسی شاعری کا مجموعی مطالعہ دلوں میں خدا کی ہستی کا یقین پیدا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات ہمیشہ انسانوں کے لئے لایق پرستش رہی ہے۔ اور پیکرِ خاکی کے لئے تاریخ کے ہر مرحلے میں اپنے معبود کی تلاش اور خوشنودی ایک محبوب جستجو رہی ہے۔ لیکن فارسی شاعری کا خدا نہایت پیارا خدا ہے۔ دُنیا اس کی طرف یوں کشش پر مجبور ہے۔ جس طرح عاشق محبوب کی طرف کھنچا ہُوا چلا جاتا ہے۔ جس طرح سپنوزا کے نزدیک انسانی سعادت کا آخری درجۂ کمال فنافی اللہ ہونا ہے۔ اسی طرح فارسی شعرا کے خیال میں استکمال کا آخری مرحلہ ذاتِ باری میں مدغم ہوجانا ہے۔

خُدا کی ذات یہی نہیں۔ کہ واحد ہے۔ بلکہ اس کی توحید کا صحیح معیار یہ ہے۔ کہ اس کے بغیر کچھ موجود نہیں۔ اگرچہ وحدتِ شہود سے بھی توحیدِ باری کا حق ادا ہوجاتا ہے۔ لیکن حق یہ ہے۔ کہ وحدتِ وجود کے بغیر وحدانیت کا

تصوّر ناقص رہتا ہے۔ وہ ارسطو کا خدا نہیں۔ کہ محض علت العلل اور مبدءِ وجود ہے۔ جو بقول ڈیورنٹ[1] "انگریزوں کے بادشاہ کی طرح بادشاہ تو ہے لیکن فرماں روا نہیں"۔ بلکہ غایت الغایات ہے۔ وہی اوّل ہے اور وہی آخر، وہی ظاہر ہے اور وہی باطن! اس کی وحدت کا تصوّر 'دوئی' اور 'غیر' کے شائبے سے پاک ہے ؎

غیرتش غیر در جہاں نگذاشت   لاجرم عین جملہ اشیا شد

عراقی

فارسی شاعری کا خدا ایک محبوب ہے۔ جس کے عشق میں تمام ذرّاتِ عالم سرگرداں ہیں ؛

تصوّف نے اس محبوب کو مجاز کا لباس پہنایا۔ انسان عاشق بلکہ تمام اکوان ممکنات اس کے عشق میں والہ و شیدا ہیں۔ وہ محبوبِ مجازی کی طرح عاشقوں کے لئے کرشمہ بارباں کرتا ہے۔ کبھی التفات کے خندہ ہائے شکریں سے نوازتا ہے۔ کبھی عدم التفات سے پہلو بچا کر نکل جاتا ہے۔ کبھی نقاب میں رہ کر تجلّیات کی بارش کرتا ہے اور کبھی بے حجابانہ خرمنِ وجود کو خاک و خاکستر بنا دیتا ہے ؛

یہ تصوّف کا احسان ہے۔ کہ اُس نے مجازی عشق اور ہوس کاری کے رجحانات کو حقیقت اور عشقِ ایزدی کے تصوّر سے بدل دیا۔ صوفی شاعروں نے مجاز کے رنگ میں اپنے حقیقی محبوب کے عشق کے ترانے گائے اور چشم و ابرو کے کرشموں سے شاہدِ ازل کے حسن جمال آرا کی طرف رہنمائی کی ؛

---

[1] Story of Philosophy, P. 81

خدا اور خالق کی وحدت کے اس مضبوط عقیدہ کی بنیاد پر فارسی شاعری کا سارا رجحان روحانی ہے۔ عرفان کی منزل سے لے کر کمال اور فنا کے معراج کمال تک، شاعر کے پیش نظر ایک ہی غایت ہے۔ یعنی ذات باری سے متحد ہونا انسان جب تک انسان ہے یعنی جب تک مادہ کے عنکبوتی تار و پود کی الجھنوں میں اسیر ہے۔ ذات باری سے متحد نہیں ہو سکتا۔

فارسی شاعری نے انسان کامل کا جو تصور اپنے سامنے رکھا ہے۔ وہ بھی روحانی مدارج کی تکمیل پا لینے والا انسان کامل ہوگا۔ جو عرفان کے تمام معارج سے بلند ہوتا ہوا روحانی ترقی کے بلند ترین زینے پر پہنچ جائیگا۔ انسان کامل کی جملہ ترقیات، عشق کے ذریعے ممکن ہوں گی۔ نہ کہ عقل کے ذریعے، فارسی شاعری میں عشق اور عقل کی جنگ کا جو تصور موجود ہے۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ عقل عشق کے مقابلہ میں ایک طفل مکتب کی حیثیت رکھتا ہے۔

یہی وہ عشق ہے۔ جو تمام ترقی اور ارتقا کا باعث ہے۔ یا رومی کے الفاظ میں عشق "اصطرلاب اسرار خدا" ہے۔ جس سے دانش اور عرفان پیدا ہوتا ہے۔ لیکن یہ وہ دانش نہیں۔ جو عقلیت[1] کی پیداوار ہے۔ بلکہ یہ دانش سرچشمۂ ایمان ہے۔ انسان اپنی منزل تک اسی عشق یا سرچشمۂ ایمان کے ذریعے پہنچ سکتا ہے اور جیسا کہ برگساں نے ثابت کیا ہے۔ عقلیت[1] انسان کو اس کی اصلی منزل سے دور لے جاتی ہے۔

فارسی شاعری انسان کے سامنے جو روحانی منزل پیش کرتی ہے۔

---

[1] Intellect.

اس کے لئے وہ عشق لازمہ حیات ہے۔ جو خلود کا متقاضی ہو۔ یہی وہ صفت ہے۔ جسے حافظ "آتش دل" کہہ کر پکارتے ہیں ؎

ازاں بدیر مغانم عزیز می دارند   کہ آتشے کہ نمیرد ہمیشہ در دلِ ماست

ایمان اور ایقان کے اس ذوق عام کا ہی اثر تھا۔ کہ فارسی شعرا اور حکما بھی، تشکیک اور تردد سے بہت کم آشنا رہے ہیں۔ اس میں شک نہیں۔ کہ خیام اور بعض دیگر شعراء نے جزواً ایسے خیالات کا اظہار کیا ہے جن سے لا ادریت مترشح ہوتی ہے۔ لیکن مولانائے روم کے ہمہ گیر اثر نے اس کی جڑوں کو پختہ نہ ہونے دیا۔ رومی ایمان و ایقان کے فروغ کے لئے شک کے قایل ہیں۔ لیکن وہ بھی ایقان کی برتری ثابت کرنے کے لئے! چنانچہ فرماتے ہیں ؎

تا نباشد راست کے باشد دروغ
آں دروغ از راست می گیرد فروغ

خدائے واحد کی ذات میں یقین کامل، عقل کے مقابلہ میں فوقیتِ عشق (یعنی سرچشمۂ ایمان) کا اعتقاد اور نبی کی مظہریت کا گہرا عقیدہ۔ فارسی شاعری میں اس درجہ جاری و ساری ہے۔ کہ ہم کسی دیوان، کسی مثنوی بلکہ کسی قصیدہ تک کو بھی اس سے خالی نہیں پاتے۔ حمد باری، مناجات اور نعت عام مثنویوں میں ایک جزو لاینفک کی حیثیت رکھتے ہیں۔ نظامی نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اسرار سے مخزن اسرار کو شروع کیا۔ پھر ان کے تتبع کرنے والوں نے ہمیشہ اس رسم کو قایم رکھا۔

فارسی شاعری کے تمام شاہکار عشق، روحانیات اور فنا کی منزل کی طرف لے جاتے ہیں۔ اور شک اور تردد پیدا کرنے کی بجائے ایمان کی طرف

متوجہ کرتے ہیں ؀

فارسی شاعری میں مطمحِ نظر کی وسعت

فارسی شاعری کی دوسری خصوصیت یہ ہے۔ کہ اس کی مجموعی اپیل وطنیت، نسل، قومیت اور مذہبی تنگ نظری کے تصوّر کے خلاف ہے یہ امتیاز اس درجہ عام ہے۔ کہ خود حُسن کے احساس کے بارے میں فارسی شاعری نے کسی محدود مظہر حسن کو اپنی ستایش کا موضوع قرار نہیں دیا بلکہ حُسن اور جمال کے ذوق کو ہر حسین و جمیل حقیقت تک وسیع کر دیا۔ ایرانی شاعر، ورڈز ورتھ کی طرح تمام کائنات اور نیچر کو حُسن و جمال کا مرقّع خیال کرتا ہے۔ بلکہ تمام نیچر میں ایک عالمگیر روح کو جاری و ساری پاتا ہے لیکن اس کے باوجود اس نے کسی ایک ندّی، کسی ایک پہاڑ، کسی ایک چشمۂ رواں، کسی ایک پھول، کسی ایک محبوب کی یاد سے اپنی شاعری کو محدود نہیں کیا۔ بلکہ اس نے اپنے احساسِ حسن کا وہ خلاصہ پیش کیا۔ جو ہر جمیل و حسین چیز پر صادق آسکتا ہے ؀

فارسی شاعری کے اس پہلو پر اعتراض بھی کیا جاتا ہے لیکن درحقیقت یہ اعتراض بیجا ہے۔ کیونکہ یورپ کے شعرا کی طرح ایک ایک فرد، ایک ایک پہاڑ ایک ندّی کی تعریفِ حسن ایشیائی شاعر کی فطرت کے خلاف ہے وہ تمام کائنات میں حُسن کو جلوہ گر پاتا ہے۔ اور تمام دنیا کے محبوب اُس کے محبوب سے مشابہ ہونے کی وجہ سے، حُسنِ عام کا ایک جزو ہیں ؎

یک چراغ است دریں خانہ و از پرتوِ آں
ہر طرف می نگری انجمنے ساختہ اند (فغانی)

اگر کوئی مغربی شاعر کسی ندّی کے کنارے بیٹھتا ہے۔ تو وہ اپنے تاثرات کا ایک نقشہ اس رنگ میں کھینچتا ہے۔ کہ اس ندّی کی رفتار، اس کے ملحول میں سبزہ زار کی دلکشی، اور پانی کے ترنّم شیریں کی ایک تصویر بناتا ہے ؛

لیکن ہمارا شاعر اس تاثّر کو ان حدود سے محدود نہ کرتے ہوئے ایک عام تصویر کھینچے گا۔ جو نہ محض نیکر[1] یا کسی اور ندّی کے آس پاس رہنے والوں کو متاثّر کر سکے گی۔ بلکہ ہر آبِ رواں اور ہر جوئے کہسار کی روانی کے حُسن کی دلفریبیاں اس سے نمایاں ہوں گی ؛

یہی وجہ ہے۔ کہ فارسی شاعری میں جغرافیائی مناظر کی تصاویر بہت کم موجود ہیں۔ بلکہ شعراء نے اپنی اپنی بستیوں کو بھی کما حقہٗ زندہ کرنے کی کوشش نہیں کی۔ جن کے سبزہ زاروں میں انہوں نے اپنے رنگین تصورات کی پرورش کی۔ آج شیراز کا نام جب ہم سنتے ہیں۔ تو ہمارے چشم تخیل کے سامنے عجیب وغریب پُر رونق مرغزار، حسن اور رنگ و بو کے کھل جاتے ہیں لیکن حافظ اور سعدی اور عرفی نے بھی اپنی اُس جنّت کا وہ نقشہ نہ کھینچا جس کا استحقاق شیراز ایسے مردم خیز خطّے کو حاصل ہے ؛+

حافظ نے مصلیٰ، اور رکنا باد اور تنگ اللہ اکبر کا ذکر بھی کیا۔ تو کچھ آمد سخن میں۔ اور اس طریق سے کہ اس سے بے اعتنائی کا ترشح ہوتا ہے۔ حافظ نے کہا بھی تو یہ کہ ؎

خوشا شیراز و وضع بے مثالش
خداوندا نگہ دار از زوالش

نظیری اپنے نیشاپور کو یوں یاد فرماتے ہیں ؎

---

[1] Nieker ایک ندّی کا نام

اخراج مغل خواہم و تاراج قزلباش کز ہند بر ندم بہ نشاپور فروشند

اسی رجحان کا کسی حد تک یہ اثر معلوم ہوتا ہے۔ کہ وطنی شاعری کا بھی ایران میں فقدان نظر آتا ہے۔ فردوسی کا شاہنامہ ایرانی وطنیت کے جذبات کا آئینہ دار ہے۔ لیکن اس کا اظہار بھی کس منقطع[1] طریق سے ہوا۔ خاقانی کا ایوان مدائن۔ سعدی کا مرثیہ بغداد اور اس نوع کی چند اور نظمیں اس کلیہ کی مستثنیات میں سے ہیں۔ اور اس بات کو ثابت کرتی ہیں۔ کہ فارسی شاعروں نے مجسم[2] کی بجائے مجرد[3] حقایق کو اپنے سامنے رکھا ہے ؛

اسی وسعت نظر کے زیر اثر ہم دیکھتے ہیں۔ کہ فارسی شاعری مذہبی فرقہ پرستی اور تنگ نظری کی سخت مخالف ہے۔ خواہ اس چیز کو آپ ایرانی طبیعت کا عدم تفشف کہیں یا تصوف کا 'لبرلزم'۔ لیکن یہ واقعہ ہے۔ کہ فارسی شاعری کے مطالعہ سے تعصب اور تنگ نظری کو بہت ضعف پہنچتا ہے۔ اسلامی ممالک میں علماء کو جو زبردست اقتدار ہمیشہ سے حاصل رہا ہے۔ اس کے پیش نظر یہ بات عجیب و غریب نظر آتی ہے۔ کہ ہمارے فارسی شعراء بعض اوقات کفر و دین اور کعبہ و بتکدہ کی قیود سے بھی آزاد ہو جاتے ہیں۔ اور عوام کو وسعت مشرب کی تلقین کرتے ہیں ؎

ہر گز مگو کہ کعبہ ز بتخانہ خوشتر است
ہر جا کہ ہست جلوۂ جانانہ خوشتر است (عرفی)

گفتگوے کفر و دین آخر بیکجا می رسد
خواب یک خوابست اما مختلف تعبیر ہا (صائب)

فارسی شعراء نے کعبہ کے مقابلہ میں بتکدہ اور دَیر کو جس جس طریق سے سراہا ہے

---

[1] Detached. [2] Concrete. [3] Abstract.

اور اس کے تفوق کے جو جو پہلو نکالے ہیں۔ ان کو پڑھ کر فارسی شاعری کے اس وصف سے کون انکار کر سکتا ہے۔ کہ ایران میں (یا عالم اسلام میں) عام مذہبی بے تعصبی کو بہت پسند کیا جاتا تھا ؛

(۲) فارسی شاعری میں یاس و نا اُمیدی

فارسی شاعری کی دوسری سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے ۔ کہ اس میں امید کی بجائے یاس اور رجا کی بجائے 'قنوط' کا اثر[1] ہے۔ اس کے پڑھنے سے زندگی اور اس کے جملہ مظاہر کے بارے میں یک گونہ مایوسی پیدا ہوتی ہے۔ مشرقی شاعر کے نزدیک تخلیق عالم ایک حادثہ ہے۔ جس کا مقصد خالق کے نزدیک تو شاید کسی مصلحت پر مبنی ہو۔ لیکن اس کمزور، مجبور، اور مقہور مخلوق کی نظروں میں یہ ایک ایسا تجربہ ہے۔ جس کا آغاز غم ہے اور انتہا تو غم ہے ہی کیونکہ وہ فنا اور عدم پر منتج ہوتی ہے ؛

یاس اور فنا کا یہ اثر اور بھی نمایاں معلوم ہوتا ہے۔ جب ہم دیکھتے ہیں کہ مشرق تغیّر و اصلاح کے ان ہنگاموں سے ناآشنا ہے۔ جن میں انقلاب کے ہچکولے زندگی کے جہاز کو کبھی ساحل پر پہنچا دیا کرتے ہیں اور کبھی طوفان خیز موجوں کی کشمکش میں دھکیل دیا کرتے ہیں۔ مشرقی زندگی ایک ہموار دریا کی طرح ہے۔ جس میں سیاسی انقلابات کے انتہائی تحرّکات کے باوجود ایک یکسانی اور ہمواری سی نظر آتی ہے۔ عوام یعنی جمہور ہمیشہ یکرنگی اور یکسانی میں

---

[1] یہ کوئی فارسی شاعری ہی کی خصوصیت نہیں۔ بلکہ ازمنہ متوسط میں عام انسانی رجحان یہی تھا۔ ملاحظہ ہو 'The Waning of Medieval Ages' کا دوسرا باب۔ جو اسی موضوع پر ہے ؛

رہتے ہیں۔ خواہ سیاسی دنیا میں لاکھوں تبدیلیاں کیوں نہ واقع ہو جائیں ؎

جمال الدین اصفہانی کا قصیدہ "آشوب روزگار" کے بارے میں انسانی زندگی کی تلخیوں کا مکمل مرثیہ ہے۔ ان کے خیال میں حیات اگرچہ بظاہر شراب انگوری ہے۔ لیکن اس کے قوام میں زہر ہلاہل موجود ہے۔ اصفہانی کو تعجب ہے۔ کہ کیونکر کوئی عاقل ان ناگوار حوادث کے باوجود دنیا پر تسلّی کا اظہار کر سکتا ہے۔ جس میں موت حاکم ہے اور آفتیں ہر وقت تقدیروں پر اثر انداز ہونے کے لئے آمادہ رہتی ہیں۔ جس میں کمال کے ساتھ زوال اور طلوع کے بعد غروب لابدی ہے۔ چاند میں بہت خوبیاں ہیں۔ لیکن محاق کا نقص اس کے شامل حال ہے۔ اور سورج اگرچہ دُنیا کو اپنی روشنی سے منوّر کرتا ہے۔ لیکن کسوف (گرہن) کا عارضہ اس کے لئے وجہِ تشویش بنا ہُوا ہے۔ غم و الم کی اس بستی میں جسے لوگ دُنیا کہتے ہیں۔ اہلِ کمال ہی پر ساری آفتیں ٹوٹتی ہیں۔ شمع ہر صُبح بُجھ جاتی ہے۔ لالہ چند گھنٹوں کے اندر اندر پژمردہ ہو کر رہ جاتا ہے۔ باغ دیکھتے دیکھتے اجڑ جاتے ہیں۔ اور مہتاب چند روز آب و تاب کے بعد گھٹ کر معدوم ہو جاتا ہے۔

شعرائے فارسی کے نالۂ یاس میں دو باتیں بہت نمایاں ہیں۔ اوّل یہ کہ دنیا عارضی اور ناپائدار ہے۔ اور دوم یہ کہ زمانہ آسمان اور فطرت انسانی کی بنیاد شر پر رکھی گئی ہے[1]۔ صائب فرماتے ہیں ؎

بامید اقامت دل با سباب جہاں بستن
بود شیرازۂ غفلت باوراق خزاں بستن

---

[1] یہ خیال حقیقتہً ایک مجوسی عقیدہ سے ماخوذ ہے۔

غنیؔ کاشمیری کہتے ہیں ؎

نکیہ تا چند کنی بر نفسے ہچو حباب چشم بکشای کہ ہستی گرہے بر بادست

صائبؔ اسی بے ثباتیٔ عالم کے مضمون کو یوں مؤثر بناتے ہیں :-

از نسیمے دفتر ایام برھم می خورد

از ورق گرد انیدن لیل ونہار اندیشہ کن

دنیا کی طرف سے یہ کھٹکا چھوٹے سے لے کر بڑے شاعر تک سب کے دل میں موجود ہے۔ اس خیال کے اظہار کے لئے جتنے مؤثر پیرایہ ہائی بیان اختیار کئے گئے ہیں۔ اس سے زیادہ کسی اور عقیدہ اور تصوّر کے لئے پیدا نہیں ہو سکے ؛

مغرب میں شوپن ہار کو فلسفۂ غم کا پیغمبر مانا جاتا ہے۔ اس کے تصوّر کے چند اجزاء یہ ہیں + کہ یہ زندگی غم و الم کی زندگی ہے۔ کیونکہ اس میں احتیاج ہے۔ انسان اپنی آرزوؤں تک پہنچ نہیں سکتا۔ اور اگر بالفرض ایک آدھ خواہش پوری بھی ہو جائے۔ تو انسانی آرزو کا انجام ہی کچھ نہیں۔ ہر آرزو تکمیل کے ساتھ ساتھ اور نئی آرزوؤں کی تخلیق کرتی ہے۔ نتیجہ یہ کہ ناکامیاں غم پیدا کرتی ہیں۔ یہاں تک کہ علم بھی اس غم فراواں کو نہیں مٹا سکتا۔ بلکہ

"The man who is gifted with genius suffers most of all"

"He that increaseth knowledge increaseth sorrow."

تمام سفر ہستی ایک کش مکش، ایک جنگ، ایک پیکار میں گذرتا ہے۔

تاآنکہ موت کا دروازہ کھلتا ہے۔ لیکن کسے معلوم کہ اس عارضہ وجود کی نحوستیں اس نئی زندگی میں کن کن مصائب کا سرچشمہ بنتی ہیں ؟

ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ شوپن ہار کا فلسفہ از سرتاپا فارسی شاعری کی ایک تفسیر ہے۔ جس کی جزئیات کو کسی قدر مرتب اور مربوط کر لیا گیا ہے جہاں تک دنیا کی بے ثباتی کا تعلق ہے۔ یہ افسانۂ غم چنداں اوپرا نہیں معلوم ہوتا۔ کیونکہ موت کی چیرہ دستیاں، پھولوں کی پژمردگی، لالہ رخوں کی جوانامرگی، لیل و نہار کے انقلابات انسانی دماغ کے توازن کو بگاڑنے کے لئے کافی سے زیادہ مؤثر اسباب ہو سکتے ہیں۔ لیکن اس "یاسیہ شیون" کا وہ حصہ بہت دلگداز ہے۔ جس میں خود انسانی فطرت کی خرابی کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ آسمان کی شکایت اور خصوصاً اہل کمال سے مخالفت کا مضمون کچھ اس انداز سے دہرایا گیا ہے۔ کہ واقعی انسان اور زندگی دونو سے نفرت پیدا ہو جاتی ہے ؟

غنیؔ کاشمیری کو شکایت ہے۔ کہ آسمان بے تمیز ہے۔ جو اہلِ کمال کی قدر کو خاک میں ملا دیتا ہے ؎

گوہر قدر عزیزاں را سپہر بے تمیز
توتیا سازد و لے در چشم نابینا کند

دنیا قابلِ نفرت جگہ ہے۔ دلیل یہ کہ جو جاتا ہے۔ واپس نہیں آتا ؎

وضع زمانہ قابلِ دیدن دوبارہ نیست
رُو پس نکرد ہر کہ ازیں خاکداں گذشت (کلیمؔ)

دنیا، بحرِ حوادث میں ایک شکستہ کشتی سے مشابہ ہے۔ اس میں کسی کو آرام قرار نہیں مل سکتا ؎

دنیا شکستہ کشتیٔ بحرِ حوادث است

در کشتیٔ شکستہ کسے آرمیدہ نیست (اقبال)

دنیا، وہ عروس ہے۔ جو پہلے شوہر کو قتل کرتے ہوئے نت نئے شوہر کی تلاش میں رہتی ہے ؎

مرد عاقل بہ طلبگارئ دنیا نرود

کیں عروسے است کہ شو کشتہ و شوہر خواہد (سالک یزدی)

دنیا، ایک باغ ہے۔ جس میں میوۂ پختہ صرف خام کاروں اور ناکسوں کو دیا جاتا ہے ؎

میوۂ پختہ دریں باغ بخاماں بدہند

پختگاں را دہد ایام اگر خامے ہست (سالک یزدی)

حافظ جیسے اہلِ کمال بھی جفائے روزگار کے شاکی ہیں ؎

ابلہاں را ہمہ شربت زگلاب و قند است

قوتِ دانا ہمہ از خونِ جگر می بینم (حافظ)

طالب آملی کے نزدیک خود ہنر ہی بے قدری کا سبب ہوتا ہے ؎

گفتند کہ بود دت بجہاں رہزنِ اقبال؟

نالیدم و گفتم کہ ہنر بود ہنر بود! (طالب)

اس بے مہری اور بے قدری کے خراب آباد میں بسنے والے بھی ایسے ہی بے مہر، جفاجو، بے وفا، بلکہ بے سبب آزار ہیں۔ صائب اس حقیقت سے اس درجہ متاثر ہے۔ کہ قیامت کے دن بھی اپنے ابنائے نوع کو نہیں دیکھنا چاہتا ؎

مرا ز روز قیامت غمے کہ ہست این است کہ روئے مردم عالم دوبارہ باید دید (صائب)

سالک یزدی یوسف کی طرح زندان چاہ میں اسیر رہنا پسند کرتے ہیں۔ لیکن بنی نوع کے قافلہ کے ہمراہ نہیں جانا چاہتے ؎

سالک تو یوسفی و رفیقاں تمام گرگ
در چہ بمان و ہمرہ ایں کارواں مباش

غنی کاشمیری نے عمر بھر ترک تعلق کا مسلک اختیار کئے رکھا۔ لیکن اس عزلت کے باوجود اُن کے دل میں ابنائے زمان کے نفاق کا بہت گہرا اثر موجود ہے ؎

غبار خاطرم از اہل عالم جمع شد چنداں
کہ می خواہم بہ پیش روئے خود دیوار بردارم (غنی)

صاف دلی اور خلوص اس درجہ بے کار ہیں۔ کہ طاہر وحید اسے کامیابی کے منافی خیال کرتے ہیں ؎

صاف دل گشتن جہانرا دشمن خود کردن است
سنگ چوں آئینہ شد بیند بہ ہر سنگے شکست
قصۂ یوسف و بے مہری اخوان سنداست
کہ برادر بہ جہاں یار برادر گردد (سالک یزدی)

زندگی سے دلچسپی کی کمی کا یہ احساس نہ صرف قدیم شعراء کے کلام میں پایا جاتا ہے۔ بلکہ ہمارے اپنے زمانے میں بھی اس کا اثر نمایاں ہے۔ ایران کے جدید شعراء میں اس کے اثرات پائے جاتے ہیں[1] ؎

---

[1] اس موضوع پر بہار، ادیب پشاوری اور بعض اور جدید شعراء کا مناظرہ "سخنوران عصر حاضر" اور شعرائی دوران پہلوی میں ملاحظہ ہو۔

حافظ و خیام کا فلسفۂ غم

بعض لوگوں کا خیال ہے۔ کہ حافظ اور خیام نے فارسی شاعری میں امید اور رجا کا پیغام دیا ہے لیکن یہ خیال غلط فہمی پر مبنی معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ ان دونوں شعراء کے پیغام کا خلاصہ صرف اس قدر ہے۔ کہ چونکہ دنیا بے ثبات ہے اور غم والم اس کا آئین مسلّم ہے۔ اس لئے اس کا ماتم کرنے کی بجائے مے و مطرب سے دل لگا لینا چاہیئے۔ زندگی ایک معمّہ ہے جس کی تعبیر نہایت مشکل ہے علم باوجود اپنی تمام اسرار کشائیوں اور زھد باوجود اپنی تمام پاکبازیوں کے راز حیات تک نہیں پہنچا سکتا۔ پس اس دنیائے فانی میں انسان کے لئے کوئی نسخہ اس سے بہتر نہیں ہو سکتا۔ کہ جہاں تک بھی ممکن ہو عمر عزیز کو بے غمی اور آزادگی میں گذار دیا جائے۔

حافظ کے نزدیک دنیا کی مصروفیتیں دلچسپی کے قابل نہیں ؎

دمے باغم بسر بُردن جہاں یکسر نمے ارزد
بمے بفروش دلق خود کزیں بہتر نمی ارزد

دنیا چونکہ ناپائدار ہے۔ اس لئے اس کی بے ثباتی کا غم مئے و مینا میں ڈبو دیا جائے ؎

خیز و در کاسۂ زر آب طربناک انداز
پیشتر زانکہ شود کاسۂ سر خاک انداز
عاقبت منزل ما وادیِ خاموشان است
حالیا غلغلہ در گنبدِ افلاک انداز

حافظ اس ہنگامۂ ہست و بود کو ایک خندۂ استغفار کا مستحق خیال کرتے ہیں اور علاوہ فطری غم والم کے، بے سروسامانی اور تنگدستی کی

مصیبتوں میں بھی خوش رہنے اور مے پینے کی تلقین کرتے ہیں ؎

ہنگامِ تنگدستی در عیش کوش و مستی
کیں کیمیائے ہستی قاروں کند گدا را

یہی خیال خیّام کا ہے۔ جو زندگی کو محض نمود اور موہوم خیال کرتے ہیں۔ لیکن اس صورتِ حال سے دوچار ہونے کا علاج ان کے نزدیک یہی ہے۔ کہ غموں کو پاس نہ آنے دیا جائے اور مے و معشوق کی دلفریبیوں میں تلخی روزگار کو فنا کر دیا جائے ؛

یاس کے اسباب فارسی شاعری میں غم اور یاس کی اس موجودگی سے قدرتی طور پر ایک سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ ایسا کیوں ہے جبکہ وجود کی ناگزیر حقیقت جسے عرفِ عام میں "زندگی" کا سہانا نام دیا جاتا ہے۔ مشرق و مغرب میں یکساں طور پر کارفرما ہے۔ ہر جگہ وہی تخلیق ہے، وہی صبحِ ظہور، وہی شامِ زندگی! جس طرح یورپ کا آفتاب طلوع ہو کر اپنی نورانی کرنوں سے فضائے عالم کو نورانی کرتا ہے۔ بعینہٖ وہی کیفیت مشرق میں ہوتی ہے۔ دریاؤں کا رُخ ہر جگہ پستی کی جانب ہے پہاڑوں میں ہر جگہ اونچائی اور وادیوں میں ہر جگہ سبزہ زار نظر آتے ہیں۔ پھر اس عام وحدت کی موجودگی میں کیا بات ہے۔ کہ مشرقی زندگی کی موسیقی میں جو غم پایا جاتا ہے۔ وہ مغرب میں نہیں پایا جاتا۔ اور جو درد کی لذّت اور الم سے محبت اس دنیا میں محسوس کی جاتی ہے۔ شاید اس عالم کے لوگ اس سے آشنا نہیں ؛

ایرانی طبیعت اور تصوّف حقیقت یہ ہے۔ کہ اہلِ مشرق (اور خصوصاً اہلِ ایران) میں دُنیا کی

بے ثباتی کا یہ گہرا احساس کچھ ان کی فطرت کا ایک حصّہ ہے۔ تصوّف جس کی ہزاروں خوبیوں کا قایل ہونا پڑتا ہے۔ جہاں تریاق ہے وہاں زہر بھی ہے۔ انسانی سیرت اور کیریکٹر کی تعمیر میں ایرانی یا اسلامی تصوّف نے نمایاں حصّہ لیا ہے۔ اور بلا خوفِ تردید کہا جاسکتا ہے۔ کہ اس سے بہت سے فوائد بھی حاصل ہوئے۔ لیکن اس میں کچھ شک نہیں کہ اس کے بعض مسائل ایرانی فطرت کے ساتھ کچھ اس درجہ سازگار ہیں۔ کہ اس سے ایرانیوں کے کیرکٹر میں بہت سی کمزوریاں پیدا ہوگئی ہیں۔ عربوں کے مقابلہ میں ایرانی منفعل طبیعت کے لوگ ہوتے ہیں۔ انہیں عمل کی بجائے غور و فکر کی عادت زیادہ ہے۔ اس پر مستزاد یہ ہؤا۔ کہ تصوّف نے انہیں فنا، ترکِ خودی اور عزلت کی طرف مائل کر دیا۔ اور اس روش سے شکست، خوف، نااُمیدی اور مایُوسی کے علاوہ اور کس شے کی توقع رکھی جاسکتی ہے؟

غلط نظریہ سیاست

لیکن اس سے بھی زیادہ ایشیا کا جامد نظریہ سیاست[1] عوام اور جمہور کی طبیعت کو ڈھالنے کا باعث ہؤا۔ اسلام نے بے شک ایک جمہوری سلطنت کا تصوّر پیش کیا۔ جس میں قوم اور ملک کا ہر ہر فرد دلچسپی محسوس کرتا تھا۔ عرب کے دُور دراز قبایل کا ایک ادنےٰ صحرا نشین اس حکومت کو اپنی حکومت سمجھتا تھا۔ اور اس کے نظم و نسق سے اپنے آپ کو اسی طرح وابستہ پاتا تھا۔ جس طرح خلیفۂ وقت۔ لیکن رفتہ رفتہ اسلامی خلافت میں مطلق العنان بادشاہتوں کا سارنگ آگیا اور عوام اور جمہور کو اس کی تشکیل میں کوئی خاص دخل نہ رہا۔

سیاسی تمنّاؤں کی بربادی

جماعتوں میں فطری طور پر سیاسی آرزوئیں

---

[1] Attitude

پیدا ہوتی اور فروغ پاتی رہتی ہیں - یہ آرزوئیں کہیں پوری ہوتی ہیں - لیکن کہیں کچل دی جاتی ہیں - مشرق میں صدہا سال سے جو انداز سلطنت کا رہا ہے اس نے ان آرزوؤں کو عوام کے سینے میں ابھرنے نہیں دیا - نتیجہ یہ کہ ایشیائی فطرت تقیہ اور ضبط بے جا کی عادی ہوگئی ہے - جس میں جرأت اور آزادی کھلم کھلا مقابلہ اور بالجہر احتجاج کی بجائے ریاکاری، تقیہ اور خوشامد کے امراض پیدا ہوتے رہتے ہیں ؎

سیاسی تمناؤں کی اس بربادی کے ساتھ ساتھ جلد جلد انقلابات رونما ہوتے رہے - انہوں نے ایشیائی ذہنیت پر بے ثباتی عالم اور بےمہری روزگار کے نقوش کو سختی سے منقوش کر دیا ؎

ذرا غور کیجیئے - آج صفاریوں کی حکومت ہے تو کل سامانیوں کی - آج غزنویوں کا دور ہے تو کل غوریوں کا - کل جو صاحب تاج و تخت تھے - آج وہ گدائے شہر ہیں - کل جن کی ایک ایک بات پر درست اور بجا کے غلغلے بلند ہوتے تھے - آج لگدکوب حوادث سے خون کے آنسو رو رہے ہیں امیر خسرو کو دیکھئے - کم و بیش تین چار خاندانوں کے مدّاح اور قصیدہ گو رہے اور فارسی شاعری کے تذکروں میں صدہا شعرا ایسے ملیں گے - جنہوں نے اپنی عمر میں بے شمار انقلابات دیکھے اور ابھی ایک کی مدح نہ کرنے پائے تھے - کہ نظام درہم برہم ہوگیا - خیّام نے اسی سے متأثر ہوکر لکھا ؎

این کہنہ رباط را کہ عالم نام است
آرام گہ ابلق صبح و شام است
بزمے است کہ واماندۂ صد جمشید است
قصرے است کہ تکیہ گاہ صد بہرام است

خیامؔ کو دنیا کے ذرّے ذرّے میں انسانی خون۔ پوست اور ہڈیاں نظر آتی ہیں اور اس کے چپّے چپّے میں سینکڑوں عظمتیں مدفون معلوم ہوتی ہیں ؎

خاکے کہ بزیر پائے ہر حیوانے است
زلف صنمے و عارض جانانے است
ہر خشت کہ بر کنگرۂ ایوانے است
انگشت وزیرے و سر سلطانے است

پے درپے سیاسی انقلاب

بہرحال ان پے درپے سیاسی تبدیلیوں نے قوم میں قناعت اور ترکِ دنیا کے خیالات کو تقویت دی۔ اس کے علاوہ بادشاہی کو دردِ سر اور تکلیف لاحاصل خیال کرتے ہوئے تجرید اور ترک تعلقات کی طرف شدید میلان پیدا ہوگیا۔ مال اور سرمایہ سے عام مخالفت پیدا ہوئی اور اس کا حصول وبالِ جان خیال کیا جانے لگا۔ شعراء نے اس مضمون کو کئی طریقوں سے باندھا۔ مثلاً

منعم از آسیب دوراں بیشتر دارد خطر
کشتیٔ پُر بار از طوفانِ دریا بشکند

مال کی کثرت باعث ازدیاد ملال ہوتی ہے

بود ملال بمقدار مال ہر کس را
بقدر روغن خود ہر چراغ می سوزد (صائب)

جہاں تک ممکن ہو بادشاہی اور اس کے ہنگاموں سے علیحدہ ہوکر اس میں سوائے دردِ سر کچھ حاصل نہیں ؎

بادشاہاں را میسّر نیست بر بالائے تخت — آن بزرگیہا کہ در گہوارہ کودک میکند (صائبؔ)

ابن یمین کے تمام اخلاقی قصیدے سعدی کے پند و نصائح، کمال اسمٰعیل کی ساری موعظت اسی ایک مرکزی خیال کے گرد جمع ہوتی ہے کہ سلطنتوں کے کاروبار سے الگ رہنے میں ہی آرام ہے۔ غالباً اس بات پر زور دینے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ کہ سلطنت اور بادشاہی کے خلاف یہ جذبہ محض اس وجہ سے پیدا ہؤا۔ کہ احساس اور درد رکھنے والی طبایع کے نزدیک سیاسیات، اخلاص اور دیانتداری کا مشغلہ نہ تھا۔ ملکداری کا سارا نظریہ غلط اصول پر چل رہا تھا۔ شخصی سلطنتیں جمہوری احساس کی پرورش کی سخت مخالف تھیں اور غافل ایشیا ابھی تک جمہور کی طاقت سے آشنا نہ ہوا تھا۔ بچارے شاعر سمجھتے تھے کہ جو کچھ ہو رہا ہے غلط ہو رہا ہے۔ لیکن کچھ تو ان کی فطرت صاف احتجاج سے نامانوس تھی اور کچھ یہ کہ انہیں ان امراض اور ان خرابیوں کا علاج نظر نہ آتا تھا +

اجتماعی احساس کی کمی

سلطنت بغداد پارہ پارہ ہوگئی۔ لیکن سعدی کے قصیدہ کے بغیر کھلے احتجاج کی کوئی شکل نہ نکل سکی۔ قوم منگولوں کے سیلاب فتوحات میں بہہ گئی۔ لیکن کبھی اس عظیم الشان حادثہ کے اسباب پر غور نہ کیا گیا۔ جلال الدین محمد خوارزم شاہ نے منگولوں کے بڑھتے ہوئے سیلاب کا مقابلہ کیا۔ لیکن اکیلا چنا کیا بھاڑ پھوڑتا +

بچارا انسان جن تکالیف میں مبتلا تھا۔ اس کے خلاف کبھی کوئی آواز نہ اٹھی اور کیونکر اٹھتی اس لئے کہ درباری شاعر اس زمانے میں بادشاہوں کے پراپاگنڈا کا فرض انجام دیتے تھے۔ سعدی نے انکیانو وغیرہ کو نصیحت کے ضمن میں مظلوموں اور بیکسوں کی دلجوئی کرنے کی تلقین کی لیکن مظلوموں کی آہوں نے کبھی کوئی اجتماعی صورت اختیار نہ کی۔ حالانکہ سب **اچھی طرح**

جانتے تھے۔ کہ بادشاہ رعایا کا خادم ہوتا ہے۔ اور اس کے سامانِ تعیش کے پیدا کرنے میں مزدور اور کسانوں کے خون کے چھینٹے رونق پیدا کرتے ہیں۔ چنانچہ انوریؔ کی زبان سے ایک مزدور نے عرصہ ہوا اعلان بھی کیا تھا ؎

درّ و مروارید طوقش اشکِ اطفالِ منست
لعل و یاقوت ستامش خونِ ایتامِ منست

اگرچہ مسلمان بادشاہوں کے عدل و انصاف نے رعایا کے آرام و آسایش کے لئے پوری پوری کوششیں کیں۔ اور علم و فضل کی ترویج میں جو جو کام کئے ان سے کتابوں کے اوراق لبریز ہیں۔ لیکن غلط نظریہ سیاست کی وجہ سے نت نئے انقلابات کا سدّباب نہ ہو سکتا تھا۔ مذہب اور تصوّف نے ان شخصی حکومتوں کی خرابیوں کو دُور کرنے میں بہت بڑا کام کیا اور یہ کہا جا سکتا ہے۔ کہ ان مطلق العنانیوں کے باوجود تصوّف نے ایشیائی سیرت کو پاک رکھنے میں عظیم الشان خدمت انجام دی ہے۔ جیسا کہ آگے چل کر بیان ہوگا۔

اب ضروری مسایل میں سے صرف ایک ہی بات ایسی رہ گئی ہے۔ جس میں ہمیں فارسی شاعری کا نقطۂ نگاہ معلوم کرنے کی ضرورت ہے۔ فلسفی ہمیشہ سوال کرتا ہے۔ انسان کیوں پیدا کیا گیا؟ تخلیق کا مقصد کیا ہے؟ انسان کا آخری نصب العین اور مستقبل کیا ہے؟

ان سوالات کے جوابات کے بارے میں فارسی شاعری بیشتر تصوّف کی رہینِ منّت ہے۔ صوفیانہ تعبیر یہ ہے کہ انسان ذاتِ باری سے متحد تھا۔ شوقِ ظہور کائنات کے وجود کا باعث ہوا۔ چنانچہ دنیا معرضِ ظہور میں آئی۔

اور حضرت انسان کو اس کی حکمرانی عطا ہوئی۔ لیکن ربانی فضا میں جو سرور اور محویت تھی۔ وہ اس جدائی میں کہاں؟ انسان کو پھر جذب اور وصال کی خواہش ہوئی۔ لیکن اب ملاپ بڑی کوششوں سے ممکن ہوگا کیونکہ بقول نظیری ؎

برحمت اتّصال افتد چو پیوندے برید از ہم
بفرصت قطرہ دریا می شود چوں قطرہ شد دریا

اس جدائی[1] میں حضرت انسان سوز و گداز اور درد و کرب میں مبتلا ہیں۔ ہر لحظہ انتظار، عدم اطمینان اور بے قراری، دنیا کی کسی چیز سے تسلی نہیں ہوتی اس لئے کہ ایک گم گشتہ شے کی ہوس ہے۔ جو رومی کے بقول گلی گلی کوچے کوچے پھراتی ہے۔ لیکن اس کا ملنا بہت دشوار ہے ؎

سینہ دارم شرحہ شرحہ از فراق
تا چہ گویم شرح درد اشتیاق

اب اس "فردوس گم گشتہ" تک پہنچنے کے لئے عشق کا نسخہ تجویز کیا گیا ہے۔ جو زندگی کا ایک مسلک ہے۔ اس میں مس وجود کو بالکل گداختہ کرنے کی تلقین کی جاتی ہے ؎

غش وجود با کسیر عشق زایل کن
کہ زر شود مست از کیمیای احمر ما

جب تک وجود ہے۔ محبوبِ حقیقی کا وصال ناممکن ہے۔ اس کو مٹانے اور

---

[1] جامی فرماتے ہیں ؎

حبذا روزے کہ پیش از روز و شب	فارغ از اندوہ و آزاد از طلب
متحد بودیم باشاہِ وجود	حکم غیریت بکلی محو بود
ناگہاں در جنبش آمد بحرِ جود	جملہ را از خود زخود پیدا نمود　الخ

فنا کرنے کے لئے قوانین ہیں۔ جن میں عشق، ترکِ تعلق، فنا، ریاضت اور خدمت ضروری قواعد ہیں۔

عشق کے تمام مراحل ومقامات میں تصوّف کے وجد وحال اور دوسری روحانی کیفیتیں پیشِ نظر ہیں۔ اس بارے میں فارسی شاعری گویا فقر کی منظوم تفسیر ہے۔ اس کا اثر حقیقی سالکین وعارفین پر تو قدرتی طور پر ظاہر اور واضح ہے۔ لیکن یہ واقعہ ہے کہ اس نے عوام الناس کے تصوّر پر بھی بہت گہرا اثر ڈالا ہے۔

فارسی شاعری میں عوام الناس کی تربیت کے لئے جو اصول موجود ہیں۔ ان میں بیشتر مذہب سے متعلق ہیں لیکن بے شمار قواعد وشرائط ایسے ہیں۔ جن میں خالص صوفیانہ اثرات کارفرما ہیں۔ علم الاخلاق میں اعمال کا مقصد ایک اہم باب ہے۔ اس معاملہ میں دو گروہ بہت نمایاں ہیں۔ بعض لوگوں کے نزدیک اعلےٰ اخلاق مسرت اور خوشی پیدا کرنے کا باعث ہوتے ہیں۔ لیکن بعض کے نزدیک اس سے مقصود محض نیکی ہے۔ اور خدا کی رضا جوئی۔

فارسی شاعری کے نزدیک بھی اخلاق کا مقصد خدا کی رضا جوئی ہے۔ اور نیکی خود اپنی جزا ہے۔ سعدی نے تربیت اور تعمیرِ اخلاق کا جو فلسفہ پیش کیا ہے۔ وہ بہت حد تک کانٹ[1] کے اصول تربیت سے مشابہ ہے۔ تواضع انکسار، قناعت، سرمایہ سے اجتناب، مجلسِ امیر و وزیر سے علیحدگی، ہمدردی درویشی اور فقر کی نصیحت، نیک نیتی، خلوص اور صداقت اور اس طرح کے مکارمِ اخلاق کی تعلیم فارسی شاعری کی خصوصیات میں سے ہے۔

---

[1] Kant

عام طور پر یہ خیال ظاہر کیا جاتا ہے۔ کہ فارسی شاعری توکّل اور قناعت کی تعلیم دیتی ہے۔ جس میں قوم میں بے کاری اور بے عملی پیدا ہوتی ہے۔ لیکن درحقیقت یہ خیال غلط فہمی پر مبنی ہے۔ فارسی شاعری کے عروج کا زمانہ قوم کے عروج کا زمانہ تھا۔ اس میں لوگوں کا عام رجحان درباداری اور ملازمت شاہی کی جانب تھا۔ جس میں کامیابی ہونے کے لئے ہر قسم کے قبایح ومفاسد میں پڑنے کا احتمال تھا۔ اس لئے حکماے اخلاق نے عوام الناس کو ان سیاسی قباحتوں سے بچنے کی تلقین کی ہے۔ سچ یہ ہے۔ کہ قوم کو اس زمانے میں قناعت کی طرف بُلانا پاکیزگیِ اخلاق کی طرف بلانے کے مرادف تھا۔ اسی طرح توکّل بھی وہ چیز نہیں۔ جو سمجھی جاتی ہے۔ یہ دراصل خداوند تعالیٰ پر اعتماد اور پھر اپنی خداداد قوّت پر اعتماد کا دوسرا نام تھا۔ یہی وجہ ہے۔ کہ اربابِ کمال نے ہمیشہ لوگوں کو توکّل اور قناعت کی تلقین کی ہے

پائے اربابِ توکّل بر نمے گردد ز بحر
خضر این وادی کجا محتاجِ کشتی یا پُل است (سالک)

اسی کے ساتھ ساتھ گمنامی اور عزلت کی تعلیم دی گئی ہے۔ اور اس پُرآشوب دورِ سیاست میں اس سے بہتر کیا سبق ہوسکتا ہے

نیست از سیلِ گران سنگ حوادث خطرم
خانہ در کوچۂ گمنامیِ عنقا دارم (صائب)

شاہی طلبوں کو بتلایا کہ شاہی اور درویشی میں بہت معمولی فرق ہے

یک پردہ بیش نبود در فقر و سلطنت فرق
طبلِ شہی است کشکول ار پوست کندہ گویم (سرخوش)

ایشیائی ضابطۂ اخلاق کے بعض پہلو ایسے ہیں۔ جن کا صحیح مفہوم جدید

لوگ سمجھ نہیں سکتے۔ مثلاً قدیم تواضع اور انکسار جو انتہائی اخلاق اور شرافت کے لوازم سمجھے جاتے تھے۔ جدید لوگ غالباً اس کو ذلت اور خواری سے تعبیر کرتے ہوں لیکن درحقیقت یہی وہ اعلےٰ کیرکٹر تھا۔ جس پر قدیم زمانہ کو ناز ہو سکتا ہے۔ پرانے لوگ افتادگی اور خاکساری کو کمال کی اولین سیڑھی خیال کیا کرتے تھے۔ چنانچہ صائب فرماتے ہیں ؎

شبنم بآفتاب رسید از فتادگی
بنگر کہ از کجا بہ کجا می تواں رسید

کلیم کو کنج خاکساری میں گنج کمال ملتا ہے ؎

کدام گنج کہ در کنج خاکساری نیست
رواز زمین بہ طلب آنچہ آسمان ندہد

بعض لوگوں کا یہ خیال ہے۔ کہ فارسی شاعری آزادی، طلب، جدوجہد اور عزت نفس کی تعلیم نہیں دیتی۔ لیکن یہ خیال درست نہیں۔ فی الحقیقت عزلت اور خاکساری کی تعلیم کے ضمن میں ہی آزادی اور خودداری کی تلقین ہے۔ فارسی کا کوئی بڑا شاعر ایسا نہ ہوگا۔ جس نے یہ قیمتی اسباق قوم کو نہ دیئے ہوں گے۔ طلب۔ مشقت۔ اور جانفشانی کا جو تصوّر فقر کی اصطلاحوں میں پیش کیا گیا ہے۔ خود وہ بھی سیرت اور کیریکٹر کو ایک رجحان بخشنے میں کافی تاثیر رکھتا ہے۔ لیکن اس کے علاوہ عام دنیاوی طرز تخاطب میں بھی طلب وغیرہ کی پُرزور تلقین کی گئی ہے۔ قدیم زندگی میں جو کشمکش اور آویزش حصول مقصود کے لئے ضروری ہوا کرتی تھی۔ اور جس طرح وہ لوگ اپنے مدّعا میں سعی وعمل کو کام میں لایا کرتے تھے وہ بذات خود اس بات کا ایک ثبوت ہے۔ کہ قدیم تصور زندگی میں پیہم کوشش کو کیا درجہ حاصل تھا۔

به ہجر و وصل و ملال و نشاط گریہ کنم
دراں دلے کہ طلب ہست آرمیدن نیست (نظیری)

نظیری کے نزدیک ناکامی کوشش کی کمی کا نام ہے ؎

مگو کہ رفتم و قسمت نبود در یا بم
کہ نارسیدن سالک نشان بے طلبی ست

عرفی کے نزدیک راستے کی درازی مانع طلب نہیں ہونی چاہیئے ؎

ہمیان سعی مگسل اگر کار مشکل است
راہ رو ملول گر نشود راہ دراز نیست

کلیم کے خیال میں زندگی کے لئے ہنگامۂ عمل اور پیچ و تاب ضروری ہے ؎

نخوردہ پیچش و تاب بکام دل نرسی
گہر برشتۂ بے تاب جا نمی گیرد

مقصود کا ہما بیضۂ فولاد سے حاصل ہوتا ہے ؎

دامن دولت بآسانی نمی آید بدست
این ہما از بیضۂ فولاد می آید برون (صائب)

بچے کو اگرچہ شیر مادر مل ہی جاتا ہے۔ لیکن بہر حال پستانِ مادر کو چوسنے کی ضرورت تو ہے ہی!

چوں شیر مادر است مہیا اگرچہ رزق
این جہد و کوششِ تو بجائے مکیدن است (صائب)

ترقی کے لئے حرکت، سفر، اور تکالیف اٹھانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

پاکیزہ تر از آب نباشد چیزے
لیکن چو کند مقام گندیدہ شود (۹)

آپ اپنی مدد کا اصول کامیابی کی کلید ہے ؎

زود می آید بسر دوران آں کوتاہ بیں
کز فروغ عاریت چوں ماہ می بالد بخویش (صائب)

جو آدمی اوروں پر تکیہ کرتا ہے ناکام رہتا ہے ؎

دست بگرفتۂ مخلوق بجائے نرسد
اُفتد آنکس کہ بامداد کسے برخیزد (آصف خان جعفر)

طلب میں ایک لذت ہے۔ اور طالب، مقصود پاکر بھی بےکار نہیں بیٹھتا ؎

ہلاک ہمت آں تشنہ ام بوادیٔ عشق
کہ گر بہ چشمہ رسد حمل بر سراب کند (سالک)

اہل ہمت اپنی ہی قوت بازو سے جیتے ہیں ؎

اہل ہمت را نباشد تکیہ بر بازوئے کس
خیمۂ افلاک بے چوب و طناب استادہ است (علی سرہندی)

کاہلی اہل طلب کے مذہب میں کفر ہے ؎

کاہلی کفر بود در روش اہل طلب
من چرا کار خود امروز بفردا فگنم (سالک)

طالب کو شوقِ طلب سے قطرہ کی طرح بے خوف سمندر میں کود پڑنا چاہیئے ؎

کمتر مشو از قطرہ کہ در جستن دریا
داماں خود از شوق دویدن بہ میاں زد (قلی سلیم)

طلب دوام کی اس تائید و ہدایت کے ساتھ انتہائی خودداری اور آزادی کی طرف بھی رہنمائی کی ہے ؎

آبے ست آبرو کہ نیاید بجوے باز
از تشنگی بمیر و مریز آبروے خویش (صائب)

خسیسوں کے دروازوں پر مت جاؤ۔ کیونکہ ان کا حلقۂ در مثل سانپ کے ہے ؎

بر حلقۂ درہای خسیساں نزنی دست
زنہار بپرہیز کہ آں حلقۂ ماریست (سالک)

یہی بے نیازی مور کو سلیماں بنا سکتی ہے ؎

بے نیازی ست کہ تسخیر کند عالم را
مور اگر بگذرد از دانہ سلیماں گردد (سالک)

تنگ ظرفوں سے سوال کرنا اپنی آبرو کو کھونا ہے ؎

بادہ گرمی نوشی از دست تنگ ظرفاں منوش
رو دہاں بر خم گذار و منت ساغر مکش (سالک)

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ فارسی شاعری روزی کمانے اور کسب معاش سے روکتی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ فارسی شاعری میں استغنا کو بہت بڑی منزلت دی گئی ہے۔ اور اس کسب مال سے جو آبرو اور خودداری کو فروخت کرنے سے ہوتا ہو۔ بہت ڈرایا گیا ہے۔ جیسا کہ سطور بالا میں بیان ہو چکا ہے۔ طلب معاش کے لئے دربار شاہی اور محل امرا کا طواف کرنا پڑتا ہے۔ جس میں ایک خوددار آدمی کو اپنی عزت نفس کی بہت سی قربانی کرنی پڑتی ہے۔ اس لئے اہل دل اور ارباب کمال ایسے معاش سے پرہیز کرنے کی

تلقین کیا کرتے تھے۔ ورنہ افلاس، اور بے زری ہمیشہ ایک لعنت سمجھی جاتی رہی ہے اور مال اور دولت جس کے ذریعے آدمی کو بہت سی نیکی کرنے کا موقعہ ملتا ہے۔ خُدا کی ایک خاص بخشش خیال کی جاتی رہی ہے۔
صائب کی نگاہوں میں راستی اور صداقت تنگدستی کی وجہ سے بے اعتبار ہو جاتی ہے ؎

راستی از تنگدستی می شود بے اعتبار
راستی بر جا نماند تیر چوں بے پر شود (صائب)

بیدل کے خیال میں ناداری سے بر سر دار ہونا بہتر ہے ؎

کسے مبادا اسیر شکنجۂ افلاس
کہ آدمی بسرِ دار بہ ز ناداری

جب تک روپیہ موجود ہوتا ہے سب لوگ مدح خوان ہوتے ہیں ؎

ہزاراں ہمچو بلبل مدح خوانند
چو گل تا در کفت مشت زرے ہست (آثر)

اس کے علاوہ فروتنی، عاجزی، عام ہمدردی، خلوص وغیرہ فارسی شاعری کے عام مضامین ہیں۔ جن کا مطالعہ کرنے کے لئے شعر العجم اور دوسری کتابوں کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

اس عام تبصرہ کے بعد یہ عرض کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کہ فارسی شاعری سے مستقبل کے لئے پیغام حاصل کرنے کے لئے نئی تعبیر و تفسیر کی ضرورت ہے۔ بلا خوف اعتراض یہ دعوے کیا جا سکتا ہے۔ کہ قلبِ انسانی میں تسلی اور طمانیت کی شمع کو روشن کرنے کے لئے اِس سے بہتر روشنی کہیں سے دستیاب نہیں ہو سکتی۔ وہ شاعری جس کا نصب العین

روحانی ہو۔ اور جو دنیا میں ایک مخلص اور صادق انسانوں کی سوسائٹی بنانا جانتی ہو۔ اور جس کے سامنے موت محض اس سے بہتر زندگی کے لئے ایک خوشنما دروازہ ہو۔ اس کا مطالعہ بالیقین موجودہ اور آئندہ نسلوں کے لئے مژدۂ امید بن سکتا ہے۔ افسوس ہے۔ کہ قدیم طرز سیاست نے مشرق میں اس شاعری سے خاطر خواہ نتائج پیدا نہیں ہونے دیئے اور اگرچہ لوگوں کی نظروں میں یہ گریز[1] کی شاعری ہے۔ جس کے لکھنے والوں نے مسایل و مشکلات انسانی کے بہادرانہ حل سے اعراض کیا ہے۔ لیکن اس کے اندر گزشتہ ہزارہا سال کے تجربۂ انسانی کا جو فلسفیانہ نچوڑ ہے۔ وہ آج بھی ایک زبردست کلچرل تریاق بن سکتا ہے۔ اور اس سے اب بھی انسانی سیرت کی تعمیر اور تکمیل کا کام لیا جاسکتا ہے۔ فارسی شاعری اپنی موجودہ بے قدری کے پیش نظر پکار پکار کر کہہ رہی ہے ؎

نہ آں جنسم کہ از قحطِ خریدار از بہا افتم
ہماں خورشید تابانم اگر در زیرِ پا افتم

(صائب)

سید محمد عبداللہ

---

[1] Escape.

"روحانی"

سلطان شمس الدین التتمش[1] کے شعرا میں ہم روحانی تخلص کے دو شاعروں سے متعارف ہوتے ہیں۔ جنہیں تذکرہ نگاروں نے ایک ہی شخص قیاس کیا ہے۔ اور ان کے متعلق واقعات کو اس قدر خلط ملط کر دیا ہے۔ کہ ہمیں مجبوراً ان کی جداگانہ شخصیتوں پر قلم اٹھانا پڑا۔ روحانی دراصل دو ہیں۔

پہلا وہ جو ابو محمد بن محمد رشیدی سمرقندی کا شاگرد ہے اور سلطان یمین الدین بہرامشاہ بن مسعود غزنوی (م ۵۴۷ھ) کے مداحین میں داخل ہے۔ روحانی کے اکثر قصائد اسی بادشاہ کی مدح میں ہیں اور بہرامشاہ کی وفات کے بعد ملک جلال الدین اتسز خوارزمشاہ (م ۵۵۱ھ) کے دربار میں کتابت کے عہدے پر مامور کیا جاتا ہے۔

ہفت اقلیم میں اس شاعر کو صرف "امیر روحانی" لکھا گیا ہے اور اس کا ایک طویل قصیدہ بھی بہرامشاہ غزنوی کی تعریف میں موجود ہے۔ جس کے چند اشعار ذیل میں درج ہیں:۔

زہی بفکرت روشن ذہاب چشمۂ جان [ز] آفرینش عالم دلت معما خوان
توئی توئی کہ اگر خوانت عطارد من برین سخن بنود خلق را مجال گمان
دوم ادیب پریشان سخن کہ ہمچو دست ہزار بار بسینہ ہمہ دبیرستان
سیوم رشیدک و طواط ژاژ خای کہ ہست چو کلخ گندہ دماغ و چو کلک بستہ دہان

. . . .

[1] بسلسلہ "سلطان شمس الدین التتمش کے عہد میں علمی و ادبی تحریکات"۔

بہین دولت بہرامشاہ بن مسعود کہ آفتاب ملوک است وسایۂ یزدان

بگوش چند[1] بن خاموش باش روحانی دریغ بیتو[1] مقولات غیر وسع گمان

اگر بگاہ سخن جادوی کنی دعوی ہمین قصیدہ بسنداست مرترا برہان

سزا بود کہ برین شعر آفرین گوید چراغ روضۂ مسعود سعد بن سلمان

یہ شاعر دوسرے روحانی سے بہت قبل گزرا ہے۔ یہاں ہم فی الحال اسی بیان پر اکتفا کر کے دوسرے شاعر کی طرف اپنی توجہ مبذول کرتے ہیں:۔

دوسرا شاعر وہ ہے جو چنگیز خانی حملوں سے بے وطن ہو کر ہندوستان کا رُخ کرتا ہے اور سلطان شمس الدین التتمش کے دربار میں پہنچتا ہے۔

جیسا کہ تذکرہ نگار کہتے ہیں یہ رشید وطواط (م ۵۷۸ھ) کا شاگرد معلوم ہوتا ہے اور اپنے ہم تخلص کے مقابلے میں "حکیم روحانی" کے نام سے مشہور ہے۔

ہمارے پاس اس روحانی کو روحانی اول سے ممیز کرنے کے لئے یہ بعض وجوہ ہو سکتے ہیں:۔

پہلے یہ کہ مسبوق الذکر روحانی تو چھٹی صدی ہجری کے آغاز کا شاعر ہے۔ کیونکہ بہرام شاہ غزنوی کا مداح ہے اور موخر الذکر اسی صدی کے اختتام کا۔

دوسرے یہ کہ اگر اس کو مسبوق الذکر کا شاگرد مانا جائے تو شاگرد کو استاد پر بلحاظ زمانہ تقدم لازم آجاتا ہے۔ نیز یہ کہ خود استاد کے متعلق اس کی زبان سے ایسے اشعار کا ادا ہونا نہایت نامناسب معلوم ہوتا ہے۔ ساتھ ہی ہمیں یہ بھی یاد رہے کہ تذکرہ نگار روحانی اوّل کو رشیدی سمرقندی کے

[1] Marginal/interlinear variants printed above the words: "دگوسے" above چند, "ازتو" above بیتو.

تلامذہ میں شمار کرتے ہیں ؛

تیسرے یہ کہ اس کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ رشید وطواط کے معاصرین میں سے ہے۔ وہ رشید کی ہجو کرتا ہے اور اپنے آپ کو اس سے بلند پایہ شاعر سمجھتا ہے۔ لہذا رشید وطواط کا سابق الذکر شاعر کے بارے میں استاد ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ؛

تاریخی کتب میں سب سے پہلے ہم طبقاتِ اکبری میں روحانی ثانی سے روشناس ہوتے ہیں ؛

صاحبِ تذکرۂ لباب الالباب[1] اس کو "الاجل الافضل تاج الحکما عطارد الثانی ابو بکر محمد بن علی الروحانی" کے نام سے یاد کرتا ہے۔ اور اس کی خداداد طبیعت اور موزونیٔ سخن کی تعریف کرنے کے بعد اس کا ایک قصیدہ نقل کرتا ہے جو بقول مصنّفِ تذکرہ :۔

"اززبان سلطان یمین الدولہ بہرامشاہ گفتہ است این شعر" اور جس کا مطلع ہے :۔

منّت خدای را کہ جہان در پناہ ماست
سجدہ گہ ملوک زمین بارگاہ ماست

یہ بہرامشاہ غالباً یمین الدین بہرامشاہ بن تاج الدین حرب[2] بادشاہِ سجستان ہے جو ۶۱۲ھ سے ۶۱۸ھ تک حکومت کرتا ہے۔ اس کی مدح میں حکیم روحانی نے بہت سے قصائد لکھے۔ لباب میں اس کے چند اشعار مندرج ہیں ؛

تذکرۂ ریاض الشعرا علی قلی خان والہ داغستانی کی فہرست مطالبات میں

---

[1] لباب الالباب جلد دوم صـ۲۸۲ تا ۲۸۶ ، [2] مندرجۂ لباب جلد اول ،

جو فہرست نگار نے مرقوم کی ہے صـ۵۴ پر ہمیں ۱۹۳۹ء کے ذیل میں دو روحانی نام ملتے ہیں ۔ ان میں ایک کا نام ابوبکر محمد علی غزنوی ہے اور دوسرے کا اصیل الدین ۔ پنجاب یونیورسٹی لائبریری کا نسخہ نامکمل ہے ۔ لیکن پروفیسر شیرانی مدظلہ کے نسخے میں اس شاعر کا ذکر بدیں الفاظ موجود ہے [۱]۔

"حکیم ابوبکر محمد علی الروحانی ولادت وی در غزنین شدہ و توطنش در بخارا و نشو و نماش در سمرقند بودہ از شاگردان استاد رشیدی و مداح بہرامشاہ ہست ۔ قصیدہ از زبان شاہ مذکور در مدح وی گفتہ کہ مطلعش است

منت خدا یرا کہ جہان در پناہ ماست
سجدہ گہ ملوک زمین بارگاہ ماست

و الحق این قصیدہ را بسیار خوب گفتہ است و این ابیات عالی نیز از وست

. . . .

"اصیل الدین روحانی نقی اوحدی در تذکرۂ خود چند بیتی ازو نوشتہ است و گفتہ کہ در نسخہ قدیمی بنظر رسید معلوم نیست کہ ہماں روحانی ست یا غیر او ۔ راقم حروف این دو بیت را از ان ابیات انتخاب نمودہ برمی نگارد ۔

این ( ) کنہ؟ محققان راہند　　بر مسند فقر بادشاہند
در رزم یلان بی تبر اند　　در بزم سران بی کلاہند

روحانی کے ہندوستان میں وارد ہونے کا مذکور ہمیں طبقات اکبری

---

[۱] ریاض الشعرا قلمی صـ۱۷۴ ،

تاریخ فرشتہ (جلد اوّل ص۶۶ نولکشور) منتخب التواریخ، تحفۃ الکرام اور روز روشن وغیرہ سے معلوم ہوتا ہے۔

روحانی کا وطن بخارا ہے۔ وہ مغلوں کی یورش سے تنگ آکر اپنے پیارے وطن کو خیرباد کہتا ہے۔ اور ایک عرصہ سیستان میں گزارنے کے بعد جہاں وہ بہرامشاہ بادشاہ سجستان کی تعریف میں قصائد لکھتا ہے ہندوستان آتا ہے اور دہلی کا رُخ کرتا ہے۔ اور ۶۲۴ھ میں سلطان شمس الدین التتمش کے دربار میں پہنچتا ہے۔ لیکن علی شیر قانع اور مظفر حسین صبا رقمطراز ہیں۔ کہ وہ ۶۲۳ھ میں سلطان کی درگاہ میں پیش ہوا۔ میں اصل عبارت یہاں نقل کئے دیتا ہوں:-

"افصح الکلام امیر روحانی . . . . در تاریخ صبح صادق نوشتہ کہ در ثلث و عشرین و ستمائہ سلطان شمس الدین التتمش صاحب دہلی زنتھمبور [رامحاصرہ؟] کردہ بگرفت۔ پس بمندور رفت و استیلا یافت۔ حکیم روحانی از بخارا بخدمت او پیوست و قصیدہ گذرانید صلہ جزیل یافت۔"[1]

"روحانی . . . . . در سنہ ثلاثہ و عشرین ہنگامے کہ سلطان شمس الدین التتمش زنتھمبور را فتح کردہ شہر مانڈو [منڈور] رامخیم جاہ و جلال ساخت روحانی از بخارا بحضور سلطان رسید . . . . ."[2]

طبقات[3] ناصری سے پتہ چلتا ہے۔ کہ سلطان اس سال کوہ سوالک کے حدود میں قلعہ مندور کو سر کرنے کے لئے نکلتا ہے اور ۶۲۴ھ میں

---

[1] تحفۃ الکرام مطبوعہ جلد دوم ص۳۱۱، [2] روز روشن مطبوعہ ص۲۶۱، [3] طبقات ناصری ص۱۷۲،

واپس پایۂ تخت پہنچتا ہے۔ شعراء اس مہم کی کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اور قصائد تہنیت لکھتے ہیں۔ جن میں روحانی بڑھ چڑھ کر حصّہ لیتا ہے اور اس قصیدے کے طفیل انعام واکرام حاصل کرتا ہے۔ اس کے چند اشعار طبقات اکبری سے منقول ہیں۔ جنھیں دوسرے مصنفین نے بھی نقل کیا ہے۔ اشعار مذکور یہ ہیں :-[1]

خبر باہل سما برد جبرئیل امین	ز فتحنامۂ سلطان عہد شمس الدین
کہ اے ملائکۂ قدس آسمان برین	بدین بشارت بندید کلۂ آئین
کہ از بلاد ملاحد شہنشہ اسلام	کشاد بار دگر قلعۂ سپہر آئین
شہ مجاہد غازی کہ دست و تیغش را	روان حیدر کرار میکند تحسین

مؤرخ ملّا عبد القادر بدایونی قلم کی ردیف والا ایک قصیدہ بھی روحانی ثانی کی طرف منسوب کرتا ہے۔ جس کا مطلع ہے :-

قصّۂ خویش از زبانِ قلم	کردہ ام یاد در بیان قلم

مجمع النفائس[2] - مخزن الغرائب - آتشکدۂ آذر - مجمع الفصحاء[3] - تذکرۃ الشعراء میں بھی ہمیں ایک روحانی شاعر کا ذکر ملتا ہے۔ جس سے مراد ہمارے خیال میں سابق الذکر شاعر ہے۔ اگرچہ تذکرہ نگار اسی نام سے یاد کرتے ہیں۔ جس نام سے روحانی ثانی مشہور ہے۔

روحانی اسمش ابوبکر محمد از شاگردان رشید وطواط است مداح سلطان محمد خوارزم شاہ بودہ۔ این قطعہ از وست :-

مرد آزادہ بگیتی نکند میل دو کار	تا ہمہ عمر ز آفت بسلامت باشد
زن نخواہد اگرش دختر قیصر بدہند	وام نستاند اگر وعدہ قیامت باشد[4]

---

[1] طبقات اکبری جلد اول صفحہ ۵۹-۶۰، [2] مجمع النفائس قلمی صفحہ ۲۲۷، [3] مجمع الفصحا جلد اول صفحہ ۲۴۰، [4] آتشکدۂ آذر صفحہ ۳۴۸

یہ رباعی ہفت اقلیم۔ مجمع الفصحا اور مجمع النفائس میں بھی پائی جاتی ہے۔

ذکر حکیم ابوبکر محمد علی الروحانی۔ تاج الحکماء ارشد القدماء ست
از سمرقند بودہ مثل خواجہ رشیدی از دامن تربیت او برخاسته
همیں بزرگے او بسند است۔ ملا عوفی ذکروی نمودہ۔ این
چند اشعار آبدار از نتائج طبع وقاد اوست:۔

سنبلت بر صفحۂ گل مشکباری میکند
عارضت دو کشور خوبی خدائی میکند [1]

" " " " " " "

یہ اشعار لباب الالباب میں موجود ہیں۔ اور والہ داغستانی نے بھی نقل کئے ہیں
مندرجہ بالا بیان سے ثابت ہو جاتا ہے۔ کہ اول۔ شاعروں کے
ان دونو ممدوحین یعنی بہرامشاہ غزنوی اور بہرامشاہ بادشاہ سجستان کے دور
حکومت میں ایک صدی کا نمایاں فرق پیدا ہو جاتا ہے۔

دوم۔ یہ کہ اگر ایک روحانی غزنہ میں ہے تو دوسرا دہلی میں۔

سوم۔ یہ کہ ایک کا تذکرہ سنہ ۵۴۷-۵۵۱ھ میں ملتا ہے اور دوسرے کا
سنہ ۶۲۴ھ میں۔

پس ظاہر ہے کہ روحانی تخلص کی دو جدا جدا شخصیتیں ہیں۔ جو اشتراک
تخلص کی بنا پر غلطی کا موجب ہوئیں۔

آغا عبدالستار خاں۔ ایم اے۔ ایم او ایل

---

[1] مخزن الغرائب قلمی ،

عربی طلبہ کی چند ایک اہم ضروریات[1]

عربی زبان کے طلبہ کے لئے سب سے پہلے ایک ایسی عربی گرامر کی ضرورت ہے۔ جس میں صرف و نحو کے قواعد منطقی طریق پر ایک سلجھے ہوئے پیرایہ میں بیان کئے گئے ہوں۔ یہ سچ ہے کہ مشرقی زبانوں میں عربی صرف و نحو پر بہت سی کتابیں موجود ہیں اور مغربی زبانوں میں بھی اس موضوع پر متعدد کتابیں لکھی گئی ہیں جو بالعموم مشرقی تصانیف پر مبنی ہیں۔ مگر افسوس کہ اُن میں سے اکثر اپنے طرز بیان اور مضامین کی ترتیب کے لحاظ سے تسلی بخش اور زمانۂ حال کے طلبہ کے مناسب نہیں۔ کچھ عرصہ ہُوا مجھے درس کے لئے ایک کتاب کو استعمال کرنے کا اتفاق ہُوا۔ جس میں نحوی قواعد کو حسب ذیل ترتیب سے بیان کیا گیا تھا:۔

سب سے پہلے حروفِ عاملہ سے بحث تھی۔ اس کے بعد منصرف اور غیر منصرف سے اور اس کے بعد مرفوعات، منصوبات اور مجرورات کا بیان تھا مگر تجربہ سے جلد ظاہر ہو گیا کہ اس ترتیب کی پیروی کرنے میں اشکال ہے مثلاً غیر منصرف کی حیثیت قواعد اعراب کی رُو سے محض استثنائی ہے۔ یعنی جب غیر منصرف الفاظ بحالت جر استعمال میں آئیں تو اعراب کے عام قواعد جن کی رُو سے اُن پر کسرہ آنا چاہیئے، باطل ہو جاتے ہیں۔ لیکن اگر مذکورہ بالا ترتیب مضامین کو ملحوظ خاطر رکھا جائے تو اعراب کے اساسی اصول کا بیان

---

[1] مختصر ترجمہ ایک انگریزی مقالہ کا جو ڈاکٹر عنایت اللہ نے پنجاب یونیورسٹی عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کے اجلاس منعقدہ ۲۸ مارچ ۱۹۴۰ء میں پڑھا۔

غیر منصرف کے بعد آئے گا۔ اور ظاہر ہے کہ مستثنیٰ کو مستثنیٰ منہ سے پہلے بیان کرنا ایک بے معنی بات ہے۔ یہی قول حروف عاملہ پر بھی صادق آتا ہے۔ کیونکہ حروف عاملہ پر بھی صادق آتا ہے۔ کیونکہ حروف عاملہ بھی صرف و نحو کے اساسی اصول کو معطل کر کے اجزاء جملہ کے اعراب اصلی میں طرح طرح کی تبدیلیاں پیدا کرتے ہیں۔ بدیں وجوہ میں نے اپنے درس میں مذکورہ بالا ترتیب کو بالکل بدل دیا۔ سب سے پہلے میں نے مرفوعات، منصوبات اور مجرورات سے بحث کی اور دکھلایا کہ رفع، نصب اور جرّ تینوں حالتوں میں اسماء پر بالعموم کیا حرکات آتی ہیں۔ اور ان قواعد کو اعراب کے اساسی اصول قرار دیا۔ اس کے بعد منصرف اور غیر منصرف کو زیر بحث لایا گیا۔ اور دکھلایا کہ غیر منصرف الفاظ کی حیثیت محض استثنائی ہے۔ اس کے بعد حروف عاملہ کی مختلف اقسام سے بحث کی گئی اور دکھلایا گیا کہ یہ حروف بھی صرف و نحو کے اساسی اصول اعراب میں مختلف طرح کی تبدیلیاں پیدا کرتے ہیں۔

یہ محض ایک مثال ہے۔ اس امر کی کہ کس طرح تھوڑے سے غور و فکر سے منتشر اور بے ترتیب مواد کو باترتیب اور منظم بنایا جا سکتا ہے اور اسے منطقی طریق پر مرتّب کر کے طلبہ کے لئے زود فہم بنایا جا سکتا ہے۔ اس سے میرا یہ مقصود نہیں کہ موجودہ کتابیں تمام کی تمام یکسر بے کار ہیں۔ وہ کم و بیش اپنی جگہ مفید ہیں۔ مگر انہیں کلیتہً بے خطا نہیں کہا جا سکتا۔ اُن میں ابھی اصلاح کی بہت گنجایش ہے اور وضع اصول اور ترتیب مضامین کے لحاظ سے بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ بعض فضلاء نے اس طرف توجہ مبذول کی ہے مثلاً مولانا شبلی نے اپنے بعض مضامین میں مروّجہ کتب درسی کے بعض بیان کردہ قواعد پر نکتہ چینی کی ہے۔ اور قواعد زبان کو بہتر صورت میں پیش

کرنے کے متعلق قابلِ قدر مشورے دیئے ہیں - اُن کے علاوہ ڈاکٹر لائٹنر (Dr. Leitner) نے بھی ایک رسالہ لکھا ہے - جس میں انہوں نے عربی صرف ونحو کے چند موٹے موٹے اور سادہ قواعد کے استنباط کی کوشش کی ہے - مگر اُن کا رسالہ موضوع کی وسعت کے لحاظ سے ناکافی معلوم ہوتا ہے ڈاکٹر آرنلڈ کے متعلق بھی کہا جاتا ہے - کہ وہ جدید طرز پر ایک عربی گرامر لکھنے کا ارادہ رکھتے تھے - مگر افسوس کہ اجل نے انہیں مہلت نہ دی؛

دوسری اہم ضرورت عربی طلبہ کی ایک جامع عربی لغات ہے - جو تاریخی اصول پر مرتب ہو - عربی لغت کی جو کتابیں اس وقت موجود ہیں - وُہ اپنے اپنے دائرہ کے اندر کم وبیش مفید ہیں - مگر اُن میں بالعموم اُس کتابی (کلاسیکل) زبان سے اعتناء کیا گیا ہے جو عربی ادبیات کے دَورِ اول میں مستعمل تھی - زمانہ مابعد کے ارتقاء لسانی پر توجہ نہیں دی گئی - نیز غیر زبانوں سے جو الفاظ آکر دخیل ہوئے ہیں - اُن کے اصل ماخذ کے متعلق بھی اکثر اطلاعات صحت سے دُور ہیں - عربی انگریزی کتب لُغت میں لین صاحب (Lane) کی لغات سب سے جامع تسلیم کی جاتی ہے - مگر افسوس کہ وہ بھی تکمیل نہ ہوسکی اور اس کا اخیر حصّہ ناقص ہے - ہالینڈ کے مشہور مؤرّخ اور عربی دان پروفیسر دوزی (Dozy) نے مروّجہ کتب لغت کی کمی کو پورا کرنے کے لئے ایک تتمہّ لغات عربیہ دو ضخیم جلدوں میں مرتّب کیا تھا - جس میں انہوں نے دَورِ اوّل کے بعد کے ارتقاء لسانی اور غیر معروف الفاظ پر خاص توجہّ دی تھی - اور دخیل اور معرّب الفاظ کی خوب تحقیق کی ہے - یہ مجموعہ لغات فضلاء مغاربہ

An Introduction to a Philosophical Grammer of Arabic. By G. Leitner. Lahore 1871.

کی تصانیف کے سمجھنے میں خاص طور پر مفید ہے۔ مگر فرانسیسی زبان میں مرتب ہونے کی وجہ سے ہندوستانی طلبہ کے لئے اس کا فائدہ محدود ہے ؛

ہمیں ضرورت اس امر کی ہے کہ اوکسفرڈ انگلش ڈکشنری کی طرز پر عربی زبان کی ایک جامع لغت تاریخی اصول کے مطابق مرتب کی جائے۔ اصول تاریخی سے یہ مراد ہے کہ ہر ایک لفظ کے متعلق یہ تحقیق کی جائے کہ مختلف زمانوں میں اس کا محل استعمال کیا رہا ہے، اور وقتاً بعد وقتٍ اس کے معنی و مفہوم میں کیا کچھ تغیّر و تبدّل ہوتا رہا ہے۔ اوکسفرڈ انگلش ڈکشنری ان ہی اصول پر تیار ہوئی ہے۔ جس میں ارتقاء لسانی کو ہزارہا امثلہ کے ذریعہ سے واضح کیا گیا ہے۔ عربی کتب لغت میں بھی شواہد کثیر تعداد میں موجود ہیں۔ مگر اُن میں ترتیب زمانی کا لحاظ نہیں رکھا گیا ؛

قاہرہ کے المجمع اللغوی الملکی نے جو جنوری ۱۹۳۴ء میں معرض قیام میں آیا تھا، عربی زبان کی ایک جامع لغات تیار کرنے کا بیڑا اُٹھایا ہے اور پروفیسر گب (جو اس مجمع کے ایک ممتاز ممبر ہیں) کے ایک مراسلہ سے معلوم ہُوا۔ کہ اس کام کا آغاز بھی ہو چکا ہے۔ مجمع کا خیال تھا کہ لائپزش (Leipzig) یونیورسٹی میں متعدّد علماء کی سعی سے عربی لغات کے متعلق جو مواد کثیر مقدار میں جمع ہو چکا ہے، اس سے بھی استفادہ کیا جائے۔ مگر اب جبکہ جنگ چھڑ چکی ہے۔ جرمن علماء کا تعاون اور اشتراک عمل ایک غیر متعیّن مدّت کے لئے معرضِ التوا میں پڑ گیا ہے ؛

عربی طلبہ کی ایک دیگر اہم ضرورت عربی ادبیات کی تاریخ ہے۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے اُردو زبان میں اس قسم کی کوئی کتاب موجود نہیں۔ کس قدر حیرت کا مقام ہے کہ ہندوستان میں جہاں کئی صدیوں سے سینکڑوں مدارس میں

علوم دینیہ اور علوم عربیہ کا مطالعہ ہو رہا ہے۔ آج تک ادبیات عرب کی کوئی مسلسل تاریخ نہیں لکھی گئی۔ مجھے اس بات کی ضرورت نہیں کہ فضلاء کے اس مجمع کے سامنے میں ادبی تاریخ کی اہمیت اور ضرورت بیان کروں۔ اتنا کہنا کافی ہے کہ ہندوستان میں اس موضوع پر کماحقہ توجہ نہیں دی گئی خصوصاً اُن طلبہ کی طرف سے جو قدیم طرز کے درس نظامی کی پیروی کرتے ہیں۔ ہمارے مدارس میں جو نصاب تعلیم بالعموم مروّج ہے۔ اس میں ادب کا حصہ بہت کم ہے اور جو ادبی کتابیں مشمول ہیں وہ ایک مصنوعی اور پُر تکلّف طرز انشا کا نمونہ ہیں۔ یہ سچ ہے کہ علم النحو پر بہت سا وقت صرف ہوتا ہے۔ مگر چونکہ یہ علم پُرانی وضع کی کتابوں کے ذریعہ سے پڑھایا جاتا ہے اس لئے خود ادب کے لئے بہت کم وقت بچتا ہے۔ چہ جائیکہ ادبی تاریخ کے مطالعہ کے لئے وقت نکل سکے۔

بات اصل میں یوں ہے۔ کہ عربی نصاب تعلیم کے قدیم واضعین کا مقصد اوّل فقیہ اور عالم دین تیار کرنا تھا۔ بعد میں متاخرین نے اس نصاب میں کتب فلسفہ کی بھرمار کر دی۔ نتیجہ یہ ہُوا کہ خود ادب کی طرف توجہ بہت کم رہی۔ ظاہر ہے کہ ان حالات میں ادبیات کی تاریخ کے لئے کیسے گنجائش نکل سکتی تھی۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے مدارس کے سند یافتہ اصحاب کا دائرۂ علم ادبی تاریخ کے اعتبار سے چند ایک شعراء اور انشا نگاروں کے اسماء تک محدود رہتا ہے۔ اور وُہ اس بات سے بہت حد تک بے خبر رہتے ہیں کہ فقہ اور نحو کی متداول کتابوں کے علاوہ بھی عربی زبان میں بیسیوں علوم کے انمول خزانے بھرے پڑے ہیں۔ مقام مسرّت ہے بلکہ محل تبریک و تہنیت کہ پنجاب یونیورسٹی اور ینٹل کالج کے ارباب حل وعقد نے ادبی تاریخ کی اہمیّت کو

محسوس کرتے ہوئے اُسے عربی زبان کے نصاب میں داخل فرمایا ہے۔ امید واثق ہے۔ کہ ملک کے دیگر مدارس میں بھی اس عمدہ مثال کی تقلید کی جائے گی اور اطراف ملک میں اس اہم موضوع میں روز بروز دلچسپی بڑھتی جائے گی ؛

جہاں تک مجھے معلوم ہے۔ صرف ایک ہندوستانی عالم نے فی زمانہ عربی ادبیات کی تاریخ سے اعتناء کیا ہے۔ اور وہ مولوی محمود حسین خان ٹونکی ہیں۔ کچھ عرصہ ہؤا۔ اُن کی معجم المصنفین کی پہلی تین جلدیں بیروت میں چھپ کر حیدرآباد دکن سے اشاعت پذیر ہوئی تھیں۔ اس تالیف کی ترتیب چونکہ حروف معجم پر ہے۔ اس لیئے اس کو ادب عربی کی مسلسل تاریخ کہنا بجا نہ ہوگا۔ بلکہ اس کا کتب مراجعہ میں شمار ہوگا۔ یہ معجم تاحال نہ صرف نامکمل ہے بلکہ اس میں ایک بھاری نقص یہ ہے۔ کہ اس کی تالیف میں مغربی علماء کی قابلِ قدر تحقیقات سے استفادہ نہیں کیا گیا۔ اب جامعہ عثمانیہ نے اس تالیف کو اپنی سرپرستی میں لے لیا ہے۔ اور اس بات کا انتظام کیا ہے کہ جو جلدیں شایع ہو چکی ہیں۔ اُن پر مستشرقین کی تحقیقات کی روشنی میں نظر ثانی کی جائے اور باقی ماندہ جلدوں کو تالیف کر کے معجم کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا جائے ؛

مغربی زبانوں میں عربی ادبیات کی تاریخ پر متعدد تصانیف موجود ہیں۔ اور اگرچہ وہ اپنے طرزِ تالیف اور وسعت بیان کے لحاظ سے بہت حد تک متفاوت ہیں۔ تاہم ان کو پیشِ نظر رکھ کر اُردو زبان میں اس موضوع پر آسانی کے ساتھ ایسی کتاب تیار ہو سکتی ہے۔ جو طلبہ کے مفید مطلب ہو مصر میں بھی اس موضوع پر کئی کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ اور اُن سے بھی اس بارے میں استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ مغربی تصانیف میں سے حسب ذیل

کتابیں خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں :-

(۱) پروفیسر گِب (Gibb) کا مدخل الی الادب العربی (Arabic Literature: An Introduction) سن تصنیف ۱۹۲۶ء انگریزی زبان میں تقریباً ۱۲۰ صفحات کا ایک مختصر مگر مستند رسالہ ہے ۔ اور مبتدیوں کے لیے بدرجہ غایت مفید ہے ؛

(۲) فرانسیسی پروفیسر ہیوآر (Huart) کی تاریخ الادب العربی جس کا انگریزی میں بھی ترجمہ ہو چکا ہے ۔ مؤلف نے ہر عہد کے متعدد شعرا اور مصنفین کا ذکر کیا ہے ۔ اس لیے طلبہ اور عام شایقین کے لیے بغرض مراجعت خاصی مفید ہے ؛

(۳) پروفیسر نکلسن کی تاریخ ادب العرب جو تھوڑی سی ترمیم کے ساتھ دوبارہ چھپ چکی ہے ۔ ہیوآر کی تاریخ کی طرح یہ بھی بلحاظ ضخامت اوسط درجہ کا حکم رکھتی ہے ۔ مگر لطافت بیان اور ٹھوس ادبی تنقید کے لحاظ سے اپنے موضوع پر ایک بے نظیر تصنیف ہے ۔ مصنف نے ہر عہد کے چند چوٹی کے شاعر ، ادیب اور مصنف انتخاب کر کے ان پر سیر حاصل بحث کی ہے اور ساتھ ہی ہر تاریخی دَور کے سیاسی اور مذہبی حالات پر بھی روشنی ڈالی ہے ۔ جس سے اس دَور کے ادبی رجحانات کا سمجھنا آسان ہو جاتا ہے ؛

(۴) جرمن پروفیسر بروکلمن کی تاریخ ادبیات عرب ۔ تقریباً چالیس سال ہوئے دو جلدوں میں شایع ہوئی تھی ۔ مؤلف نے لٹریچر کی ہر شاخ کے ساتھ اعتنا کیا ہے ۔ اور ہر عہد کے مصنفوں کے حالات زندگی ، اور اُن کی مصنفات کا اختصار کے ساتھ ذکر کیا ہے ۔ موضوع کے استقصاء اور اطلاعات کی فراوانی کے اعتبار سے اپنی نوعیت کی مفصل ترین تالیف ہے

جرجی زیدان نے اپنی تاریخ آداب اللغۃ العربیہ میں بہت حد تک اسی کا چربہ اُتارا ہے۔ اب چند سال سے پروفیسر نذکورا اپنی تاریخ کا ایک وسیع پیمانہ پر تتمہ لکھ رہے ہیں۔ جس کی دو ضخیم جلدیں شایع ہو چکی ہیں۔ اور تیسری جلد زیر طبع ہے ؛

سب سے آخر میں عربی طلبہ کے لئے ایک ایسی کتاب کی ضرورت ہے جو دیار عرب کے طبعی ماحول اور عربوں کی اقتصادی، معاشری اور سیاسی زندگی کو ایک عام فہم اور سلیس پیرایہ میں بیان کرے۔ اور اُن کے عادات ورسوم کو اس طریق پر واضح کرے جس سے اُن کے ادب کا سمجھنا آسان ہو جائے۔ عربی لٹریچر میں عربوں کے عادات و اطوار، طرز تخیل اور ان کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کے متعلق ایسے اشارات کثرت سے ملتے ہیں۔ جو ہمارے طلبہ کے فہم سے اس لئے دُور ہیں کہ وُہ ایک دُور افتادہ قوم کی طرزِ معاشرت اور حالاتِ زندگی سے بہت حد تک ناواقف ہیں۔ مثال کے طور پر آپ قدیم عرب شاعروں کے کلام کو لیجئے۔ اس کا کماحقہٗ سمجھنا اس وقت تک دشوار ہے۔ جب تک ہم بدویوں کی معاشرت اور ذہنیت کے مختلف پہلوؤں سے اچھی طرح واقف نہ ہوں۔ مثلاً انہوں نے اپنی تشبیہات کو بالعموم اپنے طبعی ماحول یا اپنے گرد و پیش کی زندگی سے اخذ کیا ہے۔ اور جب تک ہمیں ان باتوں کا علم نہ ہو ان کی تشبیہات کو سمجھنا ناممکن ہے۔ عرب کے باہر بھی مدت دراز تک عرب اور غیر عرب شعراء ٹھیٹھ عرب شاعروں کے اسالیب بیان کا تتبع کرتے رہے۔ اور نثر نگار بھی ایسی زبان استعمال کرتے رہے۔ جس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ اس زبان کا نشو و نما بادیہ اور اہل بادیہ کے درمیان ہُوا ہے ؛

کیا ہمارے طلبہ عربوں کی معاشرت اور اُن کی زندگی کے مختلف مادی اور اخلاقی پہلوؤں سے واقف ہیں؟ میری ناقص رائے میں وہ کما حقہا واقف نہیں۔ میں اس بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ تقریبًا ہر ایک فرض شناس استاد اپنی اطّلاع اور لیاقت کے مطابق حسب موقعہ اِن امور پر روشنی ڈالتا ہے۔ مگر ان باتوں کی تعلیم باقاعدگی کے ساتھ نہیں ہوتی اور وقتًا بعد وقتٍ طلبہ کو جو اطلاعات بہم پہنچائی جاتی ہیں۔ اُن میں کوئی خاص ترتیب نہیں پائی جاتی۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے۔ کوئی ایسی کتاب موجود نہیں۔ جو مذکورہ بالا ضرورت کو پورا کرتی ہو۔ اندریں حالات تعلیمی سال کے آغاز میں جب میرے پاس طلبہ کی نئی جماعت آتی ہے۔ تو درسی کتابیں شروع کرنے سے پہلے میں چند اسباق میں دیارِ عرب کا جغرافیہ، عربوں کے رسوم وعادات اور اُن کی اقتصادی اور معاشرتی زندگی کو بیان کرتا ہوں۔ اس طریق پر طلبہ کے دل ودماغ کتب درسی کے سمجھنے کے لئے زیادہ مستعد ہوجاتے ہیں ؛

قرونِ گذشتہ کے فضلاء نے اپنے حالات اور ضروریات کے تقاضا سے درسی کتابیں تالیف کیں جو عرصہ دراز تک اپنا مقصد پورا کرتی رہیں۔ زمانۂ حال کے اساتذہ کو چاہیئے کہ وہ موجودہ ضروریات اور آج کل کے مقبول اصولِ تعلیم کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایسی کتابیں تیار کریں جو طلبۂ حال کے مفید مطلب ہوں۔ ورنہ ہم اس بات کے کہنے پر مجبور ہوں گے۔ کہ وہ اپنے فرائضِ منصبی کی ادائگی میں کوتاہی کر رہے ہیں ؛

عنایت اللہ

تبصرہ و تنقید

ترانۂ عشق حکیم الممالک حکیم عبدالباسط المتخلص بہ عشق کا دیوان ہے جس کے دو حصے ہیں۔ حصۂ اوّل میں فارسی غزلیات و رباعیات ہیں اور حصۂ دوم میں ان کا اردو کلام ہے کہ وہ بھی غزلیات اور رباعیات پر مشتمل ہے ؛

حکیم عبدالباسط صاحب عشق ارکاٹ (مدراس) کے رہنے والے تھے اور ایک ممتاز اور ذی علم خاندان کے فرد تھے۔ شاعری ان کو ورثے میں ملی تھی، ان کے والد مولوی مہدی واصف اور دادا مولوی عارف الدین رونق فارسی کے ذی رتبہ شاعروں میں سے تھے - اور دربار والاجاہی میں خاص عزت و منزلت رکھتے تھے۔ عشق کی پیدائش ۱۲۳۸ھ میں مدراس میں ہوئی اور ۱۳۰۲ھ میں حیدرآباد میں فوت ہوئے۔ علاوہ عربی اور فارسی ادب کے جس کی تحصیل گذشتہ صدی تک ہر طالب فضیلت کے لئے لازمی تھی۔ عشق نے زبان انگریزی میں بھی کمال پیدا کیا بلکہ میڈیکل کالج مدراس میں انگریزی طب کو بھی حاصل کیا اور جراحی (سرجری) میں خاص طور پر مہارت پیدا کی، لیکن چونکہ طبیعت کا میلان شاعری اور ادب کی طرف تھا لہذا ڈاکٹری کو اپنا پیشہ نہیں بنایا ؛

عشق کے فارسی اور اردو کلام میں خاصی پختگی ہے جس کو دیکھ کر ہمیں دہلی کے آخری زمانے کے شعراء کا کلام یاد آتا ہے لیکن انگریزی دانی کے باوجود فارسی اور اردو پر ایسی قدرت کا ہونا ایک نادر مثال ہے، پچھلی نسل کے بزرگوں کو عربی اور فارسی کی تعلیم کچھ ایسے صحیح طریقے پر ملتی تھی کہ انگریزی ان کے خیالات پر غالب نہیں ہونے پاتی تھی۔ اب حالت بالکل برعکس ہے ؛

حضرت عشق کا دیوان ان کے پوتے محمد عبد الباسط صاحب نے مرتب کیا ہے اور شروع میں ۲۷ صفحے کا مقدمہ بھی لکھا ہے ، تعداد صفحات ۱۴۳ جن میں سے ۱۰۶ صفحے حصّہ اوّل اور ۳۷ صفحے حصّہ دوم کے ہیں ؛

مقام اشاعت : حیدرآباد (۱۳۵۹ھ) ؛

سلطان محمود غزنوی - از مولوی محمد حبیب صاحب بی اے - آکسن - مترجمہ - سید جمیل حسین ایم - اے (علیگ) حیدرآباد سول سروس ؛

یہ کتاب انگریزی زبان میں لکھی گئی تھی - جس کے مصنف محمد حبیب صاحب پروفیسر مسلم یونیورسٹی علیگڈھ ہیں - سید جمیل حسین صاحب ایم - اے (علیگ) حیدرآباد سول سروس اب اس کا ترجمہ اُردو میں کر کے پبلک کی خدمت میں پیش کرتے ہیں - ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنا ایک کٹھن اور دشوار مہم مانی جاتی ہے اور ہر شخص اس کا اہل نہیں ہوا کرتا مگر قابل مترجم نے اپنا فرض نہایت عمدگی اور خوش اسلوبی سے ادا کیا ہے - زبان نہایت صاف و رواں اور سہل و سادہ ہے اور سید جمیل حسین اس اعلےٰ ترجمہ کے لئے مبارکباد کے مستحق ہیں ؛

ہمیں یہ دیکھ کر تعجب ہوا کہ الہ آباد اکیڈمی نے اس کتاب کی نشر و اشاعت کی ہے مصنف نے اس کتاب کے دوران میں جا بیجا موقع و بے موقع یہ رٹ لگائی ہے - کہ محمود لٹیرا اور ڈاکو تھا - وہ ہندوستان کے مندروں کی دولت لُوٹ کر لے گیا - علاوہ ازیں اس کے اخلاق اور چال چلن پر بھی چھینٹے اڑائے ہیں ؛

محمود پر ڈاکٹر محمد ناظم کے فاضلانہ مقالے کے موجود ہونے کے باوجود حبیب صاحب کی اس کتاب کو ترجمہ اور اشاعت کے لئے انتخاب کرنا ہم کو عجیب معلوم ہوتا ہے - ہمیں کہنا پڑتا ہے کہ اکیڈمی نے ہیرے اور کنکر اور موتی اور پوتھ میں مطلق تمیز نہیں کی - بلکہ مسلمانوں کی دلآزاری کا بیج بویا ہے - اکیڈمی کو معلوم رہے کہ یہ کتاب بحیثیت کتاب تاریخ مستند نہیں مانی جا سکتی - محمود پر قدیم مآخذ عربی اور فارسی زبانوں میں محفوظ ہیں اور پروفیسر حبیب

ان دونوں زبانوں سے نابلد مطلق ہیں ان کا دارومدار زیادہ تر ایلیٹ اور ڈوسن کے ان تراجم پر ہے۔ جو مؤرخین کی تاریخ ہندوستان میں درج ہیں۔ ان تراجم کے متعلق پروفیسر ہودیوالا کی قابل قدر تالیف "ہندوستانی تاریخ کی تنقید" پڑھنے کے بعد ہمارا اعتماد اُٹھ جاتا ہے ٭

حبیب صاحب کا ایک اور ادبی کارنامہ حضرت امیر خسرو دہلوی کی خزائن الفتوح کا انگریزی ترجمہ ہے۔ جس پر اسی میگزین میں تبصرہ ہو چکا ہے۔ بشرط فرصت ہم ارادہ کر رہے ہیں کہ حبیب صاحب کے سلطان محمود غزنوی پر بھی آئندہ کسی وقت مفصل تبصرہ کیا جائے ٭

ہم اپنے میگزین کے ناظرین کی خدمت میں یہ ناخوشگوار اطلاع دینا بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ پنجاب یونیورسٹی کے شعبۂ تاریخ نے حبیب صاحب کی اس فسادی کتاب کو حوالے کی کتاب کے طور پر اپنی فہرست کتب میں شامل کر رکھا ہے ؏

بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبی است

حیات جاوید (طبع جدید) - "سر سید احمد خاں کے جہاں ہم پر اور بہت سے احسانات ہیں۔ انہیں میں سے ایک بہت بڑا احسان یہ ہے۔ کہ وہ ہمارے لئے ایک ایسی بے بہا زندگی کا نمونہ چھوڑ گئے ہیں۔ جس سے بہتر ہم اپنی موجودہ حالت کے موافق کوئی نمونہ قوم کی تاریخ میں نہیں پا سکتے"٭

اسی تقاضا سے مجبور ہو کر انجمن ترقی اُردو نے سر سیّد احمد خاں کی مشہور آفاق سوانح عمری حیات جاوید جو مولانا حالی نے لکھی ہے۔ دوبارہ شایع کی ہے۔ حیات جاوید کا پُرانا ایڈیشن کسی حد تک کمیاب ہو چلا تھا۔ اور اب ضرورت تھی کہ اس قیمتی اور مفید کتاب کو سہل الحصول بنانے کی کوشش کی جاتی۔ انجمن ترقی اُردو اس خدمت کے لئے مستحق شکریہ ہے ٭

کتاب کے شروع میں مولانا حالی اور سر سید احمد خاں کے فوٹو ہیں اور آخر میں

اسماء الرجال، اماکن اور کتب و مولفات کا انڈکس ہے۔ جس سے قدیم ایڈیشن کے مقابلہ میں یہ ایڈیشن زیادہ مفید ہوگیا ہے۔ اس سلسلے میں یہ عرض کرنا کچھ ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کہ انڈکس کی ترتیب الفاظ کچھ سائنٹیفک نہیں۔ مثلاً بہتر ہوتا۔ کہ "خان بہادر برکت علی" کو "برکت علی، خان بہادر" لکھا جاتا۔ "مسٹر بدرالدین طیب جی" کی بجائے "بدرالدین طیب جی" یا "طیب جی، بدرالدین" مناسب ہوتا۔ بہرحال انڈکس کی موجودگی ان معمولی فروگزاشتوں کی تلافی کر دیتی ہے ؛

اس ایڈیشن میں کتاب کے آخر میں پانچ ضمیمہ جات ہیں۔ اوّل سرسیّد کا نسب نامہ، دوم سرسیّد کی تصنیفات کی فہرست، سوم سرسیّد کے چند خواب، چہارم رسالہ اسباب بغاوت ہند، پنجم مصنّف (حالی) کا مضمون متعلق بہ تفسیر القرآن ؛

ان ضمیمہ جات سے کتاب کی افادی حیثیت میں بہت اضافہ ہوگیا ہے ؛

(س - م - ع)

مطبوعات انجمن ترقیِ اُردو

۱۔ تقویم ہجری و عیسوی ۔ [سلسلہ انجمن ترقی اردو۔ نمبر ۱۲۲۔ صفحات ۷۵]

اگرچہ انگریزی زبان اور یورپ کی دوسری زبانوں میں ہجری اور عیسوی سنین کی تطبیق کے لئے بہت سی تقاویم موجود ہیں۔ لیکن اُردو زبان میں اب تک کوئی چیز ایسی موجود نہ تھی۔ جو مستند ہونے کے علاوہ مکمل بھی ہو۔ اب جناب ابوالنصر خالدی صاحب ایم۔ اے (عثمانیہ) نے بنظر ثانی مولوی محمود احمد خاں صاحب پروفیسر جامعہ عثمانیہ، انجمن ترقی اُردو کی طرف سے یہ "تقویم ہجری و عیسوی" شایع کی ہے۔ جس کی بنیاد وسٹنفلڈ اور مالر صاحبان کی تقویم پر رکھی گئی ہے ؛

جیسا کہ مقدمہ میں مذکور ہے۔ عام جنتریوں میں یہ بڑی دقت پیش آتی ہے۔ کہ بہت سی ورق گردانی کے علاوہ علیحدہ حساب بھی کرنا پڑتا ہے .... لیکن اس اُردو تقویم میں یہ بات نہیں۔ اس سے ہم نہ صرف صحیح سنہ اور تاریخ معلوم کر سکتے ہیں۔ بلکہ

دن بھی ؎

جس طرح مالر کی تقویم میں دنوں کے لئے اشارات مقرر ہیں ۔ اس میں بھی اشارات مقرر ہیں ۔ مثلاً شنبہ = ش، یک شنبہ = ی وغیرہ ، اسی طرح عیسوی مہینوں کے لئے ایک، دو، تین، چار، وغیرہ کے اعداد مقرر کئے گئے ہیں ؎

اس تقویم میں وستنفلد اور مالر کی تقویم کی طرح سلہ ہجری سے ۱۵۰۰ھ ہجری تک کی مطابقت دکھائی گئی ہے ؎

مالر کی تقویم کے آخر میں ترکی سنوں کے متعلق جو ضمیمے ہیں ۔ وہ اس میں موجود نہیں ؎

انجمن ترقی اُردو کی اس تقویم سے علمی تحقیق کرنے والوں کے کام میں بہت آسانی پیدا ہوگئی ہے ؎

طباعت وکتابت عمدہ ہے ؎ (س ۔ م ۔ ع)

(ب) تاریخ ادبیات ایران در عہد جدید ۔ (نمبر ۱۲۵ص (تا ن + ۶۷۷]

پروفیسر براؤن کی مشہور کتاب " پرشین لٹریچر ان موڈرن ٹائمز " کا یہ اردو ترجمہ ہے جو سید وہاج الدین احمد کنتوری (جامعۂ عثمانیہ) نے کیا ہے اور جس کو انجمن ترقی اردو نے گذشتہ سال شائع کیا ہے ، انجمن نے پروفیسر موصوف کی تصنیف " تاریخ ادبیات ایران " کا مکمل ترجمہ شائع کرنے کا بیڑا اٹھا رکھا ہے ۔ جس کی یہ چوتھی اور آخری جلد ہے ۔ جہاں تک ہمیں علم ہے اب صرف دوسری جلد کا ترجمہ ہونا باقی رہا ہے ۔ علمی دنیا انجمن کی اس خدمت کی بے حد ممنون ہے ؎

کتاب زیر تبصرہ کو ہم نے جستہ جستہ اصل انگریزی سے مقابلہ کیا ہے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ فاضل مترجم نے اس بات کا التزام نہیں کیا کہ ترجمہ بالکل " وفاداری " کے ساتھ کیا جائے بلکہ صرف اس بات پر قناعت کی ہے کہ مصنف جو کچھ کہنا چاہتا ہے ۔ اس کو بطریق احسن

ادا کر دیا جائے اگرچہ الفاظ کی پابندی نہ ہو۔ ہم اس بات کو کچھ ایسا قابلِ اعتراض نہیں سمجھتے۔ اس لئے کہ ایک علمی کتاب کے ترجمے کا مقصد بھی یہی ہوتا ہے کہ مصنّف کے مفہوم کی ترجمانی کر دی جائے۔ ترجمے کی زبان پختہ اور صاف ہے۔ اور کتاب کی طباعت خاصی اچھی ہوئی ہے ؛

افسوس ہے کہ ترجمے میں اصل کتاب کی تصاویر کو حذف کر دیا گیا ہے، اور تصویریں تو خیر لیکن ان میں بعض شعراء اور مصنّفین کے خطوں کے نمونے تھے جن کے فوٹو دیئے گئے تھے اور وہ قارئین کے لئے بڑی دلچسپی کا باعث ہیں۔ مثلاً مرزا صائبؔ کے خط کا نمونہ اور اس کے علاوہ وصالؔ، یغماؔ، ملا محمد باقر مجلسی، ملّا صدرا، بہاء الدین عاملی، ملّا محسن فیض کے خطوں کے نمونے ہیں۔ ان کے فوٹو کا ترجمے میں دیا جانا ضروری تھا ؛

ایک اور بڑی فروگذاشت انڈکس کی ہے۔ جس کے بغیر ایک علمی کتاب اپنے فائدے اور اہمیّت میں آدھی رہ جاتی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ اشاعت آئندہ میں ان دو خامیوں کی تلافی کر دی جائے گی +

(ج) **فرہنگ اصطلاحات پیشہ وراں** (جلد اوّل) [سلسلہ مطبوعات انجمن ترقی اُردو نمبر ۱۲۶۔ صفحات ۲۳۷۔ طباعت و کتابت عمدہ]

یہ کتاب جیسا کہ مولوی ظفر الرحمٰن صاحب دہلوی (مؤلف) نے دیباچہ میں ظاہر کیا ہے۔ ہندوستانی پیشہ وروں اور صنّاعوں کی اصطلاحات کو جمع کرنے کی پہلی کوشش ہے۔ درحقیقت یہ کام جتنا اہم ہے اتنا ہی مشکل بھی ہے۔ کیونکہ لغات اور کتابوں سے اس بارے میں بہت کم مدد ملتی ہے۔ اور اس کے لئے مؤلف کو مختلف پیشہ وروں اور صنّاعوں سے ملنے کی ضرورت پڑی۔ چونکہ یہ پیشہ ور عموماً تعلیم یافتہ نہیں ہوتے۔ اس لئے انہیں اصطلاحات کی بگڑی ہوئی شکل ہی یاد

ہوتی ہے۔ اور لفظ کی اصلی نوعیت معلوم کرنے کے لئے بہت چھان بین اور تدقیق کی ضرورت پڑتی ہے؛

کتاب دو فصلوں پر مشتمل ہے۔ پہلی فصل تیاری مکانات اور اس کے متعلق پیشے۔ دوسری فصل۔ تہذیب و آرایش عمارات اور اس کے متعلق پیشے۔ ضمنی ترتیب باعتبار حروف تہجی کے۔ ہے۔ کتاب کے آخر میں انڈکس (اشاریہ) ہے؛

اس لغت یا فرہنگ میں ایک خاص بات یہ ہے کہ اس میں تصاویر کے ذریعے مفہوم کی وضاحت کی گئی ہے۔ جو لغات اردو میں ایک مفید جدت ہے۔ البتہ یہ بات محسوس ہو رہی ہے کہ تصاویر زیادہ خوبصورت نہیں۔ ان کو زیادہ خوبصورت بنانا چاہیئے تھا؛

جہاں یہ کتاب نہایت مفید اور قابلِ قدر ہے۔ وہاں اس امر کا اظہار ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کہ بعض جگہ تشریح لغات میں کسی قدر بے احتیاطی کا ثبوت دیا گیا ہے۔ مثلاً اَنارا یا اِجارا (ص ۹۸) کے متعلق لکھتے ہیں کہ "اِجارا ریختے کا تیار کیا ہوا ہے"۔ حقیقت میں لفظ اجارا اسی اِزار یا آزارا کا گنواری کا تلفظ ہے۔ اِزار عربی میں اور پھر اس کے توسط سے فارسی میں زیر بند، شلوار کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ فارسی میں اس کے معنی تن اور دامن کے بھی آتے ہیں (دیکھو فرہنگ اندراج) معلوم نہیں کہ مؤلف نے اس دوسرے تلفظ (اجارا) کو اصطلاحی شکل کیوں دے دی۔ اور علی الخصوص اجارا کے معنی "ریختے کا تیار کیا ہوا" کہاں سے لئے؛

لفظ مِنشار (بالکسر) عربی زبان میں ارہ کے معنی میں آتا ہے۔ لیکن اس لغات میں بالضم لایا گیا ہے (ص۲۱) اس کا ہندوستانی تلفظ بھی یہی ہے۔ چنانچہ فرہنگ آصفیہ میں بھی بالکسر آیا ہے (ص۲)۔ خَلّاصی بہ تشدید لام عوام کا استعمال ہے۔ اس کی اصل شکل خَلاصی ہے (بہ تخفیف لام) جیسا کہ فرہنگ آصفیہ میں ہے۔ بُخاری (ص۱۰۱) "بُخاری دراصل بکھوائی (یعنی دیوار کے پاکھے کے اندر خانہ داری کا معمولی سامان رکھنے کو بنائی ہوئی جگہ) کا بگاڑا ہوا ہے۔ جو مسلمان کاریگروں میں زبان زد ہو کر عام فہم ہو گیا اور گنواری زبان میں باکھر، بکھار اور بکھاری کہلانے لگے"۔ لیکن صاحب فرہنگ آصفیہ نے اس کے ہندوستانی ہونے کا ذکر نہیں کیا۔ بخاری کا لفظ فارسی میں بمعنی آتشدان

استعمال ہوتا ہے۔ فرہنگ اندراج میں لکھا ہے :۔

" در بلاد سردسیر سر کشادہ مثل طاقے در دیوار خانہا سازند و آتش درآں برکنند تا خانہ گرم باشد۔ باقر کاشی ؎

در بخاری مرغ برکف جام مے روزگار برف وباراں یاد باد"

اس میں شک نہیں۔ کہ پاکھا کا معنی پہلو اور بازو ہے (ملاحظہ ہو فرہنگ آصفیہ) اور اس لحاظ سے بخاری کے معنوں سے کچھ مماثلت سی پیدا ہو جاتی ہے لیکن یہ کہ لفظ بخاری ہندوستانی ہے اور پاکھا سے بگڑا ہوا ہے محلِ نظر ہے ؛

بعض اصطلاحات ایسی ہیں۔ جن کی مفصل تشریح آئین اکبری میں موجود ہے لیکن ہمارے مؤلف نے نہایت مختصر تشریح کرنے پر کفایت کی ہے اور آئین کی تفاصیل سے فائدہ نہیں اٹھایا مثلاً چوبیں راوٹی، دو آشیانہ منزل، زمین دوز، سراپردہ، خرگاہ، شامیانہ، منڈل، گلال بار (جسے مؤلف نے کلال بار یا کلاں بار لکھا ہے) یہ سب اصطلاحیں آئین میں موجود ہیں ؛

اُمید ہے کہ جلد دوم کی ترتیب میں تحقیق و تفحص کے ان پہلوؤں کو نظر انداز نہیں کیا جائیگا۔

ہماری رائے میں لغات اردو میں اس قابل قدر تصنیف سے ایک قیمتی اضافہ ہوا ہے جس کے لئے انجمن ترقی اُردو مستحق تحسین ہے ؛ (س۔م۔ع)

(د) انجمن ترقی اُردو کی کہانی (سلسلۂ مطبوعات انجمن ترقی اردو ہند نمبر ۱۲۹) مرتبہ مولوی غلام ربانی (سررشتۂ آثار قدیمہ سرکار عالی) ۱۹۳۹ء۔

انجمن ترقی اردو ملک کا نہایت مشہور علمی و ادبی ادارہ ہے جس کی سرپرستی میں اُردو کی بہترین تصنیفات قدیم و جدید شایع ہوتی ہیں ۔ رسالۂ ہذا میں جناب مولوی غلام ربانی اس انجمن کی تاسیس اور بعد کی سرگذشت کی کہانی سناتے ہیں۔ ۱۹۰۳ء کے دربار دہلی کے موقعہ پر جب محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس دہلی میں منعقد ہوا ۔ یہ انجمن وجود میں آئی۔ اس کے پہلے سکرٹری مولانا شبلی نعمانی مرحوم مقرر ہوئے۔ ۱۹۰۵ء میں مولانا حبیب الرحمن خاں شروانی کا تقرر عمل میں آیا۔ ۱۹۰۹ء میں مولوی عزیز مرزا کو یہ اعزاز حاصل ہوا۔ ان کے انتقال پر قرعۂ انتخاب جناب مولوی عبدالحق صاحب موجودہ سکرٹری انجمن کے نام پر نکلا۔ جن کا زمانہ انجمن کی زندگی کا سنہری زمانہ کہا جاسکتا ہے۔ جب انجمن ترقی اردو حقیقی معنوں میں ترقی اردو بنتی ہے اور اب تو مولانا عبدالحق اور انجمن ترقی اردو

دونوں ایک دوسرے کے لیئے لازم وملزوم بن گئے ہیں اور ضرب المثل کی حیثیت اختیار کرچکے ہیں :
۱۹۱۳ء تک انجمن صرف چھ کتابیں شایع کرسکی تھی۔ لیکن آج اس کی مطبوعات کی تعداد ڈیڑھ سو کے لگ بھگ ہے۔ جن میں متعدد کتابیں کئی کئی بار چھپ چکی ہیں۔ اردو زبان کے دو بہترین رسالے انجمن کے زیر اہتمام شایع ہوتے ہیں۔ پہلا رسالہ 'اُردو' ہے جس نے گذشتہ بیس سال سے اُردو کی لسانی وادبی خدمت میں حصہ لیا ہے۔ اس کے مضامین نہایت محققانہ اور انقلابی ہوتے ہیں دوسرا رسالہ "سائنس" ہے جو محض علمی ہے اور اپنے دائرہ عمل میں کامیاب خدمت انجام دے رہا ہے۔
نواب عمادالملک مرحوم کی تحریک پر ابتدا میں حضور نظام نے بارہ سو روپے سالانہ کی امداد انجمن کے لئے منظور فرمائی۔ ۱۹۱۶ء میں سر اکبر حیدری کی کوشش سے یہ امداد پانچ ہزار روپے سالانہ کردی گئی علیاحضرت مرحومہ فرمانروائے بھوپال پچاس روپے ماہوار کی مستقل اعانت کرتی رہیں۔ اس کے علاوہ اخراجاتِ طبع کے سلسلے میں بھی یکمشت امداد فرمائی۔ گذشتہ سال کے آغاز میں سالانہ بیس نئی کتابیں شائع کرنے کی شرط پر حضور سلطان العلوم نے چھ سال کے واسطے انجمن کو پینتالیس ہزار روپے سالانہ کی بیش قرار امداد دینی منظور فرمائی ہے جس کے ذریعہ سے ہم امید کرتے ہیں اُردو ادبیات کو بہت کچھ سرسبز اور بارور ہونے کا موقع مل جائے گا : آخر میں ہم انجمن کے دیرینہ سال کارواں سالار ڈاکٹر عبدالحق کی درازی عمر کے لیئے دعا کرتے ہیں تاکہ انجمن کا قافلہ بخیروخیریت اپنی منزل مقصود تک پہنچ جائے :
رسالہ کی قیمت ۴ ر ہے اور انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی سے ملتا ہے :

(۵) خمسۂ کیفی - [سلسلہ مطبوعات انجمن ترقی اردو نمبر ۱۳۰۔ ص ۷۰۔ قیمت ۴ ر۔ طباعت کتابت عمدہ]
یہ جناب پنڈت برجموہن صاحب دتاتریہ کیفی دہلوی کے تین مضامین اور دو نظموں کا مجموعہ ہے جن کا تعلق بیشتر اُردو زبان اور ہندو مسلمانوں کے کلچرل تعلقات سے ہے۔ نظموں کے عنوان یہ ہیں "ہماری زبان" اور "ترقی اُردو"۔ نثر کے مضامین یہ ہیں۔ "اُردو ہماری زبان"، "اردو لسانیات"، "ہندو مسلمانوں کے کلچرل تعلقات" : ایک ایسے زمانہ میں جبکہ فرقہ پروری کی آندھیاں چل رہی ہیں۔ اور غیریت اور بیگانگی کے اثرات ہندوستان کی متحدہ معاشرت کی فضا کو مسموم کررہے ہیں۔ جناب پنڈت کیفی کا وجود مغتنم ہے جو بلبل تنہا کی طرح اپنے نغموں سے اتحاد اور یگانگی کے پرانے دور کی یاد تازہ کررہے ہیں پنڈت جی فرماتے ہیں، "اُردو کیا ہے؟ دو مختلف معاشرتوں، دو مختلف مذہبوں، دو مختلف کلچروں کے شیروشکر ہونے اور ارتباط کی یادگار" (ص ۱۵) لیکن افسوس ہے کہ جدید تعلیم یافتہ گروہ کے بڑھتے ہوئے جذبۂ انفرادیت نے اس شیریں یادگار کو بھی نیست و نابود کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ پنڈت کیفی اسی کی

وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں "میں ہندی اور ہندی والوں کو دیکھتا ہوں اور سنتا ہوں لیکن اُردو والوں کو سمجھتا ہوں۔ اور بلاخوف اختلاف کہتا ہوں کہ اگر یہ ساٹھ برس میں نے اُردو کے پیچھے اور اُردو والوں میں بے فائدہ ضائع نہیں کئے۔ تو میں جانتا ہوں کہ اُردو والے جو واقعی اُردو کے کفیل اور وکیل ہیں ان کو یہ سانسا نہیں۔ کہ اُردو کے ساتھ دین اسلام اور ملت بیضا پست ہوجائیں گے۔ اُن کو اور مجھ کو رونا ہے تو یہ کہ اُردو کی مخالفت جس جوش وخروش کے ساتھ اب شروع ہوئی ہے اور جو نفاق پراپاگنڈا کیا جارہا ہے، اس کا زہریلا اثر وطنیت اور صدیوں کی بنائی ہوئی کلچر کو ملیامیٹ کردے گا اور ہمارے ہندوستانی تمدن اور معاشرت کی وجاہت کا خون اپنی گردن پر لے گا۔" پنڈت جی نے مؤثر اور زوردار پیرایہ میں اہل ملک کو جو نصیحت کی ہے۔ وہ اس قابل ہے۔ کہ توجہ کے کانوں سے سُنی جائے۔

پنڈت جی نے اپنے مضمون "ہندو مسلمانوں کے کلچرل تعلقات" میں لکھا ہے کہ "ایک حقیقت ہے جو اس سوال اور اس کی اہمیت سے بالاتر ہے۔ وہ ہے کلچرل ہم آہنگی۔ مغربی اتّصال نے چاہے کوئی شکل اختیار کی ہو۔ کلچرل یونٹی جو ہم میں پہلے سے موجود ہے اس کے رنگ کو مدھم نہیں پڑنے دینا چاہئیے" راقم الحروف کے خیال میں پنڈت جی کو مغربی اتّصال کے متعلق جو حُسن ظن ہے۔ وہ کچھ بے بنیاد معلوم ہوتا ہے۔ ہندوستان میں ہندی اُردو کے جھگڑے بیشتر اسی مغربی اتّصال کی پیداوار ہیں۔ جدید تعلیم یافتہ جماعتوں میں جب سے غلبہ اور اقتدار حاصل کرنے کا احساس پیدا ہوا ہے، پرانی کلچرل یونٹی اور قدیم اتّحاد اسی دن سے رخصت ہے، اور یہ الفاظ صرف سیاستدانوں کی فریب دہ اور تصنّع سے لبریز اصطلاحوں تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں۔ اگر کلچرل اتّحاد واقعی عزیز چیز ہے تو اس کے لئے ہمیں مغلئی دَور کے اساس و اصول پر جمع ہونا پڑے گا۔ ورنہ ڈر ہے کہ یہ سب باتیں صدا بہ صحرا ہو کر رہ جائیں گی؛

كأنّ	خُصُورِها	"	٦	٣٧٨ ر= ٧: ٢٦٥)
وفي	مَيْسُورِها	"	٨	٦٠
ولاحت	دُرُورِها	"	٢٠	١٠٨
إنّي	بَرّا	"	١	٣٩ ر= ٥: ٣١٣)
جاؤا	جَرّا	"	٢	٢٠ ر= ١٥: ٩٥)
تَسَمّا	عِظْيَرّا	"	٢	٣٦٣ ر= ٦: ١٤٦، ١٧: ٣٣٦،
شَرِبْنَ	مُرّا	"	٢	٤٨١ ر=

صدر البيت	قافيته	بحره	مجلد	صفحة
	(اوكثيرين)			١٥: ١٧٦،)
يا أُمَّ	شَرّا	رجز	٣	٣٦٤
لا	عَشْرا	"	٤	٢٥٤
لتجدني	بَرّا	"	٤	١٤٥ ر= ٧: ٣٨٧، ٨: ٣٠٢، ١١: ١٧٦،)
بَلّتْ	مِئْزَرا	"	٥	٧٣
قد	نُكْرا	"	٥	٩٣
إن	حُرّا	"	٥	١٩٦
لا	جَرّا	"	٥	١٩٨ ر= ٦: ١٣٢،)
لطالما	جَرّا	"	٥	٢٠١
إنّك	والقسرا	"	٥	٢٠٨
يا ناقُ	زوّرا	"	٥	٣٢٩ ر= ٤٢٧،)
رأتْ	دَثْرا	"	٥	٣٣٦
قد	عسرا	"	٥	٣٧٣
اذا	واسكرّا	"	٦	٦
إنّي	سَطْرا	"	٦	٢٨ ر=

صدر البيت	قافيته	بحره	مجلد	صفحة
لَنْ	مُسْفَرَا	رجز	٥	٢٦٠ ر= (٦، ٣٣)
لَنْ	حَزَوَّرَا	"	٥	٢٦٠
يا ربّنا	يَكْبُرَا	"	٥	٣٠٦
تَظَلّ	مُزَعْفَرَا	"	٥	٣٣٢ ر= (١٣: ٢٣٧)
أنعتُ	خَنْزَرَا	"	٥	٣٤٤
قد	الأَزْوَرَا	"	٥	٤٢٧
أعددتُ	هجّرا	"	٦	٣٢
قامتْ	عَبْهَرَا	"	٦	٢١٠
عمدًا	مُعْتَشَرَا	"	٦	٣١٠
فما	تَسْخَرَا	"	٦	٤٢٥
سلمُ	أنْ وَرَا	"	٧	١٢٣
يدنفشُ	نَظَرَا	"	٨	١٩٢
مِنْ ياسمٍ	أَحْمَرَا	"	١٦	١٣٤
لا	الأَبْهَرَا	"	١٦	٢٥٢
باتَ	الاندرا	"	١٩	١٢٢
وقال	مُنْكَرَهْ	"	١	٣٨١
كُلّ	حَرَهْ	"	٣	٢٥٧
أنا	الحَيْدَرَهْ	"	٥	٢٤٦ ر=

صدر البيت	قافيته	بحره	مجلد	صفحة
	(واحَيْدَرَهْ)			(٦: ٤٨)
أنعتُ	خَنْزَرَهْ	رجز	٥	٣٤٤
قد	بالسَّمْسَرَهْ	"	٥	٤٢١
رُبَّ	شَهْبَرَهْ	"	٦	١٠٣ ر= ٣٩٩، (٩: ١١١)
ما	كالحُمَّرَهْ	"	٦	١٩١
يُنْجِدُ	عُنْقَرَهْ	"	٦	٢٩٠
عبادك	المُغَبَّرَهْ	"	٦	٣٠٧
فِداكَ	حَجَرَهْ	"	٦	٤٢٦
شَدَّ	مِئْزَرَهْ	"	٧	٩ ر= (١٦: ١٥٠)
إنَّ	كعَشَرَهْ	"	٧	٤٤
إنّي	الهُدَرَهْ	"	٧	١١٨
فكانَ	العَيْثَرَهْ	"	١٠	٢٧٨
يا مَنْ	بيذَرَهْ	"	٢٠	١٣
إنَّ	الجازِرا	"	٢	٢٤٩
بهازرًا	مازِرا	"	٥	١٥٣ ر= (١٠: ٣٧٦)
فابتغ	عيازِرا	"	٦	٢٣٨

صدر البیت	قافیہ	بحر	مجلد	صفحہ
کأنَّ	حَجَرُ	رجز	۶	۳۴۸
فانْ	الکَدَرُ	"	۶	۴۴۹ (۱= ۷: ۱۵۷ ،)
یُنشِفنہ	کالصَّبَرُ	"	۶	۳۹۲
کأنَّ	المُنحَدِرُ	"	۶	۴۰۱
یَقُلنَ	المُقتَسِرُ	"	۶	۴۰۴
وصارِمٍ	القصَرُ	"	۶	۴۱۵
أَلقَی	المجَرُ	"	۶	۴۲۱
فی	أشَرُ	"	۶	۴۲۷
یا أیُّها	بِسَحَرُ	"	۷	۷
یا خیرُ	أُستَمِرُ	"	۷	۱۱
إذا	خَزَرُ	"	۷	۱۹
لامنُنكَ	مَطَرُ	"	۷	۲۷
اذا	مَطَرُ	"	۷	۲۹
واعلم	قَدَرُ	"	۷	۴۲
حتی	النَّجَرُ	"	۷	۴۶
أنا ابن	النَّفُرُ	"	۷	۸۹
جُفَّتْ	وسَمُرُ	"	۷	۹۳
ثمّ جعلتْ	نَفَرُ	"	۷	۹۴
لولا	بالضُّمُرُ	"	۷	۱۹۶ (= ۹۷ع)

صدر البیت	قافیہ	بحر	مجلد	صفحہ
لَسْتُ	نَهَرُ	رجز	۷	۹۷
هٰذا	عُمَرُ	"	۷	۱۵۳
مِنَ الصَّفا	الغَدَرُ	"	۷	۲۴۴
مُعلّقِینَ	السَّفَرُ	"	۷	۳۶۵
صانی	بالکَدَرُ	"	۷	۴۱۳
ضَرْبًا	احتَفَرُ	"	۸	۴۱
یَخْبِطنَ	غُدَرُ	"	۸	۴۷
اذا	بَدَرُ	"	۹	۱۸۵ (= ، ۳۶۹ ، ۱۰: ۵۰ ،)
الحمد	والسَّفَرُ	"	۹	۳۰۵
دارٌ	الزُّبُرُ	"	۱۰	۱۵۰
أعوذُ	القَدَرُ	"	۱۰	۱۸۷
حلا	فَهَدَرُ	"	۱۰	۳۱۱
یَلُفُّ	الغُرَرُ	"	۱۰	۴۱۳
یَعلِفُها	الشَّجَرُ	"	۱۱	۱۶۲
وصَرَّحَ	ذَمَرُ	"	۱۱	۲۳۸
کأنّها	والخَمَرُ	"	۱۱	۴۱۴
بمُخدِرٍ	ذَکَرُ	"	۱۲	۳۵

صدر البیت	قافیته	بحر	مجلد	صفحة
				۴۶۴،)
هَلُ	المُورُ	رجز	۴	۶۲
ان	مِنُشِيرُ	”	۴	۱۱۱ (=
				۱۲: ۷۴،)
أُكُلَّ	مَمُدُورُ	”	۵	۳۷۲
سَاقِي	المَخُمُورُ	”	۱۹	۹۳
ولِيَ	الكُبُرُ	رمل	۶	۴۴۵
خالِقَ	يَبهَرُّ	”	۱۱	۳۷۵
دِيمَةٌ	تَدُرُّ	”	۱۵	۱۰۴ (=
				۱۸: ۱۸۹،)
حَيثُمَا	وُفُرُ	”	۱۹	۱۴۹
مُلُكُنَا	خِيارُ	”	۴	۴۲
حَتَمٌ	وجبارُ	”	۵	۱۸۶ (=
(راوحَكَمَ)				۱۱: ۱۲۷،)
ورُكُوبُ	اجمرارُ	”	۵	۲۱۹
ولَقَدُ	الصُفّارُ	”	۶	۱۳۵
بَينَمَا	نَغَارُوا	”	۲۰	۳۱۴
لا	بِحُرِّ	”	۵ [۱]	۲۵۵
لا	لِضُرِّ	”	۱۱ [۲]	۵

صدر البیت	قافیته	بحر	مجلد	صفحة
فرماها	عُقُرِهُ	رمل	۶	۲۷۳
بِرَهِيشِ	شَرَرِهُ	”	۸	۱۹۷
مُطعَمُ	كِبَرِهُ	”	۱۵	۲۶۰
أجلُ	بِأزارِ	”	۱	۱۵۱ (=
				۵: ۷۵،
				۱۳: ۱۲،
				۱۶: ۲۵۱)
مُحسِنُ	الكِبارِ	”	۱	۱۸۱
ومَلاهٍ	عِذارِي	”	۶	۱۰۳ (=
				۱۶: ۱۴۸)
لو	اعتصارِي	”	۶	۲۵۶،
				۸: ۳۲۸،
				۱۲: ۴۴)
أُبلِغِ	وانتظارِ	”	۱۲	۲۷۲
ولَقَدُ	مُذكارا	”	۵	۳۷۱
رُبَّ	الغارا	”	۶	۳۴۰
ولَها	تقصارا	”	۶	۴۱۳
وهُمُ	الجُزُرُ	”	۱	۲۱
طيّبوا	وَعِرُ	”	۱	۳۱

[۱] انظر ایضاً (۲: ۱۸)، [۲] انظر ایضاً (۵: ۲۷۰،)

صدر البيت	قافية	بحر	مجلد	صفحة	صدر البيت	قافية	بحر	مجلد	صفحة
عَبْهَرَةٌ	الطاهِرِ	سريع	٤	٧ ر=	واقْنَ	الهادِرِ	سريع	١٢	٥٣
	(او الظّاهِرِ)			٦: ٢١٠")	حَنْظَلَة	بالنّاضِرِ	"	١٣	١٩٤
ان	الآثِرِ	"	٥	٦١	شَاقَتْكَ	حاجِرِ	"	١٤	٦٩
في	الحاسِرِ	"	٥	٢٦١	قد	ناضِرِ	"	١٥	٥
فانْظُرْ	ضائِرِي	"	٦	٢٤	أسَفَهًا	بالقادِرِ	"	١٧	٣٩٠
عَضَّ	الغابِرِ	"	٦	٣٠٦ ر=	إذْهِي	الزّائِرِ	"	١٨	١٧٩
				٩: ٥١")	والمالُ	للناظِرِ	"	١٩	٧٧
ولَسْتُ	للكاثِرِ	"	٦	٢٤٦ ر=	أرْمِي	والعاصِرِ	"	٢٠	٣٤
				١٨: ١٩٩")	وكُنَّ	الشّافِرِ	"	٢٠	١٢٢
كَدُمْيَةٍ	مائِرِ	"	٧	١٧	دِمَاؤُهُمْ	العُذْرَهْ	"	١٣	٤٣٠
إنَّ	النّاظِرِ	"	٧	٣٤ ر=	يا قَوْمِ	وقُرّْ	"	٢	٩٧
				٤: ٨٠"	وإنّما	مُفْتَقِرْ	"	١	٣٩٢
				٨: ٢٧٤"	يُهِلُّ	المُعْتَمِرْ	"	١	٤١٥ ر=
				١٧: ١٤٦")					٩: ٤٧٨"
حتى	النّاشِرِ	"	٧	٦١					١٤: ٢٢٦")
قد قلتُ	للنافِرِ	"	٧	٨٤	مِنْ	يَعْتَبِرْ	"	٥	٣٤٠
والدُّرُّ	التّصاوِيرِ	"	٧	٤٢٠	فازْغَلَتْ	تَشْفَتِرْ	"	٦	٨٩ ر=
فَرُكْنُ	الحائِرِ	"	٨	١٣٥		(او فازْغَلَتْ)			١٣: ٣٠٩"
لَيْسَتْ	داعِرِ	"	٨	٣٢٢					٣٢٤")
في	والحاسِرِ	"	١١	١٥٤	تَرْوِي	يَنْصِهِرْ	"	٦	١٣٢ ر=

صدر البيت	قافيته	بحره	مجلد	صفحة
ورجال	الخِيارُ	خفيف	١١	٣٢٤
والى	والإصدارُ	»	١٢	٢٥٨
فَنَأت	سَيّارُ	»	١٣	٣
عن	العَرارُ	»	١٤	٢٥٠
وأتانا	النَّهارُ	»	١٤	٢٩٨
أجوفُ	تجّارُ	»	١٦	١٩٦
عُتِقَت	التِّجارُ	»	١٧	٣٩٤
فَسَرَونا	الدَّخدارُ	»	١٩	١٠١
بِراب	يَغيرُ	»	١	٣٨٣
أنتَ	محبورُ	»	٢	١٣٥
ثُمَّ	القُبورُ	»	٣	٣٨١ (= ١٤: ٢٨٨)
مَرِحٌ	منحورُ	»	٣	٤٢٩ (= ٧: ٥٠)
	القَتيرُ	»	٤	١٠٨ (= ٩: ٤٢)
شادَه	وكورُ	»	٤	٢٣٠
وتذكَّرْ	تذكيرُ	»	٥	١٠٤
يارسولُ	بورُ	»	٥	١٥٣
كُلُّ	خيتعورُ	»	٥	٣١١

صدر البيت	قافيته	بحره	مجلد	صفحة
سَرّه	والسَّديرُ	خفيف	٦	٢٠
وبنو	مذكورُ	»	٦	١٣٥
أينَ	سابورُ	»	٨	٨١
غَيرَ	الميسورُ	»	٨	٣٢٦ (= ٩: ٣٣٤)
مِثلَ	يستطيرُ	»	٨	٣٠٥
وَسْطَه	يُنيرُ	»	٩	٣٠٨
كقصير	قَصيرُ	»	١١	٧٢
زانهنَّ	حَريرُ	»	١١	١٨١ (= ١٢: ١٨٧)
وتبيَّنْ	تفكيرُ	»	١١	٣٦٦
تَضحكُ	تمورُ	»	١٢	٣٤٧
والتماسيحُ	واليَعفورُ	»	١٣	٨٦
ظِنَّة	حَبيرُ	»	١٥	٣٨١
مَنْ	خَفيرُ	»	١٧	١٣٣ (= ٣٤ ص)
أرواحٌ	تصبرُ	»	١٧	٣٠٩
عالمٌ	نحورُ	»	١٨	١٤٣
ثَمَّ	تدورُ	»	١٩	٢٧
لَمْ	مسرورُ	»	١٩	١٤٥

صدر البيت	قافيته	بحره	مجلد	صفحة
وعلّمنا	الوافرة	متقارب	١٩	٥٥
وجدتك	الصغارا	"	١	١٠٥
وألواح	سطارا	"	١	٣٢٢
وما	صارا	"	٢	١٧ (= ٦:١٤٤، ٦:١٣، ١٤:٢٢٥)
وعدّ	قمارا	"	٢	٣٦
اذا	نضّارا	"	٢	١٣٥ (= ١٣٦)
زمان	فطارا	"	٢	١٣٨
ماخانني	الإزارا	"	٣	١٧٨
أقول	جارا	"	٣	٢٣٥
به	ثارا	"	٣	٣٣٦ (= ١١:٢٢)
صحوت	استعارا	"	٤	٤٨٢
فهذا	الإصارا	"	٥	٨٢
فعادا	وائتمارا	"	٥	١٩٠ (= ٧:٢٢٥)
فيم	ابتيارا		٥	١٥٢ (= ١٥٤)
فمن	جمارا	متقارب	٥	٢١٧
وقيّدني	الحمارا	"	٥	٢٩٢
ودامت	احورارا	"	٥	٢٩٨
وكلّ	الشعارا	"	٦	٧٩
ولم	عشارا	"	٦	٢٤٨
فلمّا	العمارا	"	٦	٢٨٣
فلا	الغبارا	"	٦	٣٤٧
لها	فارا	"	٦	٣٧٥
فبادر	سرارها	"	٧	٤٩
ولا	اليعارا	"	٧	١٥٥
فلمّا	أنارا	"	٩	١٧٠
كأنّ	غفارا	"	٩	٢٣٨
مجازيع	اليسارا	"	٩	٣٤٤
أأزمعت	تزارا	"	١٠	٦
ولو	نارا	"	١٠	٢٢٣
فبينا	غوارها	"	١٠	٢٦٩
بضعف	اهتصارا	"	١١	١٠٩
جعلت	سبارا	"	١١	١٨٥
ودار	دارها	"	١١	٣٢٤

صدر البیت	قافیته	بحره	مجلد	صفحة
أتوني	نُكُر	متقارب	۷	۹۲
لقالَ	الهُزُر	″	۷	۱۲۴
لـها	تنبهر	″	۷	۱۶۸
ويا ابنى	السَّحَر	″	۸	۴۹
وإنّا	نأتمر	″	۸	۱۲۵
وأبيض	مُنكسِر	″	۸	۳۸۷
فضافٍ	كالحطر	″	۹	۱۲۲
نحلُّ	الجُزُر	″	۹	۴۰۱
فراغَ	الوتر	″	۱۰	۵
وساقان	مُنبتر	″	۱۰	۷۵
وقالت	هجر	″	۱۰	۱۵۳
لقد	النُّصُر	″	۱۰	۳۱۰
لـها	مُضرّ	″	۱۰	۳۶۴
لـها	المقتدر	″	۱۰	۳۸۴
وأركب	مُسبطرّ	″	۱۰	۱۴۵[۱] (=
	([۲]ومنتشر			۱۱: ۵۲)
تبيتُ	الأكر	″	۱۱	۳۸
وإن	مسبطرّ	″	۱۱	۵۱
وهم	الأزر	″	۱۱	۲۲۸
تخُصُّ	النّظر	متقارب	۱۱	۲۶۶
وسالفة	الشّعُر	″	۱۲	۱۲۰ (= ۱۷: ۲۶۹، ۲۶۰ ص)
ألِكني	الخبر	″	۱۲	۱۲۷ (= ۳۷۴، ۱۳: ۳۰۱، ۲۰: ۱۸۴)
وقول	الصّبر	″	۱۱	۳۲۴
لسانًا	الذّكر	″	۱۲	۵۳
لها	بكر	″	۱۲	۹۳
فلو	البصر	″	۱۲	۳۹۱
فكرّ	المُجُر	″	۱۳	۲۲۷
تبيتُ	مقشعر	″	۱۴	۳۳۴
فيدركنا	نكر	″	۱۵	۳۵۴
ولو	الأبر	″	۱۶	۷۳
كأنّ	الوبر	″	۱۶	۱۵۹ (= ۲۰: ۲۵)
عرفت	عُنتُر	″	۱۷	۱۵۰ (= ۱۹: ۲۴۹)

[۱] انظر ایضاً (۱۳: ۲۸۸).
[۲] انظر ایضاً (۱۱: ۵۱).

صدر البیت	قافیہ	بحر	جلد	صفحہ
أُحَيْمِرَ	مُنْكَسِرْ	متقارب	١٧	١٢١
أتَتْنِي	نُكُرْ	"	١٧	٢٧٠ (= ٢٧١ ص)
لها	النَّمِرْ	"	١٧	٢٨٤ (= ١٨: ٢٥٤، ٢٥٥ ص)
اذا	الغُدُرْ	"	١٨	٢٧٣
فيالهف	القَدَرْ	"	١٩	٨٤
فلما	أُجُرْ	"	١٩	٩٩
أُبَيْنَة	مُرّْ	"	٢٠	٤
وقد	بِشَرّْ	"	٢٠	٢٤٢
تُثِيرُ	للفَلاوُرْ	"	٩	٨٦
تَطَحْتُ	صَرِيرَا	"	١	٢٥٠
ولابُدَّ	الشَّكُورَا	"	١	٤٢٢ (= ٦: ٩٣، ١٩: ٣٦٠،
بَلَوناك	النَّفُورَا	"	١	٤٢٨
جماليّة	الهَجِيرَا	"	٢	٢٠٥ (= ١٣: ١٣٢، ١٤: ٢٧٢،
				١٩: ٣٦٩)
ولم	الشُّرَيْرَا	متقارب	٣	٢٩٧ (= ٦: ١٠٣)
تُشَبَّهُ	البَرِيرَا	"	٣	٣٩٢
كَبَرْدِيَّة	غَدِيرَا	"	٤	٥٥ (= ٦: ٢٣ راو السَّرِيرَا، ٢٦ السُّرُورا، ١١: ١٧١)
اذا	غَيُورَا	"	٤	١٢١ (= ٨: ١٥٨)
اذا	الأَمِيرَا	"	٤	٣٥٧ (= ٥: ٩١، ٢٠: ٢٣٢)
اذا	البَهِيرَا	"	٥	١٤٩ (= ٨: ١٨، ٢٠: ٢٣٦)
لها	دَبُورَا	"	٥	٣٥٧
وقد	الزُّبَيْرَا	"	٥	٤٠٥
كأنَّ	مَشْوُرَا	"	٦	١٠٣ (= ١٣: ٣٣٢،

صدر البيت	قافيته	بحر	مجلد	صفحة
				(٦: ١٠٤)
بما	تَصِيرَا	متقارب	٦	١٤٨
وتبردُ	العَبِيرَا	«	٦	٢٠٥ (= ١١: ١٥٤)
بِنَاحِيَةٍ	عَسِيرَا	«	٦	٢٤١ (=
(او بعيرانةٍ)				١٣: ٩٦)
				(١٦: ١٤٤)
ومن	الغَدِيرَا	«	٦	٣١٢
فأهلي	الكَرِيرَا	«	٦	٤٥١
مَرفُوعَةٌ	نَخِيرَا	«	٧	٤٩
سَوَاهِمُ	النُّسُورَا	«	٧	٦٠ (= ١٤: ٣٧٠)

صدر البيت	قافيته	بحر	مجلد	صفحة
وكُنتُ	نَعُورَا	متقارب	٧	٨٠
وأعددتُ	ذُكُورَا	«	٧	١٤٥
عَلَى	بَصِيرَا	«	٧	٢٤٢ (= ١٥: ٣٢١)
أوِ اسفنطَ	غَدِيرَا	«	٩	١٢٤
وصَادفنَ	شَجِيرَا	«	٩	٣٩٨
أو	الغَدِيرَا	«	١٢	٣٣٩
مُبتَلَّة	زَمهَرِيرَا	«	١٣	٤٥
ومن	فَعِيرَا	«	١٧	٣٤٢
رَاشَهُ	نَجَرِهْ	متدارك	٩	١١٤

ز

صدر البيت	قافيته	بحر	مجلد	صفحة
شَنَتْ	ضَمرَزُ	طويل	٧	٢٣٤
عَلَيهَا	الجَزَاجِزُ	«	١	١٦٨ (= ١٨: ٢٧٤)
وما	النَّزَابِزُ	«	٧	١٧٧
ومَرتَبةٍ	حَاجِزُ	«	١	٣٩٦
مُسَبَّة	رَاكِزُ	«	١	٤٣٩

صدر البيت	قافيته	بحر	مجلد	صفحة
وصَلَاتُ	حَوَامِزُ	طويل	٢	٦٩
فأنحَى	مُشَارِزُ	«	٢	١٣٨ (= ٧: ٢٢٨)
فَظَلَّتْ	نَوَاكِزُ	«	٤	٤٠٠
غَدَونَ	النَّوَاهِزُ	«	٤	٤٠٠ (= ٤٠١ ع)

صدر البیت	قافیہ	بحر	مجلد	صفحة
یا لیتہ	الجیزُ	بسیط	۷	۱۹۶
یا لیتَ	تحُرُزُ	"	۷	۱۹۹
اِنَّ	تحُزِیزُ	"	۷	۲۰۰
قد حال	وارِزُ	"	۷	۲۲۱
لکانَ	تمُزِیزُ	"	۷	۲۷۶
قد حال	تہُزِیزُ	"	۷	۳۸۱
لو	مجُوزُ	"	۱۲	۳۹۷
حتی	مرکوزُ	"	۱۴	۲۶۰ (= ۱۶: ۲۴۴)
یعلُونَ	اللجزِ	"	۷	۲۷۱
اذا	اللمزہ	"	۷	۲۹۳
فَصَلَّینا	والمعازِ	وافر	۷	۲۷۸
وما	الجوازی	"	۱۷	۳۰۶ (= ۱۸: ۱۵۶)
وتسرقُ	ضبیزِ	"	۷	۲۳۰
مثل	الخرُبازِ	کامل	۱	۳۶۰ (= او الخزبازِ ۱۷: ۲۱۳، ۲۱۴)
واذا	وناجزُ	"	۱	۱۴۲ (= ۷: ۲۸۱)

صدر البیت	قافیہ	بحر	مجلد	صفحة
ولقد	عُلاوِکزُ	کامل	۶	۳۱۸
اِنَّ	الغرائزُ	"	۷	۲۵۴
ووَقفتُ	المُناجزُ	"	۷	۲۸۱
کالہندُوانی	المُناجِزُ	"	۷	۲۸۱
لقد	مُبارزُ	"	۱۳	۲۱۷
نَہنِہُ	عاجزُ	"	۱۷	۴۴۸
کریمُ	فاہتزُّ	ہزج	۷	۲۹۱
یَہدِرُ	حرائزُ	رجز	۷	۱۹۹
وبلدۃ	غامزُ	"	۷	۲۲۲ (= ۲۵۷)
اِنّی	المُناشِزُ	"	۷	۲۵۸
کأنّہا	مکزوزُ	"	۷	۱۷۸
لا	بالنکزِ	"	۴	۴۳۴ (= ۱۹: ۳۵)
لا	والتحزّی	"	۷	۱۷۱ (= ۱۸: ۱۸۹)
ان کنت	بزّی	"	۷	۱۷۲ (= ۲۹۶)
دعنی	للاضغزّ	"	۷	۱۷۷ (= ۲۳۱)

اگست سنہ ۱۹۴۰ء

ضمیمہ

اورینٹل کالج میگزین

منجانب

عربک اینڈ پرشین سوسائٹی

پنجاب یونیورسٹی

لاہور

نوٹ: ضمیمہ صرف عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کے ممبروں اور خریداران ضمیمہ میں تقسیم ہوتا ہے

فہرست مضامین

ضمیمہ

بابت ماہ اگست سنہ ۱۹۴۰ء

گیلانی الیکٹرک پریس ہسپتال روڈ لاہور میں باہتمام مہتہ ایشر داس پرنٹر چھپا اور بابو صدیق احمد خاں نے اورنٹیل کالج لاہور سے شایع کیا۔

خواجوی کرمانی - سوانح حیات اور تصانیف

[اس مضمون کی پہلی قسط اگست ۱۹۳۹ء کے پرچہ میں چھپ چکی ہے یسلسلہ کیلئے گذشتہ قسط کی آخری چند سطریں درج ذیل ہیں]

"خواجوی کرمانی کی تاریخ پیدائش کے متعلق خاصہ اختلاف رہا ہے، تذکرہ نویس تو اس سلسلے سے رہے - ریو - ایتھے - ڈاکٹر ارڈمان، پروفیسر براؤن بھی گل و نوروز کے چند اشعار کے حوالہ پر تاریخ پیدائش ٦٧٩ دے رہے ہیں، دوسری طرف سے سپرنگر، بلوشے اور ایوانانت ٦٨٩ درج کر رہے ہیں - اور ان کا مأخذ بھی گل و نوروز کے وہی اشعار ہیں"

تاریخ ولادت

مجھے ہفتاد و ہشتاد کے ہم وزن ہونے میں اس غلطی کا پہلو نظر آیا - اور اپنے خیال میں نسخے کی قدامت کو اس گتھی کے سلجھانے کے لئے کافی سمجھا - لیکن خواجو کی تین مثنویوں (یعنی ہمائے ہمایوں کمال نامہ، روضۃ الانوار) والے نسخہ میں جو دنیا میں شاید قدیم ترین ہے اور جس کا سنہ تحریر ٧٨٩ ہجری ہے - دو اور مثنویاں نہیں ہیں - برٹش میوزیم کے دوسرے نسخے میں یہ اشعار سرے سے موجود نہیں - لیکن ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کی پنج مثنویات خواجو اور مقالہ سعید نفیسی دیکھنے کا اتفاق ہوا - شکر ہے کہ یہاں بھی شاعر مرحوم نے ہماری رہنمائی کی ہے - تاریخ پیدائش چار مختلف سنوں یعنی ہجری، رومی، یزدگردی اور ملک شاہی میں دی ہے - اب ہشتاد و ہفتاد کا جھگڑا اٹھ گیا، تاریخوں کے باہمی مقابلہ سے معلوم ہوا - کہ تاریخ ولادت [شب یکشنبہ؟] ٢٠ ذوالحجہ ٦٨٩ھ ہے

اسی طرح سنہ رومی ۱۶۱۰، یزدگردی ۶۵۹، ملک شاہی ۱۷ دی ماہِ جلالی ۲۱۲ ہے۔ اشعارِ مذکورہ یہ ہیں:۔

شب روزِ الف از مہ شدہ کاف — فگندہ آہوی شب نافہ از ناف
رسیدہ ماہِ ذوالحجہ بہ عشرین — بہ بام آوردہ گردون خشتِ زرّین
زہجرت شش صد و ہشتاد و نہ سال — شدہ پنجاہ روز از ماہِ شوال
وگر عقدت زرومی می کشاید — دہ افزوں بر ہزار و شش صد آید
ورت خود یزدگردی می دہد دست — یکی را طرح کن از شش صد و شصت
ور از زیج ملک شاہی سگالی — شدہ ہفدہ ز دی ماہِ جلالی
دو صد را ضبط کن وانگاہ دو شش خواہ — کہ روشن گرددت سالِ ملک شاہ
من از کتمِ عدم بر داشتم راہ — سمن زارِ وجودم شد چراگاہ

ڈاکٹر ارڈمان نے ۱۸۴۸ء میں زیڈ ڈی ایم جی کے لئے خواجو پر ایک تنقیدی مقالہ لکھا۔ جو نہایت مختصر ہے۔ انہوں نے تاریخ پیدائش پانچ شوال سنہ ۶۷۹ دی ہے۔ ان کی تقلید میں ریو اور پروفیسر براؤن نے بھی یہی لکھا ہے۔ سال کی غلطی تو شاید کاتب کے ہفتاد لکھ دینے سے تعلق رکھ سکتی ہے۔ لیکن "از مہ شدہ کاف"، اور "پنجاہ روز از ماہِ شوال" کے ہوتے ہوئے پانچ شوال درج کرنے کی ہمیں کوئی دلیل نظر نہیں آتی [1]۔

لقب | ہمارے شاعر کو "نخل بند شعرا" کہتے تھے، گویا یہ ان کا لقب تھا، دولت شاہ ان کو ملک الفضلا لکھتے ہیں۔ اور کہتے ہیں چونکہ زبان نہایت

---

[1] جب تک وہ متن سامنے نہ ہو۔ جس پر ارڈمان نے اپنا نتیجہ مبنی کیا ہے۔ اتنی عجلت اس کی تغلیط میں نہ کرنی چاہیئے۔ (اڈیٹر)

شستہ ہوتی تھی، اور بات سے بات پیدا کرتے تھے الفاظ بدیع لاکر کلام میں ایک مخصوص آراستگی ہو جاتی تھی۔ ان کو نخل بند شعرا کہا جاتا تھا۔ اسی خیال کی تائید اور اسی لقب کا ذکر حبیب السیر، ہفت اقلیم، مے خانہ، خزانۂ عامرہ، مرآۃ الخیال، نشتر عشق، مجالس المومنین، شمع انجمن، مخزن الغرائب اور مرآۃ العالم میں دیکھنے میں آیا ہے۔ حاجی خلیفہ کا قول ہے کہ وہ خلاق المعانی کہلاتے تھے۔ دوسری جگہ ملک الفضلا بھی لکھتے ہیں۔ خواجو کا پورا نام کمال الدین ابوالعطا محمود بن علی ہے۔ صرف صاحب مے خانہ انکو فضل الدین لکھ رہے ہیں۔

خاندان تذکرہ نویسوں کا اتفاق ہے۔ کہ خواجو کرمان کے ایک مقتدر اور بزرگ خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ دولت شاہ کا قول ہے "از بزرگ زادگان کرمان بود"۔ تقریباً یہی بیان مختلف عبارتوں میں ہفت اقلیم۔ مے خانہ مجمع النفایس، اور مخزن الغرائب میں مل رہا ہے۔ اور ملا عبدالنبی صاحب مے خانہ تو فرماتے ہیں کہ "میں نے چند نہایت معتبر کتابوں میں پڑھا ہے کہ خواجو کے والد کرمان کے امرا میں سے تھے۔" تاہم اُن کے حسب نسب کا نشان نہیں ملتا۔ ان کے والد کا نام ہم جانتے ہیں کہ 'علی' تھا اس سے زیادہ کچھ نہیں۔ خواجو کہیں کہیں اپنے متعلق شخصی معلومات بہم پہنچاتے ہیں۔ لیکن اپنے خاندان، آبا و اجداد کے متعلق کسی موقعہ پر بھی تصریح نہیں کی، آپ کے معاصرین بھی اس بارے میں خاموش ہیں خود خواجو کے چند قطعات جن میں انعام و صلۂ مدح کا تقاضا کرتے ہیں۔ بظاہر اس مسئلہ کی تکذیب کرتے ہیں۔ اور ان کی دایم السفری بھی ایک قوی دلیل ہے کہ کرمان میں معاش کی مستقل صورت نہ تھی، اور اپنے وطن کے

متعلق تو انھوں نے جابجا بیزاری کا اظہار کیا ہے ۔ جو خالی از لطف نہیں
ہم کرمان میں انہیں اکثر تکلیف میں دیکھتے ہیں ۔ اور وہ ملکِ خدا تنگ نیست،
کے قائل نظر آتے ہیں ؎

وطن سے بیزاری

خواجو این منزلِ ویران چہ باندازۂ تست
از اقالیم جہان خطۂ کرمان کم گیر

مجھے ان کے دیوان سے چودہ شعرا ایسے ملے ہیں ۔ جن میں اصل وطن سے
بیزاری اور عراق ، بغداد ، اصفہان ، شیراز کے علاوہ تبریز کے واسطے
بھی آرزومندی کے جذبات کا اظہار کیا گیا ہے ؎

خواجو کنارِ دجلۂ بغداد جنت است
لیکن میانِ خطۂ تبریز خوشتر است

بظاہر وہ اکثر اوقات سفر میں گزار کر واپس وطن آتے ہیں اور وہ بھی
دوستوں کے تقاضے پر لیکن پھر وہی شوقِ سیاحی مغلوب کر لیتا ہے اور
کرمان سے اُکتا کر کہتے ہیں ؎

خواجو بکام دوستان سوی وطن باز آمدی
ای دوستان از آمدن سوی وطن باز آمدیم

کرمان کو چھوڑتے وقت گویا ایک گونہ خوشی اور انبساط محسوس کرتے ہیں ؎

خرم آن روز کہ از خطۂ کرمان بروم
دل وجان دادہ ز دست از پیِ جانان بروم

اکثر اوقات وہ لفظ کرمان کو ذو معنی طور پر استعمال کر کے اس سے اپنی
نفرت اور وہاں کی تکالیف کا اعادہ کرتے ہیں ؎

ایوبؑ اگر ز محنت کرمان بجان رسید ہرگز نخوردہ اندوہ کرمان چنانکہ من

میلِ خواجو ہمہ گر سوی عراق ست مگر
صبرِ ایوبؑ خلاصی دہد از کرمانش

اس وجہ سے ہمیں ان کی مالی حالت سے اطمینان نہیں ، اور ان کا توسّل خاندانِ امرا سے بعید معلوم ہوتا ہے ؛

تصانیف خواجو کی تصنیفات میں سب سے دلچسپ ان کا دیوان ہے ۔جس میں غزلیات کے علاوہ ان کے قصائد ، قطعات ، ترکیب بند ، اور کئی دلچسپ نظمیں شامل ہیں ، اس کے علاوہ ان کا خمسہ ہے جو انہوں نے نظامی کی طرز میں لکھا ہے ، میری مراد ہمای ہمایون ، گل و نورور ، روضۃ الانوار ، کمال نامہ اور گہر نامہ سے ہے ۔ بلوشی اور سپرنگر ایک اور مثنوی مفاتیح القلوب و مصابیح الغیوب کا ذکر کرتے ہیں ۔ اس کا ایک نسخہ کتاب خانہ قومی پیرس میں ہے ۔ ایک ساتویں مثنوی سام نامہ ہے جو خواجو سے منسوب کی جاتی ہے ۔ اس کتاب کے [illegible] کچھ بحث چلی آرہی ہے ۔ اور میرا خیال ہے (اس روٹوگراف کو دیکھ کر جو برٹش میوزیم سے منگایا گیا ہے) کہ خواجو نے کبھی سام نامہ نہیں لکھا ۔کسی نے شاہنامہ اور ہمای ہمایوں سے سرقہ کیا ہے ۔ اور موجودہ صورت دے دی ہے ۔ رباعیات خواجو کا بھی ایک نسخہ کتاب خانۂ پیرس میں ہے ۔ وہاں چند مختصر رسالے نثر میں بھی ہیں ۔ سعید نفیسی بھی دو مختصر رسالوں کا ذکر کرتے ہیں ۔ جو انہوں نے آقای حاجی حسین آقا ملک کی لائبریری طہران میں دیکھے ۔جن کا موضوع اُن کو مقالہ لکھتے وقت یاد نہ رہا ؛

تصانیف کے قلمی نسخے خواجو کی تصانیف کے قلمی نسخے برٹش میوزیم باڈلین لائبریری ، انڈیا آفس ، ایشیاٹک سوسائٹی

بنگال لائبریری، کتاب خانۂ قومی (پیرس) بانکی پور لائبریری، پروفیسر براؤن لائبریری، رام پور، کپورتھلہ، کتاب خانۂ مجلس شورای ملی ایران میں پائے جاتے ہیں۔ ان میں سے سب سے قدیم نسخہ برٹش میوزیم میں ہے۔ یہ تین مثنویوں ہمای ہمایون، کمال نامہ، روضۃ الانوار کا مجموعہ ہے۔ سنہ تحریر ۷۹۸ ہجری ہے۔ کاتب میر علی بن الیاس التبریزی الباورچی ہیں۔ جن کا کچھ حال کتاب پیدائش خط و خطاطان میں حاجی میرزا عبدالمحمد خان ایرانی نے دیا ہے۔ یہ بزرگ عام طور پر نستعلیق کے موجد مانے جاتے ہیں۔ کچھ بھی ہو اپنے زمانے کے ماہر استاد تھے۔ خط کیا ہے۔ گویا موتی پرو دیئے ہیں۔ چونکہ یہ نسخہ ساڑھے چھ سو سال سے زائد معمر ہونے کے علاوہ ایک بہت بڑے ماہر فن کی یادگار ہے۔ اور شاعر کی وفات کے تقریبًا چالیس برس بعد کا لکھا ہوا ہے۔ اس لئے اس کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں اس کا روٹوگراف موجود ہے۔ میں نے مثنوی کمال نامہ کا متن تیار کرنے میں اس نسخہ سے بہت مدد لی ہے۔ اور اکثر اس پر اعتماد کیا ہے۔ دو ایک تصاویر بھی ساتھ ہیں۔ جو اس زمانہ کی مصوری کا شاید نہایت عمدہ نمونہ کہی جا سکتی ہیں۔ لیکن افسوس ہے کہ دو تین ورق اس کے ضایع ہو چکے ہیں، دوسرا نسخہ مکمل خمسہ کا ہے۔ اس کا سنہ تحریر ۹۲۴ ہجری ہے۔ اور کاتب علی بن حسین بن عمادالدین حسینی ہیں۔ ہماری لائبریری میں اس نسخہ سے گل و نوروز اور گوہر نامہ کے روٹوگراف موجود ہیں۔ اس کے اوراق بھی چند جگہوں سے نہیں ہیں۔ اور خاتمہ کے دو صفحے بھی مفقود ہیں۔ خط نستعلیق ہے مگر صاف نہیں اور میر علی کی شیرینی تو سرے سے نہیں ہے۔ اس کے علاوہ سام نامہ کے دو نسخے بھی موجود ہیں

ان میں ایک پر بادشاہِ اودھ کی مہر ہے۔ اور دوسرا نسخہ J. H. Hindley کا سنہ ۱۸۱۱ء کا محررہ ہے۔ اس کا روٹوگراف بھی پنجاب یونیورسٹی کے کتاب خانہ میں موجود ہے۔ میوزیم میں دیوان کا نہایت عمدہ نسخہ بھی ہے، سنہ تحریر موجود نہیں۔ قیاس کیا جاتا ہے۔ کہ پندرھویں صدی عیسوی میں لکھا گیا ہوگا۔ نہایت صاف لکھا ہے۔ اور خاصہ ضخیم ہے۔ اس کا روٹوگراف بھی ہماری لائبریری کے لئے باعثِ زینت ہے۔ باڈلین لائبریری میں کلیاتِ خواجو کا ایک نہایت عمدہ نسخہ ہے۔ سنہ تحریر تو درج نہیں لیکن خاصہ پرانا معلوم ہوتا ہے۔ مکمل دیوان کے علاوہ خمسہ کی مثنویاں ہیں۔ اسی لائبریری میں خلاصۃ الکلام مؤلفہ ابراہیم خان بہادر ناصر جنگ خلیل ۱۱۹۸ھ کا ایک نسخہ بھی ہے۔ اس میں ۷۰ شعرا کے کلام کا انتخاب دیا گیا ہے۔ اس میں چو بیسویں خواجو ہیں۔ گل و نوروز، ہمای ہمایون، کمال نامہ کے علاوہ سام نامہ کا انتخاب بھی ہے۔ مگر آیتے کا خیال ہے۔ کہ یہ سام نامہ وہ نہیں جو انڈیا آفس کے کتاب خانہ میں ہے ؛

انڈیا آفس کے کتاب خانہ میں ہمای ہمایون اور سام نامہ کے نسخے ہیں۔ پہلی مثنوی کا اصلی نسخہ مجھے دیکھنے اور اس کی مدد سے ہمای ہمایون کے متن تیار کرنے کا فخر حاصل ہے۔ سام نامہ کا سنہ تحریر ۱۰۸۵ھ ہے۔ لیکن فاضل فہرست نویس نہایت حیرت سے رقمطراز ہیں کہ نہ صرف پہلا شعر بلکہ متن کا اکثر حصہ مثنوی ہمای ہمایون اور اس کا ایک ہی ہے۔ صرف اسمای ھمای ہمایون کو سام اور پریدخت میں تبدیل کر دیا ہے ؛

ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کا نسخہ پنج مثنویاتِ خواجو میرے زیرِ نظر ہے اس کا سالِ تحریر سنہ ۹۹۰ھ ہے۔ برہان الدین بن بھائی جیو ؟ مخدوم کاتب ہیں

نہایت خوشخط اور دیدہ زیب ہے۔ لیکن دوسری مثنویاں سوائے کمال نامہ ناقص الآغاز یا ناقص الاختتام ہیں، دو ایک ورق نہیں بیسیوں صفحے غائب ہیں۔ ساتھ ہی ہاشمی کی مظہر الآثار کو خواجو کی مثنوی روضۃ الانوار سے غلط ملط کر دیا ہے۔ اسی کتاب خانہ میں سام نامہ کا ایک نسخہ بھی ہے۔ اور اس میں پہلا شعر اور متن کا اکثر حصّہ ہمائے ہمایون سے ملتا ہے۔ لیکن یہ مثنوی ہمائے ہمایون سے لمبی ہے۔ سام کے آبا و اجداد کے کارہائے نمایاں کے ذکر کے بعد تیمور اور شاہرخ میرزا کے نام بھی آرہے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے۔ اور ایوانات کا قول ہے۔ کہ کتاب تیموریوں کے آخری زمانہ میں لکھی گئی۔ شاہنامہ کے بہتیرے اشعار آغاز میں آرہے ہیں۔ جس سے پیچیدگی اور بھی بڑھ گئی ہے۔ کپورتھلہ لائبریری میں خواجو اور سلمان ساوجی کا یکجا دیوان ہے۔ لیکن اس میں صرف غزلیات ہیں۔ قصائد، مراثی، قطعات اور دیگر اصناف سخن نہیں۔ بانکی پور میں دیوانِ خواجو کا ایک جدید نسخہ اور ہمائے ہمایون کے دو نسخے ہیں۔ جو میری نظر سے نہیں گزرے۔ ایسے ہی پروفیسر براؤن مرحوم کی لائبریری میں دیوان کے دو نسخے موجود ہیں۔ نہایت افسوس ہے کہ خود ایران کے کتاب خانۂ مجلس شورائے ملّی میں ایک اسی مجعول منظومہ (سام نامہ) کا بے تاریخ نسخہ ہے اور دوسرا روضۃ الانوار کا ہے۔ جس کا سنہ تحریر ۱۳۰۱ ہجری ہے۔ البتہ پرائیویٹ کتاب خانوں میں اور چیزیں مل رہی ہیں۔ مثلاً سعید نفیسی کا قول ہے کہ دیوانِ خواجو کے دو نسخے طہران میں ہیں۔ اور ان میں سے بہترین حاجی حسین آقا کے کتاب خانہ میں ہے ایک اور عمدہ نسخہ کلیات کا آقائے عبدالرحیم خلخالی ایڈیٹر دیوان حافظ کے ہاں ہے۔ جس کی بنا پر نفیسی صاحب نے اپنا مقالہ لکھا ہے۔ ہمیں ابھی

کتابیں بہت مل رہی ہیں جن میں خواجو کے کلام کا انتخاب ہے۔ قدامت کے لحاظ سے دوسرا بہترین نسخہ کلیات کا کتاب خانۂ قومی پیرس میں ہے۔ اس کا سنہ کتابت ۸۲۶ ہجری ہے۔ اوربلوشے نے اس کی کیفیت اپنی تیسری جلد میں دی ہے ؛

خواجو کی نثر

وہ نثر کے رسالوں کا ذکر بھی کرتے ہیں۔ ان میں ایک رسالۃ السیفیہ ہے جسے انجام میں رسالۂ مناظرۂ شمع وشمشیر لکھا گیا ہے۔ مرصّع نثر کے ساتھ ساتھ نظم بھی ہے۔ شمع وشمشیر کا پُر لطف مناظرہ ہے۔ یہ کتاب امیر مبارزالدین محمد کے نام پر معنون کی گئی تھی، دُوسرا رسالہ بھی اسی قسم کا ہے جس کا عنوان موجود نہیں۔ اسے شاعر نے سفرِ حج کے دوران میں لکھا اور اپنے پیر و مرشد "شیخ الاسلام حجۃ الدین امین الدین زین الاسلام" کے نام نامی سے مزیّن کیا ہے۔ شیخ کا سنہ وفات ۷۴۵ھ ہے اس سے معلوم ہُوا کہ خواجو نے فریضۂ حج ۷۴۵ھ سے پہلے ادا کیا ہوگا۔ تفصیلات مکمل تصنیفات کے مطالعہ کے بعد ہی دستیاب ہوسکتی ہیں، ایک اور رسالہ مناظرہ سحاب وشمس کا ہے۔ جو وزیر غیاث الدین محمّد کے نام پیشکش کیا ہے، ایک چوتھا رسالہ جس کا نام رسالۃ السراجیہ یا مقالۃ الوہاجیہ ہے۔ جھاڑ کے استعمال وفوائد پر شاعرانہ طرز میں لکھا ہے۔ افسوس ہے کہ اس نایاب مجموعہ میں کمال نامہ موجود نہیں۔ اس کا خط نسخ ہے' اور کاتب عبدالملک ابن محمّد اسعد الدین ہیں۔ قدیم ہونے میں یہ نسخہ برٹش میوزیم کے نسخہ سے دوسرے نمبر پر ہے ؛

خواجو کی مطبوعہ مثنویاں

ہمارے شاعر کی ساری کتابیں سوائے دو کے ابھی چند قلمی نسخوں پر مبنی ہیں۔ ہمارے ہمایون

صرف ہندوستان میں دو دفعہ چھپی ہے۔ ۱۲۸۹ھ میں بمقام لوہارو فخرالدولہ مرزا علاء الدین خان بہادر رئیس لوہارو کی تصحیح سے اور پھر ۱۳۲۰ھ میں بمقام بمبئی محمدارد کانی کے اہتمام سے، بمبئی ایڈیشن دہارو ایڈیشن کا پورا پورا چربہ ہے۔ جو حصہ   میں ساقط ہے اس میں بھی نہیں ہے ؎

یہ دونو نسخے بلحاظ نایابی قلمی نسخوں سے کم نہیں۔ بمبئی ایڈیشن صرف گورنمنٹ کالج لاہور کی لائبریری میں ہے۔ اور لوہارو ایڈیشن اورینٹل کالج کے فاضل پرنسپل صاحب کی ملکیت ہے۔ اس مثنوی کے علاوہ روضۃ الانوار ۱۳۰۶ ہجری شمسی میں حسین خان کوہی کرمانی نے بحروف سربی طبع کرائی ہے افسوس ہے۔ کہ دیوانِ خواجو اس قدر دلچسپ اور سراپا معانی ہونے کے باوجود اب تک زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوا ؎

خمسہ کی بحث : ہمائے ہمایون

ہمائے ہمایون شاعر کی سب سے پہلی مثنوی ہے۔ اسی نام کی ایک مثنوی ترکی زبان میں فضلی شاعر المتوفی ۹۰۷ نے بھی لکھی ہے۔ یہ شہزادہ ہمائے شہنشاہ خاور زمین کے اکلوتے فرزند اور چین کے حکمران کی چشم وچراغ شہزادی ہمایون کے معاشقہ کی داستان ہے۔ اس مثنوی کا وزن سکندر نامہ کا ہے (فعولن فعولن فعولن فعول یا فعل) متقارب مثمن مقصور یا محذوف ہے۔ لیکن موضوع عاشقانہ ہے۔ خواجوی کرمانی کے ہاں مثنویوں کا وزن خمسۂ نظامی کی طرح ہے۔ لیکن ہر مثنوی کا موضوع نظامی کی مثنویوں کا پابند نہیں۔ صرف روضۃ الانوار اور گل و نوروز کا وزن و مضمون مخزن الاسرار اور خسرو شیرین کا سا ہے۔ گوہر نامہ کا وزن خسرو شیرین کا ہے۔ لیکن موضوع وہی نہیں۔ ایسے ہی کمال نامہ کا وزن ہفت پیکر کا ہے۔ لیکن مضمون عارفانہ صوفیانہ ہے۔ ہمای ہمایون کا

سنہ تصنیف ۷۳۲ھ ہے۔ وہ خود فرماتے ہیں ؎

من این نامور نامہ از بہر نام　　چو کردم بسال ہمایون تمام
کنم بذل بر ہر کہ دارد ہوس　　کہ تاریخ این نامہ بذل است و بس
۷۳۲

آغاز داستان میں حمد و نعت کے بعد سلطان ابو سعید بہادر خان چنگیزی اور اس کے وزیر خواجہ غیاث الدین محمد کی مدحیں ہیں۔ ابو سعید چنگیزیوں کا آخری مقتدر فرمانروا ہے۔ اس کی وفات نے تخت کے کئی دعویدار پیدا کر دیئے۔ ملک میں بدامنی کا دور دورہ رہا۔ جس نے امیر تیمور کے لئے موافق صورتِ حالات پیدا کر کے چنگیزی امراء کی رہی سہی قوت کو ہمیشہ کے لئے تباہ کر دیا۔ امیر تیمور کا سالِ پیدائش ۷۳۶ ہجری ہے اور اسی سال سلطان ابو سعید فوت ہوتا ہے۔ خواجہ غیاث الدین محمد اپنے والد خواجہ رشید الدین فضل اللہ کی طرح علما پروری کے لئے مشہور ہیں۔ ابو سعید کے زمانے میں علم و فضل کا جو چرچا تھا انہی کی بدولت تھا وہ خود ایک اعلےٰ درجہ کا صحیح مذاقِ سخن رکھتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ صدہا شاعر اور ادیب کھچے چلے آتے تھے اور اپنے ادبی شاہکار پیش کرتے تھے حمد اللہ مستوفی نے اپنی تاریخ گزیدہ انہی کے نام پر لکھی ہے۔ سلمان ساوجی ان کے مداح رہے۔ ان کا ایک قصیدہ جس میں تکلّف سے صنایع بدائع کا التزام کیا گیا تھا۔ خاص طور پر ان کے لئے لکھا گیا تھا۔ قوامی گنجوی کے مشہور قصیدہ کی طرح یہ بھی اپنی طرز کا نرالا قصیدہ ہے۔ ایسا ہی ایک قصیدہ مخزن البحور و مجمع الصنایع شمس فخری نے بھی لکھا۔ یہ بھی اسی وزیر کے مدّاح تھے۔ قاضی عضد الدین ایجی نے جو متکلمین بزرگ سے ہیں متن مواقف، فوائدِ غیاثیہ، شرح مختصر ابن حاجب ان کے نام معنون کیں۔

اوحدی مراغہ ای نے جامِ جم پیش کیا۔ محمد بن علی شبانکارہ ای مصنف مجمع الانساب بھی ان کے مداحوں میں سے تھے۔ عماد فقیہ نے مثنوی صحبت نامہ کو ان کے نام نامی سے منسوب کیا۔ ہمارے ہمایون بھی غالباً اسی علم دوست اور فاضل وزیر کے لئے لکھی گئی تھی۔ گو سبب نظم آوردن داستان میں بتایا گیا ہے۔ کہ صدرِ اعظم ابوالفتح مجدالدین محمود نے شاعر کو اس کام پر آمادہ کیا ہے۔ تاریخ میں فی الحال اس صدر اعظم کا ذکر نہیں ملا محمد بن علی شبانکارہ ای کی کتاب مجمع الانساب اسی زمانہ کی نادر تاریخ ہے لیکن یونیورسٹی لائبریری میں نہ اس کا کوئی قلمی نسخہ ہے اور نہ ہی کوئی عکس ہے۔ ان مدائح کے بعد ایک ساقی نامہ ہے۔ اور جس طرح می خانہ کے فاضل ایڈیٹر نے دیباچہ میں تصریح کی ہے۔ بظاہر خواجوی کرمانی ہی نے پہلا باقاعدہ ساقی نامہ لکھا۔ جو اس کتاب میں ہے۔ اس ساقی نامہ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ شاعر نے اس کو نو نو شعر کے دس بندوں میں لکھا ہے۔ بعد میں داستان کا آغاز ہے۔ جس کا مضمون محض افسانوی حیثیت رکھتا ہے۔ چند اشعار سے پتہ چلتا ہے۔ کہ اس منظومہ کا ماخذ کوئی پرانا ایرانی افسانہ ہے۔ جو خواجو کو دیا گیا۔ کہ "فسونِ مغان بر مسلمان بخوان"۔

اس میں کلام نہیں کہ اس مثنوی میں وہ لطافت اور شیرینی جو خواجو سے توقع کی جاسکتی ہے اور جو ان کی بعد کی مثنویوں میں نمایاں ہے نسبتاً کم ہے۔ شاید تصوف کا رنگ ابھی ان پر نہیں چڑھا۔ تبھی وہ گھلاوٹ جو اس کا خاصہ ہے سرے سے مفقود ہے۔ جہاں شہزادے ہمائے کے ملک خاور کے تخت و تاج کو چھوڑ کر چین چلے جانے کی داستان ختم کی ہے، وہ "نتوان مرد بسختی کہ من اینجا زادم" کے مصداق کرمان کی شکایت کرتے اور

بغداد جانے کے شایق نظر آتے ہیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مثنوی کا یہ حصہ کم از کم کرمان میں لکھا گیا ہوگا۔ آخر میں شاعر نے اپنی خستہ حالی کا باب کھولا ہے۔ اس کے ممدوح فوت ہو چکے ہیں۔ بغداد میں اس کا کوئی قدر شناس نہیں رہا۔ یہ مثنوی جو بڑی محنت اور آرزوؤں سے لکھی گئی تھی ویسے ہی گھر رکھی ہے۔ کسی کے پیشکش نہیں کی۔ ان حالات میں وہ واپس وطن آتا ہے اور خواجہ تاج الدین عراقی کی بدولت جو کرمان کے امیر ہیں۔ قاضی شمس الدین صائن حاکم سیرجان سے شناسائی حاصل کرتا ہے۔ ہمائے ہمایون ان کے پیش کی جاتی ہے۔ قاضی مذکور اور ان کے فرزند رکن الدین عمید الملک انعام و اکرام سے ہمت افزائی کرتے ہیں۔ تاج الدین عراقی امیر مبارز الدین محمد مظفر کے وزیر بھی رہے ہیں۔ امیر نے جب ۷۴۱ھ میں کرمان کا محاصرہ کیا ہے تو خواجہ تاج الدین عراقی ہی نے سب سے پہلے شہر سے باہر نکل کر اظہار اطاعت و وفاداری کیا عماد فقیہ نے محبت نامۂ صاحبدلان مصنفہ ۷۳۲ھ (نام خود مادۂ تاریخ ہے) انہی کے نام معنون کیا۔ اور خواجو نے اپنی مثنوی گل و نوروز بھی ان کے لئے لکھی ؛

قاضی شمس الدین صائن چوپانیوں کی طرف سے سیرجان کے حاکم تھے۔ پہلے امیر پیر حسین چوپانی اور پھر ملک اشرف کے ہواخواہوں میں رہے ۷۴۴ھ کے بعد جب ملک اشرف نے شیراز کو فتح کرنا چاہا تو امیر مبارز الدین سے مدد مانگی، امیر نے جواب میں لکھا کہ اگر ارادہ دوستانہ تعلقات رکھنے کا ہے۔ تو قاضی شمس الدین صائن کو میرے ہاں بھیجئے۔ امیر پیر حسین چوپانی اور امیر مبارز الدین کی باہمی شکر رنجی کا باعث یہی قاضی صاحب تھے

چنانچہ ان کو بھیجا گیا۔ امیر مبارز الدین مہربانی سے پیش آئے۔ لیکن قلعۂ سیرجان چند ہزار دینار سالانہ کے عوض ان سے لے لیا۔ کچھ عرصہ بعد قاضی شمس الدین صائن نے ارادہ ظاہر کیا۔ کہ اسے شیراز جانے کی اجازت دی جائے۔ تاکہ بادشاہ شیراز شیخ ابو اسحٰق اور امیر مبارز الدین میں جو دیرینہ رنجش چلی آتی ہے۔ دُور کی جائے۔ اور ابرقوہ اور شبانکارہ کو قلمرو مبارزی کے ساتھ ملحق کیا جائے۔ چنانچہ وہ شیراز بھیجے گئے۔ وہاں جا کر قاضی صاحب سب کچھ بھول بیٹھے۔ شیخ ابو اسحٰق نے ان کو سیّد غیاث الدین علی یزدی کے ساتھ اپنا وزیر بنا لیا اور امیر مبارز الدین کی مخالفت علانیہ ہونے لگی۔ خواجہ تاج الدین عراقی نے قاضی صاحب کو شیراز بھجوانے کی کوشش کی تھی۔ امیر مبارز الدین نے غضبناک ہو کر تاج الدین عراقی کے قتل کرنے کا حکم دے دیا۔ اس نے یہ شعر پڑھا ؎

بر تاج عراقی ز سر لطف بہ بخش

تا خسرو تاج بخش خوانند ترا

اس دفعہ تو جان بچ گئی۔ لیکن پھر کسی جرم میں مُتّہم ہو کر شہید ہوئے۔ قاضی شمس الدین قلمدانِ وزارت سنبھالتے ہی کرمان کی فتح کے خواب دیکھنے لگے۔ لشکر فراہم کیا اور مقابلہ کے لئے آئے۔ فوج نے شکست کھائی اور خود بھاگ نکلے۔ امیر مبارز الدین کے آدمیوں نے تعاقب کیا۔ گرفتار ہوئے۔ اور قتل کئے گئے۔ یہ واقعہ ۷۴۶ ہجری کا ہے۔ خواجو کا ایک شعر جو اس واقعہ کی تاریخ سے متعلق ہے۔ اور بقول ریو حافظ ابرو کی زبدۃ التواریخ میں ہے۔ مجھے باوجود تلاش کے نہیں ملا ؛

ایک مسئلہ | مثنوی ہمائے ہمایون سلطان ابو سعید کی وفات سے چار برس

پہلے لکھی جاتی ہے۔ سلطان کی وفات کے پانچ ماہ بعد فاضل وزیر کو قتل کر دیا جاتا ہے۔ معلوم نہیں وہ کیا موانع تھے۔ جن کے ہوتے ہوئے شاعر اتنے عرصے انعام سے محروم رہا اور آخر اسے مایوس ہو کر مان واپس آنا پڑا۔ افسوس ہے۔ کہ متنِ کتاب نے ہماری رہنمائی نہیں کی۔ اس کے علاوہ وہ "سبب نظم آوردن کتاب" میں لکھتے ہیں ؎

برفت از دلم ہوش واز دیدہ خواب
زچشمم ببارید چون ژالہ آب
کہ اکنون کہ دور سپہری کہ گشت
سہ دہ سال از عمر من درگذشت

گویا مثنوی لکھتے وقت وہ تیس برس کے تھے۔ جب ان کی پیدائش ۶۸۹ ہجری میں ہوئی تو لا محالہ آغاز مثنوی ۷۱۹ میں ہوا۔ لیکن انجام مثنوی کی تاریخ خود انہوں نے ۷۳۲ ضبط کی ہے۔ اب یہ ماننا کہ ۱۳ سال صرف یہی مثنوی لکھا کئے۔ خلافِ عقل ہے۔ البتہ ہو سکتا ہے کہ لکھتے لکھتے اسے ترک کر دیا ہو، اور پھر مدت گزرنے پر اسے مکمل کیا ہو۔ یہ گتھی تاحال میں نہیں سلجھا سکا ہوں ؛

گل و نوروز

دوسری مثنوی گل و نوروز ہے۔ جو ابھی زیورِ طبع سے آراستہ نہیں ہوئی۔ یہ منظومہ جس طرح پہلے عرض کر چکا ہوں مضمون و وزن کے لحاظ سے خسرو شیرین کی متتبع ہے، (مفاعیلن مفاعیلن مفاعیل) ہزج مسدس مقصور۔ اور خواجو کے خمسہ کی سب سے بڑی مثنوی ہے۔ شہزادے نوروز اور شہزادی گل دخترِ قیصر روم کے معاشقہ کی داستان ہے۔ تاریخ سے اس کا تعلق اتنا ہے کہ جن دنوں ایران کی

سلطنت ایک عظیم الشان ایشیائی حکومت مانی جاتی تھی - ایرانی شہزادے قیاصرہ روم کی لڑکیوں کو شاہی محل کی زینت بنایا کرتے ہوں گے - اور ساسانی زمانہ میں جب آرمینیا اور میسوپوٹیمیا کے سلسلے میں کشمکش رہی - اس قسم کے واقعات رونما ہوتے ہوں گے - پس بعید نہیں کہ روشن حسن نے ایرانی افسانہ نویس، داستان گو، اور شاعر کے لئے اس قسم کی اکثر داستانوں کے لئے پس منظر بہم پہنچایا۔ "سبب نظم آوردن داستان" میں فرماتے ہیں :-

شبی بودم زجام بیخودی مست	زسرمستی چو ساغر رفته از دست
زناگه بخت نیکم روی بنمود	نگار ینیم درِ کاشانه بکشود
بدستش حقه ای بر سر نهاده	زمهرش مهری از زر بر نهاده
مصور دیبهی از دیر ہر قل	زده نیرنگ آن جادوی بابل
بلفظ ہندوئی میمون کتابی	زفہرستش ریاض خلد یابی
بخطِ فیلسوفانِ کہن سال	نوشته نسخهٔ بر وعظ و (؟) امثال پر؟
گزیده داستانِ باستانی	درو گنجی نهفته شایگانی
پس آنگه گفت کای مرغ سخن گوی	که بُردی از امیرانِ سخن گوی
تو این اجزا که می بینی بدستم	طرازی نیست کان من نقش بستم
ببابل سحر سازانی که بودند	بگاه باستان این در کشودند
بدستم داد آن دیرینه اوراق	که ای شاهِ سخن گویانِ آفاق
گل و نوروز را در پرده می آر	چو گل نوروز را بر پرده می آر
بلابه گفتمش کای چشمهٔ نور	ز چشم و چشم بندت چشم بد دور
سخن گویان بسی در دہر ہستند	اگرچه زین معانی تنگ دستند

دلی گر باشدت با من عنایت   کشم در رشتۂ نظم این حکایت

اس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ کوئی پرانی داستان ملی کہ بابل ہیں لکھی گئی تھی، اُسے خواجو نے نظم کیا۔ میرا خیال ہے۔ کہ ہمارے شاعر کو کوئی کتاب ملی ہو یا نہ ملی ہو مگر یہ قصہ کم از کم بطور افسانہ عام مشہور ہوگا یا خواجو نے کہیں سے سنا ہوگا۔ ساری کتاب کے مطالعہ کے بغیر اس کے متلق کچھ اور نہیں کہہ سکتا ہوں۔

ہماری مثنویاں

افسوس ہے۔ کہ ہمارے شاعروں کے ہاں ایسی داستانیں تو ہیں۔ لیکن وہ اس کو اتنا لمبا کر دیتے ہیں کہ سنبھال نہیں سکتے۔ چارلس ڈکنز کے متعلق کہا جاتا ہے۔ کہ وہ رجال افسانوی بہتیرے لاتا ہے اور ہر دم بڑھاتا جاتا ہے۔ چونکہ ان کو سنبھال نہیں سکتا۔ اچانک ایک ایک کو لقمۂ اجل کرتا جاتا ہے۔ انگریزی زبان میں۔ جتنے عشقیہ افسانے نظم کی صورت میں ہیں نہایت دلچسپ ہیں، ان میں اکثر تو Ballads ہیں جن کا ایک ایک بند لطف سے لبریز ہے۔ باقی Love poems بھی ایک دفعہ اٹھا کر رکھ دینے کو جی نہیں چاہتا۔ لیکن ہمارے ہاں یہ مثنویاں ہیں۔ کہ اگر ان کی افسانوی حیثیت پر غور کیا جائے تو ماحصل تین صفحوں میں آجائے گا۔ اور دلچسپی کا یہ عالم ہے۔ کہ پڑھتے پڑھتے انسان اُکتا جاتا ہے اور کتاب بند کر کے مصنّف کو کوسنے کو جی چاہتا ہے۔ محبت کا آغاز نہایت مختصر ہے اور بسا اوقات انجام بھی مختصر تر ہوتا ہے۔ اس سارے جھگڑے کو پانچ ہزار شعر میں بیان کرنا عشق و محبت کی شعریت کو ضایع کر دینے کے مترادف ہے۔ یہ میرا ذاتی نظریہ ہے کہ ہمیں ان عشقیہ مثنویوں سے اتنا لطف حاصل نہیں ہوتا جتنا ہم عام حالات میں توقع کرتے ہیں اور اس کا سب سے بڑا سبب میرے نزدیک ان حضرات کی دیر بیانی ہے۔ ہاں زور قلم کا کیا کہنا

وضاحت کے دریا امڈ پڑتے ہیں اور بسا اوقات متاع افسانہ کو بھی بہا لے جاتے ہیں۔ اور شاید یہ لوگ لکھتے بھی اسی خاطر تھے ؎

ملٹن کے گم شدہ فردوس کے متعلق اس قدر لکھا جاتا ہے۔ کہ شکسپیئر کے بعد شاید ہی کسی اور مصنف یا کتاب کے متعلق لکھا جاتا ہو لیکن گمشدہ فردوس کے مطالعہ کرنے والے کتنے ہیں۔ یہی حال ہمارے ان خمسوں کا ہے، نظامی کا خمسہ عروس ادب کا بہترین زیور ہے، لیکن کتنے صاحب ہیں جنہوں نے خمسہ کو پڑھنے کی تکلیف گوارا فرمائی ہے، البتہ مسجدوں میں سکندر نامہ مولوی صاحبان لہرا لہرا کر پڑھا کرتے ہیں اور خسرو شیریں ایم اے کے نصاب میں داخل ہے ؎

مثنوی گل و نوروز کا دیباچہ خواجہ تاج الدین عراقی کے نام سے ہے، اور خاتمہ میں شیخ ابو اسحق ابراہیم مقدس گازرونی کی مدح ہے۔ غالباً خواجو متعدد بار ان کے مزار کی زیارت کو گئے ہوں گے، ان کے دیوان میں بھی شیخ کی مدحیں ہیں، شیخ کا سنہ وفات ۴۲۶ھ ہے۔ وہ اپنے زمانے کے صاحب کشف و کرامات تھے۔ ان کا مزار اب بھی مرجع خاص و عام ہے۔ بقول صاحب آثار عجم "شیخ ابو اسحق ابراہیم بن شہریار گازرونی عارفی ست محقق و فاضلی مدقق، پدرش ظاہرا پارسی مذہب بودہ مسلمان شدہ و شیخ مذکور مرجع مشائخ عہد گردیدہ و در بسیاری از بلاد تکایا و خانقاہ اساس فرمودہ، و برآنہا اشخاص گماشتہ کہ بمصالح آن بقاع قیام نمایند و فقرا و مساکین را کہ وارد می شوند پذیرائی کنند، گویند چند بن ہزار کس از گبر و یہود بدست وی مسلمان گشتند و پیوستہ با طوائف مجوس و کفار مبارزت می نمودہ باین جہت اورا شیخ غازی می خوانند، شیخ ابو سعید ابوالخیر با او معاصر بودہ بالجملہ وفاتش در

سنہ ۶۲۶ ہجری بعمرِ ہفتاد اتفاق افتادہ در خانقاہی کہ موسوم بنامِ اوست مدفون است در گازرون"۔ اس کے بعد شیخ الاسلام امین الدین گازرونی متوفیٰ ۷۴۵ھ کی مدح ہے۔ ان کا حال آگے آئے گا۔

مثنوی کا سنہ تصنیف بقولِ خود مصنّف ۷۴۲ ہجری ہے،

صفر بود و قمر میزانش و رجنگ | شہ سیّارگان باشیر در جنگ
بروز جیم از مہ دال رفتہ | ز ہجرت بأ و میم و ذال رفتہ

پھر کہا ہے:-

و گر خواہی کہ روشن تر بگویم | غبار فکرت از طبعت بشویم
دو شش بر ہفصد و سی گشتہ افزون | بپایان آمد این نظم ہمایون

لطف یہ ہے کہ شاعر نے مثنوی کے اشعار کی تعداد بھی ضبط کر دی ہے،

چون این ابیات دلکش ز انجوانی | گرت باید کہ اعدادش بدانی
غلام خویش را با سرو گلشن | مکرر کن کہ گردد با تو روشن

۱۹۸۶ ۲۶۵ ۴۰۰   ۲ × ۲۶۵۱ = ۵۳۰۲

برٹش میوزیم کے نسخہ میں شاید ہی اتنے شعر ہوں۔ ایک ایک کر کے نو ابھی شمار نہیں کئے، اندازہ پورا نہیں اترتا۔ اس مثنوی کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ شاعر نے اپنی تاریخ پیدائش اور نام کی تصریح کر دی ہے۔ کاش چند اور امور بھی لکھ دیتے ؛

روضۃ الانوار

خمسہ کی تیسری مثنوی باعتبارِ سنِ تصنیف روضۃ الانوار ہے۔ جو حسین خان کوہی کرمانی مدیر نامۂ ادبی نسیم صبا نے طہران سے ۱۳۰۶ ہجری شمسی میں بحروف سربی طبع کرائی ہے۔ سو صفحہ کی مختصر سی کتاب ہے۔ بہت اچھی چھپی ہے۔ مختصر سا دیباچہ بھی ہے۔ جس کی چند خامیوں کو

دیکھ کر پروفیسر سعید نفیسی نے اپنا مقالہ لکھا۔ فاضل ایڈیٹر نے متن کو دو تین
نسخوں کی مدد سے تیار کیا ہے۔ اس مثنوی کا سنہ تصنیف ۷۴۳ ہجری ہے
خود شاعر نے تصریح اس طرح کی ہے :-

روز الف بود کہ والا دبیر — نقش قصب باز گرفت از حریر
جیم زیادت شدہ بر میم و ذال — و آمدہ چون عین منعل ہلال
شیر سوار فلک تیز پوی — تافتہ از جلوہ گہ خویش روی
شمع زر از فلہ بر افراختہ — بر بنۂ تیر مکان ساختہ
گشتہ بد اس مہ نو خوشہ چین — ریختہ از غالیہ دان مشک چین

ان اشعار سے واضح ہے۔ کہ خواجو نے روضۃ الانوار کو سنہ ۷۴۳ ہجری میں
کسی ماہ قمری کی تاریخ اوّل کو ختم کیا ہے اور وہ قمری مہینہ تیر ماہ سے مطابق اور
سورج برج اسد میں تھا۔ سعید نفیسی لکھتے ہیں کہ پڑتال کرنے پر معلوم ہوا کہ قمری
ماہ صفر تھا۔ اس کتاب کا دیباچہ اور خاتمہ شمس الدین صائن قاضی کے نام ہے
ان کا ذکر پہلے آچکا ہے ؛

خمسۂ خواجو کی دو کتابیں مجھے بہت پسند آئی ہیں۔ ایک تو یہی روضۃ الانوار
دوسری کمال نامہ، روضۃ الانوار مخزن الاسرار کے جواب میں ہے اور بہت خوب لکھی ہے،
بیس مقالے ہیں اور ہر مقالے کے ساتھ ایک تمثیلی حکایت ہے، زبان کی چاشنی
الفاظ کی نشست، محاورہ کی چستی، خیالات کی رفعت، طرز بیان کی پاکیزگی غرض
ہر لحاظ سے یہ مثنوی خواجو کے کلام کا نہایت عمدہ نمونہ ہے، حق تو یہ ہے کہ
۵۴ برس کی عمر میں جو چیز لکھی جا رہی ہے۔ بہترین ہونی چاہیئے۔ میں اپنے
دوستوں کو مشورہ دوں گا کہ اس کتاب کو ضرور پڑھیں، یونیورسٹی لائبریری
سے یہ کتاب عرصۂ تین سال سے کسی نے مستعار نہیں لی ۔ اس کتاب میں ایک

خواب بھی بچپن کا بیان کیا ہے۔ جس میں ایک فرشتے نے پیشین گوئی کی تھی کہ

ملک سخن زانِ تو خواہد شدن   عقل ثنا خوانِ تو خواہد شدن

تیرِ حدیثِ تو بجوزا رسد   نام بلندت بہ ثریا رسد

چوتھی مثنوی کمال نامہ ہے۔ اس کا موضوع روضۃ الانوار کی طرح عارفانہ اور متصوفانہ ہے۔ وزن ہفت پیکر کا ہے (فعلاتن مفاعلن فعلان) خفیف اصلم مسبغ۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ مثنوی حکیم سنائی کی سیر العباد الی المعاد کی طرز پر ایک ہی وزن اور مضمون میں لکھی گئی[1]، ہم بوثوق کہہ سکتے ہیں کہ اس وقت وہ شہرت جس کی تمنا ایک شاعر کے دل میں ہو سکتی ہے۔ خواجو کو حاصل ہو چکی تھی۔ اور اُن کے کلام میں وہ گھلاوٹ اور شیرینی جو صوفیانہ کلام کا خاصہ ہے آ چکی تھی،

کمال نامہ کمال نامہ میں مختلف عارفانہ مضامین معرضِ بحث میں لائے گئے ہیں۔ ان کو بارہ پُر زور مقالوں کے تحت ترتیب دیا ہے اور ہر مقالہ کو ایک تمثیلی حکایت سے واضح کیا ہے۔ مثنوی مولانا روم تصوّف کا ایک بحرِ ذخّار ہے۔ اس کے مطالعہ کے لئے کافی وقت کے علاوہ تحمّل کی ضرورت ہے۔ اس صورت میں کمال نامہ کو رموزِ تصوّف پر ایک مختصر اور دلچسپ منظوم رسالہ کی حیثیت حاصل ہے۔ حمد و نعت کے بعد شیخ ابو اسحٰق ابراہیم مقدس گازرونی کی مدح ہے۔ ان کا ذکر پہلے آ چکا ہے۔ خواجو ان کے بہت مداح نظر آتے ہیں۔ وہ اکثر جگہ اقرار کرتے ہیں۔ کہ گازرون سے ان کو فیض ملا۔ اور یہ فصاحت اور شیرینی کلام میں وہیں سے عطا ہوئی اور اس سے پہلے

ہیچ شعرت بدین شعار نبود   نقد علمیت بدین عیار نبود

چون بملکِ ورع نہادی روی   شد دماغت زگازرون خوشبوی

---

[1] خود انہوں نے اس کی تصریح نہیں کی، سعید نفیسی اور فہارس نگاروں کا قول ہے۔

پھر روح شیخ مرحومؒ کو مدد کا وسیلہ بناتے ہیں، ایک سالک کی حیثیت سے مقصود کلی کی تلاش میں چل نکلتے ہیں۔ رہنمائی کے لئے خاک۔ باد۔ آب۔ اور آتش سے باری باری خطاب کرتے ہیں۔ یہ خطابات نہایت لطیف اور دلچسپ ہیں۔ لیکن بے بسی اور عدم اختیار کا جواب ملتا ہے۔ پھر عشق و بیخودی ہی کو رہنما بناتے ہیں، عالم خیال میں پیر سے ملاقات ہوتی ہے۔ وہ تمام رموز و حقایقِ یزدانی سے واقف کرتے ہیں۔ پھر یکایک مقامِ حال سے قال میں آکر وہ تمام ارشادات و اشارات جو عالم رویا میں ہوئے تھے بارہ مقالوں میں لکھتے ہیں۔ مضامین وہی ہیں جو ہمارے ہاں تصوّف کا سرمایہ ہیں۔ دُنیا کی بے ثباتی، تعلیم محبت و یگانگت، خلق و تواضع، زہد و توکل وغیرہ وغیرہ۔ ایک مقالہ صوفیان زرّاق و مکّار کے سلسلے میں لکھا ہے۔ خاصہ دلچسپ ہے، 'ہر بوالہوس نے حسن پرستی شعار کی' کے مصداق اہل نظر کی آبروریزی کا ذمہ وار ان کو ٹھیرایا ہے اور انہیں،

شہر یارانِ کشورِ تلبیس   شہسوارانِ لشکرِ ابلیس

کہا ہے۔ کلام میں پختگی اور لوچ ہے۔ لیکن کہیں کہیں دو ایک شعر خشک اور بے لُطف بھی ضرور آجاتے ہیں۔ اس مثنوی کا سنہ تصنیف ۷۴۴ھ ہے وہ خود کہتے ہیں ؎

شد بتاریخ ہفصد و چل و چار
کار این نقشِ آزری چو نگار

(باقی آئندہ)   تاج محمد بلوچ

لہ خواجو کی پیدائش سے ۲۶۳ سال قبل فوت ہوچکے تھے ؛

الى قتال بعض الخوارج :-

انى اعوذ بربى ان تقدمنى الى القتال فتخزى بى بنو اسد
ان الفرار حب الموت اورثكم وما ورثت اختيار الموت عن احد
ان الذين من الاعداء نعلمه مما يفرق بين الروح والجسد

(٦٤٤) الكيس ابوعمرو عثمان بن عيسى بن الحسن ،
البردانى الفقيه المحدث

ذكره الحافظ محب الدين محمد بن النجار فى تاريخه وقال : كتب الى ابوجعفر المبارك بن المبارك المقرى ان ابا الكرم الحوزى عن على بن محمد الطيب قال اخبرنا الحسن بن المظفر العطار اخبرنا احمد بن سهلان بن جابر سنة تسع وسبعين وثلثمائة قال اخبرنا ابوعمرو عثمان بن عيسى بن حسن البردانى المعروف بالكيس قال حدثنا محمد بن احمد بن عبدالله الشيبانى عن محمد بن الصباح عن اسماعيل بن زكريا عن محمد بن عون الخراسانى عن عبد الله بن العباس عن النبى صلى الله عليه وسلم ،

(٦٤٥) الكيس ابوالعباس محمد بن جعفر المتوكل بن المعتصم محمد الهاشمى العباسى الامير[١]

ذكره الحافظ الثقة ابوالقاسم على بن الحسن بن عساكر فى تاريخه

[١] لم يطبع ما تهمنا من تاريخ ابن عساكر بعد، والكيس هذا ذكر فى تاريخ الكامل (ج ص ١٨١) وان كان فيه تصحيف ونص ما ذكره، وفيها (سنة ٢٧٠) توفى ابوالعباس بن الكبش (ابوالعباس الكيس بن المتوكل) وكان قد حبسه اخوه المعتمد ثم اطلقه،

وقال: قدم دمشق مع والده المتوكّل على الله سنة ثلاث، واربعين ومأتين قال وكان المعتمد على الله اخوه قد خاف ان يبايع له بالخلافة فحدّره واباعيسى ابني المتوكّل الى بغداد فحبسا سنة احدى وسبعين ومأتين ثم رضي عنهما، واذن لهما في الشخوص الى سرّ من رأى، وصار الكيّس من ندماء اخيه المعتمد؛ قال ابن النجّار في تاريخه: توفّي الكيّس بسرّ من رأى ودفن في داره، وقال الصولي في كتاب الاوراق: توفّي في صفر سنة اربع وسبعين ومأتين،

(٦٤٦) **الكيّس** ابو جعفر محمّد بن عبد الرّحمن بن يزيد النّخعيّ الزاهد

ذكره ابو عبد الله محمّد بن سعد كاتب الواقديّ في كتاب الطبقات[1] وقال: كان يقال له الكيّس لتلطّفه في العبادة، قال سفيان قال مالك: كانت عند محمّد ابن عبد الرحمن بن يزيد المعروف بالكيّس امرءةٌ صالحة ما نراه اصابها الّا بالدّعاء؛ قال سفيان: وكان ثقةً قليل الحديث؛ قال: وكان يقال له: الرّفيق والمرضيّ؛

(٦٤٧) **الكيّس** ابو ربيعة النّمر بن تولب بن زهير العُكليّ الشاعر الصحابيّ

ذكره الامام ابو عمر بن عبد البرّ النمري في

---

[1] ج ٦ ص ٢٠٤،

كتاب الاستيعاب[1] وقال : وهم ينسبونه النمر[2]* بن ابن تولب بن زهير بن اقيش[3] بن عبد بن عوف بن عبد مناة* بن أدّ بن طابخة وعوف هو عُكل وكان ابو حاتم يقول النمر ساكنة الميم* وفد على النبي صلى الله عليه وسلم ومدحه بشعر اوّله :—

انّا اتيناك وقد طال السفر ... نقود خيلا ضمّراً فيها ضرر
نُطعمها اللحم اذا عزّ الشجر ... والخيل في اطعامها اللحم عسر

واوّلها :—

يا قوم انّي رجل عندي خبر ... الله من آياته هذا القمر
والشمس والشعرى وآيات اُخر ... من يتشاءم بالهدى فالحنث شرّ*

وعن ابي العلاء بن الشخّير قال : كنّا بالربذة فجاء اعرابي بكتف[4] او صحيفة . فقال : اقرأوا ما فيها فاذا فيها هذا كتاب رسول الله لبني زهير بن اُقيش انكم ان اقمتم الصلاة وآتيتم الزكاة وادّيتم خمس ما غنمتم الى النبي صلّى الله عليه وسلم فانتم آمنون بأمان الله عزّ وجلّ فقلنا : انت سمعت هذا من رسول الله صلى الله عليه وسلّم ؟ قال : نعم ، وهو القائل :—

اعذني ربّ من حصر وعيّ ... ومن نفس اُعالجها علاجا

[1] ج ١ ص ٣٢٠ ، واختصره المصنف ما فيه . [2] ١ : ينسبونه الى النمر ؛ والتصحيح من الاستيعاب .
[3] في الاستيعاب : اقيش بن عبد كعب بن عوف بن الحارث بن عوف بن وائل بن قيس ابن عوف بن عبد مناة ، * و * زيادة على ما في المطبوع من الاستيعاب .
[4] في الاستيعاب : بكتاب ،

اخر کتاب الکاف

اعتذار :-

کنا قد کتبنا تعلیقات اردنا الحاقها بالکتاب تتمة للحواشی حسب ما وعدناه فی مقدمة الکتاب فاحاطت ظروف اضطرتنا معها الی فسخ ما اردناه فالی القاری منا الاعتذار ؛
وها نحن نلحق بالکتاب فهارس ابجدیة تیسیراً للانتفاع ؛

فهرس الاعلام

النقطتان (:) کنایة عن "انظر"